غشی کا ؛ مجنونانہ ۔

hysterically, adv. اختناقی/ہسٹیریائی انداز میں یا اس کے طور پر۔

hysterics, n. اختناق کا دورہ ؛ کونی بے قابو ہیجان ؛ غشی ؛ بیہوشی ؛ پاگل پن کی حرکتیں ؛ ہسٹیریا کی سی حرکتیں ؛ جذباتی مغلوبیت ؛ اختناقُ الرحم ؛ باؤ گولہ ؛ اختناقی کیفیات ؛ ہیجانِ جذبات ؛ جذبات کے مظاہرے ؛ جذباتی حرکات ۔

hysterogenic, a. اختناق زا ؛ ہسٹیریا پیدا کرنے والا ۔

hysterogeny, n. اختناق زائی ۔

hysteroid, hysteroidal, a. اختناق نُما ؛ ہسٹیریا سے مماثل ۔

hysteron, proteron, n. (علمِ بیان) ترتیبِ معکوس ؛ ترتیبِ مُنقلب ؛ اندازِ خطابت جس میں الفاظ کی فطری اور منطقی ترتیب میں تقلیب ہو ۔ (منطق) جس کی ابھی تصدیق ہونی ہے اُسے بُنیاد بنا کر دلائل کی منطقی ترتیب کی تقلیب ؛ مغالطۂ قلب ؛ مغالطۂ مؤخَر مقدَم ۔

hysterotomy, n. (جراحّی) رِحم شگافی ؛ رِحم تراشی ؛ رحم کو کاٹنے کا عمل ؛ رحم کاٹ کر بچّہ پیدا کرنے کا عمل ؛ قیصری تراش ۔

I

I, i, n. آئی ؛ انگریزی حُروف تہجّی کا نواں حرف اور تیسرا حرفِ علّت جو متعدد اصواتِ علت کی نمائندگی کرتا ہے ؛ تحریری یا مطبوعہ شکل میں علامت I یا i ؛ جو چیز حرف I کی شکل کی ہو (جیسے : I-beam) ؛ ایک کے لیے رومی ہندسہ ؛ انگریزی علمی الفاظ کی جمع کے لیے بھی مستعمل ہے ۔ (بڑے I سے) (کیمیا) آئیوڈین کی علامت ۔

I, pron. میں ؛ ضمیر واحد متکلّم کی حالتِ فاعلی ، جس کے ذریعے بولنے یا لکھنے والا اپنی طرف اشارہ کرتا ہے۔(اسم) ضمیر ''میں'' اسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (جیسے : Every sentence began with an I)۔ (فلسفہ) انا ؛ شعوری موضوع یا انانیت ۔

iamb, iambus, n. (عروض) دُھوج ؛ انگریزی نظم کا وہ رکن جو دو اجزا پر مشتمل ہوتا ہے جس کا پہلا جزو مختصر اور دوسرا طویل ہوتا ہے یا پہلا غیر مؤکّد اور دُوسرا مؤکّد ہوتا ہے ، جیسے delight میں ۔

iambic, a. مذکورہ رکن سے متعلق ۔ (اسم) وہ نظم جس میں مذکورہ رکن پایا جائے ۔

iatric, iatrical, a. طبّی ؛ طبیبی ، طبیبانہ ۔

iatrogenic, a. طبیبی (علت) ؛ (وہ بیماری) جوطبیب کے خاص طور طریقے یا علاج سے پیدا ہوئی ہو ، جیسے مریض کی ایک خیالی بیماری جس کا سبب طبیب ہو ۔

iatrogenicity, n. طبیبی بیماری ۔

I-beam, n. (فن تعمیر) ایک فولادی آڑا شہتیر یا گرڈر جس کا چلیپائی حصّہ I کی شکل کا ہو ۔

Iberian, a. [اسپین اور پرتگال پر مشتمل جزیرہ نما آئبیریا کے نام پر] آئبیریائی ؛ جزیرہ نُما آئبیریا یا اس کے ابتدائی باشندوں سے متعلق ؛ آئبیریا کی قدیم قفقازی اقوام سے متعلّق ؛ یورپ کے قدیم آئبیریوں کی زبان سے متعلق ۔ (اسم) جزیرہ نما ؛ جارجیائی ؛ آئبیری زبان ۔

ibex, n. وعل ؛ بُزکوہی ، پہاڑی بکری ؛ یورپ اور ایشیا کی مختلف بڑی پہاڑی بکریوں میں سے کوئی ایک ، جن کے سینگ خم دار اور بڑے ہوتے ہیں ؛ دُہرے خمدار سینگوں والا پہاڑی بکرا خصوصاً الپسی وعل (Capra Ibex,Alpine Ibex) وغیرہ ۔

ibidem, adv. ایضاً ؛ منہ ؛ مذکورہ ؛ اسی جگہ ؛ مذکورہ ادبی کتاب میں شامل ؛زیرحاشیہ میں استعمال ہوتا ہے ۔ مخفف : ibid ۔

ibis, n. لک لک ؛ ابو منجل؛ ابو حنش ،لق لق ؛ حواصل اور بگلے (Threskiornithidae) کے خاندان کے مختلف بڑے آبی پرندوں میں سے کوئی ایک ؛ بالخصوص افریقہ کا لق لق افریقی (Threskionis aethiopica) جو قدیم مصریوں کا مقدّس پرندہ تھا ؛ جنگلی لقلق ؛ جنوبی ریاستہائے متحدہ کا امریکی‌حواصل (M. americana) ۔

Icarian, a. [اکارس سے متعلّق جو یُونانی اساطیر کے مطابق اتنا بلند اڑا کہ اس کے مصنوعی پروں کا موم حدّتِ آفتاب سے پگھل گیا اور وہ سمندر میں جا گرا] اکاری ؛ اکارس (Icarus) یا اس کی خصوصیت سے متعلّق ۔ (مجازاً) جسارتی آرزومند ؛ مہم جو یا متہوّر ؛ خطرپسند (جیسے : an Icarian undertaking) ۔

ice, n. برف ؛ یخ ؛ ثلج ؛ پانی کی ٹھوس صورت جو اسے جما کر پیدا کی جاتی ہے ؛ کسی ذخیرۂ آب کی منجمد سطح ؛ کوئی مادہ جو اس سے مشابہ ہو ؛ کیک پر شکرکی تہ ؛ وہ شیرینی جو پانی اور پھلوں کا رس ملا کر ، میٹھا ڈال کر اور جما کر بنائی جاتی ہے ۔ (عوامی) جواہر ، بالخصوص ہیرے ؛ رشوت ؛ وہ رقم جو حکام کو کسی ناجائز کاروبار کا تحفظ حاصل کرنے کے لیے ادا کی جائے ۔ (برطانوی) ملائی برف ؛ آئس کریم ؛ پالا ؛ آبِ منجمد ؛ خاموشی ۔

break the ice, کوئی کام بالخصوص بول چال شروع کرنا ؛ شروع کرنا ؛ حجاب رفع کرنا ؛ مُہرِ سکوت توڑنا ۔

on ice, (عوامی) سینت کر رکھا ہوا ؛ کامیابی کے ہر امکان کا حامل ۔

on thin ice, پریشان کُن ؛ پر خطر حالت میں ۔

ice-cold, a. یخ ؛ یخ بستہ ؛ بہت ٹھنڈا ؛ شدید سرد ۔

ice, v.t. برف سے ڈھانپنا ؛ برف میں بدلنا ؛ منجمد کرنا ؛ برف سے ٹھنڈا کرنا جیسے کوئی مشروب ؛ جذبات کی حدت سے محروم کرنا ، ٹھنڈا کرنا ؛ شکر کی تہ چڑھانا ؛ پالا پڑنا ؛ برف میں لگانا ۔ (فعل لازم) برف بن جانا ؛ منجمد ہونا ؛ جمنا ؛ برف ہو جانا (اکثر over یا up کے ساتھ) ۔

ice age, n. (ارضیات) عہدِ یخ ؛ عصرِ برفانی ؛ برفانی دور ؛ برفانی زمانہ ؛ جدید ترین برفانی دور ؛ وہ دور جس میں بہت زیادہ تثلیج ہوئی یا برفانی تودے پیدا ہوئے ؛ عصرِ یخ ۔

ice bag, n. برف تھیلا ؛ آب بند تھیلا جس میں برف رکھّی جاتی ہے ، یہ جسم کو ٹھنڈا کرنے یا درد میں تسکین پہنچانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

iceberg, n. برف سِلا ؛ یخ تودہ ؛ برف پارہ ؛ طافیہ ؛ برف کا وہ تودہ جو سمندر میں بہتا رہتا ہے ، یہ بڑے برف کے تودے (گلیشیئر) سے جُدا ہو کر سمندر میں بہ آتا ہے ۔ (بول چال) وہ شخص جو جذبات کی حرارت سے عاری ہو ؛ سرد مہر ؛ بُت ۔

iceblink, n. یخ تاب ؛ انعکاس یخ ؛ عکسِ برف ؛ افق کے نزدیک یا بادل کے نیچے چمک جو فاصلے سے برف کے انبار پر روشنی کے انعکاس سے پیدا ہوتی ہے ؛ برف کا عکس ۔

iceboat, n. برف توڑ کَشتی ؛ برف شکن کَشتی ؛ ایک مضبوط کَشتی جو برف توڑ کر راستہ بنا سکتی ہے ؛ برف شِکَن ؛ کَشتی سے مشابہ ایک ڈھانچا جو دھات کے آلات سے آراستہ ہوتا ہے اور بادبانوں کے ذریعے حرکت کرتا ہے ، یہ برف کی سطح پر چل سکتا ہے ؛ یخ توڑ ناؤ ۔

icebound, a. یخ محصُور ؛ برف میں محصور ؛ برف میں اس طرح گھِرا ہوا کہ نہ وہ حرکت کر سکے اور نہ اس تک رسائی ہو سکے (جیسے : an icebound trawler) ۔

icebox, n. برف دان ؛ یخ دان ؛ ایک صندوق یا پیٹی جس میں خوراک ٹھنڈی اور محفوظ رکھنے کے لیے برف ہوتی ہے ؛ برف دان یا خنک ساز یا مبرِّدہ (ریفریجریٹر) کی کوئی قسم ۔ (عوامی) قید خانہ میں قید تنہائی کی کوٹھڑی ۔

icebreaker, n. یخ توڑ ؛ برف توڑ ؛ برف شکن ؛ کوئی چیز جو برف توڑنے کے کام آئے ؛ کوئی آلہ یا مشین جو برف توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹُکڑے بنا سکے ؛ ایک کَشتی جو برف توڑ کر اس میں سے راستے بنانے کے لیے ہو ؛ ایک عمارتی یا شہتیروں سے بنا ڈھانچا جو متحرک برف سے پشتہ محفوظ رکھنے کے لیے ہو ؛ ایک کھیل یا تدبیر جو معاشرتی اجتماعات میں سردئ محفل دور کرنے کے لیے ہوتا ہے ؛ پہل باتیا ؛ کلام شروع کرنے والا ۔

icecap, n. دستارِ برف ؛ کُلاہِ برف ؛ مستقل برف کی پوشش یا ٹوپی جو کسی بلند مرکز کے تمام اطراف کی ڈھلوانوں پر ہوتی ہے ؛ وہ برفانی تودہ جیسے وہ گلیشیئر جو گرین لینڈ کے بڑے حصّے کو ڈھانپے ہوئے ہے ۔ (طِب) برفی سرپوش ؛ برف کا تھیلا جو سر پر چڑھایا جاتا ہے ۔

ice cream, n. آئس کریم ؛ ملائی برف ؛ ایک منجمد شیرینی جو کریم یا میٹھا ملے دودھ کو پھینٹ کر اور مختلف میوے اور خوشبو ملا کر تیّار کی جاتی ہے ۔

ice-cream, a. ونیلا آئس کریم کے رنگ کا ۔

ice-cream cone, برف کی قلفی ؛ ملائی کی برف سے پُر قلفی ۔

ice field, ice pack, n. برفستان ؛ میدانِ برف ؛ برفانی میدان ؛ برف انبار ؛ برف کا بڑا قطعہ جس کی حدود نظر نہ آئیں ؛ برف کے تودہ (گلیشیئر) کے ٹُکڑے جو برف کے انبار کے ساتھ مل کر منجمد ہو جائیں ۔

ice floe, n. برف رواں ؛ بہتا تختۂ یخ ؛ طافیہ ؛ بہتی ہوئی برف کا بڑا قطعہ ۔

ice foot, n. برف پنجہ ؛ برف کی پٹّی یا حاشیہ جو سواحلِ قُطب شمالی کے گرد بن جاتا ہے ۔

icehouse, n. برف خانہ ؛ وہ ذخیرہ گاہ جس میں برف ذخیرہ کی جاتی ہے ۔

Icelandic, a. آئس لینڈی ؛ آئس لینڈ یا اس کے باشندوں سے متعلّق ۔ (اسم) آئس لینڈ کی زبان جو سیکنڈے نیویا کی زبانوں میں قدیم ترین ہے ۔

Icelander, n. آئس لینڈی ؛ آئس لینڈ کا باشندہ ۔

Iceland moss, n. آئس لینڈی کائی ؛ ایک خُوردنی کائی Cetraria islandica جو قُطبِ شمالی کے علاقوں میں ہوتی ہے اور ایک حد تک طِب میں استعمال ہوتی ہے ۔

Iceland poppy, n (نباتیات) لالۂ اخضر ؛ آئس لینڈی کوکنار ؛ زرد گُل لالہ ؛ زیر دائرہ جنوبی علاقوں کا دائمی کوکنار (پوست) جو آرایشی طور پر اُگایا جاتا ہے ، جس کا ایک اساسیہ (basal) ، عمدہ طور پر منقسم پتّے اور نیلگوں پُھول ہوتے ہیں جو تار کی سی بے برگ ڈنڈی پر لگے ہوتے ہیں ۔

Iceland spar, n. (معدنیات) آئس لینڈی سپار ؛ آئس لینڈ کا بِلّور ؛ کلسی بِلّور کی ایک شفّاف ، دوگونہ انعطاف کی حامل قسم جو بصریاتی مقاصد کے لیے بکثرت استعمال ہوتی ہے ، کیونکہ اس میں تقطیبِ ضیا کی صلاحیت ہوتی ہے ؛ آئس لینڈی بِلّور ؛ شفّاف چونا ۔

ice lolly, n. (برطانوی) یخ بستہ مٹھائی ؛ ایک منجمد میٹھی خوشبودار مٹھائی جو تِیلی پر لگی ہوتی ہے ؛ برف گولا ۔

iceman, n. برف والا ؛ وہ شخص جو کارخانہ میں برف اکٹھی کرنے اور اِسے ذخیرہ کرنے پر متعیّن ہو یا اسے فروخت کرنے یا گاہکوں تک پہنچانے کے لیے مقرّر ہو ؛ وہ آدمی جو برف پر سفر کرنے کا ماہر ہو ؛ وہ شخص جو اسکیٹنگ (skating) کے تالاب میں برف کا تحویل دار ہو ۔

ice needle, n. برفانی سوئی ؛ سوزنِ برف ؛ ایک قسم کی برف کی پتلی قلمیں جو صاف اور سرد موسم میں ہوا میں تیرتی نظر آتی ہیں ؛ برفانی قلم ۔

Iceni, n. آئیسنی ؛ ایک قدیم برطانوی قبیلہ ، جس کی ملکہ بوڈیسیا (Boadicea) نے ٦١ء میں رُومیوں کے خلاف بغاوت کی تھی ۔

Icenian, Icenic, a. آئسینینی ؛ آئسینی سے متعلق ۔

ice pack, pack ice, n. برف انبار ؛ برف کا بہتا ہوا بڑا تودہ یا انبار جو برف کے الگ الگ ٹکڑے سالہا سال جڑے رہنے سے بنتا ہے ۔ (طِب) برف کی ناند (ٹب) جس میں علاج بذریعہ صدمہ کی غرض سے مریض کو ڈُبو دیا جاتا ہے ؛ برف کا تھیلا ۔

ice pick, n. برف شکن سُوَا ؛ ایک کُدال یا سُتالی سے مشابہ چھوٹا اوزار جو برف توڑنے کے کام آتا ہے ؛ یخ توڑ ؛ سنبا یا گینتی ۔

ice plant, n. برف کارخانہ ؛ برفانی پودا ؛ ایک رسیلے پتّوں والی پست قد بوٹی (Cryophytum crystallinum) جس کا تعلّق بوستانی گیاہ (carpet weed) خاندان سے ہے ، اس کا وطن جنوبی افریقہ ، بحیرۂ روم اور کیلی فورنیا ہے ، اسے اس کی چمکیلی کُہری صورت کی وجہ سے لگاتے ہیں ۔ اس کے پتّوں پر چمکیلے آبلے یا نُقطے ہوتے ہیں ۔

ice sheet, n. برف چادر ؛ برف کی چادر ؛ برف کی چوڑی موٹی چادر جو طویل مدت سے وسیع علاقہ کو ڈھانپے ہوئے ہو ؛ براعظمی تودہ برف (گلیشیئر) ۔

ice skate, n. برف جُوتے ؛ چمڑے کے جُوتوں کے جوڑوں میں سے کوئی ایک جس پر دھات کے پھل لگے ہوتے ہیں جو پہننے والے

کو برف پر پھسلنے کے قابل بناتے ہیں۔

ice-skate, v.i. برف جوتوں (اسکیٹ) کے ذریعے برف پر پھسلنا۔

ice skater, n. برف پر پھسلنے والا۔

ice storm, silver storm, n. طوفانِ یخ ؛ برفانی طوفان ؛ برف کا طوفان ؛ بارش کا وہ طوفان جو اولوں یا برف میں تبدیل ہو جائے اور سطح پر برف کی چمک پیدا کرے ؛ نُقرئی طوفان ؛ سیمیں طوفان۔

ice water, Brit. iced water, n. برفاب ؛ وہ پانی جو برف سے حاصل کیا جائے یا برف سے ٹھنڈا کیا جائے۔

ichneumon, n. جنسِ نَمس ، نیولا ؛ نَمُوس ؛ جنس نمس (Herpestes) سے متعلّق ایک چھریرا گوشت خور جانور؛ نیولے سے مشابہ ایک جانور جو چُوہے اور سانپ کھاتا ہے ؛ افریقہ کا چُوہا ؛ طفیلی مکھّی ؛ مُوشِ فرعون ؛ گھڑیال کے انڈے توڑ نیولا۔

ichneumon fly, n. طفیلی مکھّی ؛ اسی نام کے خاندان کا بھِڑ سے مشابہ کیڑا ، عموماً یہ دوسرے کیڑوں بالخصوص سُرفوں (تتلی کے لاروے) سے خوراک حاصل کرتا ہے ؛ علقی کیڑا۔

ichnite, ichnolite, n. فوسل قدم ؛ رکاز قدم ؛ متحجّر نقشِ قدم ؛ زمین دوز پتّھر پر قدیم نشانِ قدم ؛ کنجور قدم۔

ichnography, n. طرّاحی ، خاکہ کشی ؛ عمارت کا زمینی خاکہ ؛ زمین کی خاکہ کشی کا علم یا فن ؛ پٹ نقشۂ عمارت۔

ichnographic, ichnographical, a. نقشہ کَشی کا ؛ طرّاحیانہ ؛ زمینی خاکہ کَشی سے متعلّق ؛ پٹ نقشہ عمارت سے متعلّق۔

ichnographically, adv. نقشہ کَشی کے حوالے سے ؛ طرّاحی انداز میں ؛ زمینی خاکہ کَشی کے طور پر ؛ پٹ نقشہ عمارت کے بارے میں۔

ichnology, n. علم رکازِ قدم ؛ جانوروں کے متحجّر نُقُوش قدم کا مطالعہ ؛ عِلمِ فوسلِ قدم ؛ عِلمِ متحجرّات نقشِ قدم ؛ رکازیات نقش قدم۔

ichnological, a. عِلمِ رکازِ قدم سے متعلّق۔

ichor, n. (کلاسیکی اساطیر) زہراب ؛ زردآب دیوتا ؛ زرداب ، دیوتا کا خون ؛ اثیری سیّال جس کے متعلّق یقین کیا جاتا تھا کہ وہ قدیم یُونانی دیوتاؤں کی رگوں میں دوڑتا تھا ۔ (امراضیات) ریماب ؛ زخم سے بہنے والا رقیق مادّہ ؛ بنچھا ؛ کچ لہو ؛ مواد ؛ خِلط آبی ؛ آبِ زخم۔

ichorous, a. زردآبی دیوتا کا ؛ زردابی ، اثیری سیّال والا ؛ خُون دیوتا سے متعلّق ؛ ریماب نُما ؛ رِیماہی ؛کچ لہو سے پُر ؛ پنیلا ؛ زہراب کا سا ؛ آبی۔

ichthyoid, ichtyoidal,a. ماہی خصلت ؛ مچھلیوں جیسی خصوصیات کا حامل ؛ ماہی نُما ۔ (اسم) ماہی خصلت جسمِ نامی ؛ مہرہ پشت سمکی جانور۔

ichthyology, n. سمکیات ؛ عِلمِ ماہیان ؛ حیوانیات کی ایک شاخ ، جس میں مچھلیوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے ؛ مچھلیوں کا علم۔

ichthyological, a. سمکیاتی ؛ عِلمِ ماہیان سے متعلّق ؛ مچھلیوں کا۔

ichthyologist, n. ماہرِ سمکیات ؛ عَالِمِ عِلمِ ماہیات ؛ ماہرِ عِلمِ ماہیان۔

ichthyophagous, a. آکلِ سمک ؛ ماہی خور ؛ مچھلی خور ؛ جس کا گزارہ مچھلیوں پر ہو۔

ichthyornis, n.، سمک جلوی ؛ ماہی مرغ ؛ پرندوں کی ایک معدوم جنس جن کی ریڑھ کی ہڈّی مچھلی سے مشابہ ہوتی تھی اور دانت بھی ہوتے تھے ؛ ایک دنتیلا معدوم پرندہ۔

ichthyosaur, n. ماہی سُوسمار ؛ ماہی سوسماراں سلسلے کا ایک بڑا آبی خزندہ جس کا پانہا پیراکہ ہوتا ہے اور مہپیر ، لمبی سونڈ اور ماہی نُما مخروطی جسم ہوتا ہے۔

ichthyosaurian, a., n. ماہی سوسماری۔

ichthyosis, n. عضاب ؛ داءُ الحیّہ ؛ ماہی جِلدی ؛ سمک جلدی ؛ ایک موروثی جلدی بیماری جس میں جلد کی سطح موٹی ہو جاتی ہے اور اس پر چھلکے پیدا ہو جاتے ہیں ؛ خشکی آور جلدی بیماری۔

ichthyotic, a. داء الحیّہ میں مبتلا یا اس سے متعلّق۔

icicle, n. قلمِ یخ ؛ قلمِ برف کا مخروطی معلّق انبار جو ٹپکتے ہوئے پانی کے منجمد ہوتے رہنے سے بن جاتا ہے ؛ سردمہر اور بے حس آدمی۔

icily, adv. سردمہری سے ؛ بے تعلّقی سے ؛ بے حِسی سے ، گرم جوشی کے بغیر ؛ بے پروائی سے۔

iciness, n. سردمہری ؛ بے حسی ۔ (مجازاً) سرد مہری کا رویہ ؛ بے تعلقانہ انداز ؛ بے پروائی۔

icing, frosting, n. شکر کی تہ ؛ برفیلی تہ ؛ پاگ ؛ شکر کا آمیزہ جو کیک اور پیسٹری وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ؛ فضائی رطُوبت جو طیّارہ کی سطح پر جم گئی ہو۔

icing, n. (آئس ہاکی) کھلاڑی کا اپنے دفاعی علاقہ سے گیند مخالف کی گول لائن کے پیچھے باضابطہ طور پر پھینکنے کا عمل۔

icon, eikon, n. بُت ، مجسمّہ ، تصویر ؛ ایک مذہبی مجسمّہ جو مشرقی کلیسا کے ارکان کے نزدیک مقدّس ہے ؛ صنم ؛ مورتی ؛ تصویرِ اولیا ؛ شبیہ ؛ تمثال۔

iconic, iconical, a. صنمی ؛ تصویری ؛ تمثالی ۔ (فن) ایسے اسلُوب کا جو رسمی یا روایتی تصورّات کے تابع ہو ؛ رسمی طرز کا۔

iconically, adv. تصویری انداز میں۔

iconicity, n. تصویریت؛ مجسمّیت ؛ شبیہیت ؛ مورتیت۔

iconoclast, n. بُت شکن ؛ روایت شکن ؛ وہ شخص جو مسلّمہ عقائد اور رُسوم پر اعتراض کرے ؛ وہ شخص جو مذہبی تصاویر کو تباہ کرے یا ان کی مخالفت کرے ؛ بُت دشمن ؛ رسم شِکن ؛ قدیم رسوم پر حملہ کرنے والا؛ عقیدہ توڑنے والا۔

iconoclasm, n.؛ روایت شکنی ؛ بُت شکنی ؛ بُت دشمنی ؛ رسم شِکنی ؛ عقیدہ شِکنی۔

iconoclastic, a. روایت شِکنانہ ؛ بت شِکنی سے متعلّق ؛ بُت دشمنی کا ؛ بُت شِکنانہ ؛ رسم شکنی سے متعلّق ؛ عقیدہ شکنی کا۔

iconography, n. تصویر کشی ؛ مجسمّہ نگاری ؛ تصویروں اور شبیہوں کی علامتی نمائندگی کا فن ؛ اس فن کا مُطالعہ یا تجزیہ ؛ مقررہ علائم یا شبیہوں کے ذریعہ مذہبی موضوعات کی نمائندگی ؛ بُتوں کا تذکرہ ؛ تصویر نگاری ؛ مُورتی نامہ ؛ مُورتوں کا بیان ؛ بُت نامہ ؛ تمثال کَشی ؛ پیکر نگاری۔

iconographic, a. مجسمّہ نگارانہ ؛ تصویر کَشی سے متعلّق ؛ تصویر نِگارانہ ؛ تمثال کَشی سے متعلّق ؛ مُورتی نامہ کے بارے میں ؛

بیکر نگارانہ ۔

iconolater, n. شبیہ پرست ؛ بُت پرست ؛ صنم پرست ۔

iconolatry, n. بُت پرستی ؛ مورت پَرستی ؛ تصویر پرستی ؛ مجسمّہ پرستی ؛ مجسمّہ پروری ۔

iconology, n. عِلمِ شبیہ پرستی ؛ تصویریات ؛ عِلمِ مجسمّہ نگاری ؛ شبیہیات ؛ عِلمِ بُتان ؛ وثنیات ۔

iconological, a. تصویریاتی ؛ شبیہاتی ؛ بُتانی ؛ وثنیاتی ؛ مجسماتی ۔

iconoscope, n. شبیہ بیں ؛ شبیہ بیں نلی ؛ برقیراتی شُعاعوں کی نلی جو ٹیلی وژن کے کیمرے میں ہوتی ہے اور ٹیلی وژن کی شبیہ کی عکسی شُعاعوں کو برقی اشارات میں تبدیل کرتی ہے ۔

icosahedron, n. (جیومیٹری) بِست سَطَحہ ؛ تمثال نُما ؛ بِست سَطَحی مجسّم ؛ وہ ٹھوس جسم جس کے بیس چہرے یا پہلو ہوں ؛ بِست پہلُو ؛ بیس سطَحی ۔

icosahedral, a. بِست پہلُو ؛ بِست سطحی ؛ بیس سطحی ۔

icteric, icterical, a. یرقانی ، یرقان زدہ ؛ دافع یرقان ؛ یرقان کی ایک دوا ۔

icterus, n. (امراضیات) یرقان زردی ۔ (نباتیات) زیادہ رطوبت یا سردی سے متأثّرہ پودوں کی زردی ۔

ictus, n. (امراضیات) گرفت ، ضرب یا دورہ ۔ (عروض) زور (حروف پر دیا جانے والا) ؛ ارکان پر زور یا تاکید ؛ بحری یا وزنی تاکید ۔

icy, a. سخت سرد ؛ خُنک ؛ برفانی ؛ برف دار ؛ برف سے متعلّق ، برف کا بنـا ہوا ؛ برف سے مشابـہ یا برف سے پُر ؛ پھسلواں ؛ بہت سرد ؛ منجمد ۔ (مجازاً) سرد مہر ؛ بے تعلّق ؛ بے حِس ؛ برف کا ؛ ٹھنڈا ؛ بے پروا ؛ بے غرض ۔

id, n. ذات ؛ حیات پارہ ؛ مایہ پارہ ۔ (تحلیل نفسی) اِڈ ؛ نفس کا ایک حصّہ جو لاشعور ترکیب دیتا ہے اور جو جبّلی یا جنسی توانائی کا منبع ہے ۔

I'd, I should , I would یا I had کا مُرخّم ۔

idea, n. خیال ؛ تصوّر ؛ مثال ؛ تمثُّل ؛ تأثُّر ؛ عقیدہ یا رائے ؛ منصوبۂ عمل ؛ ارادہ یا عزم ؛ ذہنی تصویر ، بعض اوقات محض خیالی اور حقیقـت کے غیر مطابـق ؛ رائے ؛ ادراک ؛ معنی ؛ مضمـون ؛ منصوبہ ؛ ارادہ ؛ وہم ؛ گمان ؛ اعتقاد ؛ نیت ؛ عین ؛ شکل ؛ روپ ؛ قیاس ؛ دھیان ؛ فکر ؛ اعتقاد ۔ (فلسفہ) افلاطون کا نظریۂ نقش عتیق یا نظیر جس کی کسی فطری گروہ کے موجودات نامکمّل نقول ہیں اور جس سے وہ اپنی ہستی کا حصول کرتے ہیں ؛ مطلق مثالیہ ؛ عموماً کسی شے کے درجۂ کمال کا تصوّر ۔ (موسیقی) موضوع ، ترکیب ، شکل ۔

ideaful, a. نظریہ دار ؛ پُرخیال ۔

idealess, a. فقدان خیال سے متعلق ؛ بے نظریہ ۔

ideal, a. معیاری ؛ مثالی ؛ عینی ؛ معیارِ کمال اور فضیلت کا حامل ؛ مادّی چیز کی بجائے ذہنی تصوُّر یا نظریہ کا نمائندہ ؛ خیالی ، تصوراتی ، جو حقیقی یا عملی نہ ہو ؛ تصوری ؛ وہمی ؛ معنوی ؛ عقلی ؛ ذہنی ؛ باطنی ؛ حُکمی ؛ فرضی ؛ کامل ؛ مقصود ؛ آدرشی ؛ نصب العینی ؛خیالی ؛ مطمح ۔ (فلسفہ) افلاطونی نظریہ مثال سے منسوب یا اس کی حیثیت سے موجـود ؛ نظریات کو حقیقی وجود ماننے والا ، مثـالیت سے متعلق یا اس نوعیت کا ۔ (اسم) نظریہ یا کسی چیز کے انتہائی کمال پر ہونے کا معیار ؛ کوئی چیز یا شخص جو اس نظریے پر پورا اُترتا ہو یا اس معیار کے مطابق ہو اور جس کو نقل کا نمونہ بنایا جائے ؛ مثالی شخص یا چیز ؛ بالخصوص اعلیٰ یا معزز کردار کا حامل ۔

idealness, n عینیّت ؛ مثالیت ؛ مثالی پن ؛ آدرش پنْ ۔

idealism, n. فلسفہ تصوریّت ؛ آدرشیت ؛ معنویت ؛ مثالیت ، تصوریت ، عینیت ؛ مثالی بنانے کا عمل ؛ اشیا کو مثالی صورت یا اس صورت میں جیسے ان کو ہونا چاہیے پیش کرنے کا رُجحان بہ نسبت اس صورت کے جیسی وہ ہیں ؛ مثالی چیزوں کی طلب یا جستجُو برائے حصولِ درجۂ کمال ۔ (فنون لطیفہ) متصوّرہ معیارِ حسن ، تناسب اور ہیئت کے مطابق وُسعتِ تخیُّل سے موضوعات کی عمل کاری جس میں انتخابیت اور نفاستِ تفصیلات لازمی ہیں ۔ (فلسفہ) کوئی نظام یا نظریہ جس کے مطابق حقیقی چیز ، خیال یا تصورات کی نوع سے تعلق رکھتی ہے یا یہ کہ خارجی ادراک ، نظریات یا تصورات پر مشتمل ہوتی ہے ؛ مثالیت پسندی، حقیقت پسندی کی ضد ۔

idealist, n. معتقد مثالیت ؛ مثالیت پسند ؛ جو کسی قسم کے فلسفۂ مثالیّت کا قائل ہو ؛ وہ شخص جو اشیا کو اس صورت میں پیش کرے جیسی وہ ہونی چاہیئں بجائے اس کے کہ جیسی وہ ہیں ؛ درجۂ کمال کے حُصُول کا شائق یا متلاشی ؛ خواب دیکھنے والا یا غیر عملی شخص ؛ وہ مُصنّف یا فن کار جو موضوعات کو تصوّراتی یا تخیلی رنگ دے ۔ (صفت) تصوری ؛ عینی ؛ عینیت پسند ؛ مثالین ؛ عین پرست ۔

idealistic, idealistical, a. تصوُّریت کا ؛ عینیت کا ؛ عینی ؛ مثالیتی ؛ تصوُّری ؛ خیالی ، مثالیت پسند ، مثالیت یا مثالیت پسندی کی خصوصیت کا حامل ؛ عینیت کا ؛ عینی ؛ درجۂ کمال کا ۔

idealistically, adv. مثالیت سے ، خیالی طور پر ۔

ideality, n. قوت متخیّلہ ؛ تصوریّت ؛ معنویت ؛ مثالی وصف یا کردار ؛ لوگوں ، حکومتوں یا فُنُون میں کمال ؛ فضیلت کا تصـوّر کرنے کی قابلیت ۔ (فلسفہ) ذہنی وجود ، جو صرف خیال میں موجود ہو ؛ عِلمِ قیافہ ۔

idealize, v.t. خیالی بنانا ؛ مثالی بنا کر پیش کرنا ؛ مثالی ہیئت یا کردار میں پیش کرنا ؛ کمال یا فضیلت کے درجہ پر لانا ؛ پہلے سے تصوُّر کردہ کمال کے مطابق پیش کرنا ۔ (فعل لازم) کسی چیز کو خیالی کمال کی صورت میں پیش کرنا ؛ کسی مثالی صورت کا تُصوّر کرنا یا مثالی بنانا ۔

idealization, n. تصوُّر گری ؛ مثال سازی ؛ کسی شخص یا چیز سے بے عیبی منسَوب کرنے کا عمل ۔

idealizer, n. تصوُّر گر ؛ مثال ساز ؛ مثالی بنا کر پیش کرنے والا ۔

ideally, adv. مثالی طور پر ، متصوّرہ کمال کے مطابق ؛ کاملاً ؛ خیال یا ذہن میں ؛ نظریاتی طور پر ؛ خیال سے ؛ تصوراً ۔

ideal point, n. (تظلیلی جیومیٹری) متصورہ نقطہ ؛ عینی نقطہ ؛ متوازی خُطوط کے کسی مقرّرہ مجموعہ کی سمت یا وہ لامتناہی نُقطہ جہاں متوازی خطوط ملتے اور کاٹتے ہوں ۔

ideate, v.t. تصوّر یا خیال میں بنانا ؛ تصوُّر کرنا ؛ خیال کرنا ـ (فعل لازم) نظریات وضع کرنا ؛ سوچنا ـ (اسم) (فلسفہ) وہ چیز جو نظریات کے مطابق ہو، چیز یا موضوع کو خیال سے علیحدہ تُصوّر کرتے ہوئے ـ

ideative, a. تُصوّری ؛ تمثُّلی ـ

ideation, n. تصوّر گری ؛ تمثُّل ، تفکُّر ؛ نظریہ سازی کی ذہنی استعداد ؛ کسی چیز کی واضح ذہنی نمائندگی یا تصوُّر کا استقرار ؛ تصوّر گری ؛ ذہنی صُورت گری ؛ عملِ تصوّر ؛ تصوُّر سازی ـ

ideational, ideative, a. تمثّلی ؛ تصوُّری ـ

ideationally, adv. تمثّلی طور پر ؛ تصوُّری انداز میں ـ

idem, a., pron. ایضاً ، وہی جو پہلے دیا جا چکا ہے ـ (تکرار سے بچنے کے لیے استعمال ہوتا ہے) ـ مخفف : id ـ

identic, a. یکساں ـ (فن سفارت) متماثل ، اس کا اطلاق ان افعال یا یادداشتوں پر ہوتا ہے جو یکساں صورت کی ہوں جیسے جب دو یا زیادہ حکومتیں کسی دوسری حکومت سے بیک وقت معاملہ کریں ـ

identical, a. ویسا ہی ؛ عینی ؛ متماثل ؛ یکساں ؛ وہی (جیسے : He is the identical man we saw here last week) ؛ یکساں قِسم ، نوعیت یا معنی کا حامل ؛ پوری طرح متفّق بعینہ (جیسے : identical experiences) ـ (منطق) یکسانی ظاہر کرنے والا ؛ مماثل ، جیسے کوئی قضیہ ؛ وہی ایک ؛ ایک ہی ؛ ایک سا ؛ بالکل ایک ؛ بعینہ وہی ؛ بالکل یکساں ـ

identically, adv. یکساں طور پر ؛ ایک ہی طور پر ؛ بعینہ ؛ بمطابق ـ

identicalness, n. تماثُل پن ؛ یکسانی ؛ یکساں پن ؛ متماثِل پن ـ

identical twin, n. عینی توام ؛ متماثل توام ؛ جڑواں بچّوں میں سے کوئی ایک جو ایک ہی باروَر بیضہ سے پیدا ہوا ہو اور ہر ایک یکساں جنس اور موروثی خصائص کا حامل ہو ، متخالف توام سے ممیّز ـ

identifiable, a. شناخت پذیر ؛ قابلِ شناخت ؛ ایک سمجھے جانے کے قابل ؛ متحد یا متفّق سمجھے جانے کے قابل ـ

identifiably, adv. قابل شناخت طور پر ؛ ایک سمجھے جانے کے قابل انداز میں ـ

identification, n. تطبیق ؛ شناخت ؛ شناخت کرنے کا عمل ؛ کوئی چیز جس سے کسی شخص یا چیز کی شناخت ہو مثلاً کارڈ ، پاسپورٹ یا چِپی ـ (نفسیات) تطبیق ؛ اطلاق خصوصیات ؛ ایک ذہنی عمل جس میں کوئی شخص کسی دُوسرے شخص یا گروہ کے احساسات یا اوصاف کو اپنے آپ سے منسوب کرے ؛ تعیینِ ہویت ؛ مماثلت ؛ یکساں ہونے کا اثبات ؛ تطابق ؛ نشان دہی ـ

identify, v.t. شناخت کرنا ؛ پہچاننا ؛ کسی خاص شخص یا چیز کی حیثیت سے کسی کو پہچاننا یا تسلیم کرنا ؛ کسی کی مزعومہ یا بیان کردہ حیثیت کی تصدیق کرنا یا اثبات کرنا ؛ تعیّن کرنا ، مثلاً شخص یا پودے کے نام کا ؛ ویسا ہی یا وہی ہونے کا اظہار کرنا یا ویسا ہی سمجھنا ؛ ایک جاننا ؛ ایک سمجھنا ؛ ملانا ؛ مطابق کرنا ؛ پہچاننا ؛ نشان دہی کرنا ـ (نفسیات) شناخت یا تطبیق کے عمل سے خُود کو کسی دوسرے کے ساتھ متحد کرنا یا ملانا ـ (فعل لازم) یکساں یا ویسا ہی بننا ؛ کسی جماعت یا مقصد وغیرہ سے احساس ، مفاد اور عمل میں خود کو وابستہ کرنا ؛ مطابق ہونا ؛ واحد ہونا ؛ ایک ہونا ـ

identifier, n. شناخت کُنندہ ؛ تطبیق کُنندہ ؛ تعیین کُنندہ ـ

identity, n. عینیّت ؛ شناخت ؛ ہویت ؛ تماثل ؛ وہی ہونے کی حالت یا حقیقت ؛ وہی رہنے کی حالت یا حقیقت مُثلاً مختلف پہلوؤں اور حالات میں ؛ خُود ہونے کی حالت ؛ وہ حالت یا کردار جو کسی شخص یا چیز کو مُمتاز کرے ؛ انفرادیت ؛ فطرت یا اوصاف میں یکسانی یا مماثلت ؛ کامل مشابہت ؛ یکسانی ؛ اصلیت ؛ ذاتی مُساوات ؛ مطابقت ؛ پہچان ؛ شخصیت ؛ انفرادیت ؛ یکسانیت ؛ تشخُّص ؛ مساوات ؛ مماثلہ ـ

ideogram, ideograph, n. رمز ؛ مصوّرات ؛ تصویری رسم الخط ؛ تصویری یا تحریری علامت جو کسی چیز یا خیال کی لفظی اصوات کے بغیر نمائندگی کرے ؛ وہ علامت جو لفظ کی جگہ خیال کی نمائندگی کرے ـ (جیسے : '+'، '-'، $ ، ۳) وعلیٰ ہذالقیاس ؛ تصویرِ تصور ـ

ideograph, دیکھیے : ideogram ـ

ideographic, a. تصویری خط سے متعلّق ، رمزیہ ؛ تصوّر نگاری سے متعلق ـ

ideographically, adv. رمزیہ طور پر ؛ تصوّر نگارانہ انداز میں ـ

ideography, n. تصوّر نگاری ؛ تصویری خط یا علامتی تحریر ؛ تصوّری رُسمُ الخط ـ

ideological, ideologic, a. فکریاتی ؛ نظریاتی ؛ نظریہ سے متعلق ، خیالات سے متعلق ؛ قیاسی ؛ حکمیاتی ؛ عِلمِ تصوّرات یا اس سے متعلّق ؛ تصوری ؛ تصوراتی ـ

ideologically, adv. نظریاتی طور پر ؛ حکیمانہ انداز میں ؛ فِکراً ـ

ideologist, n. تخیُّل پرست ؛ نظریہ پرست ، ماہر نظریات ؛ نظریات دان ؛ کسی خاص نظریہ کا حامی ؛ تصوّراتی خیالات اور نظریات میں مبتلا ، خیال پرست ، تصوُّر پرست ؛ آدم خیالی ؛ تصوریات دان ـ

ideology, n. نظریہ ؛ خیالات کا خاص نظام بالخصوص سماجی یا سیاسی موضوعات کا ؛ خیالات اور ان کے فہم کا علم ؛ ایک نظام فلسفہ جو قطعی طور پر حسیّات سے خیالات اخذ کرتا ہے ؛ تجریدی قیاس بالخصوص تصوّراتی اور ناقابلِ عمل نوعیت کا ؛ حکمیات ؛ نظام فکروعمل ؛ تخیل یا تصوّر ؛ نظریۂ تصوُّرِ حیات ؛ تُصوّریات ؛ لائحۂ حیات ؛ نظریہ حیات ؛ فکریات ؛ نصبُ العین ؛ خیال پرستی ؛ عِلمِ تصوّرات ـ

ideomotor, a. (نفسیات) متحرک بالتّصور ؛ تصوّری حرکی ؛ بے اختیار یا غیر معکوس عضلاتی حرکت سے متعلق جو کسی خیال کی کامل محویت کا نتیجہ ہے ؛ (شعوری حرکی sensorimotor کی ضد) ؛ خیال حرکی ـ

ides, n. پکھواڑا ؛ وسطِ ماہ ؛ قدیم رومی تقویم میں جنوری ، فروری ، اپریل ، جون ، اگست ، ستمبر ، نومبر اور دسمبر کی تیرہ تاریخ اور مارچ ، مئی ، جولائی اور اکتوبر کی پندرہ تاریخ ـ

idioblast, n. (نباتیات) طرفی نابض ؛ ایڈیوبلاسٹ ؛ خاص نہوضہ ؛ ایک خلیہ جو اردگرد کے خلیات اور نسیج سے بہت مختلف ہو ـ (حیاتیات) زندہ مایۂ حیات کے مفروضہ اساسی عناصر میں سے آخری عُنصر ؛ خاص بلّور ـ

idioblastic, a. اَیڈیوبلاسٹی ؛ خاص نہوضہ سے متعلّق ؛ خاص نہوضوی ـ

idiocy, n. ابلہی ؛ حُمق ؛ ضُعفِ عقل ؛ خبطی ہونے کی کیفیت ، خبط ؛ دماغی کمزوری ۔ (مجازاً) غیر شعوری حماقت ؛ خلقی ابلہی ؛ عتاہت ؛ سودا ؛ خلقی مخبوطی ؛ پاگل پن ۔

idioglossia, idiolalia, n. (امراضیات) طِفل لسانی ؛ ابلہ لسانی ؛ ناقابل فہم گفتگو کی کیفیت ؛ ناقص یا ناقابل فہم گفتگو کی حالت جو اس طرح معلوم ہوتی ہے جیسے کوئی غیر زبان ہو ؛ نِجی یا ایجاد کردہ زبان ؛ مرموزی بولی ۔

idiographic, a. (نفسیات) فردنگارانہ ؛ علامتی ؛ دستخطی ؛ انفرادی کوائف مریض سے متعلّق ؛ فرد نگاری سے متعلق ۔

idiolect, n. (لسانیات) انفرادی زبان ؛ طرز کلام ؛ کسی شخص کی طرزِ گفتگو یازبان ،کسی خاص زمانہ یا دور حیات میں ۔

idiom, n. اصطلاح ؛ محاورہ ؛ روزمرہ ؛ کسی زبان کا خاص انداز اظہار ؛ وہ بیان جس کا مفہوم الفاظ کے لغوی معانی سے ادا نہ ہو (جیسے : to get along with,) ؛ کسی قوم کی مخصوص زبان ؛ کسی زبان کی قسم یا ہیئت ؛ بولی ؛ انفرادی اصطلاحیا انداز بیان جو کسی خاص گروہ ، پیشہ وغیرہ سے مخصوص ہو ؛ زبان کا انداز ؛ بولنے کی ریت ؛ بولی کا ڈھنگ ؛ طرز کلام یا سخن ؛ بھاکا ؛ بول چال ؛ زبان ۔

idiomatic, a. بامحاورہ ؛ محاوراتی ؛ اصطلاحی ؛ کسی خاص زُبان سے مخصوص ؛ کسی زبان کے خاص انداز ہائے بیان کا مظہر ؛ بول چال کے مطابق/موافق ؛ ٹکسالی ۔

idiomatically, adv. بامحاورہ طور پر ؛ محاوراتی طور پر ؛ ٹکسالی انداز میں ؛ اصطلاحاً ۔

idiomaticalness, n. بامحاورہ پن ؛ محاوراتیت ، محاوراتی انداز ؛ ٹکسالی پن ؛ اصطلاحی پن ۔

idiomorphic, a. (معدنیات) خُودشکلی ؛ خاص شکلی ؛ چٹان میں اپنی خاص بِلَوری شکل قائم رکھنے والا ، جس میں چٹان کے کسی اور جزو ترکیبی نے اصلاح یا تبدیلی نہ کی ہو۔

idiomorphically, adv. خاص شکلی طور پر ؛ خُود شکلی انداز میں ۔

idiomorphism, n. خاص شکلیت ؛ خود شکلیّت ۔

idiopathy, n. (امراضیات) خود رو مرض ؛ انفرادی مرض ؛ وہ مرض جس کا سبب واضح یا معلوم نہ ہو ؛ ابتدائی یا خود بخود پیدا ہونے والا مرض ؛ بُنیادی مرض ؛ مرض حقیقی ؛ مخصوص عارضہ ؛ ذاتی عارضہ ؛ ایک خاص طرح کا عارضہ ؛ اصلی بیماری ۔

idiopathic, a. اصلی ؛ حقیقی ؛ انفرادی مرض سے متعلّق ؛ مخصوص ؛ ذاتی ؛ بُنیادی ۔

idiosyncrasy, n. انفرادی مزاج ؛ خاص مزاج ؛ ترکیب ، مزاج یا اطوار کی ذاتی انفرادیت ؛ انوکھا پن ؛ ذہنی یا اخلاقی خصوصیت جو کسی فرد کو دوسروں سے ممتاز کرے ؛ سوچنے یا محسوس کرنے کا غیر معمولی انداز ؛ عجیبۂ مزاج ؛ طبیعت کا خاصا ؛ مخصوص جذبہ یا خیال ؛ مخصوص اسلُوب یا طرزِ بیان ۔

idiosyncratic, a. خاص مزاج کا حامل ؛ انوکھا ؛ عجیبۂ مزاج والا ۔

idiosyncratically, adv. انوکھے پن سے ؛ خاص انداز میں ۔

idiot, n. ابلہ ؛ احمق ؛ خبطی ؛ فاترالعقل ؛ جو شخص شدید ذہنی پسماندگی میں مُبتلاہو ؛ جس کی ذہنی عمر تین سال یا اس سے کم ہو ؛ نہایت نااہل اور احمق شخص ؛ ضعیف العقل ؛ گھامڑ ؛ اُلّو ؛ فاترالحواس ؛ جنم کا پاگل ؛ سِڑی ؛ مادر زاد دیوانہ ؛ مخبوط الحواس ؛ مورکھ ؛ بیوقوف ۔

idiotsavant, ذہنی طور پر پسماندہ شخص جس میں کوئی خاص قابلیت اعلیٰ درجہ کی ہو ؛ مجذُوب ۔

idiot box, n. (عوامی) ٹیلی وژن سیٹ یا آلۂ بعید منظر ؛ احمق ڈبہ ؛ دور درشن ۔

idiot card, n. (عوامی) (ٹیلی وژن) لقمی کارڈ ؛ کارڈ یا دوسرا بصری لقمہ دہندہ جو کیمرے سے دور ہوتا ہے ، جس پر الفاظ یا سطریں ظاہر ہوتی ہیں تا کہ ٹیلی وژن کے اداکار کی یاد داشت کو مدد ملے ۔

idiotic, idiotical, a. ابلہانہ ؛ احمقانہ ، احمق سے متعلق ؛ بیوقوفانہ؛ نہایت بیہودہ؛ مخبُوط ؛ پاگلوں کی سی ۔

idiotically, adv. احمقانہ طور پر ؛ ابلہی انداز سے ۔

idioticalness, n. حُمقیت ؛ احمقیت ؛ حماقت آمیزی ؛ ابلہ پن ؛ احمق پن ۔

idiotism, n. ابلہی ؛ ابلاہت ؛ حُمق ؛ حماقت ؛ خبط ۔

idle, a. کاہل ؛ بیکار ؛ فارغ ؛ غیر مصروف ؛ آرام طلب ؛ کام چور ؛ سست ؛ نِکھٹّو ؛ نِکمّا ؛ عبث ؛ بیہودہ ؛ آلسی ؛ ناکارہ ؛ بے فائدہ ؛ لاحاصل (جیسے : idle rage) ؛ فضول ، غیر متعلق (جیسے : idle talk) ۔ (فعل لازم) بیکاری میں وقت گزارنا ؛ فضول وقت گزارنا ۔ (فعل متعدی) بیکاری میں صرف کرنا ، وقت ضائع کرنا (عموماً away کے ساتھ) ؛ قوت پیدا کیے بغیر چلنا جیسے مشین کا ۔

idleness, n. کاہلی ؛ آلکس ؛ آرام طلبی ؛ بیکاری ؛ بیکار پن ؛ کاہِل پن ؛ سُستی ۔

idler, n. بیکار وقت ضائع کرنے والا ؛ کاہل پسند ؛ کھول ؛ ڈانواں ڈول پھرنے والا ؛ مجہول ؛ سست ؛ السی ۔

idly, adv. بیکاری سے ؛ کاہلی سے ؛ سُستی سے ؛ بے فائدہ طور پر ؛ بے پروائی سے ۔

idler pulley, idle pulley, n. (مشین) معطّل چرخی ؛ ایک راہ نُما چرخی جو گھمانے والے پٹّے یا زنجیر کو اپنی جگہ پر رکھتی ہے ۔

idler wheel, idle wheel, n. (مشین) معطّل پہیہ ؛ ایک پہیہ جو دوسرے دو پہیوں کے درمیان ہوتا ہے تا کہ سمت تبدیل کیے بغیر حرکت کو ایک محور سے دوسرے محور پر منتقل کر سکے ۔

Ido, n. ایڈو ؛ ایک مصنوعی زبان ، جو عام زبانوں کے اجزا سے بنائی گئی ہے اور جسے بین الاقوامی زبان بنانا مقصود ہے ؛ اسپرانتو کی نظرثانی شُدہ اور آسان شکل ۔

idocrase, n. (معدنیات) آئیڈوکریس ؛ معدن فیزوفی ۔

idol, n. بُت ؛ صنم ؛ مورتی ؛ کسی دیوتا کی شبیہہ ، نمائندگی یا علامت ، جو پرستش کے لیے بنائی گئی ہو ، بالخصوص کُفّار میں ؛ جُھوٹا یا کُفّار کا دیوتا ۔ (مجازاً) نہایت محبت ، تعریف یا شیفتگی کا مرکز ؛ مغالطہ یا غلط فہمی ؛ معبودِ باطل ؛ وثن ؛ محبوب ؛ مورت ؛ صورت ، شکل ؛ معشوق ؛ بیارا ؛ وہم ؛ سایہ ؛ پرچھائیں ۔

idolater, n. صنم پرست ؛ بُت پرست ؛ مدّاح ؛ پرستار ؛ پُوجنے والا ۔

idolatrous, a. بُت پرستانہ ؛ اندھا عقیدت مند ؛

پرستارانہ ؛ مدّاحانہ ؛ بت پرستی سے متعلق ۔

idolatrously, adv. بُت پرستانہ طور پر ۔

idolatrousness, n. صنم پرستیّت ؛ اندھی عقیدت مندی ؛ بت پرستیّت ۔

idolatry, n. بُت پرستی ؛ متجاوز تعریف یا احترام ؛ صنم پرستی ؛ وثنیّت ؛ عشق ؛ محبت؛ پُرجوش عقیدت ۔

idolize, v.t. بت کی طرح پوجنا ؛ بت بنانا ؛ حد سے زیادہ محبّت کرنا ؛ پرستِش کی حد تک محبت یا احترام کرنا ۔ (فعل لازم) پرستش کرنا یا نہایت عقیدت رکھنا ؛ مُورتی پوجنا ؛ صنم پرستی کرنا ؛ مُورتی بنا کے پوجنا ؛ بُت بنا کے پرستِش کرنا ؛ دیوتا ماننا ؛ عزیز جاننا ؛ صنم یا محبوب جاننا ؛ لٹّو ہونا ؛ جان دینا ؛ مرنا ۔

idolizer, n. پرستار ؛ بُت ساز ؛ بت گر ۔

idolization, n. پرستاری ؛ عقیدت مندی ؛ بُت سازی ۔

idyll, idyl, n. آئیڈل ؛ وہ مختصر نظم یا بیانیہ نثر پارہ ، جس میں دیہی زندگی کے مثالی مناظر یا واقعات پیش کیے گئے ہوں ؛ ایک دلکش سادہ منظر ؛ پُرجوش یا دیہی درمیانی قصہ ۔ (موسیقی) ایک سکون بخش متین دُھن ؛ گوالوں کے چھوٹے عمدہ گیت ۔

idyllic, a. دلکش ؛ آئیڈل نظم سے متعلّق ۔

idyllically, adv. دیہی منظر نگاری کے انداز میں ؛ دِلکَش انداز میں ۔

idyllist, n. منظر کَش ؛ دیہی مناظر کی نظموں کا مُصنِّف یا دیہی منظر نگار ؛ دِلکَش منظر نگار ۔

if, conj. اگر ؛ بالفرض ؛ بشرطیکہ (جیسے : if it doesn't rain we'll go) ؛ گرچہ ؛ جیسے خیالی شرط ؛ ناقابل عمل طریق کار ؛ آیا (جیسے : She asked if I remembered) ؛ اظہار تمنا کے لیے ؛ کاش (جیسے : If only it would not rain) ؛ بطور شرط (جیسے : I,ll go if permitted) ؛ ایسا نہ ہو ؛ جو نہیں ؛ وگرنہ ؛ جب کبھی ؛ جو ؛ جس صورت میں ؛ جس حال میں ؛ گویا کہ ؛ کاش ؛ کیا خوب ۔ (اسم) مفروضہ ؛ قیاس ۔

iffy, a. (عوامی) اِتفّاقی حیثیت کا ؛ غیر معیّن ؛ شرطی ؛ مشکوک یا غیر یقینی ۔

igloo, iglu, n. یخ جھونپڑا ؛ اِگلو ؛ گنبد کی شکل کی اسکیمو جھونپڑی ، جو سخت برف کی سلوں سے بنائی جاتی ہے ؛ وہ غار یا گڑھا جو سِیل (دریائی بچھڑا) برف میں سانس لینے کے سوراخ کے اوپر نرم برف میں بناتا ہے ۔ (عسکری) اسلحہ کے ذخیرہ کے لیے گنبد نما عمارت ۔

igneous, a. (ارضیات) آتشیں ؛ آتشی ؛ آتشیں چٹان ؛ آگ یا شدید حرارت سے زمین کے اندر بنی ہوئی مثلاً آتش فشانی چٹانیں ؛ آگ سے متعلّق یا ناری خواص کا ؛ اگنی ؛ آتش فشاں ؛ اگیاہا ؛ آگ کا بنا ہُوا ؛ آتش دار ؛ آگ سا ۔

ignescent, a. شرارہ زن ؛ شُعلہ خیز ؛ آتش فشاں ؛ شرر افشاں جیسے بعض پتھّر فولاد سے ٹکرانے پر ۔ (اسم) شررافشاں مادّہ ؛ شرارہ خیز ۔

ignis fatuus, jack-o'-lantern, will-o'-the wisp, friar's lantern, n. فانوسِ شیطان ؛ اگیا بتیال ؛ فاسفورس کی متحرّک روشنی ، جو رات کو نظر آتی ہے ، یہ عموماً دلدلی زمینوں پر دکھائی دیتی ہے؛ اس کے متعلّق خیال کیا جاتا ہے کہ یہ گلے سڑے نامیّاتی مادّہ کی گیس کے خود بخود جل اٹھنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ کوئی گمراہ کُن چیز ؛ سبز باغ ؛ چھلاوا ؛ شیطانی آگ ؛ غول بیابانی ؛ شہابہ ؛ شُعلۂ وہم ؛ اُمیدِ موہوم ۔

ignite, v.t. جلانا ؛ آگ لگانا ؛ بہت گرم کرنا ؛ پھونکنا ۔ (کیمیا) حرارت سے چمک پیدا کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ سُلگانا ؛ تپانا ۔ (فعل لازم) آگ پکڑنا ؛ جلنے لگنا ؛ جلنا ؛ سُلگنا ؛ آگ لگنا ؛ مشتعل ہونا ۔

igniter, ignitor, n. شُعلہ گر ؛ سوزندہ (شخص یا شے) ؛ جلانے والا ؛ سلگانے والا۔(برقیات) اندرونی احتراقی انجن ؛ درُوں احتراقی انجن ؛ وہ آلہ جو برقی شعلہ پیدا کرتا ہے جو اسطوانے میں گیس یا بخارات کے بار کو جلاتا ہے ؛ محترِق ۔

ignitable, ignitible, a. احتراق پذیر ؛ اشتعال پذیر ۔

ignitability, ignitibility, n. احتراق پذیری ؛ اشتعال پذیری ۔

ignition, n. احتراق ؛ آتش زنی ؛ آتش گیری ؛ اشتعال ؛ جلن ؛ سوزش ؛ اندرونی احتراق انجن ؛ دروں احتراق انجن ؛ اسطوانہ میں بار کا احتراق ؛ احتراقی آلہ ۔

ignitron, n. (برقیات) آتش آمیزہ ؛ ایک قسم کی سیمابی محرابی نلی جو کسی نظام یا مشین کو شروع کرنے کے لیے اکثر استعمال ہوتی ہے اور متعدد موٹروں ، ویلڈنگ اور برقی کیمیائی عمل میں متغیّر رو کی اصلاح اور تنظیم کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ احتراق آور آلہ ۔

ignoble, a. مذموم ؛ کمینہ ؛ رذیل ؛ ذلیل ؛ ناکارہ ؛ کم اصل ؛ غیر معزّز ؛ بے آبرو ؛ پوچ ؛ سِفلہ ؛ پَست ؛ ناچیز ؛ حقیر ؛ کم ظرف ؛ دُوں ہمّت ؛ نیچ ؛ اوچھا ؛ پاجی ۔

ignobility, ignobleness, n. کمینہ پن ؛ کم اصلی ؛ مذمومیت وغیرہ ؛ کم اصل پن ؛ رذیل پن ؛ اوچھا پن ؛ پاجی پن ؛ ناکارہ پن ؛ دوں ہمتی ؛ کم ظرفی ؛ رذالت ؛ دنائیت ؛ ذلت ۔

ignobly, adv. کمینہ پن سے ؛ ذِلّت سے ؛ رذالت سے ؛ ناکارگی سے ؛ کم اصلی سے ؛ کمینگی سے ؛ بے آبروئی سے ؛ پاجی پن سے ؛ اوچھے پن سے ؛ بے حرمتی سے ؛ رذالت سے ؛ دنائیت سے ۔

ignominious, a. شرم ناک ؛ ذلیل ؛ بدنام ؛ قابلِ نفرت ؛ حقیر ؛ کم اصل ؛ ناشایستہ ؛ موجبِ رُسوائی ؛ پاجی پنے کا ؛ زبوں ؛ معیوب ؛ نالائق ؛ بدنامی کا ؛ شرمناک ؛ فضیحت کا ؛ باعثِ ذِلّت ۔

ignominiously, adv. کم اصلی سے ؛ شرمناکی سے ؛ ذِلّت سے ؛ نفرت سے ؛ حقارت آمیز انداز سے ۔

ignominiousness, n. شرمناکی ؛ ذِلّت ۔

ignominy, n. علانیہ تذلیل ؛ بے عِزّتی ؛ شرم ؛ بدنامی ؛ ذِلّت ؛ رُسوائی ؛ بے حُرمتی ؛ بے آبروئی ۔

ignoramus, n. نادان شخص ؛ مجہول چیز ؛ جاہِل شخص ؛ اناڑی ۔

ignorant, a. ناواقف ؛ جاہل ؛ کم علم ؛ معلوماتِ عامہ یا خاص شعبۂ عِلم میں ناقص عِلم رکھنے والا (جیسے : ignorant of physics) ؛ بے عِلم ؛ ناآموز ؛ ناآگاہ ؛ مُورَکھ ؛ لاعِلم ؛ اگیّان ؛ جاہِل ؛ اناڑی ؛ ناخواندہ ۔

ignorantly, adv. جہالت سے ؛ ناواقفیت سے ؛ لاعِلمی سے ؛ نادانی سے ؛ بے خبری سے ؛ ناخواندگی سے ؛ اناڑی پن سے ۔

ignorance, n. جہالت ؛ ناواقفیت ؛ بے عِلمی ؛ بے [illegible] نادانی ؛

بیماری میں مبتلا ؛ غیر صحت مند ؛ ناخوش ؛ ناتندرست ؛ برائی یا بدقسمتی پیدا کرنے والا ؛ شرانگیز ؛ بُرا (جیسے : an ill end) ؛ دشمن ؛ تند مزاج ؛ چڑچڑا ؛ تنک مزاج (جیسے : an ill temper) ؛ مخالف ؛ بُرا ، بدمعاش ؛ بدنام (جیسے : ill repute) ؛ بری شہرت کا ؛ نامناسب ؛ گستاخ ؛ ناشایستہ (جیسے : ill manners) ؛ بداطوار ؛ نادرُست ؛ بے ہنر۔

ill at ease, بے چین ؛ بے آرام ؛ وحشت زدہ ؛ مضطرب۔

ill turn, نامہربانی؛ مُضر فعل ؛ نُقصان دہ حرکت۔

ill, n. بدخصالی ؛ بدمعاشی ؛ برائی ؛ بدقسمتی ؛ مضرت ؛ بیماری ؛ جو خوشی برباد کرے یا کامیابی کے مانع ہو ؛ بدخوابی۔

ill, adv. ناخُوب ؛ اضطراب سے ؛ بُری طرح ؛ مشکل سے ؛ تکلیف سے (جیسے : He is ill able to sustain the burden) ؛ نادوستانہ انداز میں ؛ سختی سے۔

I'll, I will یا I shall کا مُرخّم۔

ill-advised, a. کوتاہ اندیش ؛ بدخبرا ؛ اچھے مشورہ سے محروم ؛ نامناسب ؛ بے شعور۔

ill-advisedly, adv. بدخبری سے ؛ کوتاہ اندیشی سے۔

illation, n. نتیجہ ؛ استنباط ؛ استخراج ؛ دلائل سے نتیجہ حاصل کرنے کا عمل ؛ ماحصل۔

illative, a., n. استنباطی (جیسے : Therefore is an illative word) ـ

illatively, adv. استنباطی طور پر۔

illaudable, a. ناقابلِ مدح ؛ ناقابل تعریف ؛ ناقابلِ ستایش۔

illaudably, adv. ناقابلِ ستایش طور پر۔

ill-being, n. نا تسلّی بخش صحت ؛ دیوالیہ پن ؛ صحت یا مالی طور پر غیر تسلّی بخش حالت۔

ill-boding, a. منحوس ؛ بدشگون ؛ بدقسمت ؛ بدبخت۔

ill-bred, a. سِفلہ ؛ بدتمیز ؛ بدتہذیب ؛ جس کی اچھی پرورش یا تربیت نہ کی گئی ہو ؛ چھچھورا۔

ill-considered, a. بلا تأمّل؛ بے غور و خوض ؛ نافہم ؛ بے عقل ؛ بے تدبیر ؛ بغیر سوچے سمجھے۔

ill-disposed, a. مخالف ؛ جو کسی شخص یا خیال کے طبعاً خلاف ہو ؛ نامتفّق ؛ غیر دوستانہ مزاج کا حامل۔

ill-disposedly, adv. مخالفانہ انداز میں۔

illegal, a. خلاف قانون ، ناجائز ؛ خلاف ضوابط ؛ خلاف قاعدہ ؛ غیر قانونی ؛ بلاجواز ؛ بے قاعدہ۔

illegality, n. عدم جواز ؛ غیر قانونیت ؛ ناجائز پن ؛ عدم جوازی ؛ بے قاعدگی۔

illegally, adv. ناجائز طور پر ؛ غیر قانونی طور پر ؛ بلاجواز طریقے سے ؛ بے ضابطہ انداز میں۔

illegible, a. ناخوانا ، لایقرا ؛ جو پڑھا نہ جا سکے ؛ بد خط ؛ طلس ؛ ناقابلِ خواندگی۔

illegibility, illegibleness, n. ناخوانائی ؛ بدخطی ؛ طلسیت؛ ناخواناں پن ؛ طلس پن

illegibly, adv. ناخوانا طور پر ؛ بدخطی سے ؛ طلیستی انداز میں۔

illegitimate, a. ناجائز ؛ خلاف قانون ؛ بلاجواز ؛

لاعلمی ؛ جہل ؛ جہالت ؛ اناڑی پن ؛ اگیان ؛ عدمِ واقفیّت۔

ignore, v.t. نظر انداز کرنا ؛ پروا نہ کرنا ؛ توجّہ دینے ، غور کرنے یا پہچاننے سے انکار کرنا ؛ تجاہُل برتنا ؛ لاعلمی بیان کرنا ؛ نہ جاننا ؛ انجان بننا ؛ نا منظور کرنا ؛ نہ ماننا۔ (قانون) شہادت نہ ملنے کی وجہ سے خارج یا مسترد کرنا ، جیسے کوئی مسودّہ قانون یا فَردِ جُرم۔

ignorable, a. قابل نظراندازی ؛ قابلِ صَرفِ نظر ؛ قابل چشم پوشی۔

ignorer, n. نظرانداز کرنے والا ؛ صَرفِ نظر کُنندہ ؛ چشم پوشی کا خُوگر۔

iguana, n. گوہ ؛ درختی چھپکلی ؛ اِسی نام اور جنس کی گرم علاقوں کی چھپکلی ، جو ایک نبات خور نوع سے متعلّق جانور ہے ، اس کی لمبائی پانچ فٹ یا زیادہ ہوتی ہے۔

iguanodon, n. (حجریات) نبات خور سُوسمار ؛ کھریا دور کا ایک عظیم الجُثہ طاقت ور ، نبات خور سُوسمار جس کی خصوصیت بڑی بھاری دُم ہے جو اسے سیدھا کھڑا ہونے میں مدد دیتی ہے ؛ اگوانا دندانی سُوسمار ؛ اگوانا دنت سوسمار ؛ دنتیلا سُوسمار۔

iguanodont, n., a. نبات خور سُوسمار سے متعلق۔

Ikon, n. دیکھیے : Icon ـ

ilang- ilang, n. دیکھیے : Ylang-ylang ـ

ileitus, n. (امراضیات) ورم لفائفی ؛ لفائفی یا پیچیدہ آنت کی سوزش۔

ileum, n. (تشریح الاعضا) لفائفہ ؛ عفج ؛ معاء لفائف ؛ پیچیدہ آنت ؛ خالی آنت اور کور آنت کے درمیان واقع چھوٹی آنت کا نچلا تیسرا حصہ۔

ileal, ileac, a. لفائفی ؛ عفجی ؛ لفائفی معا یا پیچیدہ آنت سے متعلّق۔

ileus, n. (امراضیات) معائی قولنج ؛ ایلاؤس ؛ شدید قولنج جو آنت کے سُدّے سے پیدا ہوتا ہے۔

ilex, n. (نباتیات) گُل خطمی ؛ جنس خطمی ، جس سے راج (holly) اور دوسری نباتات متعلق ہیں۔

iliac, ilial, a. حرقفی ؛ لفائفی ؛ معاءِ لفائفی سے متعلّق ؛ پیڑو کے متعلّق ؛ پیڑو کا۔

Iliad, n. الیڈ ، ایک یونانی رزمیہ نظم جو ہومر سے منسوب ہے ، جس میں یونانیوں کے الیم (ٹرائے) کے محاصرہ کا بیان ہے ؛ بہادُرانہ کارنامہ کا طویل قصّہ ؛ آلام و مصائب کا طویل سلسلہ ؛ حماسہ ؛ یُونانی رزم نامہ۔

Iliadic, a. الیڈ سے متعلّق۔

ilium, n. (تشریح الاعضا) حرقُفہ ؛ ایک ہڈّی جو ایک بے نام ہڈّی کا بالائی حصّہ ہے ؛ کُولھے کی ہڈّی ؛ پہلو ؛ کوکھ۔

ilk, n. خاندان ؛ طبقہ ؛ قسم ؛ نسل (جیسے : Jones and his ilk) ـ

of that ilk, (اسکاٹ لینڈ بولی) ایک ہی خاندانی نام یا جاگیر کا۔

ill, a. بیمار ، مریض ، علیل ؛ ناساز ؛

illegitimate ... بے قاعدہ ؛ نامناسب ؛ رواج کے برعکس ؛ حرامی ، حرمزادہ ۔ (منطق) غیر منطقی ، اصول منطق کے خلاف (جیسے : an illegitimate inference) ۔

illegitimacy, n. عدم جواز ؛ حرام زدگی ؛ حرامی پن ؛ عدم رسمیت ؛ بے قاعدگی ؛ غیر منطقی پن ۔

illegitimately, adv. ناجائز طور پر ؛ حرامی پن سے ؛ حرام زدگی سے ؛ غیر منطقی انداز میں ۔

ill-fated, a. بدقسمت ؛ بدبخت ؛ بدنصیب ؛ بدانجام ؛ بدطالع ؛ نحس ۔

ill-favored, a. بدمنظر ؛ مکرُوہ ؛ کریہہ ؛ بدصُورت ؛ ناگوار ، ناپسندیدہ ؛ ناخوشگوار ۔

ill-gotten, a. نامناسب یا ناجائز طور پر حاصل کردہ ، حرام (مال) ؛ مال مفت ؛ بد دیانتی سے حاصل کردہ ۔

illhumor,(Brit.) illhumour,n. خفگی ؛ چڑچڑاپن ؛ تند مزاجی ؛ بدخوئی ؛ بدمزاجی ؛ بد خُلقی ۔

ill-humored, (Brit.), ill-humoured, a. تند مزاج ؛ چڑچڑا ؛ بدخُو ؛ بدمزاج ؛ بدخلق ۔

illhumoredly, illhumouredly, adv. بدخُوئی سے ؛ بدمزاجی سے وغیرہ ۔

illiberal, a. تنگ دل ؛ تنگ نظر ؛ نا روادار ؛ متعصّب ؛ بخیل ۔

illiberality, illiberalness, n. تنگدلی ؛ تنگ نظری ؛ بخیل پن ؛ متعصّب پن ۔

illiberally, adv. تنگ دلی سے ؛ تنگ نظری سے ؛ بُخل سے ؛ تعصّب سے ۔

illicit, a. خلاف قانون ؛ ناجائز ؛ نامشروع ؛ ممنوع ؛ غیر رواجی ؛ غیر رسمی ؛ غیر قانونی ؛ غیر شرعی ۔

illicitly, adv. ناجائز طور پر ؛ خلاف قانون طریقے سے ؛ غیر شرعی حیثیت سے ؛ غیر قانُونی انداز میں ۔

illicitness, n. عدم جواز ؛ غیر مشروعیت ؛ غیر شرعی پن ؛ غیر قانُونی پن ۔

illimitable, a. لامتناہی ؛ لامحدود ؛ بے پایاں ؛ بے حساب ؛ بے اندازہ ؛ ناقابل تحدید ؛ بے حدوحساب ۔

illimitably, adv. بے پایاں انداز میں ؛ لامحدود طور پر ؛ ناقابل تحدید طریقے سے ؛ لامتناہیانہ ۔

illimitability, illimitableness, n. لامحدودیت ؛ بے پایانی ؛ عدم تحدید پن ؛ لامتناہیت ؛ بے پاباں پن ۔

illnium, n. (کیمیا) ایلینیم ؛ پرومیتھیم (promethium) عُنصر کا سابقہ نام۔

illiterate, a. ان پڑھ ؛ ناخواندہ ؛ غیر تعلیم یافتہ کسی خاص شُعبے کے علم سے محروم ؛ جاہل ؛ بے سواد (جیسے : He is scientifically illiterate) ۔

illiteracy, n. ناخواندگی ؛ تقریر یا تحریر کی غلطی ۔

illiterately, adv. ناخواندگی سے ؛ بے سوادی سے ۔

illiterateness, n. ناخواندگی ؛ بے سوادی ۔

ill nature, n. بدسرشت ؛ بُری فطرت یا بدفطرتی ؛ بری طبیعت ؛ برا مزاج ؛ تُنک مزاجی ؛ ترش روی ؛ بدطینتی ۔

ill-natured, a. بدفطرت ؛ بدمزاج ؛ تُنک مزاج ؛ بُرا ؛ بدطینت ۔

ill-naturedly, adv. بدفطرتی سے ؛ بدمزاجی سے ؛ بدطینتی سے ۔

illness, n. علالت ؛ بیماری ؛ غیر صحت مندی (ذہنی یا جسمانی) ؛ دُکھ ؛ مرض ؛ روگ ؛ عارضہ ۔

illogical, a. غیر معقُول ؛ غیر منطقی ؛ خلاف اصول منطق ؛ مضبوط استدلال یا دلیل بازی کے برعکس ؛ بے حجت ۔

illogic, n. غیر منطقی ؛ غیر معقول ۔

illogicality, n. غیر منطقیّت ؛ غیر معقولیت ؛ غیر منطقی انداز ؛ غیر معقُول رویہ ۔

illogically, adv. غیر منطقی طور پر ؛ غیر منطقی انداز میں ؛ غیر معقولانہ ۔

ill-sorted, a. نامُناسب ؛ غیر متوازن ؛ ناموزوں ؛ بے جوڑ ؛ غیر مُناسب ۔

ill-starred, a. نحس ؛ بدقسمت ؛ بدطالع ؛ بداختر ؛ بدنصیب ؛ منحوس ؛ بدبخت ۔

ill temper, n. بدسرشت ؛ چڑچڑاپن ؛ تُنک مزاجی ؛ بُری عادت ؛ بُری خصلت ؛ بدخوئی ۔

ill-tempered, a. تُنک مزاج ؛ بد مزاج ؛ بدخو ؛ بدخصلت ؛ بری عادت والا ۔

ill-temperedly, adv. بدمزاجی سے ؛ بدخصلتی سے ؛ بدخونی سے ؛ بدعادتی کے انداز میں ۔

ill-temperedness, n. بدطینتی ؛ بدخُونی ؛ بدخصلتی ؛ بدمزاجی ۔

ill-timed, a. بے وقت ؛ بے موقع ؛ بے ہنگام ؛ بیگاہ ؛ بے محل ؛ بے نوبت ؛ بے موسم ۔

illuminable, a. ضیا پذیر ؛ تنویر پذیر ؛ متنوّر ؛ روشن ہونے کے قابل ۔

illuminability, n. تنویر پذیری ؛ ضیا پذیری ۔

illuminance, n. (طبیعیات) تنویر ؛ روشنی کے نفوذ کا پیمانہ ؛ طلا کاری ۔

illuminant, n. مُنوّر ؛ روشنی بخش مادّہ یا عامل ؛ روشن کُنندہ ؛ تنویری مادّہ ۔

illuminate, v.t. روشن کرنا ؛ منوّر کرنا ؛ روشنی ڈالنا ؛ تنویر دینا ؛ واضح یا قابل فہم بنانا ؛ مُمتاز کرنا ؛ روشنیوں سے آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ مثلاً مسوّدے کو سنہرے رنگوں سے مُذہّب کرنا یا آراستہ کرنا ۔ (شعاعیات) تابکاری کے لیے پیش کرنا ؛ تابکار بنانا ؛ تنویر پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) روشن یا منور ہونا ؛ تنویر میں انا ۔

illuminating, a. تنویری ؛ طلاکار ؛ روشن کُن ؛ روشن ساز ۔

illuminati, n. روشن ضمیر ؛ روشن ضمیر لوگ ۔ (بڑے ا سے) اشراقیُن ؛ ان فرقوں یا معاشروں کا نام جو اعلیٰ بصیرت یا روشن ضمیری کے مدعی ہیں ، اشراقیہ ؛ اشراقیون ۔

illumination, n. تنویر ؛ درخشانی ؛ چراغاں ؛ (کتابوں یا مسودات کی) طلا کاری یا تذہیب ؛ روشن خیالی ، روشن ضمیری ؛ مُنوّر ہونے یا کرنے کا عمل ؛ منبع نور ۔ (طبیعیات) تنویر ؛ تابش ۔

illuminative, a. توضیحی ؛ روشن ساز ؛ روشن بخش ؛ بصیرت افروز ؛ تنویر گر ۔

illuminator, n. نور افگن ؛ روشن کُن ؛ کتابوں اور مسودّوں کو مُذہّب کرنے والا ، طلا کار ؛ روشنی کو منتشر یا مرکُوز کرنے کا آلہ ؛

مُذبذِب ۔

illumine, v.t., v.i. روشن کرنا ؛ منوّر کرنا ؛ جلا دینا ۔

illuminism, n. اشراقیت ؛ عقیدۂ اشراقیت یا روشن ضمیری ؛ تنویریت ؛ طلاکاریت ۔

ill[illegible]ist, a. اشراقی ؛ معتقد اشراقیت ۔

ill-use, v.t., v.i. بُری طرح استعمال کرنا ؛ نامنصفانہ برتاؤ کرنا ؛ بُرا سلوک کرنا ؛ ظالمانہ انداز اختیار کرنا ۔

ill-usage, n. ناانصافی یا ظلم ؛ غیر منصفانہ یا ظالمانہ سلوک ؛ برا رویہ یا سلوک ۔

illusion, n. سَراب ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ التباس ؛ جُھوٹا تأثّر یا عقیدہ ؛ غلط احساس یا تصوُّر (کسی حِسی چیز کا) ؛ وہم ؛ فریبِ نظر ؛ کسی چیز کا وہ تصوُّر ، جو اس کی غلط نمائندگی کرتا ہو یا ان اوصاف سے متّصف کرتا ہو ، جو اس میں حقیقتاً موجود نہیں ؛ کوئی چیز جو غلط تأثّر پیدا کرکے فریب دے ؛ ایک بہت باریک اور نازک جالی جو نقابوں کے لیے استعمال ہوتی تھی ۔ (متروک) شعبدہ بازی کے ذریعہ فریب دینے کا عمل ۔

illusional, illusionary, a. فریب نظر سے متعلّق ؛ سراب وش ؛ التباسی ۔

illusionism, n. (فلسفہ) التباسیت ؛ یہ نظریہ یا عقیدہ کہ مادّی دُنیا محض فریب نظر ہے ۔ (فن) ایسی تکنیک کا استعمال جس سے فریب نظر یا التباس پیدا کیا جائے ؛ سرابیت ؛ فریب نظریت ۔

illusionist, n. معتقد التباسیت ؛ شُعبدہ باز ؛ ہاتھ کی صفائی سے فریب نظر پیدا کرنے والا ؛ دنیا کے مادّی وجود کا منکر ؛ التباسی ؛ مُلتبس ۔

illusive, a. فریب دہ ؛ فریبی ؛ فریب کار ۔

illusively, adv. فریب کاری سے ؛ فریب دہی سے ؛ دھوکا دہی سے ۔

illusiveness, n. فریب کاری ؛ فریب دہی ؛ دھوکا دہی ۔

illusory, a. فریب آمیز ؛ فریب نظر پیدا کرنے والا ؛ پُرفریب ؛ پُرفریب نوعیت کا ، خیالی ، موہوم ،فریب دہ ؛ موہوم خیال ۔

illusorily, adv. پُرفریب انداز میں ؛ دھوکا بازانہ ؛ فریب دہی سے ؛ دھوکا بازی سے ۔

illusoriness, n. فریب کاری ؛ تصنُّع ، بناوٹ ۔

illustrate, v.t., v.i. تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ صاف ہونا ؛ قابل فہم بنانا یا واضح کرنا ؛ مثال یا تقابل وغیرہ کے ذریعے روشنی ڈالنا ؛ تصویروں ، نقشوں یا خاکوں وغیرہ کے ذریعے واضح کرنا یا سجانا ؛ آراستہ یا واضح کرنا ؛ خاکہ آرائی کرنا ؛ مثال دینا ؛ مثال آرائی کرنا ؛ مُصوّر کرنا ۔

illustration, n. خاکہ یا تصویر ؛ مثال ؛ توضیح ؛ تشریح ؛ وہ مثال جو کسی کے مفہوم کی وضاحت کے لیے ہو ؛ وہ تصویر وغیرہ جو کسی کتاب کے متن کے ساتھ شامل ہو جو اس کی وضاحت یا آرایش کے لیے ہو ؛ نقشہ ۔

illustrative, a. توضیحی ؛ تمثیلی ؛ تصویری ؛ مُصوّر ؛ منقّش ؛ نقشیائی ۔

illustratively, adv. توضیحی طور پر ؛ تمثیلی طور پر ؛ تصویری انداز میں ؛ نقشوں کی مدد سے ۔

illustrator, n. مفسّر ؛ شارِح ؛ مصوّر ؛ تشریح کرنے والا ؛ نقش و نگار بنانے والا ؛ تصویر کَش ؛ خاکہ کش ؛ نقشہ کش ۔

illustrious, a. عزّت مآب ؛ قابل شہرت ؛ معزّز ؛ مشہُور ؛ معرُوف ؛ مُمتاز ؛ کامِل ؛ فاضِل ؛ نامُور ؛ نامی ؛ مُحترَم ؛ بلند مرتبہ ؛ جانا پہچانا ؛ دِیدہ ور ؛ جہاندیدہ ۔

illustriously, adv. شہرت سے ، شان سے ؛ امتیاز سے ؛ فاضل پن سے ۔

illustriousness, n. شہرت ؛ ناموری ؛ فضیلت ؛ کاملیت ؛ امتیازیّت ۔

illuviation, n. شور پرتی ؛ کیمیائی تراوش/شورگیری کے باعث مٹی کی نچلی تہ پر کسی اور تہ کا اضافہ ۔

illuvial, a. شور پرت یاخاکی مواد کے اضافہ سے متعلق ؛ پرت کاری سے متعلق ۔

ill will, n. عداوت؛ پرکینہ رویہ ، دَشمنی ؛ بُغض ۔

illy, adv. دیکھیے : ill ۔

ilmenite, n. اِلمنائٹ ؛ کچ دھات ٹائی ٹینیئم ؛ ایک غیر شفّاف سیاہ معدن جو فولاد ، ٹائی ٹینیئم اور آکسیجن کا مُرکّب ہے ۔

I'm, I am کا مرّخم ۔

image, n. خیال ؛ عکس ؛ تصویر ؛ شبیہہ ؛ تمثال ؛ محاکات ؛ شِعری پیکر ؛ کسی شخص یا چیز کی نمائندگی ، جو مجسّمہ یا تصویر کی صورت میں ہو یا کسی اور طرح مرئی یا دکھائی دینے کےُ قابل بنائی گئی ہو ؛ مُورت ؛ بُت ؛ جو کسی دُوسری چیز کی مماثلت یا مشابہت رکھتا ہو ؛ مُجسّمہ ؛ پرتو ؛ شباہت ؛ وہ تصویر جو حافظہ یا تصوُّر کی مدد سے بنائی گئی ہو ؛ ذہنی تصویر جو کسی نظم یا کہانی میں بیانیہ الفاظ میں بنائی گئی ہو ؛ کسی شخص ، تنظیم یا کمپنی کے متعلق اس کے معلوم طریق کار ، فلسفہ یا اقدار کی وجہ سے لوگوں میں پایا جانے والا مجموعی تاثر ۔ (نفسیات) کسی چیز کی ذہنی تصویر ، جو کبھی مخصوص کی گئی تھی ، مگر اب موجود نہ ہو ۔ (بصریات) کسی چیز کی شکل و صورت جو انعکاس یا انعطاف سے پیدا ہوتی ہو ؛ عکسیہ ۔ (فعل متعدی) تصویر یا شبیہہ کے ذریعہ نمائندگی کرنا ؛ شبیہہ یا شباہت منعکس کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ ذہنی تصوُّر پیدا کرنا (بیانیہ زبان کے ذریعے) ؛ کسی کی مشابہت ذہن میں پیدا کرنا ۔

imageable, a. قابل تصوُّر ؛ تمثیلی ؛ ہیولائی ؛ مجسّماتی ؛ استعاراتی ؛ کنایاتی ؛ عکسیاتی ۔

imager, n. شبیہ ساز ؛ تمثیلچی ؛ مجسمہ ساز ؛ بُت گر ۔

imagery, n. مجسّات ؛ عمومی یا مجموعی طور پر شبیہات ؛ شعری پیکر ؛ تمثال ؛ تخیُّل کا عمل یا اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والی ذہنی تصاویر ؛ تصویری شبیہات یا خُود شبیہات کی تشکیل ؛ مُقرّر یا مُصنّف کا صنائع و بدائع یا تشبیہات و استعارات استعمال کرنے کا عمل ؛ صنائع و بدائع سے پُرزبان یا بیان ؛ مُجسّمہ سازی ؛ سماں بندی ؛ اِشباح ؛ بیان پرزور؛ متخیّلہ ۔

imagerial, a. اشباحی ؛ متخیّلاتی ؛ تشبیہی ؛ استعاراتی؛ سماں بندی کے انداز میں ۔

imaginable, a. قابل تصوُّر ؛ تصوُّر پذیر ؛ تصوُّراتی ۔

imaginableness, n. تصوُّر پذیری ؛ مُتصوّر پن ۔

imaginably, adv. تصوُّر پذیری سے ؛ تصوُّراتی انداز میں ۔

imaginal, a. (حشریات) تخیلی ؛ تصوُّری ؛ عکسی ؛ اماگی ۔

imaginary, a فرضی ؛ خیالی ؛ تصوُّری ؛

قیاسی ؛ وہمی ؛ غیر حقیقی ؛ مَوہُوم ۔
(اسم) (ریاضی) فرضی عدد ۔

imaginarily, adv.
فرضی طور پر ؛ غیر حقیقی انداز میں ؛ موہوم طریقے سے ۔

imaginariness, n.
تصُوریت ؛ موہومیّت ؛ غیر حقیقی پن ۔

imaginary number, n.
(ریاضی) فرضی عدد ؛ مُفروضہ عدد ؛ کسی منفی عدد کا مثبت جذر مربع ؛ مرکب عدد جس کی صورت یہ ہے a + bi جس میں a اور b حقیقی اعداد ہیں ، b صفر کے مساوی نہیں اور "i" مساوی ہے $\sqrt{-1}$

imagination, n.
تصوُّر ؛ فکر ؛ تخیُّل ؛ قُوّت متخیّلہ ؛ تصوّر کرنے یا ذہنی تصویریں بنانے کا عمل ، جو حقیقی طور پر محسوس کرنے کے لیے موجود نہ ہوں ؛ ایسی تصویریں یا تصوُّرات بنانے کی اِستعداد ؛ ذہن کی وہ قُوّت جو تصوُّرات اور شبیہات کو وابستہ شبیہات کے ایما پر دوبارہ پیش کرتی ہے یا سابقہ تجربات کو نئی شبیہات بنانے میں کام لاتی ہے ؛ حقیقت پر مبنی ذہنی تخلیقاتِ عالیہ پیش کرنے کی استعداد مثلاً شاعرانہ یا ادبی تصانیف میں ؛ تخیُّل کی پیداوار ؛ تصوُّر یا ذہنی تصویر ، بعض اوقات بے بُنیاد اور موہوم ؛ قوتِ اختراع ؛ مُتخیّلہ ؛ بندش خیال ۔

imaginational, a.
تخیّلی ؛ تصوُّراتی ؛ فِکری ؛ اختراعی ؛ فرضی ؛ وضعی ۔

imaginative, a.
پُرتخیُّل ؛ تخیُّل پرست ؛ تخیُّل کی استثنائی قُوّتوں کا حامل ؛ تخیّلی ؛ جس میں تخیُّل کی خصُوصیّت پائی جائے یا اس کی شہادت پائی جائے ؛ وضع شُدہ ؛ فرض کردہ ؛ متخیّلہ ؛ متصوّرہ ۔

imaginatively, adv.
تخیّلی طور پر وغیرہ ۔

imaginativeness, n.
تصوریت ؛ تخیّلیّت ؛ تخیُّل پن ۔

imagine, v.t.
ذہن میں کسی کی تصویر بنانا ، مثلاً جو چیز واقعۃً موجود نہ ہو ؛ تصوُّر کرنا ؛ خیال میں لانا ؛ قیاس کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ فرض کرنا ؛ سوچنا ؛ یقین کرنا ؛ سمجھنا ۔ (فعل لازم) ان چیزوں کی ذہنی تصویر بنانا جو حِسّی طور پر موجود نہیں ہیں ؛ تخیُّل سے کام لینا ؛ فرض کرنا ؛ تخیل میں لانا ۔

imaginer, n.
متصوِّر ؛ متخیِّل ؛ تصوُّر کرنے والا ۔

imagism, n.
(ادب) سماں بندیت ؛ تمثال پرستی ؛ (داخلی) منظر نِگاری ؛ شاعری میں ایک تحریک جو ۱۹۰۹ء کے لگ بھگ شروع ہوئی ، جس کی خصوصیّت اشاریّت کی بجائے واضح اور محسوس پیکر استعمال کرنا اور پابند روایتی نظم کی بجائے آزاد نظم کا استعمال تھا ۔

imagist, n.
سماں بند شاعر ؛ منظر نگار یا تمثال پرست شاعر ۔

imago, n.
(حشریات) اماگو ؛ مثالیہ (نفسیاتی) ؛ اَتم رُوپ ، انتم روپ ؛ نصمہ ؛ بالغ ، جنسی طور پر بالغ کیڑا ۔ (تحلیل نفسی) ماں یا باپ یا کسی اور شخص کا مثالی تصوُّر ، جس سے بچپن میں محبت ہو اور بلُوغت میں بھی یہ تصوُّر تبدیل نہ ہو ۔

imam, imaum, n.
امام ۔

imamate, n.
امامت ؛ امام کا مَنصب یا اِختیار ؛ امام کا حلقۂ اقتدار ؛ امام کے زیر حکومت علاقہ ۔

imaret, n.
عمارت ؛ تُرکیہ میں زائرین یا مسافروں کی اقامت گاہ ؛ جماعت خانہ ؛ مسافر خانہ ۔

imbalance, n.
عدم توازُن ؛ توازن یا مساوات کا فُقدان ۔ (فعلیات) غدود یا عضلات کا ناقِص ربط باہم جیسے عضویاتِ بصری کا ۔ (عمرانیات) آبادی کی کسی اکائی میں مردوں اور عورتوں کا عدم تناسب ۔

imbecile, imbecilic, n.
فاتُر العقل ؛ ضعیفُ العقل ؛ احمق ۔ (نفسیات) وہ شخص جس کا مقیاس ذہانت ۲۵ اور ۵۰ کے مابین ہو یا جس کی ذہنی عمر قریباً سات سال ہو ۔ (صفت) دماغی طور پر کمزور ؛ جس کی ذہنی استعداد ناقص ہو ؛ بیوقوف ؛ احمق ؛ ابلہ ؛ ناتواں ، ضعیف العقل ۔

imbecilely, adv.
بیوقوفی سے ؛ حماقت سے ؛ ابلہانہ ؛ احمقانہ انداز میں ۔

imbecility, n.
ضُعف عقل ؛ حماقت ؛ احمقانہ فعل یا قول ۔

imbed, v.t.
دیکھیے : Embed ۔

imbibe, v.t.
پینا ؛ جذب کرنا ؛ ذہن میں قبول کرنا اور قائم رکھنا ۔ (فعل لازم) پینا ؛ جذب کرنا ؛ پُھولنا ؛ سُوکھنا ۔

imbiber, n.
جاذِب ؛ جذب کرنے والا ؛ نم کَش ؛ شارب ۔

imbibition, n.
نم کشی ؛ انجذاب ۔ (کیمیا) التصاقی انتشار کا کسی سیّال کو جذب کرنے کا عمل ؛ اِمتِصاص ، اِرتِشاف ؛ تشرُّب ۔

imbitter, v.t.
دیکھیے : Embitter ۔

imbosom, v.t.
دیکھیے : Embosom ۔

imbricate, imbricative, a.
غشائی ؛ متراکب ؛ کنارپوش ؛ جس کے کنارے ایک دُوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں جیسے چھت کی کھپریل ؛ مچھلی یا خزندہ جانوروں کے کھپرے ، فلس یا چاندے ، شگوفے کی پتّیاں ؛ متراکب انداز میں آراستہ ۔ (فعل لازم و متعدی) کھپرے ڈالنا ۔

imbricately, adv.
متراکب انداز میں ؛ غشائی طریقے سے ؛ کھپریل کے طور پر ۔

imbrication, n.
کنارپوشی ؛ تراکُب ۔

imbroglio, n.
مغلطہ ؛ پیچیدہ اور پریشان کُن صورت حال ؛ پیچیدہ یا مشکل صُورت ؛ افراد یا اقوام کے درمیان پیچیدہ نوعیت کی غلط فہمی اور نااتّفاقی ؛ بے ترتیب انبار ؛ گتھی ۔

imbrown, v.t., v.i.
دیکھیے : Embrown ۔

imbrue, embrue, v.t.
کسی سیّال بالخصوص خون میں بھگونا یا تر کرنا ۔

imbruement, n.
آلودگی ؛ آغُشتگی ۔

imbrute, embrute, v.t., v.i.
وحشی بنانا ؛ وحشی یا درندے کی سطح پر اُترنا ۔

imbrutement, n.
میلانِ درندگی ۔

imbue, v.t.
بھگونا ، تر کرنا یا رطوبت یا رنگ سے سیر کرنا ، رنگنا ۔ (مجازاً) فیض یاب کرنا ، متأثر کرنا یا حامل بنانا مثلاً جذبات یا آرا کا ۔

imidazole, glyoxaline, n.
(کیمیا) امیڈازول ، ایک بے رنگ قلمی مُرکّب جو پانی ، الکحل اور ایتھر میں حل ہو جاتا ہے ۔

imide, n.
(کیمیا) امائڈ ؛ ایک نامیاتی مرکّب جو امونیا سے حاصل ہوتا ہے ، جس میں دو گرفتہ NH اصلیہ دو گرفتہ تیزابی اصلیہ کے ساتھ شامل ہوتا ہے ۔

imido, a.
امائڈ سے متعلّق ۔

imine, n.
(کیمیا) امائن ؛ ایک نامیاتی مُرکّب جو

امونیا سے حاصل ہوتا ہے جس میں دو گرفتہ NH اصلیہ ایک ناتیزابی اصلیہ کے ساتھ شامل ہوتا ہے ۔

imino, a. امائن سے متعلّق ۔

imi' 'e, a. قابل نقل ؛ قابلِ تقلید ۔

imi v.t. تقلید کرنا جیسے نمونہ ، نظیر یا مثال کی ؛ افعال و اطوار وغیرہ میں نقل کرنا ؛ نقّالی کرنا ؛ مشابہت پیدا کرنا ؛ جَعل سازی کرنا ۔

imitator, n. نقّال ؛ نقل کرنے والا ؛ جعلیا ۔

imitation, n. تقلیدِ نقلی ؛ نقّالی ؛ تقلید ؛ نقلی چیز ؛ مشابہت ؛ جعل ۔ (حیاتیات) نقل ؛ نقّالی ۔ (نفسیات) دوسرے کے عمل کے مشاہدہ کے زیر اثر عمل کرنے کی تحریک ۔ (ادب) وہ تصنیف جو کسی دوسرے مصنف کے اسلوب کی تقلید میں ہو ۔ (موسیقی) کسی دُھن میں غنائی خیال کی مختلف حصّوں یا آوازوں میں تکرار ۔ (صفت) نقلی یا مصنوعی جو کسی اصلی ، حقیقی یا اعلیٰ چیز کی مانند بنایا گیا ہو (جیسے : imitation jewelry) نیز : imitational

imitative, a. تقلیدی ؛ نقلی ؛ جعلی ؛ مصنُوعی ۔ (لسانیات) صوتی اِسمی ۔

imitatively, adv. تقلیدی طور پر ۔

imitativeness, n. تقلیدیت ؛ جَعلی پن ؛ نقلی پن ۔

immaculate, a. معصُوم ؛ عفیف ؛ بے عیب ؛ بے داغ ؛ بے داغ حد تک صاف جیسے کپڑا ؛ اخلاقی عیُوب سے پاک ؛ مُنزّہ ؛ بے نقص ؛ غلطی سے مُبرّا ۔ (حیاتیات) دھبوں یا رنگ دار نشانوں کے بغیر ؛ یک رنگ ۔

immaculacy, n. بے داغی ؛ بے عیبی ؛ معصومیت ؛ عِفّت ۔

immaculateness, n. بے داغی ؛ بے عیبی ؛ عفیف پن ؛ معصوم پن ۔

immaculately, adv. بے عیب طور پر ؛ بے عیبانہ ؛ عفیفانہ ؛ بے داغ اور معصومانہ انداز میں ۔

immaculate Conception, n. (رُومی کیتھولک کلیسا) ایک عقیدہ جس کا اعلان ۱۸۵۴ء میں کیا گیا کہ مریم عذرا کو خلقی گناہ (جنسی عمل) سے پاک حمل ہُوا ۔

immane, a. عظیم الجُثّہ ؛ دیوقامت ؛ بڑا ؛ عظیم الشّان ؛ دیو کی طرح ظالم یا وحشی ۔

immanent, a. طبعی ؛ اندر رہنے والا ، اندرونی ؛ ذاتی ، اصلی ۔ (فلسفہ) ذہن تک محدود ، ذہن نشین ، داخلی ، موضوعی ۔ (الہیات) (خدا کے متعلق) مُحیط کل ؛ نافذ مطلق ؛ قادرِ مطلق ۔

immanence, immanency, n. نفُوذِ کُلی ؛ داخلیّت ؛ نفُوذِ مطلق ؛ قادریّت ؛ تشبیہہ سریانیت ؛ سریان ؛ فطریت ۔

immanently, adv. داخلی طور پر ، ذاتی طور پر ؛ فطری انداز میں ؛ نفوذی طور پر ۔

immanentism, n. طبعیت ؛ فطریّت ؛ خدا کے مُحیطِ کُل یا خالقِ کائنات ہونے کا نظریہ ؛ ان نظریات میں سے کوئی ایک کہ خُدا یا کوئی مجرّد طاقت کُلی طور پر کائنات میں جاری و ساری ہے ؛ مُطلق نافذیت ؛ مطلق قادریت ۔

immanentist, n. قائل نفوذیت مُطلق ؛ خدا کے محیط کُل ہونے کا قائل ؛ حامیِ نظریہ قادریت خدا ۔

immanentistic, a. نفوذیت مطلق سے متعلّق ؛ نفوذِ کُلّی کے نظریہ سے متعلّق ؛ قادریت خدا کا ۔

immaterial, a. غیر مادّی ؛ بےنتیجہ ؛ غیر اہم ؛ غیر جسمی ؛ بے قدر ؛ خفیف ؛ ادنیٰ ؛ ناچیز ۔

immaterially, adv. غیر اہم طور پر ؛ غیر مادّی طور پر ؛ خفیف انداز میں ؛ ادنیٰ طور پر ؛ بے قدری سے ؛ ناچیز پن سے ۔

immaterialness, n. ادنیٰ پن ؛ بے قدر پن ؛ عدم مادیّت ؛ عدم اہمیت ؛ خفیف پن ۔

immateriality, n. لامادیت ؛ کوئی غیر مادّی چیز ؛ عدم مادیت ۔

immaterialism, n. لامادیت ؛انکارِ مادّہ ؛ یہ عقیدہ کہ مادی دُنیا کا کوئی وجود نہیں ہے ، یہ محض ذہن میں موجود ہے ؛ غیر مادیّت ؛ ارواحیت ۔

immaterialist, n. مُعتقدِلامادّیت ؛ ارواحی ؛ منکرِ مادّہ ، مادّی وجود دنیا کا منکر ؛ معتقدِ ارواحِ مُجردہ ۔

immaterialize, v.t. غیر مادّی یا غیر جسمی بنانا ۔

immature, a., n. نابالغ ؛ ناپُختہ ؛ خام ؛ قبل از وقت ؛ ناقص النمو ؛ غیر مکمل ۔ (ارضیات) زیرارتقا ؛ نوعمر (جیسے : an immature mountain range) ۔

immaturely, adv. نابالغ طور پر ، ناپُختہ انداز میں ؛ خام حالت میں ؛ ناقص النمو حیثیت میں ۔

immatureness, immaturity, n. نابالغ پن ؛ عدم بلوغت ؛ ناپختگی ؛ ناقص النمویت ۔

immeasurable, a. بے پایاں ؛ ناقابلِ پیمایش ؛ بے حساب ؛ لامحدود ؛ بے اندازہ ؛ پیمایش نا پذیر ۔

immeasurableness, n. بے حسابی ؛ لامحدودیت ؛ پیمایش نا پذیری ؛ بے انداز پن ؛ متعددّیت ۔

immeasurably, adv. لامحدود طور پر ؛ بے اندازانہ ؛ پیمایش نا پذیرانہ ۔

immediacy, n. لاواسطیت ؛ لاواسطت ؛ فوریت ؛ اِتّصال ؛ عدم واسطہ ۔ (عموماً جمع) آنی یا لمحاتی چیز یا احساس ۔ (فلسفہ) ذہن میں کسی خبر یا اطلاع ، استنباط یا تعبیر یا استدلال کے بغیر بلاواسطہ موجودگی ؛ وجدانی عِلم جو فکر و استدلال کا نتیجہ نہ ہو ؛ متصلیت ؛ اِتّصالیت ؛ راستیت ؛ قربت ؛ لاتوّسطیت ؛ غیر منفصلیت ۔

immediate, a. فوری ؛ متصل ؛ غیر منفصل (جیسے : immediate reaction, immediate area) ؛ فوری ؛ زمانۂ حال سے متعلّق (جیسے : the immediate future,) ؛ قریبی رشتہ دار (جیسے : the immediate members of the family,) ؛ بلا واسطہ ؛ براہِ راست ؛ متواتر ؛ علی الاتصال (جیسے : the immediate source of problem) ؛ راست ؛ سیدھا ؛ بے واسطہ ؛ بے فصل ؛ بلاوساطت ؛ قریب ؛ بے وصل ؛ ضرُوری ؛ بلاتوُسط ؛ غیر منفصل ۔

immediateness, n. عدم واسطہ ، تواتر ؛ بے فصل پن ؛ قُرب ؛ فوری پن ؛ بلاتوسطیت ؛ غیر منفصلیت ۔

immediately, adv. فوراً ؛ بِلا تاخیر ؛ فی الحال ؛ فوری طور پر ؛ کسی مکان ، شے یا ذریعہ کی مداخلت کے بغیر ، بلاواسطہ طور پر ؛ براہ راست ۔ (عطف) جیسے ہی ، بعدہ ؛ بالضرور ؛ غیر منفصل انداز میں ۔

immedicable, a. لاعلاج ؛ ناقابل علاج ؛ بے درماں ۔

immedicably, adv. بے درمانی سے ؛ ناقابل علاج طور پر ۔

Immelmann turn, n. [جنگ عظیم اول میںمیکس امیلمن کے نام پر] (طیرانیات) امیلمانی موڑ ؛ طیّارہ کا موڑ جو طیّارہ کو اطراف کی طرف

موڑتے ہوئے نصف چکر کے گھماؤ کی صورت میں اوپر چڑھنے میں مدد دیتا ہے ۔

immemorial, a. قدیم ؛ عتیق ؛ یاد سے دور ؛ یاد داشت یا روایت سے پہلے کا ؛ ماضی بعید میں واقع ہونے والا ؛ بہت پرانا ۔

immemorially, adv. بہت قدیم انداز میں ؛ قدیمی طور پر وغیرہ ۔

immense, a. بے انتہا ؛ بہت وسیع (گنجایش یا جسامت میں) ؛ بہت بڑا ؛ عظیم ؛ لامحدُود ؛ عظیم الجُثّہ ؛ بے پایاں ۔ (بول چال) بہت اچّھا ؛ خوشگوار ؛ اعلیٰ ۔

immensely, adv. بے اندازہ طور پر ؛ نہایت ؛ لامحدود طور پر ؛ بے پایانہ ۔

immenseness, n. وُسعت ؛ بڑائی ؛ عظمت ؛ لامحدودیّت ۔

immensity, n. عظمت ؛ بڑائی ؛ عظیم ہونے کی خصوصیت و کیفیت ؛ لامحدود وسعت ؛ لامحدودیت ؛ بے پایانی ؛ انتہائی وُسعت ۔

immensurable, a. ناقابل پیمایش ؛ بے اندازہ ؛ ناقابل احاطہ ۔

immerge, v.i. مدغم ہونا ؛ چھلانگ یا غوطہ لگانا خصوصاً مائع میں ؛ کسی واسطے میں داخل ہو کر غائب ہونا ؛ چُھپنا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) بھگونا ؛ تر کرنا ؛ ڈبونا ۔

immerse, v.t. غرق کرنا ؛ ڈبونا ؛ غوطہ دینا ؛ کسی ایسی چیز میں ڈالنا جو ڈھانپ لے یا محصور کر لے ، مثلاً کسی سیّال میں ۔ (مجازاً) زیر آب لے جانا یا پہنچانا ؛ ڈبکی دینا ؛ کسی چیز میں محو یا غرق کرنا (جیسے : to immerse oneself in business) ۔

immersion, n. ڈباؤ ؛ غوطہ ؛ استغراق ؛ ڈُبکی ؛ احتجاب ؛ مجذوبیت ؛ اغراق ۔ (مذہب) بپتسمہ ؛ اصطباغ جو تمام بدن کو پانی میں ڈبو کر دیا جائے ۔ (فلکیات) احتجاب ؛ گہن ؛ گہناؤ ؛ کسی آسمانی جرم کا کسی دُوسرے جرم کے پیچھے سے گزرتے ہوئے یا اس کے سایہ میں آ جانے سے غائب ہونے کا عمل جو گہن کا سبب ہے ؛ ظہور (emersion) کی ضد ۔

immersionist, n. مصطبغ ؛ جو شخص مسیحی اصطباغ کے لیے پُورے بدن کو پانی میں ڈبونا ضروری سمجھتا ہو ؛ مُعتقد اصطباغ ۔

immersed, a. مستغرق ؛ ڈبویا ہوا ؛ زیرینہ ؛ غرق شُدہ ؛ زیر آب ؛ غوطہ کے ذریعے اصطباغ دیا گیا ۔ (نباتیات) زیرینہ ؛ زیر آب اگنے والا جو پوری طرح پانی میں پوشیدہ ہو ۔ (حیوانیات) محیط بافت یا نسیج میں پوری طرح جما ہُوا مثلاً کوئی عضو ۔

immersion heater, n. غرقی گرمالہ ؛ پانی سے محفوظ بجلی کا آلہ جسے پانی یا کوئی مشروب گرم کرنے کے لیے اس میں ڈبو دیا جاتا ہے ۔

immesh, v.t. دیکھیے : Enmesh ۔

immethodical, a. بے نظام ؛ بے قاعدہ ؛ بے ضابطہ ۔

immethodically, adv. بے قاعدہ طور پر ؛ بے ضابطگی سے ۔

immigrant, n., a. تارک وطن ؛ مُہاجر ؛ وہ شخص یا چیز ، بالخصوص شخص جو کسی دُوسرے ملک میں ہجرت کر کے جائے اور وہاں مستقل سکونت اختیار کرے ؛ ہجرتی ؛ ہجرت کرنے والا ۔

immigrate, v.i. ہجرت کرنا ؛ کسی مُلک میں جو اپنا وطن نہ ہو مستقل سکونت اختیار کرنے کے لیے جانا ؛ وطن اپنانا ؛ تارک وطن ہونا ۔ (فعل متعدی) مہاجر بنا کر بھیجنا ؛ ہجرت پر مجبور کرنا ؛ تارک وطن بنانا (جیسے : to immigrate new settlers) ۔

immigrator, n. تارکِ وطن ؛ مہاجر ؛ متوطِن ۔

immigration, n. ترک وطن ؛ ہجرت ؛ مہاجرین کا ایک گروہ ؛ ایک خاص مدت میں مہاجرین کی مجموعی تعداد ؛ مہاجرت ؛ وطن گزینی ۔

immigrational, immigratory, a. ہجرتی ؛ مہاجرتی ؛ اُتوطُنی ؛ ترکِ وطنی ۔

imminent, a. منڈلاتا ہوا ؛ قریب الوقوع ؛ نزدیک ؛ ناگزیر ؛ سَر پر ؛ قریبی ؛ سر پر منڈلاتا ہوا ؛ عموماً بُرائی کے احتمال والا ۔

imminence, imminency, n. ناگزیریت ؛ قرب الوقوعی ؛ قریب الوقوع چیز ؛ کوئی منڈلانے والی یا برائی کا احتمال رکھنے والی چیز ؛ قریب الوقوع ہونے کی حالت ۔

imminently, adv. ناگزیر طور پر ؛ نزدیک طور پر ؛ قریب الوقوع انداز میں ؛ فوری طور پر ؛ قریبی انداز میں ۔

imminentness, n. قربت وقوع ؛ نزدیکی ؛ نزدیک پن ۔

immingle, v.t., v.i. باہم ملنا جلنا ؛ گُھل مِل جانا ؛ خلط ملط ہونا ؛ میل جول بڑھانا ؛ ہم رنگ ہونا یا کرنا ۔

immiscible, a. امیزش ناپذیر ؛ دخول ناپذیر ؛ جو مل نہ سکے یا جس کی آمیزش نہ ہو سکے ؛ خاص طور پر سیّال اشیا کے متعلّق استعمال ہوتا ہے ، جیسے پانی کے ساتھ تیل ۔

immiscibility, n. آمیزش ناپذیری ؛ خالص پن ۔

immiscibly, adv. امیزش ناپذیری سے ؛ خالص انداز میں ۔

immitigable, a. ناقابل تخفیف ؛ تخفیف ناپذیر ؛ جسے کم نہ کیا جا سکے یا نرم یا ہلکا نہ بنایا جا سکے ؛ ناقابل کمی ؛ پورا ؛ مکمّل ۔

immitigableness, n. تخفیف ناپذیری ؛ مکمّل پن ؛ پُورا پن ۔

immitigably, adv. تخفیف ناپذیری سے ؛ مکمّل انداز میں ؛ پورے پن سے ۔

immix, v.t. ملانا ؛ آمیختہ کرنا ؛ گڈمڈ کرنا ۔

immixture, n. آمیختگی ؛ گڈمڈ حالت ؛ رل مل ؛ آمیزش ۔

immobile, a. غیر متحرّک ؛ حرکت ناپذیر ؛ بے حرکت ؛ ساکن ؛ ثابت ؛ غیر حرکی ؛ غیر گشتی ؛ سیلان ناپذیر ۔

immobility, n. بے حرکتی ؛ حرکت ناپذیری ؛ سیلان ناپذیری ؛ لاحرکیّت ؛ لاحرکت پذیری ۔

immobilize, v.t. بے حرکت بنانا ؛ ساکن کرنا ۔ (طب) جرّاحی یا دُرستی کے عمل کے لیے جسم یا اس کے کسی حصے کی حرکت کو روکنا ۔ (عسکری) کارروائی یا اقدام کے ناقابل بنانا ، جیسے فوج کو ۔ (مالیات) زر محفوظہ میں اضافے کے لیے زر کی گردش سے بازیابی کرنا جیسے سکّوں کو ۔ گردشی سرمائے کو قائم سرمائے میں تبدیل کرنا ۔

immobilization, n. بے حرکت بنانے کا عمل ؛ جمع آوری ؛ حرکت رُبائی ۔

immobilizer, n. بے حرکت بنانے والا ؛ مُثبّت ؛ حرکت رُبا ۔

immoderacy, immoderation, n. عدمِ اعتدال ؛ غیر معتدل حالت ؛ بے اعتدالی ؛ عدم اعتدالیت ؛ غیر معتدل پن ۔

immoderate, a. غیر معتدل ؛ بے اعتدال ؛ متجاوز ۔

immoderately, adv. غیر معتدل طور پر ؛ تجاوزانہ وغیرہ ۔

immoderateness, n. بے اعتدالیت ؛ بے اعتدالی ؛ متجاوزیت ۔

immodest, a. نازیبا ؛ ناشایستہ ؛ شوخ چشم ؛ بے حجاب ؛ بد ؛ بے حیا ؛ شوخ ؛ بیباک ؛ غیر عفیف ؛ بے شرم ۔

immodestly, adv. گستاخانہ ؛ بے حجابانہ ؛ بے حیائی سے ؛ بے شرمی سے ؛ شوخی سے ؛ بے باکانہ ۔

immodesty, n. ناشایستگی ؛ بے حجابی ؛ بے حیائی ؛ بے شرمی ؛ شوخی ؛ بیباکی ۔

immolate, v.t. ہلاک کرنا جیسے بطور قربانی آگ میں ڈالنا ؛ سوختہ کرنا (بطور قربانی) ؛ ہلاک یا تباہ کرنا جیسے جنگ میں ؛ کسی اعلیٰ مقصد کے لیے خُود کو قربان کرنا ؛ تیاگنا ۔

immolation, n. قُربانی ؛ بھینٹ ؛ چڑھاوا ؛ منّت ۔

immolator, n. تیاگنے والا ؛ قُربانی دینے والا ؛ بھینٹ چڑھانے والا ؛ منّت ماننے والا ۔

immoral, a. غیر اخلاقی ؛ کسی ثقافت کے صحیح و غلط رویہ کے مسلّمہ نمونوں کے خلاف ؛ بدکار ؛ بدمعاش ؛ بداخلاق ؛ خلافِ تہذیب ؛ خلافِ اخلاق ؛ بدقماش ؛ بدچلن ؛ بے راہ ؛ غیر صالح ؛ ناشایستہ ۔

immoralist, n. بداخلاق شخص ؛ غیر صالح فرد ؛ ناشایستہ فرد ؛ بے راہرو انسان ؛ بدچلن فرد ؛ بدقماش شخص ۔

immorality, n. بداخلاقی ؛ غیر اخلاقی عمل ؛ بدکاری ؛ غیر صالحیت ؛ ناشایستگی ؛ بے راہ روی ؛ بدچلنی ؛ بدقماشی ۔

immorally, adv. غیر اخلاقی طور پر ؛ بداخلاقی سے ؛ ناشایستہ انداز میں ؛ خلاف تہذیب طور پر ؛ غیر صالحانہ ؛ بے راہروی سے ؛ بدچلنی سے ؛ بدقماشی سے ۔

immortal, a. غیر فانی ؛ لافانی ؛ جو ہر زمانہ میں یاد رکھّا جائے ؛ لازوال ؛ اختتام ناپذیر ؛ فنا ناپذیر ؛ زندۂ جاوید ؛ ہمیشہ رہنے والا ؛ متواتر ؛ دیرپا ؛ مسلسل ؛ لایموت ؛ جاوداں ؛ جاودانی ؛ مدام ؛ لافانی ہستیوں سے یا لافانیت سے متعلّق ۔ (اسم) لافانی وجود ؛ کوئی شخص یا مُصنّف جو دیرپا شُہرت کا حامل ہو ۔ (جمع) (عموماً بڑے اےسے) اساطیر کے دیوتا ۔ (بڑے اےسے) فرانسیسی اکادمی کے چالیس ارکان ، عموماً اس سے پہلے the آتا ہے : چہلگان ۔

immortally, adv. لافانی طور پر ؛ غیر فانی حیثیت میں ؛ لایمُوت ؛ جاودانی طور پر ؛ جاودانی انداز میں ۔

immortality, n. فنا ناپذیری ؛ بقا ؛ حیاتِ جاودانی ؛ جاودانی شہرت ؛ لایموتیّت ؛ غیر فانیّت ۔

immortalize, v.t. لافانی بنانا ؛ دوام بخشنا ؛ دائمی شُہرت بخشنا ؛ غیر فانی بنانا ؛ جاوداں بنانا ؛ لایموتیت عطا کرنا ؛ حیاتِ جاودانی بخشنا ؛ دوامیّت عطا کرنا ۔

immortalizer, n. لافانی بنانے والا ؛ لایموتیت عطا کرنے والا ؛ جاوداں کار ؛ دوام بخشندہ ؛ جاوداں گر ؛ غیر فانی کنندہ ۔

immortelle, n. گل جاودانی ؛ گل دکمہ ؛ وہ پھول جو مرجھانے پر بھی اپنی شکل اور رنگ برقرار رکھتا ہے ۔ دیکھیے : everlasting ۔

immotile, a. (حیاتیات) ثابت ؛ بے حرکت؛ خود بخود حرکت کرنے کے ناقابل ؛ رکا ہوا ؛ ٹھہرا ہوا ؛ قائم ۔

immotility, n. بے حرکتی ؛ ثابتیّت ؛ رُکاؤ ؛ ٹھہراؤ ؛ سُکون ؛ قیام ؛ ثبات ۔

immovable, a. غیر منقولہ ؛ ناقابل حرکت ؛ بے حرکت ؛ غیر منقول ؛ جسے حرکت نہ دی جا سکے ؛ ساکن ؛ غیر مبدّل ؛ ناقابل ترمیم ؛ جذبات سے عاری ؛ جس کو اس کے مقصد یا رائے سے ہٹایا نہ جا سکے ؛ بے جذبہ ؛ بے حس ۔ (قانون) جسے اس کی فطرت کی وجہ سے حرکت نہ دی جا سکے ؛ حقیقی ، ذاتی کے مقابلہ میں ۔ (اسم جمع ، قانون) غیر منقولہ جائیداد ؛ اراضیٰ اور اس کے لواحق مثلاً درخت ، عمارات وغیرہ ؛ قائم ؛ ناقابلِ حرکت ؛ حرکت ناپذیر ؛ غیر متبدل ؛ لاحرکت پذیر ؛ منیع حرکت ۔

immovability, n. حرکت نا پذیری ؛ لا حرکت پذیری ؛ قیام ؛ ثبات ؛ غیر منقولیت ؛ غیر منقول پن ؛ غیر منقولہ پن ۔

immovably, adv. بے حرکتی سے ؛ غیر منقولہ طور پر ؛ ثباتی انداز میں ؛ حرکت ناپذیری سے ؛ لاحرکی انداز میں ۔

immovable feast, n. (مذہب) غیر مبدّل ضیافت ؛ وہ ضیافت مثلاً بڑے دن کی جس کی ایک تاریخ مُقرّر ہو اور اس میں سالہا سال سے کوئی تبدیلی نہ ہوئی ہو ؛ مبدّل ضیافت کی ضد ۔

immune, a. مامُون ؛ محفوظ ؛ مستثنیٰ ؛ آزاد ؛ غیر متأثّر ؛ منیع ؛ رعایت یافتہ ۔ (طب) بیماری ، زہر وغیرہ سے محفوظ عموماً ٹیکے کے ذریعے ۔ (اسم) مامون شخص وغیرہ ۔

immunity, n. مامونیت ؛ رعایت ؛ ذمّہ داری ، خدمت یا فرض سے استثنا ؛ ذمّہ داری ، محاصل یا عدالتی دائرۂ اختیار سے آزادی ۔ (کلیسیات) کلیسا سے متعلّق اشخاص یا اشیا کا غیر مذہبی یا شہری ذمّہ داریوں ، محاصل یا بار سے استثنا ؛ اس قسم کا خاص استثنا ۔ (طب) بیماری کے اثر سے محفوظ ہونے کی کیفیّت ؛ مصؤنیت ؛ اعفا ؛ قُوّت مدافعت ؛ مناعت ؛ معافی ؛ واگزاری ؛ حفظ ؛ حفاظت ؛ منعیت ؛ امان ؛ امنیّت ؛ بریت ۔

immunize, v.t. مامُون کرنا ؛ محفوظ بنانا ؛مناعت کرنا ۔

immunization, n. مامونیت ؛ مناعیت ؛ مُصؤنیت ؛ تامین ؛ مامُون سازی ؛ تمنیع ؛ مامون کاری ۔

immunizer, n. محفوظ بنانے والا ؛ مامُون کرنے والا ؛ مامُون ساز ؛ بریت دہندہ ؛ مامُون کار ؛ تمنیع کُنندہ ؛ تامین کُنندہ ؛ امان بخشندہ ؛ حافِظ ؛ حفیظ ؛ منّاع ؛ مانع ۔

immunochemistry, n. مصؤنی کیمیا ؛ مناعتی کیمیا ؛ مامونی کیمیا ؛ مصؤنیات یا مناعیات(immunology) کے مطالعے یا عِلم کا حصّہ جس کا تعلّق اس کے کیمیائی پہلوؤں سے ہے ۔

immunogenetics, n. مصئونی تکوینیات ، مناعتی نسلیات ؛ مصئونیت کے تکوینی یا تولیدی پہلوؤں کا مطالعہ یا عِلم ؛ فعلیاتی (serological) ردعمل کے مقابلہ کے ذریعے حیاتیاتی تعلّق کا مُطالعہ ۔

immunogenetic, a. مصؤنی تکوینیات سے متعلق ۔

immunogenitical, a. مصؤنی تکوینیاتی ۔

immunogenic, a. مصؤنیت زا ؛ کسی مرض سے مصؤنیت پیدا کرنے والا ۔

immunogenically, adv. مصؤنیت زائی سے ۔

immunogenicity, n. مصؤنیت زائی ۔

immunology, n. مناعیات ؛ مصؤنیات ، مامُونیات ؛ عِلم طِب کا ایک شعبہ ، جس کا موضوع امراض سے حفاظت کرنا اور ایسی حفاظت پیدا کرنا ہے ؛ عِلمِ مناعت ۔

immunologic, a. مناعتی ؛ مصؤنیاتی ؛ مامونیاتی ۔

immunological, a. مناعیاتی ؛ مصئونیاتی ؛ مناعتی ؛ مامُونیاتی ۔

immunologically, adv. مناعیاتی انداز میں ؛ مصؤنیاتی طور پر ؛ مناعتانہ ؛ مأمونیاتی طور پر ۔

immunologist, n. ماہر مناعیات ؛ ماہر مصؤنیات ؛ عالمِ مأمونیات ۔

immunosuppressive, a. (طِب) مصؤنی امتناعی ؛ اس کیفیت سے متعلّق جو مصؤن ردعمل کے مانع ہو مثلاً کسی دوسری جگہ لگائے گئے عضُو کا استرداد یا عدمِ قبولیت ؛ مناعت کو روکنے والا ۔

immunotherapy, n. مصؤنی علاج ؛ مناعتی علاج ؛ جسم زا/تریاق زا ادویہ کے ذریعے بیماریوں کی روک تھام یا علاج ؛ مأمُونی علاج ۔

immure, v.t. قید کرنا ؛ دیواروں کے اندر قید کرنا ؛ بند کرنا ؛ محدود کرنا ؛ دیوار کے اندر رکھنا ۔

immurement, n. دیواروں کے اندر قید ۔

immutable, a. تقلّب ناپذیر ؛ تغیُّر ناپذیر ؛ غیر منقلب ؛ غیر متغیّر ؛ غیر مبدّل ؛ غیر متبدّل ۔

immutability, immutableness, n. تقلب ناپذیری ؛ تغیُّر ناپذیری ؛ عدم تغیّری ؛ غیر متبدّلیت ۔

immutably, adv. غیر متغیّر طور پر ؛ غیر متغیّرانہ ؛ غیر متبدلانہ ؛ تغیّر ناپذیرانہ ۔

imp, n. بُھتنا ؛ چھوٹا شیطان ؛ شطونگڑا ؛ شریر بچّہ ؛ چھوٹی خبیث رُوح ۔ (فعل متعدی) پیوند کرنا ؛ کسی داخل کردہ یا اضافہ کردہ چیز کے ذریعے تقویت دینا یا بڑا کرنا (بازیابی) ناقص بازوکو پر لگاکر درست کرنا ۔

impact, n. اثر ؛ تصادُم ؛ ایک جسم کا دُوسرے جسم سے تصادُم ؛ ٹکر ؛ تاثیر ؛ تصادم یا ٹکر کی قوّت ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کے ساتھ سختی سے دبانا یا اس میں دھکیلنا ، کسی چیز میں ملفوف کرنا ؛ کسی چیز سے ٹکرانا ؛ متصادم ہونا ؛ اثر چھوڑنا ؛ اثر انداز ہونا ۔

impacted, a. متصادم ؛ ٹُھکا ہوا ؛ سختی سے پھنسا ہُوا ۔ (دندان سازی) وہ دانت جو جبڑے کی ہڈّی میں مضبوطی سے جڑا ہوا ہو اور مسوڑھے سے باہر نہ نکلے ۔

impaction, n. تصادم ؛ ٹکر ؛ اثر ؛ اثر قوی ۔

impair, v.t. خراب کرنا؛ معیار گھٹانا ؛ قدر ، خُوبی یا طاقت کم کرنا ؛ بگاڑنا ؛ ناقص بنانا ۔

impairer, n. خراب کرنے والا ؛ مخرّب ؛ مناقص ؛ کمی کُنندہ ۔

impairment, n. خرابی ؛ نُقصان ؛ ضرر ؛ نقص ؛ کمی ؛ خلل ؛ تخریب ۔

impala, n. (حیوانیات) امپالا ؛ افریقہ کا ایک ہرن جو اپنے پھیلے ہوئے حلقہ دار سینگوں اور جَست و خیز کی صلاحیت کے لیے مشہور ہے ۔

impale, v.t. تیز میخ جڑنا یا ٹھونکنا ؛ جسم میں تیز میخیں گاڑنا (تعذیب یا سزا کے لیے) ؛ کسی نوکیلی چیز پر رکھنا یا ایسی کوئی چیز گھونپنا ۔ (مجازاً) بے بس کرنا ، جیسے میخیں گھونپی گئی ہوں ۔ (شاذ) میخوں یا سلاخوں میں محصُور کرنا ؛ جنگلے میں بند کرنا ۔

impalement, n. میخوں سے ٹھونکنے کا عمل ؛ میخیں گاڑنے کا عمل ؛ جنگلے کے اندر کرنے کا عمل ۔

impaler, n. میخیں گاڑنے والا ۔

impalpable, a. احساس ناپذیر ؛ ناقابلِ احساس ؛ غیر محسوس ؛ ناقابلِ ادراک ؛ غیر لمسی ؛ عسیر الفہم ؛ ناقابل فہم ؛ لمس ناپذیر ۔

impalpability, n. احساس ناپذیری ؛ لمس ناپذیری ۔

impalpably, n. غیر محسوس طور پر ؛ لمس ناپذیرانہ ؛ غیر مادّی طور پر ؛ غیر محسوس انداز میں ۔

impanel, (Brit.), impannel, empanel, v.t. کسی جماعت سے یا جیوری میں شامل کرنا ؛ کسی جماعت ، جیوری کے طور پر انتخاب کرنا ۔

impanelment, n. کسی فہرست یا جیوری میں شمولیت ۔

imparity, n. ناموافقت ؛ عدمِ مساوات ؛ عدم تناسُب ؛ نابرابری ؛ اختلاف ۔

impark, v.t. پارک وغیرہ میں بند کرنا ؛ پارک کی طرح بند کرنا ۔

imparkation, n. پارک بندی ؛ پارک میں بند کرنے کا عمل ۔

impart, v.t. بہرہ مند کرنا ؛ بتانا ؛ کسی چیز کا عِلم مہیّا کرنا ؛ دینا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا یا پُہنچانا ؛ کسی چیز کا جُزو ، حِصّہ یا مقسوم عنایت کرنا ؛ سکھانا ؛ پڑھانا ۔

impartable, a. قابل عطا ؛ بخشیدنی ۔

impartation, impartment, n. بہرہ ؛ عطا ؛ بخشش ؛ بہرہ مندی ۔

imparter, n. بخشندہ ؛ عطا کُنندہ ۔

impartial, a. غیر جانبدار ؛ جو دُوسری کی نسبت کسی ایک جماعت کا زیادہ حامی نہ ہو ؛ غیر مُتعصّب ؛ مُنصِف ؛ عادل ۔

impartiality, impartialness, n. بے تعصّبی ؛ غیر جانبداری ۔

impartially, adv. غیر جانبداری سے ؛ انصاف سے ؛ غیر متعصّبانہ ۔

impartible, n. ناقابل تقسیم ؛ غیر مُنقسم ؛ جو تقسیم نہ ہو سکے ؛ جُدا ناپذیر ؛ اٹوٹ ۔

impartibly, adv. ناقابلِ تقسیم طور پر ؛ غیر منقسم انداز میں ۔

impassable, a. ناقابلِ گزر ، جیسے گھنی زیر درختی ؛ جس پر سے گزرا نہ جا سکے ؛ ناقابلِ عُبُور ؛ جس پر قابو نہ پایا جا سکے ؛ ناقابلِ دخُول ؛ ناقابلِ مداخلت ؛ بے قابو ؛ بس سے باہر ۔

impassability, impassableness, n. ناگزاری ؛ عدم عبوریت ؛ عدم دخولیت ۔

impassably, adv. ناقابل گزر طور پر ؛ ناقابل عبور انداز میں ۔

impasse, n. (مجازاً) پیچیدگی ؛ وہ صورت جس سے بچا نہ جا سکے ؛ تعطّل ؛ شُدنی اَمر ؛ وہ سڑک جس سے باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہ ہو ؛ بند گلی ؛ بند کوچہ ؛ کُوچۂ سربستہ ۔

impassible, a. بے حِس ؛ غیر متألّم ؛ جس کو درد ، جذبہ یا تکلیف متاثر نہ کر سکے ؛ جس میں جذبہ یا ہمدردی پیدا نہ کی جا سکے ؛ بے جذبہ ؛ بے احساس ؛ بے تاثُّر ؛ بے جوش ۔

impassibility, impassibleness, n. بے حسیت ؛ بے حسی ؛ بے تاثر پن ؛ جوشیلا پن ۔

impassibly, adv. بے حسی سے ؛ عدم تأثر سے ؛ بے تأثُّرانہ ؛ غیر متألّم انداز میں ۔

impassion, v.t. جذبات سے شدید طور پر متاثُّر کرنا ؛ جذبات برانگیختہ کرنا ؛ جوش دلانا ؛ انگیخت کرنا ۔

impassioned, a. جذباتی ؛ جوشیلا ؛ جذبات ، گرم جوشی یا احساسات کی گرمی سے متأثّر ؛ پُرجوش ، مشتعل (جیسے : an impassioned orator) ۔

impassionedly, adv. پُر جوش انداز میں ؛ جذباتی طور پر ۔
impassionedness, n. پُرجوشی ، اشتعالِ جذبات ؛ جوشیلا پن ؛ جذباتیت ۔

impassive, a. بے جذبہ ؛ بے حس ؛ غیر متأثّر ، غیر مُتألّم ؛ بے شعور ؛ بے خبر ؛ مُردہ دِل ؛ضرر ناپذیر ؛ بے احساس ۔
impassively, adv. بے حِس طور پر ؛ بے حِسّی سے ؛ غیر متأثّر انداز میں ؛غیر متألمانہ ۔
impassiveness, impassivity, n. بے حِسی ؛ بے حِس پن ؛ متانت ؛ غیر متاّلمیت ؛ بے احساسیت ۔

impaste, v.t. لئی لگانا یا لئی میں ڈالنا؛ لئی بنانا ؛ لئی کی صورت دینا ؛ رنگ وغیرہ کی گاڑھی تہ چڑھانا ۔
impastation, n. لئی لگانے کا عمل ۔

impasto, n. (مصوّری) رنگوں کی گاڑھی تہ چڑھانے کا عمل ؛ وہ رنگ جس کی تہ چڑھائی جائے ۔

impatience, n. بے صبری ؛ بے قراری ؛ اضطراب ؛ ناصبوری ؛ تاخیر کا عدم تحمُّل ؛ بیتابانہ انتظار ؛ شتابی ؛ جلد بازی ؛ عاقبت نا اندیشی ۔

impatiens, touch-me-not, jewelweed, n. گُلِ حِنا ؛ چُھوئی موئی ؛ لاجونتی ؛ بلسان کے خاندان سے چُھوئی موئی کی جنس کا باغ یا جنگلی پُھول ، جن کے پُھول اور ڈوڈے بے قاعدہ ، خار دار اور نارنجی سے سُرخ رنگ تک کے ہوتے ہیں ، یہ ہاتھ لگانے یا چھونے پر پھٹ جاتے ہیں ۔

impatient, a. بے صبر ؛ ناصُبُور ؛ بے چین اور تبدیلی کا آرزومند ؛ جلد باز ؛ عاقبت نااندیش ؛ غیر متحمّل (under , for , at , of , with کے ساتھ) ؛ بے صبری کا حامل ؛ بے صبری ظاہر کرنے والا (جیسے : an impatient gesture) ۔
impatiently, adv. ناصبوری سے ؛ بے صبری سے ؛ جلد بازی سے ؛ عاقبت نااندیشی سے ؛ غیر متحمّل انداز میں ۔
impatientness, n. بے صبری ؛ ناصبُوری ؛ جلد بازی ؛ عاقبت نا اندیشی ۔

impeach, v.t. معترض ہونا ؛ کسی پر الزام لگانا ؛ غلطی یا غلط کاری کا الزام عائد کرنا ؛ اعتراض کرنا ؛ مواخذہ کرنا ؛ کسی سرکاری ملازم پر عدالت میں بازپُرس کرنا ؛ غلط رویے کا الزام لگانا ؛ جواب طلبی کرنا ؛ الزام تراشی کرنا ؛ کسی پر اتہام لگانا ، (جیسے : to impeach a person's motives) کسی کے اعتبار پر شبہ کرنا (جیسے : to impeach a witness) ؛ باز پُرس کرنا ۔
impeachable, a. قابلِ مواخذہ ؛ قابلِ الزام ۔
impeachment, n. مواخذہ ؛ الزام ؛ اعتراض ؛ باز پُرسی ؛ شبہ ؛ حملہ ؛ الزام بغاوت ۔

impeccable, a. معصوم ؛ بے قُصُور ؛ غیر مذموم ؛ بے عیب ؛ کامل ، (جیسے : impeccable manners or dress) ؛ بے گناہ ؛ غلطی کرنے کے امکان سے مُبرّا ۔
impeccability, n. معصومیت ؛ بے گناہی ؛ بے قُصُوری ؛ بے عیبی ؛ کاملیت ؛ بے تقصیریت ۔
impeccably, adv. معصومیت سے ؛ بے گُناہی سے ؛ بے قُصُور طور پر ؛ کاملیت سے ؛ بے تقصیرانہ ؛ معصُومانہ ۔

impeccant, a. بے گُناہ ؛ بے قُصُور ؛ بے تقصیر ؛ بے عیب ؛ کامل ؛ معصوم ۔
impeccancy, n. بے گناہی ؛ بے قصوری ؛ بے تقصیری ؛ بے عیبی ؛ معصومیت ۔

impecunious, a. نادار ؛ بے زر ؛ مُحتاج ؛ مفلِس ؛ غریب ۔
impecuniosity, n. غُربت ؛ ناداری ؛ مفلسی ؛ بے زری ؛ مُحتاجی ۔
impecuniously, adv. ناداری سے ؛ مُحتاج پن سے ؛ مفلسانہ ۔
impecuniousness, n. ناداری ؛ مفلسی ؛ مفلس پن ؛ نادار پن ۔

impedance, n. (برق ، طبیعیات) مقاومت ؛ متغیّر مقدار کی نسبت بالخصوص کوئی قُوّت مثلاً وولٹیج اور کوئی دوسری مقدار جیسے رفتار جو قُوّت کے استعمال کے نظام کے جواب کی پیمایش کرتی ہے (علامت Z) ۔

impede, v.t. مزاحم ہونا ؛ رُکاوٹ بننا ؛ سدِّ راہ ہونا ؛ روکنا ؛ بند کرنا ۔
impeder, n. روکنے والا ؛ مزاحمت کُنندہ ۔
impedient, a., n. مانع ؛ مزاحم ؛ روکنے والا ؛ رُکاوٹی ۔

impediment, n. لُکنت ؛ رُکاوٹ ؛ مزاحمت ، روک بالخصوص کوئی جسمانی نقص جو واضح گفتگو میں مانع ہو ۔ (قانون)قانونی شادی میں رکاوٹ ۔
impedimental, impedimentary, a. مزاحمتی ؛ ممانعتی ؛ رُکاوٹی ۔

impedimenta, n. وہ چیزیں جو پیش رفت میں مانع ہوں ، مثلاً سامان اور دوسرا بوجھ ۔ (عسکری) وہ سامان جو فوج کے ساتھ لے جایا جائے ۔

impel, v.t., آگے دھکیلنا ؛ ریلنا ؛ دبانا ؛ حرکت یا عمل کی تحریک دینا ۔
impellent, a. مُحرّک ؛ تحریک کے وصف کا حامل ۔ (اسم) قوت محرّکہ ؛ عامل محرّک ۔
impeller, impellor, n. تحریک دینے والا ، محرّک ۔ (میکانیات) وہ آلہ یا تدبیر جو ہوا ، سیّال یا کسی اور مادّے کو تحریک دے ؛ حرکت دِہندہ۔

impend, v.i. قریب ہونا ؛ ناگُزیر ہونا ؛ منڈلانا ؛ واقع ہونے کو تیّار ہونا ؛ قریب الوقوع ہونا ؛ معلّق ہونا(over کے ساتھ) ۔
impendent, impending, a. ناگزیر ؛ مُعلّق ؛ قریب الوقوع ۔
impendence, impedency, n. قریب الوُقوع ہونے کی حالت ۔

impenetrability, n. سرایت ناپذیری؛ دخُول ناپذیری؛ نفوذ ناپذیری ۔ (طبیعیات) مادّے کی خاصیّت جو دو اجسام کو بیک وقت ایک جگہ مجتمع ہونے میں مانع ہے؛ غیر متداخل پن؛کُند ذہنی؛ ناقابل فہم چیز۔

impenetrable, a. غیر متداخل؛ ناقابلِ دخول ؛ ناقابلِ نفوذ ؛ جس میں سوراخ نہ کیا جا سکے ؛ نفوذ ناپذیر ؛ ناقابلِ رسائی ؛ ناقابلِ فہم ؛ ناقابلِ ادراک ۔ (طبیعیات) ایک وقت میں ایک ہی جگہ دوسرے مادّہ کے اجتماع کے مانع ؛ سرایت ناپذیر ؛ دخُول ناپذیر ؛ ٹھس ؛ ناقابل فہم ؛ کُند ذہن ۔
Impenetrably, adv. ناقابل نفوذ طور پر؛ دخول ناپذیر انداز میں ؛ سرایت ناپذیرانہ ؛ کند ذہنی سے ۔
impenetrableness, n. نفُوذ ناپذیری ؛ سرایت ناپذیری ؛ دخول ناپذیریت ؛ ناقابل فہم حالت ؛ کند ذہنیت ۔

impenitent, a., n. ناپشیمان ؛ غیر متأسّف ؛ گناہ پر نادم نہ ہونے والا ؛ ڈِھیٹ ؛ ضِدّی ۔
impenitence, n. ناپشیمانی ؛ ڈھیٹ پن ؛ غیر متأسّفیّت ۔

impenitently, adv. ڈھٹائی سے ؛ غیر متأسّفانہ ۔

imperative, a. اہم ؛ لازمی ؛ ناگزیر؛ ضروری ؛ جبری ؛ حُکم آمیز ؛ تحکمانہ ۔ (گرامر) فعل کے اس طور کے متعلّق جس میں حُکم ، التجا ، درخواست یا نصیحت پائی جائے ؛ فعل امر سے متعلّق ؛ جسے نظرانداز نہ کیا جا سکے ۔ (اسم) کوئی ضروری چیز ؛ حُکم ۔ (گرامر) طورِ امر یا اس سے متعلّق فعل کی حالت ، فعلِ امر ۔

imperatival, a. لازمی ؛ لابدی ؛ ناقابلِ نظر اندازی ؛ ناگُزیر ۔

imperatively, adv. لازمی طور پر ؛ لابدی انداز میں ۔

imperativeness, n. ناگُزیری ، لزُوم ؛ لابدی پن ؛ لابدیت ۔

imperator, n. آمرِ مُطلق ؛ رُومی شہنشاہ ؛ سابق زمانہ میں رُومی سپاہ سالار ؛ ایک مطلق العنان اور اعلیٰ حُکمران ۔

imperatorial, a. شاہانہ ؛ آمرانہ ؛ آمرِ مطلق سے متعلّق ۔

imperceptible, a. ناقابلِ ادراک ؛ بہت خفیف ؛ آہستہ ؛ نازُک ؛ جس کا شعور یا ذہن سے ادراک نہ ہو سکے ؛ غیر محسوس ۔

imperceptibility, n. ادراک ناپذیری ؛ غیر محسوس پن ؛ غیر محسوسیت ۔

imperceptibly, adv. ناقابلِ ادراک طور پر ؛ غیر محسوس انداز میں؛ آہستہ آہستہ ۔

imperceptive, a. نافہم ؛ بے بصیرت؛ غیر ادراکی ۔

imperceptiveness, n. بے بصیرتی ؛ غیر ادراکی پن؛ نافہمی ؛ نافہم پن ۔

imperfect, a. غیر کامل ؛ نامکمل ؛ ناتمام ؛ ناقص ۔ (نباتیات) اس پُھول سے متعلقجس میں یازر ریشہ ہو یا بُقچۂ گُل مگر دونوں بیک وقت موجود نہ ہوں ؛ اَدُھورا پُھول ۔ (گرامر) جس میں نامکمّل عمل یا حالت پائی جائے ، بالخصوص زمانۂ ماضی میں ؛ فعلِ ناقص ۔ (موسیقی) اس دھن سے متعلّق جس کا اختتام اُونچے یا پنجم سُر پر ہو ۔ (اسم) (گرامر) کسی فعل کا ناتمام زمانہ ۔

imperfectly, adv. نامکمّل طور پر ؛ ناقص انداز میں ؛ غیر کامل حیثیت سے ۔

imperfectness, n. نامکملیّت ؛ عدمِ تکمیل ، ادُھورا پن ؛ غیر کامل پن ؛ ناقص پن ۔

imperfect fungus, n. ناقص فنجائی ؛ ناقص فُطر یا پھپھوندی ؛ فُطر کی وہ قسم جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ لا جنسی طور پر دوبارہ پیدا ہوتی ہے ، اس سے بعض بیماریاں پیدا ہوتی ہیں مثلاً داد وغیرہ ۔

imperfection, n. عدم کمال ؛ عدم تکمیل ؛ ادھوراپن ؛ نامکمل حالت یا کردار ؛ نقص یا عیب ۔

imperforate, a. غیر مثقوب ؛ بے ثقب ؛ بے مسام ؛ ناسفتہ ؛ بے سوراخ ؛ بن چھدا (جیسے : an imperforate sheet of stamps) ؛ بے شگاف ؛ بے ثقبہ ۔ (اسم) بن چھدے ٹکٹ ۔

imperial, a. سامراجی ؛ شاہی؛ شاہانہ؛ عالی شان ؛ پُرشکوہ ؛ اعلیٰ اختیار کا حامل ؛ حاکمانہ ؛ پُرشوکت ؛ غالب ؛ شاندار ؛ خاص حجم یا وصف کا حامل (جیسے مختلف مصنوعات ، اجناس وغیرہ) ؛ وہ اوزان اور پیمانے جو برطانوی معیار کے مطابق ہوں ۔

imperially, adv. شاہانہ انداز میں ؛ سامراجی انداز میں۔

imperial, n. شاہی جماعت یا شاہی فوج کا رُکن ؛ بادشاہ یا ملکہ ؛ پندرہ روبل کا ایک رُوسی طلائی سِکّہ جو ۱۹۱۷ء سے پہلے رائج تھا ؛ گاڑی کی چھت ٬بالخصوص مسافر گاڑی کی ؛ سامان لے جانے کا ڈبّہ ؛ خاص حجم یا وصف کی حامل کوئی چیز ؛ بُرج ؛ قبّہ ؛ زیریں لب کے نیچے چھوٹی نوکیلی ڈاڑھی ، جیسی کہ شہنشاہ نپولین سوم رکھتا تھا ۔

imperialism, n. شہنشاہیت ؛ ملوکیت ؛ سامراجیت ؛ شہنشاہی نظام ؛ شاہی حکومت ؛ شاہی طرزِ حکومت ؛ شاہ پرستی ؛ (خاص طور پر) بالواسطہ یا بلاواسطہ توسیع پسندی کا مسلک ؛ نوآبادی یا استعماری نظام ؛ برطانوی تاریخ میں ، الگ الگ حکومتوں پر مشتمل مختلف حصّوں کو اس طرح مُتحّد کرنے کا مسلک کہ ایک مُلک کی حیثیّت سے بعض مقاصد کا تحفُظ ہو سکے ۔

imperialist, n. شاہ پسند ؛ شہنشاہیت پسند ؛ سامراج پسند ۔

imperialistic, a. شاہ پسندانہ ؛ شہنشاہیت پسندانہ ؛ شہنشاہی ؛ سامراجی ۔

imperialistically, adv. شاہ پسندانہ طور پر ؛ شہنشاہیت پسندانہ ؛ سامراجیت کے انداز میں ۔

imperial moth, n. ، (Eacles imperialis) شاہ پروانہ ؛ ایک بڑا زرد پروانہ جس کے پر دھبّے دار اور کناروں پر گُلابی سے بُھورے نشان ہوتے ہیں، جس کا پہل روپ (لاروا) درختوں اور جھاڑیوں سے خُوراک حاصل کرتا ہے ۔

imperil, v.t. خطرہ میں ڈالنا ؛ جوکھم میں ڈالنا ؛ جوکھوں میں ڈالنا ۔

imperilment, n. خطرہ میں ڈالنے کا عمل ۔

imperious, a. جابر ؛ مُتحکّم ؛ تحُکم پسند ؛ خود رائی سے من مانے احکام جاری کرنے والا ؛ آمرانہ ؛ متکبّر ؛ گھمنڈی ؛ غلبہ پسند ؛ حاکمانہ ؛ تحکمّانہ ؛ ہیکڑی باز ؛ سرزور ؛ مغرور ؛ ذی مقدور ؛ صاحب اختیار ؛ ضروری یا ناگزیر (جیسے : an imperious necessity) ۔

imperiously, adv. تحکمّانہ طور پر ؛ غُرور سے ؛ رعونت سے ۔

imperiousness, n. نخوت ؛ تحکُم پسندی ؛ تکبُر ؛ غُرور ؛ رعُونت ؛ گھمنڈ ۔

imperishable, a. اَن مٹ ؛ لاتلف ؛ دیرپا ؛ باقی ؛ لافانی ؛ لازوال ؛پائیدار؛ دائم ؛ امر ۔

imperishability, n. بقا ؛ دیرپائی ؛ لاتلفی ؛پائیداری؛ دوامیت ۔

imperishableness, n. عدم فنا ؛ بقا ؛ دوام ؛ لا تلفیت ۔

imperishably, adv. لافانی یا لازوال طور پر ۔

imperium, n. حاکمیت ؛ شہنشاہیت ؛ حُکم ؛ حَکَم ؛ اقتدارِ اعلیٰ ؛ سلطنت ؛ شاہی ؛ مطلق العنان حکومت ؛ شہنشاہی ۔ (قانون) قانون نافذ کرنے کے لیے مملکت کی طاقت استعمال کرنے کا حق ؛ حقِّ نفاذِ قانُون ۔

impermanent, a. غیر مستقل ؛ناپائیدار؛ عبوری ؛ عدیمُ الاستقلال ۔

impermanence, impermanency, n. عدم استقلال ؛ ناپائیداری ؛ عَبُوری پن ؛ غیر مستقلیت ۔

impermeable, a. غیر نفوذ پذیر ؛ تراوش ناپذیر ؛ نفوذ ناپذیر ؛ اس مادہ سے متعلّق جس میں مسام وغیرہ کے ذریعے مانع

گزر نہ سکے ۔

impermeability, impermeableness, n. غیر نُفوذی ؛ عدم جذب ؛ نفوذ ناپذیری ؛ تراوش ناپذیری ؛ ٹھوس پن ۔

im eably, adv. غیر نفوذ پذیری انداز میں ؛ ناقابلِ نفوذ طور پر ؛ نفوذ ناپذیرانہ حیثیت میں ۔

impermissible, a. ناروا ؛ ناجائز ؛ ناقابلِ اجازت ؛ ممنوع ۔

impermissibility, n. عدم جواز ؛ ممانعت ؛ ناروائیت ؛ امتناع ۔

impersonal, a. لاشخصی ؛ غیر ذاتی ؛ غیر شخصی حوالہ یا رابطہ ؛ شخصیت سے محروم ؛ غیر شخصی (جیسے : an impersonal deity) ۔ (گرامر) غیر معیّن (ضمائر سے متعلق) ؛ (افعال سے متعلق) غیر مشخصہ : جن کا کوئی معیّن یا خاص فاعل نہ ہو جیسے it ، جو مذکور ہو یا محذوف (جیسے : it rains) ۔

impersonality, n. لا شخصیّت ؛ عدمِ تشخّص ؛ غیر شخصیّت ؛ کوئی غیر شخص وجود یا شے ۔

impersonalize, v.t. غیر شخصی بنانا ؛ عمومی بنانا ؛ لاشخصی قرار دینا ۔

impersonally, adv. غیر شخصی طور پر ؛ لاشخصی انداز میں ۔

impersonate, v.t. تلبیس شخصی کرنا ؛ شخصیت گیری کرنا ؛ کسی شخص کی شکل ، اطوار یا طرز گُفتگو اختیار کرنا ؛ نمائندگی کرنا ؛ بھیس بھرنا (بالخصوص اسٹیج پر) ؛ فرضی شخص بننا ؛ شخص مجازی ٹھہرانا ؛ صورت بنانا ؛ بھیس بھرنا ؛ رُوپ بھرنا ؛ پارٹ ادا کرنا ۔ (صفت) کسی شخص میں تجسیم شُدہ ؛ شخصیت کا حامل ؛ مشخّص ۔

impersonation, n. تلبیس شخصی ؛ کسی کی شخصیت اپنانے کا عمل ؛ شخصیت گیری ؛ تبدیلِ ہیئت ۔

impersonator, n. شخصیت گیر ؛ دُوسرے کی شخصیت اپنانے والا ؛ بہروپیا ؛ ملبّس ۔

impertinence, impertinency, n. مغائرت ؛ گستاخی ؛ بے ادبی ؛ اپنے سے بالاتر کے سامنے گُفتگُو یا اطوار میں گُستاخی ؛ شوخ چشمی ؛ بداطواری ؛ ناشایستگی ؛ کوئی گستاخانہ بات ؛ عدم تطابق ؛ بے تعلّقی ؛ ادنیٰ چیز ؛ گستاخانہ عمل یا قول ؛ بے محل پن ؛ شوخی ؛ لغویت ؛ بے ادبی ؛ بے لحاظی ؛ ڈھٹائی ؛ بیہودگی ؛ بے معنی کلام ۔

impertinent, a., n. بے محل ؛ گستاخ ؛ دخل انداز ؛ شوخ چشم ؛بحیثیت اشخاص یا ان کے افعال و اقوال ، بے ادب یا بدتمیز ؛ غیر متعلق یا غیر مربوط ؛ بے لگاؤ ؛ خارج از بحث ؛ بے علاقہ ؛ بے موقع ؛ بے میل ؛ بے ادب ؛ ڈھیٹ ؛ بے لحاظ ؛ اجڈ ؛ اکھڑ ؛ نامعقول ؛ بے لگام ؛ بیہودہ ؛ بدتمیز ؛ لغو ؛ ہیچ ؛ بے معنی ۔

impertinently, adv. گستاخی سے ؛ بے ادبی سے ؛ گستاخانہ ؛ بے ہودگی سے ؛ بے ادبانہ ۔

imperturbable, a. ہیجان ناپذیر ؛ غیر مشتعل ؛ پرسکون ؛ سردمزاج ؛ بُردبار ؛ حلیم ؛ مطمئن ؛ ساکت ؛ پُر اطمینان ۔

imperturbability, imperturbableness, n. سکُون ؛ سردمزاجی ؛ بُردباری ؛ اطمینان ؛ قرار ؛ حلم ؛ عفو ؛ مستقل مزاجی ۔

imperturbably, adv. پرسکون انداز میں ؛ حلیمانہ انداز/ بُردباری سے ۔

impervious, a. بے نفُوذ ؛ سرایت ناپذیر ؛ نفوذ ناپذیر ؛ جس میں سے کوئی چیز نہ گُزر سکے جیسے مانع ۔ (مجازاً) (جذبات یا دلائل سے) غیر متأثر ؛ اثر ناپذیر ؛ تأثُر ناپذیر ؛ ناگزار ؛ دشوار گزار ؛ ناممکن الدخل ؛ غیر متداخل ۔

imperviously, adv. غیر متأثر انداز میں ؛ تأثُر ناپذیری سے ؛ غیر متداخل انداز میں ۔

imperviousness, n. تاثر ناپذیری ؛ اثر ناپذیری ؛ غیر متداخل پن ؛ ناگزاریت ۔

impetigo, n. (امراضیات) حصفہ ؛ حصف ؛ ایک متعدّی جلدی بیماری ، بالخصوص بچّوں کی جو پھوڑے پھنسیوں اور آبلوں کی صورت میں نمودار ہوتی ہے ؛ زرد زخم ۔

impetiginous, a. حصفہ زا ؛ حصف دار ؛ زرد زخم والا ۔

impetrate, v.t. التجا کے ذریعے حاصل کرنا ؛ درخواست کرنا ؛ بعجلّت طلب کرنا ؛ بدرخواست حاصل کرنا ؛ مانگ کر لینا ؛ فرمایش پر حاصل کرنا ؛ التماس کرنا ۔

impetration, n. التماس ؛ التجا ؛ تحصیل بدرخواست ۔

impetuous, a. مُستعجل ؛ تُند ، تیز ؛ عجلت باز ؛ تعجیل کار ؛ تُند رفتار ؛ استعجابی ؛ پُرزور ؛ شدید ؛ سخت ؛ سرگرم ؛ پرجوش ؛ جلدباز ؛ تیز مزاج ؛ تیز حرکتی ۔

impetuosity, n. تعجیل ؛ تُندی ؛ تیزی ؛ استعجال ؛ مجبُوری ؛ زور ؛ شدّت ؛ حِدّت ؛ جوش ؛ طیش ؛ تیز مزاجی ۔

impetuously, adv. تُندی سے ؛ تیزی سے ؛ مستعجلانہ ؛ استعجلانہ ؛ بہ شدّت ؛ بزور ؛ تُند مزاجی سے ؛ جلد بازی سے ۔

impetuousness, n. جلد بازی ؛ تیزی ؛ مُستعجلیّت ؛ تیز رفتاری ؛ مستعجل پن ؛تندی ۔

impetus, n. قُوّت محرکہ ؛ زور ؛ وہ قُوّت جس کے ذریعے کوئی متحرک جسم مزاحمت پر غالب آتے ہوئے اپنی رفتار برقرار رکھتا ہے ؛ قُوّت حرکت ؛ کوئی چیز جو عمل کی محرک ہو ؛ مُحرِّک ؛ تقویت ؛ قُوت رفتار ؛ بل ؛ زور ۔

impi, n بڑا فوجی دستہ ؛ بریگیڈ ۔

impiety, n. عدم تقویٰ ؛ ناپارسائی ؛ ناپرہیزگاری ؛ بے دینی ؛ فسق ؛ فاسقانہ عمل ؛ فرض نا شناسی یا عدمِ احترام (والدین کا) ۔

impinge, v.i. ٹکرانا (on ، upon یا against کے ساتھ مستعمل) ؛ متصادم ہونا ؛ متجاوز ہونا (on یا upon کے ساتھ مستعمل) ؛ اوپر گرنا ؛ لگنا ؛ تصادُم ہونا ۔

impingement, n. صدمہ ؛ ٹکر ؛ تصادُم ؛ تجاوُز ۔

impinger, n. متصادم ؛ ٹکرانے والا ؛ صدمہ دَہندہ ۔

impious, a. خلافِ تقویٰ ؛ ناپارسا ؛ بے عقیدہ ؛ بے دین ؛ گُستاخ ؛ والدین کا بے ادب ؛ مُلحِد ؛ فاسِق ؛ فاجِر ؛ ناخداترس ؛ خلافِ شرع ؛ رندانہ ۔

impiously, adv. بے ادبی سے ؛ ناپارسائی سے ؛ خلاف تقویٰ طور پر ؛ کافرانہ ؛ رِندانہ ؛ فسق و فجور سے ؛ ناپاکی سے ۔

impiousness, n. ناپارسائی ؛ بے ادبی ؛ بے عقیدگی ؛ بے ایمانی ؛ ناپاکی ۔

impish, a. شیطانی خصُوصیات کا حامل ؛ شریر ۔

impishly, adv. شرارت سے ؛ شیطنت سے ۔

impishness, n. شرارت ؛ شیطنت ۔

implacable, a. کٹھور ؛ تسکین ناپذیر ؛ سکُون ناپذیر ؛ بے رحم ؛

ضدی ؛ کٹر ؛ مستقل دُشمن ؛ سخت دِل ؛ سنگدل ؛ جو تسکین پذیر نہ ہو۔

implacability, implacableness, n. جانی دُشمنی ؛ سنگدلی ؛ تسکین ناپذیری ؛ بے رحمی ؛ کم نہ ہونے والا غُصّہ یا دُشمنی۔

implacably, adv. بہ عداوت ؛ تسکین نا پذیری سے ؛ بے رحمی سے ؛ جانی دشمنی سے ؛ بہ شدت ؛ دلی عداوت سے۔

implant, v.t. جمانا ؛ بونا ؛ لگانا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ نقش کرنا ؛ نصب کرنا ؛ دل میں بٹھانا ، مثلاً صداقت یا اُصول ؛ مضبوطی سے گاڑنا یا نصب کرنا ؛ لگانا ، جڑنا جیسے زندہ بافت پیوند کاری میں۔ (اسم) جو چیز نصب کی گئی ہو ؛ نصبہ ۔ (طِب) بافت جو جسم میں پیوند کی گئی ہو ؛ بھری ہوئی نلی ، مثلاً ریڈیَم کی حامِل جو علاج کی غرض سے کسی عُضو یا بافت میں رکھ دی جاتی ہے۔

implantation, n. جماؤ ؛ لگاوٹ ؛ تنصیب ؛ اِدخال ۔

implanter, n. ناصِب ؛ نصب کرنے والا ؛ مُدخِل ۔

implausible, a. نامعقول ؛ غیر معقول ؛ حقیقی یا اعتباری نظر نہ آنے والا ، بےصورتِ ظاہر ؛ نامعتبر ؛ ناپسندیدہ ؛ ناقابلِ اطمینان ۔

implausibly, adv. غیر معقول طور پر وغیرہ ۔

implausibility, n. غیر معقولیت ؛ قبول صورتی کا فُقدان ۔

implead, v.t. (قانون) کسی کے خلاف عدالت میں مُقدّمہ چلانا ؛ قانونی چارہ جوئی کرنا ؛ قانونی کارروائی کرنا ۔

implement, n. اوزار ؛ آلہ ؛ ظرف ؛ ہتھیار ؛ کوئی چیز جو ہاتھ سے محنت کرنے میں مدد دے ۔ (مجازاً) کوئی شخص یا ذریعہ جو کسی چیز کی تکمیل میں بطور آلہ کام آئے (جیسے : an implement of divine justice) ۔ (فعل متعدی) شرائط پوری کرنا ؛ بجا لانا ؛ عمل میں لانا ؛ مدد دینا ؛ اوزار فراہم کرنا ؛ تعمیل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ پُر کرنا ؛ بھرنا ؛ مکمّل کرنا ۔

implemental, a. آلاتی ؛ اوزاری ۔

implementation, n. تعمیل ؛ بجاآوری ؛ بھرائی ؛ تکمیل ؛ مدد ؛ فراہمی ۔

implicate, v.t., v.i. لازمی حالت یا کسی ایسی چیز پر دلالت کرنا جو استنباط کی گئی ہو یا سمجھی گئی ہو ؛ دلالت کرنا ؛ معنی نکلنا یا نکالنا ؛ ملوّث کرنا ؛ اُلجھانا یا شامل کرنا مثلاً کسی معاملہ ، امر یا حالت میں (جیسے : to be implicated in a crime or a scandal) ؛ پھانسنا ؛ بیچ میں ڈالنا ؛ ماخوذ کرنا ؛ گرفتار کرنا ؛ مبتلا کرنا ؛ لپیٹنا؛ پہلو نکالنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ شریکِ جُرم کرنا ۔

implication, n. مضمر ؛ ایما ؛ مراد ؛ مقصد ؛ ضمنی بات ؛ اشارہ ؛ منشا ؛ دلالت ؛ مفہوم (جیسے : to admit a thing by implication rather than by express statement ، کوئی بات ظاہری بیان کی بہ نسبت اس کی دلالت یا معنویت سے قبول کرنا) ؛ کوئی چیز جو سمجھی گئی ہو یا فطری طور پر جس سے استنباط کیا جائے ؛ کسی معاملہ، صورت یا بات میں شمول ؛ دلالت کرنے کا عمل یا اس سے پیدا ہونے والی صورت ۔

implicative, a. ضمنی ؛ دال ، دلالت کُنندہ ؛ کنایاتی ؛ اشاری ؛ ایمائی ؛ پیچ دار ؛ دلالت کرنے والا ؛ کنایہ دار ؛ نتیجہ خیز۔

implicatively, adv. دلالت کرتے ہوئے ؛ کنایۃً ؛ ضمنی طور پر ؛ ضمناً ؛ پیچ سے ؛ اشارۃً ؛ درپردہ ۔

implicativeness, n. دلالت کُنندگی ؛ کنایہ داری ۔

implicit, a. مضمر ؛ محذُوف ؛ مقدّر ؛ جو اگرچہ الفاظ میں ظاہر نہ کیا گیا ہو مگر سمجھ لیا گیا ہو ؛ مدلُول ،جو اگرچہ ظاہر نہ کیا گیا ہو یا دیکھا نہ گیا ہو ؛ غیر مشتبہ ؛ مطلق ؛ راسخ (جیسے : implicit faith in his word) ؛ اعتباری ؛ منتج ؛ ضِمنی ؛ خفی ؛ متضمّن ۔

implicitly, adv. مضمر طور پر ؛ ضمنی طور پر ؛ خفی انداز میں ؛ بے تکرار ؛ بے چون و چرا ؛ کاملاً ؛ مضمراً ؛ بالکنایہ ؛ ذہناً ؛ ضمناً ؛ مُراداً ؛ معناً ؛ بلاحجت ۔

implicitness, n. دلالت ؛ ضمنی اشارہ ؛ مقدّر پن ؛ مضمریت ؛ یقین ؛ اعتبار ؛ اعتماد ؛ بھروسا ۔

implode, v.i. اندر کی طرف پھٹنا یا دھماکا ہونا ؛ درونی دھماکا کرنا ۔ (فعل متعدی) (صوتیات) دھماکے کے ذریعے آواز پیدا کرنا ؛ درونی دھماکا کرنا ۔

implosion, n. درانفجار ؛ سقوط قُمقمہ۔ (صوتیات) کوئی آواز ادا کرنے میں سانس کی نالی ایک دم بند ہونے کا عمل ۔

implosive, a., n. درانفجاری ؛ سقوط قمقمہ سے متعلّق ۔

implore, v.t. منّت سماجت کرنا ؛ منّت کرنا ؛ منت سے طلب کرنا ؛ التجا کرنا ؛ عاجزی سے درخواست کرنا ؛ التماس کرنا ؛ استدعا کرنا ، مانگنا (جیسے : to implore forgiveness) ؛ عجز کرنا ؛ آرزُو کرنا ؛ بنتی کرنا ۔ (فعل لازم) استدعا کرنا ، مانگنا ۔

imploration, n. التجا ؛ اِستدعا ؛ منّت ؛ مِنّت سماجت ؛ عرضداشت ۔

imploratory, a. التجائی ؛ التماسی ۔

implorer, n. التجا کرنے والا ؛ مُلتجی ۔

imploringly, adv. التجا کرتے ہوئے ؛ ملتجیانہ ۔

imploringness, n. لجاجت ؛ التجا آمیزی ، درخواست گزاری ۔

imply, v.t. دلالت کرنا ؛ بُنیادی حصّہ یا نتیجے کا حاصل ہونا (جیسے : An effect implies a cause) ؛ الفاظ کے ظاہری مطلب سے زیادہ کی طرف اشارہ کرنا ، مُراد ہونا ؛ مفہوم ہونا ؛ ظاہر کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ معنی رکھنا ؛ سمجھا جانا ؛ مراد رکھنا ۔

impolicy, n. بدتدبیری ؛ غلط تدبیر ؛ خلافِ مصلِحت تدبیر ؛ عدمِ مصلِحت ؛ بے احتیاطی ؛ کوتاہ اندیشی ۔

impolite, a. بے ادب ؛ ناشایستہ ؛ گُستاخ ؛ بداخلاق ؛ اَکھڑ ؛ اُجّڈ ؛ رُوکھا ؛ کج اخلاق ؛ بدتہذیب ؛ بدتمیز ؛ نامعقول ۔

impolitely, adv. بے ادبی سے ۔

impoliteness, n. بے ادبی ؛ گُستاخی ؛ رُوکھا پن ؛ اَکھڑ پن ؛ ناشایستگی ۔

impolitic, a. نامناسب ؛ خلافِ مصلحت ؛ خلافِ عقل ؛ عاقبت نا اندیش ؛ بے جا ؛ کوتاہ اندیش ؛ نامعقُول ؛ بے تدبیر۔

impoliticly, adv. عاقبت نا اندیشی سے ؛ نا دانشمندانہ ؛ نادانی سے ؛ کوتاہ اندیشی سے ۔

impolitical, a. غیر دانشمندی سے ؛ غیر مدبرّانہ ۔

impolitically, adv. غیر دانشمندانہ طور پر ؛ بے تدبیری سے ۔

imponderable, a. بے وزن ؛ نا وزن ؛ ناقابلِ غور ؛ جس کو تولا ، ناپا یا جس کا اندازہ نہ کیا جا سکے ؛ ہلکا ؛ سُبُک ؛ ناقابلِ وزن ؛ بے ثقل ؛ بہت ہلکا ؛ غیر مادّی ۔ (اسم) کوئی چیز جس کو

تولا نہ جا سکے ؛ سبک یا بے وزن چیز ـ

imponderability, n. بے وزنی ؛ سَبُکی ؛ ناوزنی ؛ بے ثقلی ؛ غیر مادّہ ـ

im derableness, n. بے وزنی ؛ سَبُکی ؛ لاوزنی پن ؛ بے وزنیت ؛ بے ثقل پن ؛ ہلکا پن ـ

imponderably, adv. بے وزنی سے ؛ لاوزنی طور پر ؛ لاوزنی انداز میں ؛ ہلکے پن سے ؛ بے ثقلی سے ـ

import, v.t. درآمد کرنا ؛ اندر لانا ؛ باہر سے یا سمندر پار سے لا کر متعارف کرانا ، بالخصوص غیر ملک سے لانا ، مثلاً تجارتی سامان یا اجناس فروخت یا استعمال کے لیے ؛ معنی رکھنا ؛ معنی دینا ؛ مفہوم ظاہر کرنا مثلاً الفاظ ، بیان یا عمل کے ذریعے ؛ مطلب ہونا ؛ مُراد ہونا ؛ علامت ہونا ؛ اشارہ کرنا ؛ مشہور کرنا یا ظاہر کرنا ـ (اسم) درآمد ؛ درآمد کرنے کا عمل ؛ جو چیز باہر سے درآمد کی گئی ہو ؛ درآمد شُدہ جنس یا چیز ؛ مطلب ، مفہوم ، مقصد ؛ مُراد ؛ اہمیّت ؛ نتیجہ ؛ بڑی اہمیت کے حامل معاملات یا اہم معاملات (جیسے : matters of great import) ـ

importable, a. قابل درآمد ـ

importer, n. درآمد کنندہ ؛ درآمد کار ؛ درآمدی ـ

importance, n. اہمیت ؛ معنویت ؛ نتیجہ ؛ وَقعت ؛ ناقابل فراموش ؛ نمایاں کردار ؛ اہم حیثیت یا مقام ؛ ذاتی یا سماجی قدر ؛ اہم انداز یا طور ؛ وقر ؛ منزلت ؛ لحاظ ؛ فضیلت ؛ مرتبہ ؛ بار ؛ وزن ؛ رُتبہ ـ

important, a. اہم ؛ نتیجہ خیز ؛ یاد رکھنے کے قابل ؛ مُمتاز ؛ خاص توجُّہ کا مقتضی ؛ قابل توجُّہ ؛ خاص تعلّق کا حامل (عموماً to کے ساتھ) ؛ خاص اثر یا اختیار کا حامل ؛ اہم ، شاندار ؛ بزعم خود اہم یا نمایشی ؛ برخود غَلَط ؛ بڑا ؛ بھاری ؛ قابلِ لحاظ ؛ قابلِ غور ؛ مؤثّر ؛ ضروری ـ

importantly, adv. اہمیت کے ساتھ ؛ ضرور ؛ لازمی طور پر ؛ بالضّرور ؛ قدر سے ـ

importation, n. درآمد کاری ؛ درآمد کرنے کا عمل ؛ تجارتی سامان یا اجناس کی فروخت یا استعمال کے لیے غیر مُمالک سے درآمد ؛ درآمد شُدہ چیز ؛ درآمدیت ـ

importunate, a. اصرار آمیز ؛ مُبرَم ؛ متواتر مثلاً التماس یا مطالبات میں ؛ تکلیف دِہ ؛ اڑیل ؛ متقاضی ؛ مِنّت و سماجت کرنے والا ؛ مجوّز ؛ مؤکّد ؛ لاگو ـ

importunately, adv. بالاصرار ؛ اصرار سے ؛ بہ اصرار ؛ اڑ پکڑ کر ؛ تقاضے سے ؛ باتاکید ـ

importunacy, n. درخواست ؛ اصرار ـ

importunateness, n. اصرار آمیزی ؛ درخواست ـ

importune, v.t. التجاؤں یا درخواستوں سے پریشان کرنا ؛ مانگنا یا فوری طور پر یا متواتر مانگنا ـ (فعل لازم) فوری اور متواتر درخواست کرنا ـ (صفت) اصرار آمیز ، مُبرَم ـ

importunely, adv. اصرار سے ـ

importuner, n. اصرار کرنے والا ؛ مُصِر ـ

importunity, n. اصرار ؛ تقاضا ؛ ضِد ؛ اڑ ؛ ابرام ـ (جمع) اصرار آمیز معروضات یا مطالبات ـ

impose, v.t. عائد کرنا ؛ نافذ کرنا ؛ لگانا ؛ اختیار کے ذریعے مُقرّر کرنا (جیسے : to impose a name on a place) ؛ کسی جگہ کا نام حکماً رکھنا ؛ مُقرّر کرنا ؛ مُسلّط کرنا ؛ کوئی بات برداشت کرنے ، تعمیل کرنے ، پورا کرنے کے لیے عائد کرنا (جیسے : to impose taxes) ؛ دوسروں پر ٹھونسنا یا تھوپنا یا مُسلّط کرنا (جیسے : to impose oneself on another)؛ فریب یا دھوکا دہی سے کسی کے حوالے کرنا ؛ آمیزش کرنا ؛ ملاوٹ کرنا ؛ ٹھگنا ؛ چھلنا ؛ دھول جھونکنا ـ (طباعت) (حُرُوف) ترتیب کے ساتھ پتّھر وغیرہ پر جمانا اور فرمے میں محفوظ کرنا (چھاپنے کے لیے) ؛ سر پر رکھنا ؛ دھرنا ؛ ڈالنا ؛ سر کرنا ؛ ذمّے کرنا ؛ مُقرّر کرنا ؛ پلّے باندھنا ؛ رکھنا ؛ ترتیب دینا ـ (فعل لازم) ناجائز فائدہ اُٹھانا ؛ کسی کے صبر ، مہمان نوازی یا خُوش مزاجی کو فرض کر لینا ؛ فریب سے کوئی چیز کھسکا دینا ـ

imposer, n. عائد کرنے والا ؛ نافذ کُنندہ ؛ مسلط کنندہ ـ

imposable, a. قابل تعمیل ؛ قابل نفاذ ؛ عائد کرنے کے لائق ـ

imposing, a. مرعُوب کن ؛ عظمت ، جسامت یا شان و شوکت کا اثر ذہن پر ڈالنے والا ؛ متـأثّـر کُن ؛ پُردبدبہ ؛ شان دار ؛ پرشکوہ ؛ پُرجلال ؛ کرّوفر والا ؛ تجمّل و حشمت والا ـ

imposingly, adv. مرعُوب کُن انداز میں ؛ پرشوکت طریقے سے ـ

imposition, n. نفاذ ؛ اجرا ؛ اقتدار کے ذریعہ نافذ کرنے کا عمل ؛ بار یا ذمّہ داری ڈالنے کا عمل ؛ جو چیز عائد کی جائے ، مثلاً محصول ؛ ناجـائز فائدہ اٹھانے کا عمل ؛ ناجائز تمتُّع ؛ فریب کاری ـ (کلیسیات) رسمی طور پر سر پر ہاتھ رکھنے کا عمل ـ

impossible, a. نامُمکن ؛ محال ؛ جس کی تکمیل ، فکر یا برداشت ممکن نہ ہو (جیسے : an impossible idea or situation) ـ (بول چال) قابلِ اعتراض ؛ ناقابلِ برداشت ؛ انہونی ـ

impossibleness, impossibility, n. عدم امکان ؛ نامُمکنیت ـ

impossibly, adv. نامُمکِن طور پر ـ

impost, n. محصول ؛ محصول چنگی ؛ جو چیز عائد کی گئی ہو ، جیسے ڈیوٹی ، لگان ، خراج ـ (فنِ تعمیر) وہ مقام جہاں محراب دیوار یا ستون پر ٹکائی جاتی ہے ـ

impostor, imposter, n. مکّار ؛ مدعیٔ کاذب ؛ وہ شخص جو دھوکا دہی کی غرض سے دُوسرے کا کردار یا نام اختیار کرتا ہے ؛ عیّار ؛ وہ شخص جو بددیانتی سے کسی پر کوئی چیز مسلّط کرتا ہے ؛ دغاباز ؛ فریبی ؛ پاکھنڈی ـ

imposture, n. فریب کاری ؛ عیّاری ؛ دغابازی ؛ چھل ؛ فریب ؛ حیلہ ؛ پاکھنڈ ؛ مکر ؛ جعل ـ

impostrous, imposturous, a. عیارانہ ؛ فریب کارانہ ـ

impotent, a. نامرد ؛ عنین ؛ ناتواں ؛ جو جسمانی یا ذہنی قُوّت سے محروم ہو ؛ کم استعداد ؛ کمزور ؛ ضعیف ؛ مباشرت کے ناقابل خصوصاً مرد ؛ ڈِھیلا ـ

impotently, adv. ناتوانی سے ؛ نامردی سے ؛ عنین پن سے ؛ ضُعف سے ـ

impotence, impotency, n. ناتوانی ؛ نامردی ؛ ضعف ؛ عنانت ـ

impound, v.t. پھاٹک یا مویشی خانہ میں بند کرنا ، مثلاً کسی آوارہ جانور کو ؛ کسی احاطے یا حدود میں مُقیّد کرنا ؛ محدود کرنا (جیسے : to impound water in a reservoir) ؛ حاصل کر کے قانون

کی تحویل میں رکھنا ، مثلاً دستاویز شہادت ؛ باندھ رکھنا ؛ قید کرنا ؛ گھیرنا ؛ ضبط کرنا ؛ باضابطہ قبضہ کرنا ۔

impoundable, a. قابلِ تقید یا تحدید ؛ توقیفی ۔

impoundment, n. تقیُّد ؛ تحدید ؛ توقیف ۔

impoundage, n. تقیُّد ؛ تحدید ؛ توقیفیّت ۔

impoverish, v.t. مُفلس کرنا ؛ غریب کرنا ؛ زمین وغیرہ کی طاقت ، زرخیزی زائل کرنا ؛ کنگال کرنا ؛ زور نکالنا ؛ دُبلا کرنا ؛ افلاس زدہ کرنا ۔

impoverisher, n. مُفلس کرنے والا ؛ فقیر ساز؛ فقیر گر ۔

impoverishment, n. مفلس کرنے کا عمل؛ فقیر سازی ؛ فقر؛ ابتر زرخیزی ۔

impracticable, a. عمل ناپذیر؛ ناقابلِ عمل ؛ غیر عملی ؛ جو انسانی ذرائع یا دستیاب ذرائع سے انجام نہ دیا جا سکے ؛ مطلوبہ مقصد کے لیے غیر مفید ؛ جس پر قابو نہ رکھا جا سکے ، مثلاً ضدی شخص ۔

impracticability, n. عمل ناپذیری ؛ ناقابلِ عمل ہونے کی حالت ۔

impracticableness, n. عمل ناپذیری ؛ عمل ناپذیریت ۔

impractical, a. غیر افادی ؛ غیر عملی ؛ عقل سلیم سے عاری ؛ جسے کام میں نہ لایا جا سکے؛ ناقابل عمل ۔

imprecate, v.t. کوسنا ؛ مصیبت ، سزا وغیرہ کی بددُعا دینا ؛ کسی کے لیے مُصیبت طلب کرنا ؛ لعنت بھیجنا ۔

imprecation, n. بددُعا ؛ لعنت ۔

imprecator, n. بددُعا کرنے والا،لاعِن ۔

imprecatory, a. بددُعائیہ ، لعنت آمیز ۔

imprecise, a. نادرست ؛ مبہم ؛ غیر صحیح ۔

imprecisely, adv. غیر صحیح طور پر ۔

impreciseness, imprecision, n. نادُرستی ؛ عدمِ صحت ۔

impregnable, a. ناقابلِ تسخیر؛ جس کو طاقت کے ذریعے لیا یا فتح نہ کیا جا سکے ؛ جس کو متأثر یا متزلزل نہ کیا جا سکے ۔

impregnability, impregnableness, n. تسخیر ناپذیری ؛ مُضبوطی ۔

impregnably, adv. ناقابل تسخیر طور پر ۔

impregnable, a. حمل پذیر؛ جو حاملہ ہو سکے ۔

impregnate, v.t. حاملہ کرنا ؛ گابھن کرنا ؛ بارور کرنا ؛ کسی چیز سے بھرنا یا سیر کرنا یا کوئی مادّہ جذب کرانا ؛ کوئی عامل اصول منتقل کرنا یا داخل کرنا ؛ خیالات یا نظریات وغیرہ ذہن میں بٹھانا ؛ معنی خیز بنانا ؛ لبریز کرنا ؛ مملُو کرنا ؛ بھرنا ؛ پُر کرنا ۔ (صفت) حاملہ ، گابھن ؛ معنی خیز ؛ بارور ؛ بھرا ہوا ؛ پُر ؛ مملو ۔

impregnation, n. حمل ؛ بارور سازی ؛ بھرت ؛ لبریزیت ؛ آبِ زُلال ؛ استقرارِ حمل ؛ تلقیح ؛ باروری ؛ احبال ۔

impregnator, n. حاملہ کرنے والا ؛ بھرنے والا ؛ لبریز کُنندہ ؛ بارور کُنندہ ؛ محمِّل ؛ مستقرِ حمل ۔

impresario, n. ناظمِ تفریحات ؛ تماشوں یا موسیقی کی محافل کا ناظم ؛ ناظم و مہتمِم تفریحات ۔

imprescriptible, a. ناقابلِ تنسیخ ؛ ناقابلِ سُقُوط ؛ سُقُوطِ حق سے بری ؛ جو قانوناً واپس نہ لیا جا سکے ۔

imprescriptibly, adv. ناقابلِ سُقُوط طور پر ، ناقابل تنسیخ طور پر ۔

impress, v.t. نقش کرنا ؛ لگانا ؛ ثبت کرنا (جیسے : to impress a seal into wax) ؛ اس طرح دبا کر لگانا کہ نقش چھوڑ جائے ؛ مہر لگانا ، ٹھپا لگانا ، چھاپ لگانا ؛ کوئی وصف یا کردار کسی میں پیدا کرنا ، متأثّر کرنا (جیسے : a literature strongly impressed with the national characteristics)؛ ذہن نشین کرنا ؛ یاد داشت میں نقش کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ کسی چیز کو دبا کر نشان ڈالنا ؛ گہرا اثر ڈالنا (ذہن یا احساسات پر) ؛ اثر ڈالنا ؛ رائے متاثر کرنا ۔ (برق) کسی دور یا موصل میں بیرونی منبع توانائی کے ذریعے جاری کرنا ۔ (اسم) نقش ؛ چھاپ ؛ ٹھپا ؛ مُہر ۔ (مجازاً) نمایاں کردار یا نقش کردہ اثر ۔

impresser, n. نقّاش ؛ نقش کرنے والا ؛ چھاپ لگانے والا ؛ نقش گر ؛ نقش کار ؛ مُرتَسِم ۔

impress, v.t. سرکاری ملازمت میں جبراً شامل کرنا ، جبراً بھرتی کرنا ، جیسے ملّاح ؛ مفاد عامہ کے لیے لینا یا ضبط کرنا ؛ جبراً بھرتی کرنا (ہنگامی حالت میں) ۔ (اسم) جبری بھرتی مثلاً ملازمت میں ۔

impressible, a. اثر پذیر ؛ حسّاس ؛ نقش پذیر ؛ مُنقّش ؛ نشان دار ۔

impressibility, n. اثر پذیری ؛ نقش پذیری ۔

impression, n. مُہر ؛ نقش کاری ؛ اثر پذیری ؛ نشان ؛ نقش ؛ ٹھپا ؛ اثر (جیسے : Time has left its impression on the structure) ؛ وہ اثر جو ذہن یا احساسات میں پیدا کیا جائے ؛ وہ قوی اثر جو عقل ، احساسات یا ضمیر میں پیدا کیا گیا ہو ؛ نشان ، یاد یا عقیدہ جو مبہم یا غیر واضح ہو ، دُھندلا نشان یا خیال ۔ (طباعت) ٹائپ یا پلیٹ سے چھاپنے کا عمل ، چھپائی ؛ ٹائپ ، پلیٹ یا کندہ کیے ہوئے بلاک سے چھاپی ہوئی نقل ، مطبوعہ نقل ؛ نقول کی مجموعی تعداد ، مثلاً کسی کتاب کی ایک بار چھاپی ہوئی ؛ ایک ہی پلیٹ یا غیر ترمیم شدہ ٹائپ سے مختلف اوقات کی طباعتوں میں سے کوئی ایک ؛ بار یا طبع یا داب ؛ ایڈیشن سے مختلف ؛ چھاپا ؛ چھاپ ؛ داب ؛ ارتسام ؛ تصور ۔ (دندان سازی) دانتوں اور ملحقہ بافتوں کا نقش جو پلاسٹک یا نیم نرم مواد پر لیا گیا ہو ۔

impressional, a. ارتسام پذیر ؛ اثر انداز ؛ اثر پذیر ؛ زُود اثر پذیر ۔

impression, n. تفریحی مقاصد کے لیے کسی مشہور شخص کی نقل عموماً مُضحِک انداز میں ؛ تأثُّر ۔

impressionist, n. تأثُّر پسند ؛ اثر پرست ، وہ مُصوّر جو کسی کی مُضحِک نقل بنائے ؛ تأثُّریتی ؛ معتقِد تاثریت ۔

impressionable, a. اثر پذیر؛ حسّاس ؛ اثر قبول کرنے والا ۔

impressionability, impressionableness, n. ارتسام پذیری ؛ اثر پذیری ؛ زُود اثر پذیری ۔

impressionably, adv. اثر پذیری سے ؛ اِرتسام پذیرانہ ۔

impressionism, n. (عموماً بڑے I سے) تاثریت ؛ ارتسامیت ؛ اُنیسویں صدی کے آخر کا دبستان یا طرز مُصوّری ، جس میں مناظر یا اشیا بُنیادی رنگوں کے مختصر استعمال کے ساتھ اپنے وقتی یا لمحاتی اثر کی نمائندگی کرتے ہیں اور جس میں جُزئیات پر پوری توجُّہ نہیں دی جاتی ؛ ادب میں اس طرح کا طرز یا انداز جس میں منظر ، کردار یا جذبہ مُصنِّف کے یا کردار کے تأثُّرات کے ذریعے معروضی جُزئیات کے

تیّاری یا غور کے بغیر کیا جائے ، برجستہ عمل ۔ (متعلّق فعل) بداہتہً ؛ برجستگی سے ؛ پہلے سے تیاری یا مطالعے کے بغیر ۔

improper, a. نامُناسب ؛ بے جا ؛ بے محل ؛ نازیبا ؛ ناشایستہ ؛ غلط ؛ بے قاعدہ یا غیر معقول ؛ بے موقع ؛ ناسزاوار ؛ غیر واجب ؛ ناقص ؛ نادُرست ؛ ناجائز ؛ ناموافق ؛ نامعقول ؛ بیہودہ ۔

improperly, adv. نامناسب طور پر ؛ بے جا انداز میں وغیرہ ۔

improperness, n. نامعقُولیت ؛ بے جائی ؛ بے قاعدگی ۔

improper fraction, n. کسر غیر واجب ؛ وہ کسر جس کا شمار کُنِندہ اس کے نسب نُما سے بڑا ہو ۔

impropriate, v.t. (کلیسیات) کلیسا کی جائیداد کے منافع و محاصِل کسی عام آدمی کو دینا ۔ (صفت) غیر یا عام آدمی کے حوالے کیا ہُوا ۔

impropriation, n. غیر یا عام آدمی کو تحویل کُنِندگی ؛ گرجا کی وقف مِلک جو دنیا دار کے پاس ہو ۔

impropriator, n. املاکِ کلیسا غیر یا عام آدمی کے حوالہ کرنے والا ؛ دنیا دار جس کو وقفِ دینی کا اختیار ہو ۔

impropriety, n. غیر موزونیت ؛ بے محلی ؛ غیر موزوں اظہار ؛ نامُناسب بات ؛ تقریر یا تحریر میں نادُرست انداز ؛ غلط گوئی یا غلط نویسی ؛ نادُرستی ؛ ناشایستگی ؛ نامناسبت ؛ نامعقولیت ؛ بداسلُوبی ؛ نامناسب کام یا چیز ۔

improve, v.t. سُدھارنا ؛ ترقّی دینا ؛ سنوارنا ؛ بہتر کرنا ؛ زیادہ قابلِ قبول یا افضل بنانا ؛ زمین یا جائیداد کو زیادہ منافع بخش بنانا (کاشت یا تعمیر سے) ؛ زیادہ مفید بنانا (جیسے : to improve a road by resurfacing) ؛ زرخیز کرنا ؛ دُرست کرنا ؛ بہتر بنانا ؛ اصلاح دینا ؛ حیثیت بڑھانا ؛ ترمیم کرنا ؛ اِیزاد کرنا ۔ (فعل لازم) بہتر ہونا ؛ رُوبصحت ہونا ؛ اِفاقہ ہونا ؛ قدروقیمت میں اضافہ ہونا ؛ سدھرنا ؛ بَننا ؛ ترقّی ملنا ؛ سنورنا ؛ بڑھنا ؛ چڑھنا ۔

improver, n. ترقّی دینے والا ؛ سنوارنے والا ؛ کوئی محفوظ کُن مادّہ یا کوئی دُوسری چیز جو خوراک کو بہتر بنانے کے لیے اس میں شامل کی جائے ؛ تقویت بخش ؛ اصلاح کرنے والا ۔

improvability, n. اصلاح پذیری ؛ ترقّی پذیری ۔

improvable, a. اصلاح پذیر ؛ ترقّی پذیر ۔

improvement, n. بہتری ؛ ترقّی ، اصلاح ؛ قدروقیمت میں اضافہ ؛ افزایش ؛ سُدھار ؛ دُرستی ؛ قابلِ قدر اضافہ جو جائیداد میں کیا جائے ؛ بڑھوتری ؛ تعلیم ؛ تربیّت ؛ ترمیم ؛ بناؤ ؛ تہذیب ۔

improvident, a. عاقبت نااندیش ؛ کوتاہ اندیش ؛ پیش بینی سے محرُوم ؛ مُسرف ؛ فضول خرچ ؛ بے فکر ؛ بے پروا ؛ بے احتیاط ؛ لااُبالی ؛ غافل ؛ بے تدبیر ۔

improvidence, n. کوتاہ اندیشی ؛ عاقِبت نا اندیشی ؛ بے احتیاطی ؛ لااُبالی پن ؛ فُضُول خرچی ۔

improvidently, adv. کوتاہ اندیشی سے ؛ عاقبت نااندیشی سے ؛ غافلانہ ؛ بے احتیاطی سے ؛ بے تدبیری سے ۔

improvisation, n. حاضر جوابی ؛ برجَستگی ؛ بداہت ؛ کوئی برجستہ چیز ، مثلاً موسیقی یا شعر ؛ وقتی تدبیر ؛ بدیہہ گوئی ۔

improvisational, a. برجَستہ ؛ فی البدیہہ ۔

improvisator, n. بدیہہ گو ؛ برجَستہ گو ؛ حاضِر جواب ۔

بغیر پیش کیا جاتا ہے ؛ موسیقی کی دھن کا انداز ، جس میں کلاسیکی انداز سے نمایاں انحراف کرتے ہوئے مختلف آہنگ اور دُوسری تدابیر اختیار کر کے تأثُرات یا جذبات کا اظہار کیا جاتا ہے ۔

impressionist, n. تأثُر پسند ؛ تأثریت پسند ؛ معتقد تأثُریت ۔

impressionistic, a. تأثُراتی ؛ تاثریتی ۔

impressionistically, adv. تاثریتی طور پر ؛ تأثُراتی انداز میں ؛ تاثر پسندانہ انداز میں ۔

impressive, a. مؤثّر ؛ اثر انگیز ؛ جذبات خیز ؛ توجُّہ انگیز ؛ خصوصاً جذباتِ تحسین ؛ جاذِبِ توجُّہ ؛ پُراثر ۔

impressively, adv. مؤثّر طور پر ؛ پُر اثر ہونے میں ۔

impressiveness, n. مؤثّریت ؛ اثر انگیزی ؛ تأثُّر ۔

impressment, n. بیگار ؛ جبری بھرتی ؛ ضبطی ؛ مفادِ عامہ یا استعمال عامہ کے لیے آدمیوں یا جائیداد کو حاصل کرنے کا عمل ۔

imprest, n. مساعدہ ؛ پیشگی رقم جو بالخصوص سرکاری کاروبار میں استعمال کے لیے دی جائے ؛ مستقل پیشگی ۔

imprimatur, n. اجازتِ طبع ؛ اجازۂ طباعت ؛ چھاپنے اور شائع کرنے کی اجازت بالخصوص اس مطبوعہ مواد کی جو کسی ایسی کتاب میں شامل ہو جسے رومن کیتھولک کلیسا نے منظور کیا ہو ؛ منظوری ؛ اختیار ؛ سند ؛ سندِ طبع ؛ لائسنسِ طباعت ۔

imprimis, adv. اولاً ؛ اوّل ؛ پہلے ۔

imprint, v.t. چھاپنا ؛ مُہر لگانا ؛ ٹھپّا لگانا ؛ مستقل طور پر نقش کرنا ؛ طبع کرنا ۔ (اسم) جو چھاپا گیا ہو ، مطبوعہ ؛ چھاپ ۔ (کتابیات) کسی کتاب کے طابع اور ناشر کا نام اور تاریخ و مقامِ طباعت ۔

imprinter, n. چھاپنے والا ؛ تابع ۔

imprinting, n. (نفسیات) نقشیاتِ نومولود ؛ ان ابتدائی تأثُرات کا علم جو نومولود سماجی جانوروں (بشمول انسان) میں مادرانہ حرکات کے ردعمل میں پیدا ہوتا ہے ، جیسے مرغی کے بچّے انڈے سے نکلتے ہی ہر اس چیز کو ماں سمجھ کر اس کے پیچھے لپکتے ہیں جو انھیں ہلتی یا اپنی طرف متوجّہ کرتی نظر آتی ہے ۔

imprison, v.t. قید کرنا ؛ پابند کرنا ؛ محدُود کرنا ؛ محبوس کرنا ؛ روکنا ؛ بندی خانے میں ڈالنا ؛ بند کرنا ۔

imprisoner, n. قید کرنے والا ؛ محبوس کُنِندہ ۔

imprisonment, n. اسیری ؛ قید ؛ حبس ؛ پابندی ؛ بندی ؛ بند ۔

improbable, a. خلافِ قیاس ؛ غیر اغلب ، مستبعد ؛ جس کے سچ یا درست ہونے کی توقُّع نہ ہو ؛ غیر متوقّع ؛ غیر متحمّل ؛ خلافِ عقل ؛ بعیدُ العقل ؛ بعیدُ الفہم ؛ بعید از قیاس ۔

improbability, improbableness, n. غیر اغلبیت ؛ عدمِ احتمال ؛ استبعاد ۔

improbably, adv. شاید ؛ خلاف قیاس ؛ غیر اغلب طور پر ؛ غیر متوقّع طور پر ۔

improbity, n. بے اصولی ؛ بددیانتی ؛ بدمعاشی ؛ بے ایمانی ؛ شرارت ۔

impromptu, a. برجستہ ؛ فی البدیہہ ؛ بالبداہت ؛ سابقہ مُطالعہ یا تیّاری کے بغیر ؛ وقت کے وقت ۔ (اسم) جو کام پہلے سے

improvisatorial, improvisatory, a. بدیہہ سازانہ؛ حاضر جوابانہ ۔

improvisatorially, adv. برجستگی سے ؛ حاضر جوابی سے ۔

improvise, v.t., v.i. بروقت مہیّا کرنا ؛ برجستہ کہنا ؛ فی البدیہہ کہنا ؛ موسیقی یا شعر برجستہ موزُوں کرنا ؛ برجستہ طور پر بجانا ، گانا یا پڑھنا ؛ کوئی چیز تیاری کے بغیر یا عُجلت میں پیش کرنا یا مہیّا کرنا؛ وقت کے وقت کرنا ؛ فی البدیہہ تقریر کرنا ۔

improviser, n. برجستہ کہنے والا ؛ بدیہہ گو ۔

imprudent, a. بے تمیز ؛ عاقبت نا اندیش ؛ کوتاہ اندیش ؛ بے احتیاط ؛ بے بصیرت ؛ بے تدبیر ؛ غیر مُحتاط ؛ بے پروا ؛ بے وقوف ؛ بے شعُور ۔

imprudence, n. عاقبت نااندیشی ؛ بے پروائی ؛ کوتاہ اندیشی ؛ بے احتیاطی ۔

imprudently, adv. عاقبت نااندیشی سے ؛ بے پروائی سے ؛ بے احتیاطی سے ؛ بے سوچے ؛ غیر مُحتاط انداز میں ۔

impudent, a. بیباک ؛ شوخ چشم ؛ گُستاخ ؛ طرّار ؛ غیر سنجیدہ ؛ دیدہ دلیر ؛ نڈر ؛ دانستہ طور دُوسروں کی عزّت نہ کرنے والا ؛ بے ادب ؛ بدتمیز ؛ شوخ ؛ ڈھیٹ ؛ بے شرم ؛ خیرہ چشم ؛ بے حیا ؛ بدتہذیب ۔

impudence, n. شوخی ؛ بیباکی ؛ شوخ چشمی ؛ بدتمیزی ؛ گُستاخی ؛ بے ادبی ؛ بے حیائی ؛ بے شرمی ؛ خیرہ چشمی ؛ ڈھٹائی ؛ بے حجابی ۔

impudently, adv. بیباکی سے ؛ شوخ چشمی سے ؛ گستاخانہ ؛ بے ادبانہ ۔

impudicity, n. بے شرمی ؛ بے حیائی ؛ بے غیرتی ؛ بے حجابی ۔

impugn, v.t. اعتراض کرنا ؛ کسی بیان ، رائے ، نیّت یا صداقت پر اعتراضات کی بوچھاڑ کرنا ؛ بحث کرنا ، زیرِ بحث لانا ؛ غلط قرار دینا یا تکذیب کرنا ؛ کاٹنا ؛ ردّ کرنا ؛ گرفت کرنا ؛ مناقشہ کرنا ؛ جرح کرنا ؛ کلام کرنا ؛ تردید کرنا ۔

impugnation, impugnment, n. اعتراض ؛ تردید ؛ تکذیب ؛ گرفت ۔

impugner, n. معترض ؛ اعتراض کرنے والا ؛ تردید کرنے والا ؛ ردّ کرنے والا ؛ کاٹنے والا ۔

impuissance, n. بے طاقتی ؛ کمزوری ؛ ناطاقتی ؛ نامَردی ؛ ضُعف ؛ سُستی ؛ بے بسی ۔

impuissant, a. بے بس ؛ کمزور ؛ ضعیف ؛ سُست ؛ نامَرد ۔

impulse, n. قوّت مُحرّکہ ؛ دھکّا ؛ قوّت کا تحریکی عمل جو آگے دھکیلتا ہے یا حرکت پیدا کرتا ہے ؛ تحریک ؛ انگیزہ ؛ ہیجان ؛ ترنگ ؛ اضطرار ؛ پیدا شدہ حرکت ؛ زور ؛ کسی خاص احساس یا ذہنی حالت کا تحریکی اثر (جیسے a sympathetic impulse) ؛ اچانک اضطراری رُجحان جو عمل کی تحریک کرے ۔ (فعلیات) تحریکی لہر جو عصبی ریشوں کے ذریعہ منتقل ہوتی ہے ۔ (میکانیات) وہ نتیجہ جو قوّت اور وقت کا حاصلِ ضرب ہو ، جس کی تعداد معمول کے معیارِ حرکت میں تبدیلی کے مساوی ہوتی ہے ؛ صدمہ ؛ مُحرّک ۔

impulsion, n. دھکیل ؛ تحریک ؛ آگے دھکیلنے کا عمل یا اس کا نتیجہ یا اثر ؛ دھکّا ؛ رفتار ؛ ذہن یا رویّہ پر تحریکی یا ترغیبی عمل ؛ کسیِ احساس یا نیت کا ترغیبی اثر ؛ ہیجان ؛ ذہنی تحریک ؛ انگیزش ؛ صدمہ ؛ ترنگ ؛ اضطرار ۔

impulsive, a. اضطراری ؛ تحریکی ؛ مُحرّک ؛ ہیجانی ؛ عمل انگیز ؛ غوروفکر کی بجائے ذہنی تحریک یا ہیجان سے پیدا شدہ ؛ جذباتی یا اِضطراری تحریک سے متاثّر ؛ مُحرّکہ ؛ من موجی ؛ مُتحرّکہ ؛ تحریک یافتہ ؛ اکسایا ہوا ؛ انگیختہ ۔ (میکانیات) لمحاتی یا وقتی طور پر کام کرنے والا ۔

impulsively, adv. اضطراری طور پر ؛ دھکّا پیل سے ۔

impulsiveness, n. اضطراریت ؛ بے چینی ۔

impunity, n. برائیت ؛ سزا یا جُرمانے سے اِستثنا ؛ ضرر ، نُقصان ، تکلیف سے بریّت ؛ عافیت ؛ مامُونیت ؛ سزا سے بریت ؛ معافیِ سزا ۔

impure, a. کثیف ؛ مُلوّث ؛ غیر خالص ؛ آلودہ ؛ ملاوٹی ، آمیختہ ، جس میں کسی غیر چیز کی آمیزش کی گئی ہو خصوصاً گھٹیا یا ناقص چیز کی ؛ گندا ؛ بیرونی ، ناموزوں یا قابلِ اعتراض عناصر یا خواص ، جیسے فن کا کوئی اسلُوب ؛ اخلاقی طور پر ناخالص ؛ ناپاکیزہ ؛ بے عصمت ؛ خراب ؛ غیر خالص ؛ عاصی ؛ پاپی ؛ ناپاک ؛ فاسِق ؛ مَیلا ؛ گناہگار ؛ آثم ؛ حرام ؛ نجس ؛ پلید ۔

impurely, adv. غیر خالص طور پر ؛ ناپاکی سے ؛ نجاست سے ؛ فاجرانہ ۔

impureness, impurity, n. میلا پن ؛ گدلا پن ؛ لوث ؛ آلایش ؛ ناپاکی ؛ آلودگی ؛ کثافت ؛ کھوٹ ؛ نجاست ۔

imputable, a. قابلِ اِتّہام ؛ تُہمت پذیر ؛ جس سے کوئی فعل منسوب کیا جا سکے ؛ منسوب ہونے کے قابل ؛ جو کسی سے منسوب ہو سکے ؛ جو کسی پر لگایا جائے ۔

imputability, n. تُہمت پذیری ؛ اِتّہام ۔

imputably, adv. قابلِ اِتّہام طور پر ۔

imputation, n. تُہمت ؛ تُہمت طرازی ؛ اِتّہام ؛ بُہتان ؛ کسی بُری بات کا الزام ۔

impute, v.t. تُہمت لگانا ؛ کسی سے کوئی بُری بات منسوب کرنا ؛ کسی قُصُور کا الزام لگانا ؛ قُصُور وار ٹھہرانا ؛ بُہتان تراشنا ؛ دھرنا ؛ دوش لگانا ؛ نسبت کرنا ۔ (الہیات) کسی سے کوئی برائی یا نیکی غلط طور پر منسوب کرنا ۔

imputative , a. اِتّہامی ؛ اِلزامی ؛ نِسبتی ۔

imputatively, adv. اِتّہامی طور پر ؛ اِلزامی طور پر ؛ کلنک لگانے کے انداز میں ۔

imputativeness, n. تُہمت طرازی ؛ اِلزام تراشی ؛ بُہتان طرازی ۔

imputedly, adv. الزام زدگی سے ۔

imputer, n. تہمت لگانے والا ؛ مُتّہم ؛ اِلزام دہندہ ۔

in, prep. میں ، بیچ ؛ در ، اندر ؛ درمیان ؛ فی ؛ کیونکہ ؛ پر ؛ بر ؛ جبکہ ؛ درحالیکہ ؛ زِیراکہ ؛ نظربریں کہ ؛ بجائے خُود ؛ درحقیقت ؛ دربارے ؛ جس حد تک ؛ جہانتک کہ ؛ چونکہ ؛ کیونکہ ؛ بدستور ؛ مثلِ سابق ؛ عین وقت پر ؛ بروقت ؛ فی الحقیقت ؛ حرف ربط یا حرف عاملِ جو زمان و مکان کی حدود یا حالات میں شمول یا موجودگی کا اظہار کرتا ہے (جیسے : in the city, dressed in white) ؛ کسی عرصۂ وقت میں شمول یا وقوع کا اظہار in politics (جیسے : in ancient times یا to do a task in an hour) ؛ کسی

حالت ، عمل ، طور ، تعلّق یا نسبت کی علامت (جیسے : in darkness (تاریکی میں) in sickness (بیماری میں) in debt (قرض میں) ؛ in crossing the river (دریا عبور کرتے ہوئے) ؛ to tell in confidence (راز دارانہ طور پر بتانا) ؛ to write in French (فرانسیسی میں لکھنا) ؛ مقصد یا مُدّعا کی علامت (جیسے : in honor of the event ، (واقعہ کی یاد میں) ؛ بیچ میں ؛ درمیان، عمل میں (جیسے : to put in operation) -

in, adv. اندر ؛ اِدھر اُدھر ؛کسیِ مقام ؛
حالت ، حیثیت یا تعلّق میں ؛ اندر کی طرف ؛ اپنے مکان ، دفتر یا معمول کی جگہ پر (جیسے : to remain in during bad weather)؛ عُہدہ پر یا اقتدار میں ؛ موسم میں ؛ فیشن میں ؛ کسی چیز میں جو اس کا حصّہ بن جائے (جیسے : to stir in the sugar) ؛ تکمیل کے مرحلے پر یا دستیابی کے موقع پر (جیسے : as soon as the bills are in) - (صفت) جو اندر ہو ؛ اندرونی ؛ اندر کی طرف ؛ اندر آنے والا - (بول چال) وقت کے مطابق یامعاشرتی طور پر قابلِ قبول یا پسندیدہ (جیسے : the in thing to do ، کرنے کے قابل کام) - (اسم) اہل اقتدار میں سے کوئی ایک (جیسے : a member of the political party in office ، برسر اقتدار جماعت کا رُکن) ؛ برتری کا مقام یا کسی بااثر شخص یا گروہ کی حمایت یا رسوخ (جیسے : in with the manager) -

inability, n. بے اختیاری ؛ ناقابلیّت ؛ عدمِ اہلیّت ؛
ضروری طاقت ، ذرائع ، استعداد یا قابلیت کا فُقدان ؛ نالائقی ؛ کمزوری ؛ ناچاری ؛ بے مَقدُوری ؛ عدمِ استطاعت ؛ لاچاری ؛ بے سروسامانی ؛ مجبوری ؛ بے بسی ؛ عاجزی ناتوانی؛ ضُعف -

inaccessible, a. ناقابلِ رسائی ؛ پہنچ سے باہر ؛ ناقابلِ حُصُول ؛
دسترس سے باہر ؛نامُمکنُ الوُصول -

inaccessibility, inaccessibleness, n. نارسائی ؛
ناقابلیّت رسائی ؛ حُصُول ناپذیری ؛
کیفیّتِ نارسائی ؛ عدم قابلیت رسائی -

inaccessibly, adv. ناقابلِ دسترس انداز میں ؛ ناقابلِ رسائی طور پر-

inaccuracy, n. سُقم ؛ نادرُستی ؛ عدمِ صحت ؛ غیر صحیح بیان ؛
غلطی -

inaccurate, a. نادرُست ؛ غیر صحیح ؛ غلط بیانات
کا حامل ؛ جو صداقت کے مطابق نہ ہو ؛ غلط ؛ ناقِص ؛ خلافِ واقعہ -

inaccurately, adv. غیر صحیح طور پر ؛ غلط طور پر ؛
نادرُستی سے -

inaccurateness, n. عدمِ صحت ؛ نادرُستی -

inaction, n. بے عملی ؛ بیکاری ؛ سستی ؛ بے شغلی ؛
کاہلی ؛ آلکس -

inactivate, v.t. بے عمل بنانا ؛ غیر مؤثر بنانا ؛ غیر افزودہ کرنا -
(طب) اثر دُور کرنا ؛ جیسے کسی حرارت کے ذریعہ مصل (serum) کا ؛
غیر عامل کرنا ؛ غیر فعّال بنانا -

inactivation, n. بے عمل سازی ؛ غیر فعّالیت ؛ غیر افزودگی ؛
غیر مؤثر سازی ؛ غیر عاملیّت ؛ غیر عامل کاری -

inactive, a. غیر عامل ؛ بے عمل ؛ غافل ؛ بیکار ؛ غیر مستعمل ؛
کاہِل ؛ غیر افزودہ ؛ سُست ؛ غیر فعّال ؛ بے حرکت ؛ غیر متحرّک ؛ غیر مؤثر ؛ مجہول ؛ بے شغل - (عسکری) غیر فعّال ؛ جس کی لام بندی نہ کی گئی ہو -

inactively, adv. بے عملی سے ؛ سُستی سے ؛ کاہلی سے -

inactivity, n. بے توجہی ؛ بے عَملی ؛ بے حرکتی ؛ کاہلی ؛
بے کاری ؛ سُستی ؛ بے شغلی -

inadequacy, inadequateness, n. عدمِ کفاف ؛ عدمِ کفایت ؛
کوتاہی ؛ عدمِ اِکتِفا ؛ناکافی پن ؛ غیر مکتفی پن ؛ کمی ؛ نقص -

inadequate, a. غیر مُکتفی ؛ ناکافی ؛ مقصد کے لیے ناکافی ،
جو ضرورت کے مطابق نہ ہو ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ ادھُورا ؛ ناقابل ؛ قاصِر ؛
ناقص ؛ قلیل -

inadequately, adv. ناکافی طور پر ؛ ناقص طور پر-

inadmissible, a. ناقبول پذیر ؛ ناقابلِ قبُول ؛ ناپذیر فتنی ؛
ناقابلِ ادخال ؛ ناجائز ؛ ناقابلِ تسلیم ؛ ناقابلِ پذیرائی ؛ غیر متعلّق ؛
ناقابلِ سماعت ؛ ناقابلِ منظوری ؛ ممنوع السماعت -

inadmissibility, n. ناقبُول پذیری ؛ بے جوازی -

inadmissibly, adv. ناقابلِ قبُول طور پر-

inadvertence, inadvertency, n. سہو ؛ بے توجّہی ؛
غفلت ؛ غلطی ؛ قُصُور ، جو بے پروائی کا نتیجہ ہو ؛ بے خبری ؛ بُھول ؛
تغافُل ؛ بے احتیاطی ؛ بے دھیانی -

inadvertent, a. بے خبر؛ بے توجُّہ ؛ غافِل ؛ بے پروا ؛
غیر ارادی (جیسے : an inadvertent remark) ؛ بے فکر ؛ بے ارادہ -

inadvertently, adv. غفلت سے ؛ بے پروائی سے ؛ بے ارادہ ؛ غافلانہ -

inadvisable, a. نامُناسب ؛ غیر دانشمندانہ ؛ خلافِ مصلحت -

inadvisability, n. عدمِ اقتضا ؛ بے مصلحتی -

inalienable, a. ناقابلِ انتقال ؛ لاینفک ؛ غیر مُنفک ؛
جو کسی دُوسرے کو منتقل نہ کیا جا سکے ؛ غیر مُنقسم ؛ ناقابلِ تقسیم -

inalienability, n. انتقال ناپذیری؛ عدم قابلیتِ انتقال ؛
انفکاک نا پذیری -

inalienably, adv. ناقابل انتقال طور پر-

inalterable, a. ناقابل تبدیل ؛ غیر متبدّل ؛ جو بدلا نہ جا سکے ؛
تغیُّر ناپذیر ؛ ناقابلِ تغیّر ؛ غیر تغیّر پذیر-

inalterability, inalterableness, n. غیر تغیر پذیری ؛ تغیّر ناپذیری ؛
عدمِ تبدُّل -

inalterably, adv. ناقابلِ تغیّر طور پر-

inamorata, n. عاشقہ؛ معشُوقہ؛ محبوبہ؛ دِل آرام -

in-and-in, adv. بار بار ان ہی حدود کے اندر ،
جیسے کسی خاندان یا نسل کا (جیسے: to breed stock in and in) ؛
ویسے کا ویسا ہی -

inane, a. بے مغز ؛ خالی ؛ تہی مغز ؛ بیوقوف ؛
بے معنی - (اسم) خالی چیز ؛ نامعقول ؛ لغو ؛ لامحدود خلا ؛ تھوتھا ؛
احمق ؛ خلا ؛ تہی -

inanely, adv. خالی طور پر ؛ بیوقوفی سے -

inaneness, inanity, n. خالی پن ؛ بے مغزی ؛ بے وقوفی -

inanimate, a. غیر ذِی رُوح ؛ بے جان ؛ بے رُوح ؛ مُردہ دل ؛
کُند ؛ ٹُھس ؛ بے عمل ؛ کاہل ؛ بے حِس ؛ بے حیات -

inanimately, adv. بے جان طور پر ؛ کاہلی سے ۔

inanimateness, n. بے جانی ؛ کاہلی ؛ مُردہ دِلی ؛ بے حِسّی ؛ بے حِس پن ۔

inanition, n. خالی پن ؛ غذا نہ ملنے کے باعث ضُعف ؛ لاغری ؛ قُوّت کی کمی ؛ کمزوری ؛ کاہلی ؛ غفلت ؛ ضُعف جُو ؛ خلوِ معدہ ؛ بے مغزی ۔

inanity, n. بطالت ؛ خلو ؛ حماقت ؛ خالی چیز ؛ حماقت کی بات ؛ جیسے احمقانہ تبصرہ ؛ معنویت یا خیالات کا فُقدان ؛ بے شُعُوری ؛ بیہودگی ؛ اوچھا پن ؛ خلا ؛ بے مغزی ۔

inappeasable, a. فرو نہ ہونے والا ؛ تسکین نا پذیر ؛ سیر نشدنی ؛ بے حس ؛ بے رحم ؛ سیر نہ ہونے والا ۔

inappetence, inappetency, n. تعلّق ، خواہش یا بُھوک کی کمی ؛ عدمِ گُرسَنِگی ؛ بے اشتہائی ؛ بے رغبتی ؛ بے تعلُقی ؛ سیری ؛ آسُودگی ؛ استغنا ۔

inappetent, a. بے اشتہا ؛ بے رغبت ؛ بے تعلّق ۔

inapplicable, a. ناقابلِ اطلاق ؛ غیر متعلّق ؛ ناموزُوں ؛ جو مقصد کے مطابق نہ ہو ؛ بے لگاؤ ؛ ان میل ؛ نامُناسب ؛ بے تعلّق ؛ ناقابل ؛ غیر مُطابق ؛ نامُوافق ۔

inapplicability, inapplicableness, n. عدم اطلاقیت ؛ عدم تطبیق ؛ نامناسبت ؛ ناموزُونیت ؛ نامطابقت ؛ ناموافقت ؛ بے تعلقی ۔

inapplicably, adv. ناقابلِ اطلاق طور پر ؛ نامُوزوں طور پر ۔

inapposite, a. بے جا ؛ بے موقع ؛ بے محل ؛ نامُوزوں ؛ غیر متعلّق ۔

inappositely, adv. بے محل طور پر ؛ نامُوزوں طور پر ۔

inappositeness, n. بے جائی ؛ ناموزونیّت ۔

inappreciable, a. خفیف ؛ نامحسُوس ؛ ناقابلِ لحاظ ؛ ناقابل توجُّہ ؛ نظر انداز کر دینے کے قابل ؛ اتنا چھوٹا کہ اس پر بمشکل توجُّہ دی جا سکے یا جس کا اندازہ نہ کیا جا سکے ۔

inappreciably, adv. ناقابلِ لحاظ طور پر ۔

inappreciative, a. قدر ناشناس ؛ قدرناشناسانہ ؛ بے قدر ؛ ناشُکرا ؛ ناسِپاس ۔

inappreciatively, adv. ناقدری سے ؛ قدر ناشناسانہ طور پر ۔

inappreciativeness, n. ناقدری ؛ قدرناشناسی ؛ عدمِ احساس ۔

inapproachable, a. ناقابلِ رسائی ؛ دسترس سے باہر ؛ پہنچ سے باہر ؛ بے نظیر ؛ بے مثال ۔

inappropriate, a. غیر مناسِب ؛ نامُناسِب ؛ ناموزوں ؛ بے جا ؛ غیر موزوں ؛ بے محل ؛ بے موقع ؛ بے جوڑ ۔

inappropriately, adv. نامناسب طور پر ؛ غیر موزوں طور پر ۔

inappropriateness, n. غیر موزُونی ؛ ناموزُونیت ؛ عدم مناسبت ؛ نامناسبت ؛ بے محل پن ۔

inapt, a. ناقابل ؛ ناموزُوں ؛ نامُناسب ؛ بے اِستِعداد ؛ نالائق ؛ غیر ماہر ؛ ناشایستہ ؛ نااہل ۔

inaptitude, n. مغائرت ؛ عدمِ قابلیت ؛ بے اِستعدادی ؛ ناموافقت ؛ نامناسبت ؛ ناقابلیت ؛ نالائقی ۔

inaptly, adv. نالائقی سے ؛ ناقابلیت سے ۔

inaptness, n. نالائقی ؛ عدم قابلیت ؛ ناقابلیّت ۔

inarch, v.t. (گُلبانی) میل پیوند کرنا ؛ ایک ٹہنی کا دوسری سے اس طرح پیوند کرنا کہ اسے اصلی درخت سے جدا نہ کیا جائے ؛ میل کرنا ؛ پیوند لگانا ؛ داب لگانا ۔

inarticulate, a. غیر مربُوط ؛ بے ربط ؛ جو بولی جانے والی زبان کی واضح صورت میں نہ بولا گیا ہو ؛ مُہمل ؛ غیر واضِح ، غریب ؛ ناقابل فہم ؛ صاف زبان بولنے کے ناقابل ؛ گُونگا ؛ اپنے خیالات کے اِبلاغ کے لیے زبان استعمال کرنے کے ناقابل ، غیر ملفُوظ ، ان کہا (جیسے : in articulate sorrow) ۔ (حیوانیات) بے جوڑ ؛ بے مَفصل ۔

inarticulately, adv. غیر مربُوط طور پر ؛ بے ربطی سے ۔

inarticulateness, n. بے ربطی ؛ گنگ پن ؛ گونگا پن ۔

inartificial, a. غیر مصنوعی ؛ اصلی ؛ قُدرتی ؛ سادہ ؛ ناپُرکار ؛ نافنکارانہ ؛ بے ساختہ ؛ بَھدّا ؛ بھونڈا ؛ بے تکلُّف ؛ بے بناوٹ ؛ بلاتکلّف ؛ بلاتصنُّع ؛ فِطری ۔

inartificially, adv. بے ساختہ طور پر ؛ غیر مصنوعی طور پر ؛ اصلی طور پر ؛ سادگی سے ؛ بے تکلف ؛ بلا تصنع ؛ بھونڈے پن سے ۔

inartistic, a. غیر فنی ؛ نافنکارانہ ؛ جو اصول فن کے مطابق مکمّل نہ کیا گیا ہو ؛ فن شناسی سے محروم ؛ بدذوق ؛ اُصُولِ فن سے ناواقف ؛ بے اُصُول ؛ بَھدّا ؛ بھونڈا ؛ بدنُما ۔

inartistically, adv. نافنکارانہ طور پر ؛ بھدّے پن سے ؛ خلافِ اُصُولِ صنّاعی ۔

inasmuch as, conj. جہاں تک ؛ اس درجہ تک ، اس کے پیش نظر ؛ مدِّنظر رکھتے ہوئے ؛ چُونکہ ۔

inattention, n. عدم توجُّہ ؛ بے توجہی ؛ بے پروائی ۔

inattentive, a. بے توجُّہ ؛ بے اعتنا ؛ غافل ؛ بے پروا ۔

inattentively, adv. بے توجہی سے ۔

inattentiveness, n. بے توجہی ۔

inaudible, a. ناشنیدنی ؛ غیر مسمُوع ؛ جو سُنا نہ جا سکے ؛ جو سنائی نہ دے ؛ بے آواز ۔

inaudibility, n. غیر مسموعیّت ؛ سُن نہ سکنے کی حالت ؛ بے آوازی ۔

inaudibly, adv. غیر مسموع طور پر ؛ چُپکے سے ؛ بہت دھیمی آواز میں ۔

inaugural, a. افتتاحی ؛ تمہیدی ؛ تاسیسی ؛ ابتدائی ؛ آغازی ۔ (اسم) افتتاحی خطاب ، جیسے صدر یا گورنر کا ؛ افتتاحی رسم ؛ افتتاح ؛ نئے عُہدے پر جلُوس کی تقریب ۔

inaugurate, v.t. افتتاح کرنا ؛ رسمی تقریبات کے ساتھ کسی عہدے یا منصب پر فائز کرنا ؛ نصب کرنا ؛ رسمی ابتدا کرنا ؛ رسمی تقریب کے ساتھ عام استعمال کے لیے مُتعارف کرانا ؛ شروع کرنا ؛ آغاز کرنا ۔

inauguration, n. افتتاح ؛ باضابطہ آغاز ؛ مُلمّع سازی ؛ طلا کاری ۔

inaugurator, n. اِفتِتاح کُنندہ ؛ اِفتِتاح کرنے والا ۔

Inauguration Day, n. روزِ تاسیس ؛ یومِ اِفتِتاح ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کے صدر کے عُہدہ سنبھالنے کا دن یعنی چار پر تقسیم ہونے والے سن کے اگلے سال کی ۲۰ جنوری کا دن ۔

inauspicious, a. بدشگون ؛ منحُوس ؛ نَحس ؛ غیر مساعد ؛ نامُبارک ؛ بدفال ۔

inauspiciously, adv. بدشگونی سے ؛ نحوست سے ؛ بدفالی سے ۔

inauspiciousness, n. بدشگونی ؛ نحوست ؛ بدفالی ۔

inboard, a., adv. (جہاز رانی) وسط جہاز ؛ جہاز یا کشتی کے

ڈھانچے کے مرکز کی طرف یا اندر ؛ جہاز یا کشتی کا (جیسے : an in-board motor)۔ (طیرانیات) طیّارے کے خول کے مرکز پر یا اُس کے قریب۔

inborn, a. پیدایشی ؛ خِلقی ؛ جَبلّی ؛ فِطری ؛ ذاتی ؛ جنمی ؛ اصلی۔

inbound, a. زیرِ تحویل ؛ تحویلی ؛ گھر کی طرف آنے والا (جیسے : an inbound vessel)۔

inbreathe, v.t. اندر سانس لے جانا ؛ سانس لینا ؛ اندر سانس کھینچنا۔

inbred, a. خِلقی ؛ جَبلّی ؛ فِطری ؛ پیدایشی ؛ خالِص نسلی۔

inbreed, v.t. قریبی رشتہ داروں کی باہمی ازدواجیت کرنا ؛ ایک ہی خاندان میں شادی کرنا ؛ داخلی تولید کرنا ؛ خالص نسل کشی کرنا۔

inbreeding, n. (حیاتیات) داخلی تولید ؛ خالص نسل کَشی ؛ قریبی رشتہ دار پودوں یا جانوروں کا ملاپ تا کہ اولاد یا آئندہ نسل میں یک جہتی پیدا ہو اور اس عمل سے خالص نسل جنم لے : داخلی نسل کشی کسی وقت مُضِر بھی ہو سکتی ہے ؛ خیال و رائے کی ایک محدود گنجایش تک پابندی، بالخصوص گریجویٹ اور زیرِ تربیّت افراد جو کسی اسکول یا ادارہ سے وابستہ ہوں ، ان کو اُجرت پر حاصل کر کے اسی ادارے میں ان سے تعلیم دلوانا ؛ داخلی تدریس۔

Inca, n. انکا ؛ جنوبی امریکی انڈین کے سرکردہ گروہوں میں سے کوئی ایک ، جنھوں نے ہسپانوی فتح سے پہلے پیِرُو میں ایک سلطنت قائم کی تھی ؛ انکائی سلطنت کا اعلیٰ حکم ران یا شاہی خاندان کا فرد۔

incan, a., n. انکائی ؛ انکا کا باشندہ۔

incaic, a. انکائی ؛ انکا سے متعلق۔

incalculable, a. بے اندازہ ؛ بے شُمار ؛ ناقابلِ شُمار ؛ بے حساب ؛ اتنا زیادہ کہ اس کا شُمار یا اندازہ نہ کیا جا سکے ؛ جس کے متعلّق پیش گوئی نہ کی جا سکے ؛ ان گنت ؛ بے حد؛ ناقابل اندازہ۔

incalculability, n. بے شُماری؛ بےحسابی۔

incalculably, adv. بے حساب طور پر۔

incalescent, a. تپتا ؛ حار؛ گرم؛ حرارت افزا؛ زیادہ گرم ہونے والا؛ جس میں حرارت بڑھتی جائے۔

incalescence, n. گرمی؛ حدّت؛ حرارت افزائی۔

incandesce, v.t., v.i. دمکنا؛ گرمی سے دَمکانا ؛ تابِش میں لانا ؛ تاباں ہونا ؛ دہکنا ؛ دہکانا ؛ روشن کرنا ؛ گرمی سے روشن کرنا ؛ جلانا ؛ جلنا ؛ گرمی سے روشن ہونا ؛ گرمی سے جلانا۔

incandescence, n. تابش ؛ چمک ؛ گرمی ؛ گرمی یا حرارت سے چمک ؛ تابانی ؛ روشنی۔

incandescent, a. تاباں ؛ دہکتا ؛ حرارت کی وجہ سے روشن یا سُفید ؛ بہت روشن ؛ چمکیلا ؛ جلتا ہوا ؛ دہکتا ہوا ؛ چمکتا ہوا ؛ حرارت سے پیدا شدہ روشنی یا چراغ سے متعلّق ۔ (مجازاً) تاباں جیسے قوّت حیات سے ؛ سرگرم ؛ زندہ دل ؛ جاندار ؛ درخشاں۔

incandescently, adv. تابانی سے ؛ درخشانی سے۔

incandescent lamp, n. تاباں لیمپ ؛ روشن چراغ ؛ وہ چراغ یا قُمقمہ جس کی روشنی کسی گرم کیے ہوئے خاص مادّے کی چمک سے پیدا ہوتی ہے ، ان میں سب سے زیادہ عام بجلی کا قُمقمہ ہے جس میں ایک مُوصل فتیلہ قُمقُمے کے اندر خلا میں بجلی کی رَو سے روشن ہوتا ہے ؛ کبھی کبھی گیس لیمپ جس میں مینٹل استعمال ہوتا ہے ؛ چراغ روشن۔

incantation, n. جادُو ؛ مَنتر ؛ سِحر ؛ افسُوں ؛ ارواح کو جگانے ، جادو کرنے کے لیے بعض خاص الفاظ جن کو بولا یا گایا جاتا ہے ؛ اس طرح استعمال کیے جانے والے الفاظ ؛ جادُو کا طِلسم ؛ منتر یا رسم ؛ طِلسم ، سِحر طرازی ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا۔

incantational, incantatory, a. جادُوئی ؛ افسُونی ؛ منتر سے متعلّق

incapable, a. ناقابِل ؛ نالائق ؛ کسی خاص مقصد کے حصول کے لیے کافی طاقت یا قابلیّت سے محروم (جیسے : an incapable assistant) ؛ قسم یا حالت کی وجہ سے اثر ناپذیر (صرف of کے ساتھ مستعمل'جیسے : a gas incapable of being reduced to a liquid) ؛ ناقابل (جیسے : incapable of working hard)۔(قانون) نااہل یا نااہل قرار دیا ہُوا ؛ جو خاص قانونی معاملات کے لیے قابلیت ، سمجھ یا دُوسری اہلیّت نہ رکھتا ہو۔ (اسم) وہ شخص جو جسمانی یا دماغی طور پر کوئی نتیجہ خیز کام کرنے کا اہل نہ ہو؛ بے استعداد یا غیر مُستند شخص ؛ دماغی طور پر ناقص ؛ کمزور بیٹا ؛ ناطاقت ؛ نااہل۔

incapability, incapableness, n. عدمِ قابلیت ؛ نا اہلی ؛ نالائقی ؛ ناقابلیت ؛ نالیاقتی ؛ ناطاقتی ؛ بے مقدوری ؛ ناداری ؛ عدم صلاحیّت۔

incapably, adv. نا اہلی سے ؛ نالائقی سے۔

incapacitate, v.t. ناکارہ بنانا ؛ نالائق بنانا ؛ استعداد یا فطری طاقت سے محرُوم کرنا ؛ ناقابل یا ناموزُوں بنانا ؛ نا اہل قرار دینا ؛ معذُور کرنا ؛ معذور بنانا ؛ عاجز کرنا ؛ بے بس کرنا ؛ محروم کرنا۔ (قانون) نااہل قرار دینا۔

incapacitation, n. ناقابلیّت ؛ ناقابل سازی ؛ سلبِ استعداد ؛ معذُوری ؛ نالیاقتی۔

incapacity, n. معذوریت ؛ نااہلی ؛ استعداد ، قابلیت یا طاقت کا فُقدان ؛ عدمِ قابلیت ؛ نالائقی ؛ ناقابلیت ؛ نالیاقتی ؛ بے اِستِعدادی ؛ معذُوری۔ (قانون) ناقابلیت از رُوئے قانون ؛ نااہلی کسی قانونی معاملے میں۔

incarcerate, v.t. قید کرنا ؛ احاطہ بند کرنا ؛ پابند کرنا ؛ محبوس کرنا ؛ بند کرنا ؛ اسیر بنانا ؛ باندھنا۔

incarceration, n. قید ؛ حبس ؛ اسیری ؛ بندش۔

incarnadine, a. گوشت رنگ ؛ گلابی ، خون رنگ ، سُرخ ؛ لہو رنگ۔ (فعل متعدی) سرخ کرنا ؛ گلابی بنانا۔ (اسم) سُرخ رنگ ؛ بدن رنگ۔

incarnate, v.t., v.i. گوشت میں شامل کرنا ؛ مُجسّم کرنا ؛ انسانی شکل دینا ، تجسیم کرنا ؛ مادّی شکل میں پیش کرنا ، مثلاً کوئی خیال ؛ مجسّم ہونا ، مثلاً کسی وصف یا خیال کا ؛ جسم دینا ؛ عملی صورت میں لانا ؛ عملی جامہ پہنانا ؛ زندہ نمونہ بنانا ؛ زندہ مثال بنانا ؛ پُتلا بنانا۔ (صفت) مجسم یا مشخّص (جیسے : evil incar-nate)؛ گوشت کے رنگ کا ؛ سُرخ ؛ گُلابی۔

incarnation, n. تجسیم ؛ بالخصوص انسانی شکل یا فطرت اختیار کرنے کا عمل ، مثلاً کسی سماوی ہستی کا ؛ اوتار ؛ کوئی شخص، چیز جو کسی چیز مثلاً کسی وصف یا نظریہ کی نمائندگی کی ایک مثالی صُورت میں کرے ؛ کسی نظریہ ، وصف ، روح یا دیوتا کی تجسیم ؛

اوتاریت ؛ جسمانیّت ؛ تجسُّم ؛ زندہ نمونہ ؛ زندہ مثال ؛ پُتلا ۔

incase, v.t.
دیکھیے: Encase ۔

incaution, n.
بے خبری ؛ بے پروائی ؛ بے اِحتیاطی ؛
عاقبت نااندیشی ؛ بے اِلتفاتی ۔

incautious, a.
بے خبر ؛ بے پروا ؛ بے احتیاط ؛ بے التفات ۔

incautiously, adv.
بے پروائی سے ؛ بے احتیاطی سے ۔

incautiousness, n.
بے پروائی ؛ بے احتیاطی ۔

incendiary, a.
سوزاں ؛ آتش گیر ؛ آتشیں ؛ مُفسد ؛ فتنہ انگیز ؛
آتش انگیز ؛ کسی عمارت یا جائیداد کی دُشمنانہ یا مجرمانہ آتش زنی سے
متعلّق ؛ جو جائیداد کو آگ لگانے کے لیے استعمال ہو (جیسے :
incendiary bombs) ؛ کشمکش ، بغاوت ، فساد یا غدر پیدا کرنے والا ؛
اشتعال انگیز ؛ آتش ناک ؛ شُعلہ بیان ؛ مفسِدانہ ۔ (اسم) وُہ شخص جو
دشمنی کی وجہ سے کسی جائیداد کو آگ لگائے ؛ آتش زن ؛ مُفسِد ؛ جو
شخص ہجوم کو کشمکش یا تشدُّد پر مشتعل کرے ؛ ہنگامہ پرور ؛ آتش
انگیز بم ؛ آتش افروز ۔

incendiarism, n.
آتش زنی ؛ آتش انگیزی ۔

incense, n.
لوبان ؛ خوشبُو ؛ بخور ؛ خوشبودار گوند یا
کوئی دُوسرا مادّہ جو جلنے پر خوشبو پیدا کرے جو خاص طور پر مذہبی
رسوم میں مستعمل ہے ؛ خوشبو یا دھواں جو ایسے مادے کے جلنے سے
پیدا ہو ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی ۔ (فعلِ متعدّی) خُوشبُو جلانا ، دُھونی دینا ؛
دھونی یا عُود سے خوشبو دار بنانا ۔ (فعل لازم) لوبان جلانا ؛ خُوشبُو
دینا ۔

incense, v.t.
بھڑکانا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ ناراض کرنا ؛
برافروختہ کرنا ؛ برہم کرنا ؛ غُصّہ دلانا ؛ طیش دلانا ۔

incentive, n.
ترغیب ؛ تحریک ؛ جو چیز عمل کی تحریک دے ؛
مُحرّک ؛ تحریک یا ترغیب ؛ سبب ۔ (تجارت) کوئی خاص ترغیب جو
کوئی کاروباری ادارہ فروخت یا پیداوار بڑھانے یا عملہ کو مزید کوشش
کرنے پر آمادہ کرنے کے لیے پیش کرے ۔ (صفت) مُحرّک بالعمل ؛ ترغیب
دہندہ ؛ اشتعال انگیز ؛ باعث ترغیب ۔

incept, v.t.
(حیاتیات) اندر جذب کرنا ؛ قبول کرنا ؛ احاطہ میں لینا ۔
(فعل لازم ، برطانوی) کوئی پیشہ اختیار کرنا ۔

inceptor, n.
دروں جاذب ؛ اندر جذب کرنے والا ۔

inception, n.
دروں جاذبیّت ؛ آغاز ؛ ابتدا ؛ اصل ؛
اندر جذب کرنے کا عمل ؛ داخلی انجذاب ۔

inceptive, a.
ابتدائی ؛ آغازی ؛ شروعاتی ۔
(گرامر) کسی فعل کے آغاز کا مظہر ، مثلاً کوئی فعل جو esce پر ختم
ہو ، (جیسے: coalesce) ۔ (اسم) (گرامر) آغازی فعل یا صورت ۔

inceptively, adv.
بطور آغاز ؛ ابتداً ۔

incertitude, n.
بے یقینی ؛ اشتباہ ؛ بے اعتقادی ؛ گُمان ؛ شُبہ ؛
شک ؛ عدم تحفّظ ۔

incessant, a.
متواتر ؛ پیہم ؛ لگاتار ؛ مُسلسل ؛ پَے بہ پَے ؛
پَے در پَے ؛ مُتّصِل ۔

incessantly, adv.
علی التواتر ؛ مسلسل طور پر وغیرہ ۔

incessancy, n.
تواتر ؛ تسلسلُ وغیرہ ۔

incest, n.
زِنائے مَحرم ؛ تزویج مُحرمات ؛ قریبی خُونی
رشتہ داروں کے مابین شادی یا جنسی تعلّق ؛ خونی رشتہ داروں کے
مابین شادی یا جنسی تعلق کا جُرم ، جہاں ایسی شادی ممنوع ہو ؛
حُرمت ؛ مباشرتِ محرمات ۔

incestuous, a.
تزویج محرمات سے متعلّق ؛ تزویج محرمات کا مُجرَم ؛
تزویجِ محرمات کے جُرم میں ملوّث ۔

incestuously, adv.
تزویجِ محرمات کے جرم کے طور پر ۔

incestuousness, n.
تزویجِ محرمات کا جُرم ۔

inch, n.
انچ ؛ لمبائی کا ایک پیمانہ ؛ فٹ کا بارہواں حصّہ
یا ۲٫۵۴ سینٹی میٹر ؛ قلیل پیمایش یا مقدار ۔ (موسمیات) پانی یا برف
کی وہ مقدار جو کسی سطح کو ایک انچ کی گہرائی تک ڈھانپ لے ؛
دباؤ کا ایک درجہ جو پارے یا کسی اور مائع کے عمودی استوانے کے
وزن کو مَینومیٹر یا بَیرومیٹر میں ایک انچ اُونچائی پر لے جائے ؛ انچ
دباؤ ۔ (فعل متعدی و لازم) انچ انچ کر کے بڑھنا یا چھوٹے مدارج میں
حرکت کرنا ۔

inchmeal, adv.
انچ انچ کر کے ؛ آہستگی سے ؛ بتدریج ۔

inchoate, a.
بدوی ؛ ناقِص ؛ جو ابھی شُروع ہُوا ہو ؛
ابتدائی ؛ بُنیادی ؛ ادھُورا ، نامکمّل ؛ غیر مُنظّم ؛ ناتمام ۔

inchoately, adv.
غیر مکمّل طور پر ۔

inchoateness, n.
عدمِ تکمیل ؛ آغازیت ؛ بدیہی پن ۔

inchoative, a.
ابتدائی ۔ (گرامر) آغازی (فعل) ؛ کسی فعل
یا حالت کے آغاز کا مظہر ۔ (اسم) (گرامر) آغازی فعل ۔

inchoatively, adv.
ابتدائی طور پر ۔

inchworm, n.
انچ کرم ؛ ناپ کرم ۔

incidence, n.
وقوع ؛ ورود ؛ نُزُول ؛ حلقۂ اثر ؛
حُدُودِ اثر ؛ دائرۂ اثر (جیسے : the incidence of a disease) ۔ (طبیعیات)
کسی شعاع یا ہوائی وغیرہ کا سطح پر گرنے کا عمل یا طور ۔ دیکھیے :
angle of incidence ۔

incident, n.
وقوعہ ؛ واقعہ ؛ ماجرا ؛ رُوئیداد ؛ واضِح
وقوع یا واقعہ ؛ واردات ؛ ضمنی واقعہ ؛ ذیلی واقعہ ؛ حادثہ ؛ اتفاق ؛
وارِدہ ؛ کسی کہانی یا کھیل میں واضح ذیلی کہانی یا واقعہ ؛ بظاہر
چھوٹا واقعہ جو سنگین تر نتائج پیدا کرے ، مثلاً بین الاقوامی تعلّقات
میں ۔ (صفت) وقُوع پذیر ؛ فطری تعلّق کا حامل ؛ مُلحق یا وابستہ ؛ ذیلی
حیثیت سے ؛ واقع ہونے والا ، نازل ہونے والا جیسے روشنی کی شعاعیں
کسی سطح پر ۔

incidental, a.
ضمنی ؛ ذیلی ؛ اِتّفاقی ؛
دُوسری چیز کے تحت واقع ہونے والا ؛ دُوسری چیز کی نسبت سے واقع
ہونے والا یا قابلِ وقُوع ؛ حادثاتی ؛ فِطری طور پر کسی دُوسرے سبب
کے تحت واقع ہونے والا ؛ قُدرتی طور پر وقوع پذیر ۔ (اسم) کوئی اِتفاقی
چیز' مثلاً حالات ۔ (جمع) اتفاقی اُمُور ، بالخصوص اخراجات ۔

incidentally, adv.
اتفاقی طور پر ؛ ضِمنی طور پر ۔

incinerate, v.t.
جلانا ؛ جلا کر راکھ کرنا ؛ خَاکستر بنانا ؛
مُردہ سوزی کرنا ۔

incineration, n.
سوزندگی ؛ خاکستر سازی ، احتراقِ نعش ۔

incinerator, n.
الاؤ ؛ جلانے کی بھٹّی ؛ غلاظت کی بھٹّی
یا کوئی نصبیہ ؛ فُضلہ سوز ۔

incipient, a.
ابتدائی ؛ ابتدائی مراحل میں ؛ قَرِیبُ الوقُوع ؛
شُروع کا ؛ نخستیں ؛ بدائی ۔

incipiency, incipience, n. بدایت ؛ آغاز ؛ ابتدا ۔

incipiently, adv. ابتدائی طور پر ۔

incise, v.t. تراشنا ؛ کاٹنا ؛ شگاف دینا ؛ مُنبّت کاری کرنا یا سطح پر کھود کر کوئی شکل بنانا ؛ کَندہ کرنا ؛ حکّاکی کرنا ۔

incised, a. نقش شُدہ ؛ بریدہ ؛ کاٹا ہُوا ؛ شگافتہ ۔ (نباتیات) شگافتہ ؛ جس کے پتّوں وغیرہ میں گہرے کٹاؤ ہوں ؛ شگاف یافتہ ۔

incision, n. درز ؛ کٹاؤ ؛ قطع ؛ شگاف ؛ جو نشان کاٹنے یا کندہ کرنے سے پیدا ہوا ہو ؛ وہ شگاف جو جرّاحی میں کیا جاتا ہے ؛ نشان زخم ۔ (مجازاً) تیزی ؛ گہرائی ؛ اشتیاق ۔

incisive, a. قاطع ؛ شگافندہ ؛ چیرنے والا ؛ تُندی سے ظاہر کرنے والا ؛ صاف اور واضح مظہر ؛ کاٹنے والا ؛ چُبھتا ہُوا (جیسے : incisive humor) ۔

incisively, adv. چیرتے ہوئے ؛ تُندی سے ۔

incisiveness, n. کاٹ ؛ برندگی ؛ تُندی ۔

incisor, n. برندہ؛ ثنیہ ؛ سامنے کا دانت جو کاٹنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، انسانوں میں ایسے آٹھ دانتوں میں سے کوئی ایک ، جو کُچلیوں کے درمیان ہوتے ہیں ؛ قاطِع دانت ؛ پہلوی دانت ؛ سامنے والا دانت ۔

incite, v.t. لگانا بُجھانا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ تحریک دینا ؛ ترغیب دینا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ مُتحرّک کرنا ؛ سلگانا ؛ ہوا دینا ۔

incitation, incitement, n. اُکساہٹ ؛ انگیزش ؛ تحریک ؛ ترغیب ۔

inciter, n. لگائی بُجھائی کرنے والا ؛ اُکسانے والا ؛ مُحرّک ؛ ترغیب دَہندہ ۔

incivility, n. ناشایستگی ؛ بدتمیزی ؛ گُستاخی ؛ ناشایستہ فعل ۔

inclement, a. سخت ؛ دُرشت ؛ تُند ؛ نامہربان ؛ بے رحم ۔ (موسمیات) طُوفانی ؛ طوفان خیز ؛ شدید ؛ تُند ۔

inclemently,adv. سختی سے ؛ تُندی سے ۔

inclemency,n. شدّت ؛ تندی ؛ تیزی ۔

inclinable, a. مائل ؛ متمائل ؛ سازگار ؛ میلانی ؛ خمیدہ ۔

inclination, inclining, n. میلان ؛ رُجحان ؛ تمائل ؛ میل ؛ ترجیح ؛ کسی طرف جُھکنے کا عمل ؛ رَغبت ؛ جُھکاؤ ؛ جُھکاؤ کی حالت ؛ انحراف ؛ اُفقی یا عُمودی طور پر انحراف کی مِقدار ؛ جُھکی ہوئی یاڈھالو سطح ؛ میلانِ مقناطیسی ؛ ذہن یا ارادہ کا رُجحان ۔ (جیومیٹری) دو خُطوط یا سطحوں کے تقاطُع کا زاویہ ؛ زاویہ سے پیمایش کرنے پر دو خُطوط یا سطحوں کی اطراف کا فَرق ۔ (فلکیات) وہ زاویہ جو ایک سیّارے کی مداری سَطح اور خسوفی سطح کے تقاطُع سے پیدا ہو ؛ وہ زاویہ جو اُستوائی سَطح اور مَداری سَطح کے تقاطُع سے پیدا ہو ؛ میلانِ طبع ؛ پیار ۔

incline, v.t. کسی خاص سمت میں جُھکانا ، مثلاً سر ؛ ڈھلوان بنانا ؛ کسی مخاطب کی طرف جُھکنا تاکہ پوری توجُّہ سے سُنا جا سکے ؛ خاص میلان پیدا کرنا ، مثلاً ذہن ، دل یا دماغ میں ؛ ذہن ، ارادہ یا عادت پر اثر ڈالنا ۔ (فعل لازم) جُھکنا ؛ مُڑنا ؛ عموداً یا اُفقاً انحراف کرنا ؛ ڈھلوان ہونا ؛ طریقے یا کردار میں مائل ہونا ؛ ذہنی رُجحان رکھنا ؛ مائل ہونا ۔ (اسم) سطح مائل ؛ ڈھلوان یا ڈھالو سطح ۔

incliner, n. جُھکنے والا ؛ مائل ۔

inclined, a. مائل ؛ جُھکا ہُوا ؛ اُفقی یا عُمودی سمت سے جُھکا ہُوا ؛ ڈھالو ؛ ڈھلواں ؛ ایسی سمت کا حامل ، جو کسی دُوسری چیز سے مل کر زاویہ بنائے ؛ کسی کا طرف دار ۔

inclined plane, n. مائلِ مُستوی ؛ سطح مائل ؛ کونی سطح جو اُفقاً ترچھی ہو کر زاویہ بنائے یا جو اُفقی سطح کے ساتھ زاویہ قائمہ کے سوا کوئی اور زاویہ بنائے ؛ کوئی سادہ کل (مشین) جو مائل ڈھلوان پر مبنی ہو ۔

inclinometer, n. ڈھال پیما ؛ مائل سُوئی ؛ میل پیما ؛ ڈھال ناپنے کا پیمانہ ؛ نشیب پیما ؛ مقناطیسی سُوئی والا ایک آلہ جو زمین کی مقناطیسی قُوّت کو اُفق کی سطح کی نسبت سے ظاہر کرتی ہے ۔ (طیرانیات) ایک آلہ جو اُفقی سطح کی نسبت سے ہوائی جہاز کا جُھکاؤ یا زاویہ ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ میلان پیما ۔

inclose, v.t. دیکھیے : Enclose ۔

inclosure, n. دیکھیے : Enclosure ۔

include, v.t. شُمار کرنا ؛ داخل کرنا ؛ شامِل کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ حُدُود کے اندر رکھنا ؛ کسی مجمُوعے ، طبقے یا قسم میں شامل کرنا ؛ حامل ہونا ؛ مشتمل ہونا ، مثلاً کُل کی حیثیت سے اجزا یا کسی جُز یا عُنصُر پر مشتمل ہونا ؛ کسی ذیلی عُنصُر کے طور پر رکھنا ؛ کسی عامل کے طور پر شامل کرنا ۔

included, a. مشمُولہ ؛ مشمُول ؛ شامِل ؛ حامِل ؛ ملفوف ؛ مشتمل ؛ درآغوش ۔ (نباتیات) شامِل ؛ در آغوش ؛ جو تاجِ گُل کے مُنھ سے آگے نہ نکلا ہوا ہو ، مثلاً زر ریشہ یا گردن بُقچہ ۔

includable, includible, a. قابل شمول ۔

inclusion, n. شمول ؛ اشتمال ؛ شامل کرنے کا عمل ؛ شامل ہونے کی حالت؛ مشمولہ ۔ (معدنیات) گیس یا مائع یا بِلّور کا ذخیرہ جو کسی معدنی انبار میں ملفُوف ہو ۔ (نباتیات) بے جان ذرّہ ، جو کسی خلیے کے مایۂ حیات کے اندر ہو؛ دخیلہ ؛ اندراج ؛ دخیل شے ۔

inclusion body, n. (امراضیات) خارجی جسم ؛ دخیل جسم ؛ ایک داغ پذیر/دھبّا پذیر ؛خارجی ذرّہ جو وائرس سے متأثّر خلیے میں شامل ہو ۔

inclusive, a. بشمول ؛ مشمولہ ؛ مشتمل بر ؛ شمولاً ؛ حامل ؛ شامل ؛ متضمن ؛ جامِع ؛ جس میں بہت کُچھ یا ہر متعلّقہ چیز شامل ہو ؛ متعینہ یا مخصوص‌حدود پر حاوی (جیسے : .From 1960 to 1965 inclusive) ۔

inclusively, adv. شامل کر کے ؛ جامِع طور پر ۔

inclusiveness, n. مشمولیّت ؛ جامعیت ؛ اشتمال ۔

incoercible, a. بے اختیار ؛ جبر ناپذیر ؛ جس کو روکنا ، محدود کرنا یا دبانا مشکل یا ناممکن ہو ۔ (طبیعیات) تغیُّر ناپذیر ؛ اماعت ناپذیر ، مثلاً گیس ؛ انقباض ناپذیر ؛ اطاعت ناپذیر ۔

incogitable, a. ناقابلِ تصوُّر ؛ جس کو ذہن تصوُّر نہ کر سکے ؛ ماورا ۔

incogitant, a. بے فکر ؛ بے خیال ؛ بے پروا ۔

incognito, a. بہرُوپی ؛ نامعلوم ؛ بھیس بدلے ہوئے ، وہ شخص جس نے اپنی شناخت چُھپالی ہو یا بھیس بدل لیا ہو ، مثلاً فرضی نام رکھ لیا تاکہ پہچانا نہ جا سکے ؛ ناقابلِ پہچان یا نا قابل

شناخت ۔ (متعلّق فعل) اصلی نام یا شناخت چُھپا کر یا بھیس بدل کر، (جیسے : ,to travel in cognito) ؛ ناشناخت ؛ بھیس بدلا ۔ (اسم) بہروپیا ؛ وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہوا ہو ؛ بھیس بدلنے کی حالت ؛ بھیس یا بہروپ ۔

incognizance, n. لاعلمی ؛ بے خبری ؛ انجان پن ؛ پہچاننے ، جاننے یا سمجھنے میں ناکامی ۔

incognizant, a. بے خبر ؛ لاعلم ؛ ناواقف ؛ انجان ۔

incoherence, incoherency, n. بکھرا پن ؛ بے ربطی ؛ بے ربط چیز؛ غیر مُطابِقت؛ عدم تطابُق ؛ پریشانی؛ علیحدگی؛ انتشار؛ ناموافقت ۔

incoherent, a. نا مربُوط؛ بے ربط؛ غیر مربُوط؛ بے تعلّق؛ ڈھیلا ، عناصر کے اتحاد و ربط کے بغیر؛ پریشان؛ غیر منظّم یا غیر مربُوط ، مثلاً کوئی نظام؛ منطقی تعلّق یا رَبط کے بغیر؛ بے جوڑ ، بے ربط جیسے کوئی خیال یا زُبان؛ جس کی خصوصیت ایسا خیال یا ایسی زبان ہو ، مثلاً کوئی شخص ؛ بِکھرا ہُوا ؛ بے لگاؤ ؛ بے میل ؛ ناموافق ؛ نامناسب ؛ غیر مطابق ۔

incoherently, adv. بے ربطی سے؛ بے سروپا؛ بے ٹھورٹھکانے ؛ بے میل ؛ اُکھڑا اُکھڑا ۔

incombustible, a. نا سَوزنی ؛ احتراق ناپذیر ؛ جو جَل نہ سکے یا جس کو آگ نہ لگے ؛ نا سوختنی ۔ (اسم) نہ جلنے والا مادّہ ؛ نہ جلنے کے قابل ؛ غیر آتش گیر ؛ آتش ناپذیر ۔

incumbustibility, incumbustibleness, n. احتراق نا پذیری نا سوزی ؛ نسوزپن ؛ غیر آتش گیری ؛ آتش ناپذیری ۔

incombustibly, adv. احتراق ناپذیری سے ؛ نسوزانہ ؛ غیر آتش گیرانہ

income, n. آمدن ؛ آمدنی ؛ یافت ؛ مفاد بالخصوص مالی ، جو وقتاً فوقتاً محنت ، کاروبار ،جائیداد یا سرمایہ کاری سے حاصل ہو ؛ دخل ؛ آمد ؛ فائدہ ؛ کمائی ؛ محاصل ؛ حُصُول ؛ نفع ؛ لابھ ؛ منفعت ۔

income account, n. گوشوارۂ آمدنی ؛ آمدنی کا حِساب ؛ نفع اور نقصان کا مالی گوشوارہ ، (کسی خاص مدت کے لیے) ۔

income tax, n. انکم ٹیکس ؛ محصولِ آمدنی : وہ محصُول جو آمدنی پر عائد کیا جاتا ہے ، جس میں سے خاص رقوم منہا کی جاتی ہیں اور خاص رقم سے زیادہ پر ٹیکس عائد ہوتا ہے ۔

incoming, a. متداخل ؛ اندر آنے والا ؛ وارِد ؛ داخل ہونے والا ؛ آنے والا ؛ شُروع کرنے والا یا نیا منصب سنبھالنے والا ۔ (اسم) وُرُود ؛ مداخل ۔

incommensurable, a. غیر متناسب ؛ متبائن ، جس کا کوئی مُشترکہ پیمانہ یا معیارِ تقابُل نہ ہو ؛ نہایت غیر متناسب ۔ (ریاضی) مقدارِ اصم ؛ غیر متعادل ۔

incommensurability, incommensurableness, n. تبایُن ؛ فقدانِ مخرجِ مشترک اصم پن ؛ غیر متناسبیّت ؛ متبائن پن ؛ غیر متعادل پن ؛ مُبادلہ ناپذیری ۔

incommensurably, adv. متبائن طور پر ؛ غیر متعادل طور پر ؛ غیر متناسب پن سے ؛ مبادلہ ناپذیری سے ۔

incommensurate, a. بلامخرجِ مُشترک ؛ غیر مُتناسب ؛ ناکافی ؛ متبائن ؛ بلا مقسوم علیہ مشترک ؛ کم ؛ غیر مکتفی ۔

incommensurately, adv. ناکافی طور پر ؛ غیر متناسب طور پر ؛ متبائن پن سے ؛ ناکافی حیثیت سے ؛ غیر مُکتفی انداز میں ۔

incommode, v.t. تکلیف دینا ؛ زحمت دینا ، رکاوٹ پیدا کر کے آزار دینا ؛اذیّت دینا ؛ بے آسایش بنانا ؛ بے آسایش کرنا ؛ پُر زحمت بنانا ۔

incommodious, a. کم گنجایش ؛ بے آسایش ؛ تکلیف دہ ؛ آزار دہ ؛ پُر زَحمت ؛ اذیّت دہ ؛ ناگوار ؛ تنگ ۔

incommodiously, adv. تکلیف دہ طور پر ؛ اذیت دِہ انداز میں ؛ ناگواری سے ؛ تنگی سے ؛ بے آسایشی سے ۔

incommodiousness, n. کم گنجایشی ؛ اذیّت ؛ تکلیف دہی ؛ بے آسایشی ؛ تکلیف ؛ بے آرامی ؛ تنگی ۔

incommodity, n. تکلیف ؛ بے آرامی ؛ بے آسایشی ، نُقصان ۔

incommunicable, a. ناقابلِ ابلاغ ؛ ناقابلِ اظہار ؛ ناقابل بیان ؛ جو دوسروں تک پہنچایا نہ جا سکے ؛ ناگُفتنی ؛ کم سخن ؛ نقل کرنے کے ناقابل ؛ ناقابل انتقال ۔

incommunicability, incommunicableness, n. ابلاغ ناپذیری ؛ دوسرے تک پُہنچانے کی ناقابلیت ۔

incommunicably, adv. اِبلاغ ناپذیری سے ؛ نارسائی سے ۔

incommunicado, a. نارسا ؛ ابلاغ یا رابطے سے محروم ، جیسے قید تنہائی میں قیدی رابطے سے محروم ہوتا ہے ۔ (متعلّق فعل) رابطے کے بغیر۔

incommunicative, a. کشیدہ ؛ کم گو ، کم سُخن ؛ جو دُوسرے کو اطلاع فراہم کرنے پر مائل نہ ہو ؛ نا آشنا مزاج ؛ دیر آشنا ۔

incommunicativeness, n. کم گوئی ؛ کم سُخنی ۔

incommutable, a. ناقابلِ مبادلہ ؛ ناقابلِ ترمیم ؛ ناقابلِ تبدیل ؛ تخفیف ناپذیر ؛ غیر متغیّر ؛ غیر تغیّر پذیر ۔

incommutability, incommutableness, n. مبادلہ ناپذیری ؛ تغیر ناپذیری ؛ تخفیف ناپذیری ؛ غیر تغیر پذیری ۔

incommutably, adv. مُبادلہ ناپذیری سے ؛ تغیر ناپذیرانہ ؛ تخفیف ناپذیرانہ ؛ غیر متغیرانہ ۔

incomparable, a. لاثانی ؛ ناقابلِ مُقابلہ ؛ بے نظیر ؛ بے مِثل ، جس کا مقابلہ دُوسروں سے نہ کیا جا سکے (مختلف نوعیت یا وصف کی وجہ سے) ؛ بے ہمتا ؛ بے مثال ؛ بے بدل ؛ عدیمُ المِثال ؛ ناقابل موازنہ ۔

incomparability, incomparableness, n. بے نظیری ؛ بے مانندی ؛ ناتقابُل پذیری ؛ عدیم المثالیت ؛ بے بدل پن ؛ بے نظیر پن ؛ بے مثالیت ؛ لاثانی پن ۔

incomparably, adv. بے مثل طور پر ؛ نا تقابل پذیرانہ ؛ بلامُقابلہ ؛ بلاتشبیہ ؛ بدرجہا ۔

incompatible, a. مُتضاد ؛ ناسازگار ؛ نا موافق ؛ ہم آہنگی کے ساتھ اِکٹھا رہنے کے ناقابل ؛ بے جوڑ ؛ متناقض ؛ نقیض ؛ غیر مُطابق ؛ متبائن ؛ نابارَوَر ؛ نا موزُوں ؛ بے میل ؛ خلاف ؛ بالعکس ؛ بے آہنگ ؛ غیر آہنگ ؛ مخالف ؛ بے جوڑ ؛ ناساز ؛ جِسے ایک شخص ایک وقت میں نہ رکھ سکے (جیسے : The two offices are incompatible,) ۔(طِب) شامل کرنے کی صورت میں ناپسندیدہ یا خطرناک ۔ (منطق) اپنی فطرت میں متناقض یا متضاد جیسے اقوال ۔

incompatibility, incompatibleness, n. تضاد ؛ ناسازی ؛ تناقُض ؛ ناموافقت ؛ تباین ؛ بے آہنگی؛ اختلاف ؛ ناباروری ؛ نامطابقت ؛ غیر

آہنگی ۔

incompatibly, adv. متناقض طور پر ؛ متبائیانہ ؛ متناقضانہ ؛ متضادانہ ؛ نابلِوَرانہ ۔

incompetent, a. نااہل ؛ ناقابل ؛ غیر ماہر ؛ غیر مجاز ؛ ضروری طاقت، اختیار، استِعداد، ذرائع یا تعلیم سے محرُوم ؛ نالائق ؛ بے استِعداد؛ ناکافی ۔ (قانون) ضروری قانونی یا دستوری قابلیّت سے بے بہرہ ؛ ناقابلِ قبُول ؛ ناقبلِ اجازت ؛ ناقص ؛ ناطاقت ؛ بے مقدور ؛ بے اختیار ؛ ناجائز۔ (اسم) غیر مجاز یا ناقابل شخص ۔

incompetence, incompetency, n. نااہلیّت ؛ ناقابلیّت ؛ نااہلی ؛ ناقِص فعلی ؛ نالیاقتی ؛ عدم جوازی ؛ بے مقدُوری ؛ ناطاقت ؛ نامُعتبری ۔

incompetently, adv. غیر مجاز طور پر ؛ نااہلی سے ؛ ناقص فعلی سے ؛ ناقابلیّت سے ۔

incomplete, a. غیر مکمّل ؛ نامکمل ؛ ناتمام ؛ ادھورا ؛ جس کے تمام اجزا پُورے نہ ہوں ؛ اپورن ؛ ناقِص ؛ جس کا پُورا ارتقا نہ ہُوا ہو۔

incompletely, adv. نامُکمّل طور پر ؛ ادھورے پن سے ؛ اوچھے انداز میں ۔

incompleteness, n. عدم تکمیل ؛ ناتمامی ؛ نامکملیّت ؛ غیر مکمّل پن ؛ ادُھورا پن ؛ ناتمامیّت ؛ نقص ۔

incompletion, n. نامکمّلی ؛ عدم تکمیل ؛ نامکمّل حالت ۔ (فٹ بال) فارورڈ پاس جو کھیل کے قواعد کے مطابق نہ روکا گیا ہو ؛ ادھورا پن ؛ نقص ؛ نامکمّل پن ۔

incompliant, a. نامُلتفِت ؛ ناموافِق ؛ قبُول نہ کرنے والا ؛ تعمیل نکُنندہ ؛ بے مرّوت ؛ ناشنوا ؛ نامنظور کرنے والا ۔

incompliance, incompliancy, n. بے مروّتی ؛ نامنظوری ؛ عدم تعمیل ؛ عدم قبول ؛ ناپذیرائی ؛ نامقبولی ؛ بے التفاتی ۔

incompliantly, adv. تعمیل نہ کرتے ہوئے ؛ ناپذیرانہ ؛ نامقبولی سے ؛ نامنظور کرتے ہوئے ؛ ناالتفاتی سے ۔

incomprehensible, a. غامِض ؛ بعید الفہم ؛ مُمتنع الفہم ؛ ناقابلِ فہم ؛ سمجھ سے باہر ؛ فہم ناپذیر؛ ناقابل ادراک؛ غیر محدود؛ خارج از وہم و قیاس ۔

incomprehensibility, incomprehensibleness, n. عدم قابلیت فہم؛ نامفہومی؛ بعید الفہم پن ؛ فہم ناپذیری ؛ غیر محدودیت؛ دُشواری ۔

incomprehensibly, adv. ناقابلِ فہم طور پر؛ بعید الفہمی سے ؛ غیر محدود طور پر؛ مُمتنع الفہم ہونے کی حیثیت سے ۔

incomprehension, n. عدمِ فہم ؛ قُصُورِ فہم ؛ عدمِ ادراک ۔

incompressible, a. داب ناپذیر ؛ تراکم ناپذیر ؛ جو دبایا نہ جا سکے یا چھوٹا یا کم نہ کیا جا سکے ؛ اَنداب ؛ بے لچک ؛ غیر خمیدہ ؛ کڑا ؛ سخت ۔

incompressibility, n. داب ناپذیری ؛ تراکم ناپذیری ؛ لچک ناپذیری ؛ کڑا پن ؛ سختی ۔

incompressibly, adv. تراکم ناپذیری سے ؛ داب ناپذیرانہ ؛ انداب انداز میں ؛ سختی سے ؛ لچک ناپذیری سے ؛ کڑے پن سے ۔

incomputable, a. بے اندازہ؛ بے حِساب ؛ ناقابلِ شمار۔

incomputably, adv. بے اندازہ طور پر ؛ بے حسابانہ ، ناقابل اعتماد طور پر۔

inconceivable, a. ناقابل تصوّر ؛ ناقابلِ خیال ؛ ناقابلِ اعتبار ؛ سمجھ یا خیال سے باہر ؛ خلافِ قیاس ؛ بعید الفہم ۔

inconceivability, inconceivableness, n. تعقّل ناپذیری ؛ تصور ناپذیری ؛ فکروخیال سے دُوری ۔

inconceivably, adv. ناقابل تصور طور پر ؛ تعقل ناپذیرانہ ؛ نافہمی سے ۔

inconclusive, a. غیر فیصلہ کُن ؛ غیر متعیّن ؛ غیر شافی ؛ غیر فیصل ؛ نتیجہ ناخیز ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ ناقِص ؛ غیر قاطع ۔

inconclusively, adv. غیر فیصل طریقے سے ؛ غیر متعین طور پر ؛ غیر شافی طور پر۔

inconclusiveness, n. عدم تعیُّن ؛ بے حاصلی ۔

incondensable, incondensible, a. ناقابل تکاثُف ؛ ناقابلِ انجماد ؛ ناقابلِ تلخیص ؛ جو منجمد یا رقیق نہ ہو سکے ۔

incondensability, incondensibility, n. تکاثف ناپذیری ؛ ناقابلِ انجمادیت ؛ ناقابلِ تلخیصیت ۔

incondite, a. بد تنظیم ؛ جو اچھی طرح بنایا نہ گیا ہو ؛ بد ساختہ ؛ ناہنجار ؛ ناشایستہ ؛ اکھڑّ ؛ کُھردرا ۔

inconformity, n. نابرابری ؛ بے آہنگی ؛ عدمِ توافق ؛ عدم تطابُق ؛ عدم مطابقت ۔

incongruent, a. غیر موافق ؛ غیر متناسب ؛ بے جوڑ ؛ بے آہنگ ؛ غیر مطابق ؛ غیر متطابق ؛ نابرابر ؛ بے میل ؛ نامُناسِب ؛ ناموافق ؛ غیر منطبق ؛ برخلاف ؛ ناموزُوں ؛ غیر موزوں ؛ بے محل ؛ بے موقع ؛ لغو ؛ بیہودہ ؛ مہمل ۔

incongruence, n. عدمِ متناسب ؛ بے آہنگی ؛ عدم تطابق ؛ عدم مطابقت ؛ نابرابری ۔

incongruity, n. عدم تناسُب ؛ بے جوڑ چیز ؛ بے محل چِیز ؛ نابرابر پن ؛ ناموافقت ؛ غیر مُنطبق پن ؛ ناموزونیت ؛ نامناسبت ۔

incongruous, a. غیر متجانس ؛ بے آہنگ ؛ غیر مُطابق ؛ بے محل ؛ نامناسِب ؛ نازیبا ؛ متبائن ؛ غیر متناسب ؛ بے جوڑ ؛ ناموافق ؛ بے میل ؛ بیہودہ ؛ لغو ؛ برخلاف ؛ ناموزُوں ؛ بے موقع ؛ مہمل۔

incongruously, adv. غیر متناسب طور پر ؛ بے آہنگی سے ؛ بے محل پن سے ؛ غیر متجانسانہ ؛ ناموافق طور پر ؛ بے میل انداز میں ؛ بے ڈھنگے پن سے ۔

incongruousness, n. عدم تناسب ؛ بے آہنگی ؛ بے جوڑ پن ۔

inconsecutive, a. بے سلسلہ ؛ بے ربط ؛ غیر مربُوط؛ غیر متواتر ؛ غیر مسلسل ؛ قُدرتی ترتیب کے بغیر۔

inconsecutively, adv. غیر مربوط طور پر ؛ غیر مسلسل طور پر ؛ غیر فطری/قدرتی انداز میں ۔

inconsecutiveness, n. بے ربطی ؛ عدم تسلسل ؛ غیر فطری/قدرتی پن ۔

inconsequent, a. خارج از بحث ؛ بے ترتیب ؛ غیر منطقی ؛ غیر مطابق ؛ متناقِض ؛ غیر متعلّق ؛ بے ربط ؛ وہ شخص جس کی گفتگو یا فکروعمل میں منطقی ترتیب نہ ہو ؛ بے نتیجہ ؛ بے حاصل ؛ نامعقول ؛ بِلادلیل ۔

inconsequence, inconsequentness, n. بے ترتیبی ؛ بے ربطی ؛ تناقُض ؛ غیر منطقی پن ؛ بے حاصلی ؛ بے ثمری ؛ بے سروپائی ؛ خلاف معمول پن ۔

inconsequently, adv. بے ترتیبی سے ؛ بے ربطی سے ؛

غیر منطقی انداز میں ؛ منطقی یا قُدرتی ترتیب کے خلاف ؛ متناقضانہ۔

inconsequential, a. بے نتیجہ ؛ غیراہم ؛ معمولی ؛ بے ربط ؛ غیر منطقی ؛ غیر متعلّق ؛ نامعقُول ؛ بِلا دلیل ؛ بے سروپا ؛ ناقِص ؛ خلاف ؛ غیر ضروری ؛ ادنیٰ ؛ چھوٹا۔

inconsequentiality, n. بے حاصلی ؛ بے ربطی ؛ بے تعلُّقی ؛ غیر معمولیت ؛ غیر منطقیّت ؛ غیر متعلقیت۔

inconsequentially, adv. بے نتیجہ طور پر ؛ غیر متعلق طور پر ؛ غیر معمولی طور پر ؛ غیر منطقی انداز میں ؛ متناقض طور پر۔

inconsiderable, a. ناقابلِ غور ؛ ناقابلِ لحاظ ؛ غیر اہم ؛ چھوٹا ؛ ادنیٰ ؛ خفیف ؛ بے معنی ؛ حقیر ؛ ناقابلِ شمار ؛ بے قدر ؛ تھوڑا ؛ ناچیز۔

inconsiderably, adv. ناقابلِ طور پر ؛ حقارت سے ؛ حقیرانہ ؛ خفیف انداز میں۔

inconsiderate, a. جلد باز ؛ بے پروا ؛ لااُبالی ؛ بے احتیاط ؛ بے فکر ؛ عمل میں دُوسروں کے جذبات کا لحاظ نہ رکھنے والا ؛ بے اعتنا ؛ بے غور۔

inconsiderately, adv. بے پروائی سے ؛ بے اعتنائی سے ؛ لااُبالی پن سے ؛ بے احتیاطی سے۔

inconsiderateness, inconsideration, n. عاقبت نا اندیشی ؛ بے پروائی ؛ بے اعتنائی ؛ بے غوری ؛ بے خبری ؛ بے فکری ؛ تغافُل۔

inconsistent, a. غیر مستقیم الرائے ؛ غیر مطابق ؛ متناقض ؛ غیر موافق ؛ غیر متناسب ؛ بے آہنگ ؛ جس کے اجزا میں ہم آہنگی نہ ہو ؛ غیر مربُوط ؛ جس کے قول و عمل میں تضاد ہو ؛ بے اُصول ؛ غلط کار ؛ غیر متوافِق ؛ مغائر ؛ مخالف ؛ برعکس ؛ ناموافق ؛ خلاف ؛ بے میل ؛ بے ربط ؛ نقیض۔

inconsistently, adv. غیر مطابق طور پر ؛ متناقض طور پر ؛ بے آہنگی سے ؛ غیر مربوط طور پر ؛ تلوُّن سے ؛ بے استقلالی سے ؛ متضادانہ ؛ بے ثباتی سے ؛ برخلاف ؛ بیہودہ ؛ بے اصولی سے۔

inconsistence, inconsistency, n. عدمِ توافق ؛ عدم مطابقت ؛ تناقُض ؛ بے اُصولی؛ عدمِ استقامت ؛ خلاف بیانی ؛ مخالفت؛ نامطابقت ؛ ناموافقت ؛ مغائرت؛ ضِد؛ تبایُن۔

inconsolable, a. تسکین ناپذیر؛ دِل شکستہ ؛ لاعلاج ؛ لادوا ؛ غمگین۔

inconsolableness, n. تسکین ناپذیری ؛ دِل شکستگی ؛ لا دوا پن ؛ لاعلاجیت۔

inconsolably, adv. تسکین ناپذیری سے ؛ شکستہ دلی سے ؛ غم سے ؛ غمگینی سے۔

inconsonant, a. غیر آہنگ ؛ ناموزُوں ؛ بے آہنگ ؛ بے ربط ؛ بے جوڑ ؛ نامُوافِق ؛ برخلاف ؛ بالعکس ؛ غیر مطابق ؛ خارج از آہنگ۔

inconsonance, n. غیر آہنگی ؛ ناموزونی ؛ بے آہنگی ؛ بے ربطی۔

inconsonantly, adv. ناموزوں طور پر ؛ بے ربطی سے ؛ غیر آہنگی سے۔

inconspicuous, a. غیر واضِح ؛ غیر نمایاں ؛ غیر مُمتاز ؛ غیر محسوس ؛ غیر معروف ، کم رنگ ؛ پوشیدہ ؛ چُھپا ہُوا ؛ مخفی ؛ بے نمود ؛ غیر ظاہر۔

inconspicuously, adv. غیر معروف طور پر ؛ غیر محسوس طور پر ؛ غیر نمایاں طور پر؛ غیر واضح طور پر ؛ غیر مُمتاز حیثیت میں۔

inconspicuousness, n. عدمِ امتیاز ؛ بے امتیازی ؛ بے نمائی ؛ غیر معرُوفی ؛ کم رنگی ؛ غیر نمایاں پن۔

inconstant, a. متلوّن ؛ بے ثبات ؛ متغیّر ؛ غیر مستقل مزاج ؛ ناپائیدار؛تغیّر ناپذیر ؛ مُتزلزل ؛ غیر مستمر ؛ ناپختہ رائے ، رُجحان یا مقصد میں متغیّر۔

inconstancy, n. بے ثباتی ؛ تلوُّن ؛ نا پائیداری ؛ تغیُّر پذیری ؛ ناپُختگی ؛ غیر مستمریت ؛ متزلزل پن۔

inconstantly, adv. بے ثباتی سے ؛ تلوُّن سے ؛ تغیر پذیرانہ ؛ ناپُختہ انداز میں ؛ متزلزلانہ ؛ غیر مستقلانہ۔

inconsumable, a. صرف ناپذیر؛ ناقابلِ اِتلاف ؛ صرف نشدنی۔ (معاشیات) ان مفید مصنوعات سے متعلّق جو مشینری کی طرح ثابت و سالم رہیں اور ضائع نہ ہو سکیں۔

inconsumably, adv. ناقابلِ اتلاف طور پر ؛ نشدنی انداز میں ؛ صرف ناپذیرانہ۔

incontestable, a. غیر متنازِع ؛ ناقابلِ تردید ؛ مسلّمہ ؛ جو اتنا واضح ہو کہ اس کی تردید نہ ہو سکے ؛ اٹل ؛ متحقق۔

incontestability, n. ناقابل تردید ہونے کی کیفیت ؛ اٹل پن ؛ مسلمیت۔

incontestably, adv. غیر متنازعہ انداز میں؛ ناقابلِ تردید طور پر؛ متحقق انداز میں؛ متحققانہ۔

incontinent, a., adv. نفس پرست؛ جو خواہشات اور جُوع خصوصاً جنسی خواہش پر قابُو نہ پاسکے ؛ ناپرہیزگار ؛ عیّاش ؛ فاجِر ؛ فاسق ۔ (طِب) جو فطری جسمانی اخراج کو روک نہ سکے ؛ جو ضبط نہ کر سکے ؛ ضُعفِ ضبطی۔

incontinence, incontinency, n. عیّاشی ؛ فجور ؛ بے ضبطی ؛ ناپرہیزگاری ؛ ضُعفِ ضبط ؛ نفس پرستی۔

incontinently, adv. نفس پرستی سے ؛ نا پرہیزگاری سے ؛ نفس پرستانہ ؛ بے ضبطی سے۔

incontrollable, a. ناقابلِ ضبط ؛ جس پر قابُو نہ پایا جا سکے ؛ بے قابُو ؛ سرکَش ؛ باغی ؛ بے لگام۔

incontrovertible, a. تردید ناپذیر ؛ ناقابلِ تردید ؛ مُسلّمہ ؛ مسلّم ؛ غیر متنازِع ؛ بے چون و چرا۔

incontrovertibility, incontrovertibleness, n. تردید ناپذیری ؛ ناقابلِ تردید ہونے کی کیفیّت ؛ مُسلّمیت ؛ نابحث طلبی ؛ ناقابلِ تردیدیت ؛ غیر متنازِع پن۔

incontrovertibly, adv. ناقابل تردید طور پر ؛ نابحث طلبی سے ؛ غیر متنازِع انداز میں۔

inconvenience, inconveniency, n. عدم سہولت ؛ تکلیف ؛ زحمت ؛ دِقّت ؛ مضائقہ ؛ تکلیف دِہ ہونے کی حالت؛ تکلیف دہ چیز۔ (فعل متعدی) تکلیف دینا ؛ زحمت دینا ؛ بے آرام کرنا۔

inconvenient, a. تکلیف دِہ ؛ زحمت دِہ ، ضرُوری سہولتوں سے محروم ؛ پریشان کُن ؛ بے موقع ؛ بے وقت ؛ زحمت دہندہ ؛ پُر زحمت۔

inconveniently, adv. تکلیف دہ طور پر ؛ بے آرامی سے ؛ پُر زحمت انداز میں ؛ بَدِقت ؛ عدم سہولت سے۔

inconvertible, a. ناقابلِ مُبادِلہ ؛ غیر بدل پذیر ؛ تبدیل ناپذیر ؛ مبادلہ ناپذیر ؛ بدل ناپذیر ؛ جسے تبدیل نہ کیا جا سکے ؛ کاغذی زر جسے سِکّوں میں تبدیل نہ کیا جا سکے ؛ وہ سِکّہ جسے دُوسرے مُلک کے سِکّہ میں تبدیل نہ کیا جا سکے ؛ ناقابلِ فروخت ؛ غیر متبدِل۔

inconvertibility, inconvertibleness, n. بدل ناپذیری ؛ ناقابل مبادلیت ؛ مبادلہ ناپذیری ۔

inconvertibly, adv. بدل ناپذیری سے ؛ بدل ناپذیرانہ ؛ مبادلہ ناپذیری سے ؛ ناقابل مبادلہ انداز میں ۔

inconvincible, a. یقین ناپذیر ؛ جس کو قائل نہ کیا جا سکے ؛ جس کو یقین نہ دلایا جا سکے ۔

inconvincibility, n. یقین ناپذیری ۔

inconvincibly, adv. یقین ناپذیری سے ۔

incoordinate, incoordinated, a. غیر مربُوط ؛ بے ربط ؛ بے آہنگ ؛ نا ہم آہنگ ؛ غیر ہم آہنگ ؛ نامُعاون ؛ غیر معاون ؛ غیر متعاون ۔

incoordination, n. (فعلیات) عُضلاتی حرکت میں بے ربطی ؛ عدم ارتباط ؛ ناہم آہنگی؛ غیر ہم آہنگی ؛ عدم معاونت ؛ نامعاونت ؛ غیر مطابقت ۔

incorporate, v.t. شامِل کرنا ؛ مُتّحد کرنا ؛ تشکیل دینا ؛ کوئی انجمن یا قانونی ادارہ تشکیل کرنا ؛ کسی انجمن یا ادارے کے رُکن کے طور پر داخل کرنا ؛ کسی جمعیت یا یکساں مادّے کی صُورت میں متحد کرنا ، جیسے اجزا کو ؛ کسی مجموعے یا انبار میں اس کے اجزائے ترکیبی کی حیثیّت سے شامل کرنا ؛ ایک جُزو کی حیثیّت سے شامل کرنا ؛ شامل کرنا یا مادّی شکل دینا ۔ (فعل لازم) ادارہ بنانا ؛ متحد کر کے یا شامل کر کے انجمن بنانا۔(نیز صفت) ۔

incorporated, a. ادارے کی حیثیت سے تشکیل یافتہ ؛ ایک جسم یا مادّے کی صورت میں مُتّحد کیا ہُوا ؛ منضم ؛ تشکیل شدہ ؛ تشکیلی ؛ مشمولہ ؛ بنا یافتہ ؛ سندیافتہ ؛ متحدہ ۔

incorporable, a. قابلِ انضمام ؛ قابلِ شمول ؛ متشکل ۔

incorporation, n. شمول ؛ ترکیب ؛ انضمام ؛ تشکیل ؛ تشکیلِ کمپنی ؛ اتّحاد ؛ سند یافتہ جماعت ؛ سند یافتہ ؛ تشکیل یافتہ انجمن ؛ شرکت ۔

incorporative, a. انضمامی؛ تشکیلی؛ ترکیبی ؛ شراکتی ؛ سَندی ۔

incorporator, n. ضم کُنندہ ؛ شامل کرنے والا ؛ متحّد کرنے والا ؛ تشکیل دینے والا ۔

incorporate, a. جو شامل نہ ہو ؛ غیر مُجسّم؛ لاجسمی ؛ غیر مادّی ؛ بے جسم ۔

incorporated, a. مُتحد ؛ پیوستہ ؛ آمیختہ ؛ مشمولہ ؛ قانُونی ادارے کی حیثیّت سے تشکیل شُدہ ؛ مُتحدہ ؛ تشکیلی ۔

incorporeal,a. بے جسم ؛ غیر جسمی ؛ غیر مادّی ؛ رُوحانی ۔ (قانون) جو کوئی مادّی وجود نہ رکھتا ہو ، مگر قانون کی نظر میں موجود ہو ، جیسے حقِ رائے دہی یاحقِ گزر ؛ غیر محسوس ۔

incorporeality, n. بے جِسمی؛ غیر مادیت ؛ غیر محسوسیت ۔

incorporeity, n. بے جسمی ؛ غیر مادیّت؛ غیر مادّی وجود ۔

incorporeally, adv. غیر جسمی طور پر ؛ غیر مادی طور پر ؛ غیر مادیت سے ۔

incorrect, a. نادرُست ؛ عدم صحت کا ؛ غیر صحیح ؛ غلط ؛ خلافِ حقیقت ؛ ناقِص ؛ خلافِ واقعہ ؛ غیر مُناسِب ؛ ناموزوں ۔

incorrectly, adv. غیر صحیح طور پر ؛ نادرستی سے ؛ ناموزوں طور پر ؛ غلط انداز سے ۔ عدم صحت سے ؛ غیر مناسب طریقے سے ؛ خلافِ حقیقت طور پر ۔

incorrectness, n. نادرستی ؛ عدم صحت ؛ ناموزونی ؛ غلطی ۔

incorrigible, a., n. ناقابل اصلاح ؛ اصلاح ناپذیر ؛ ناقابلِ دُرُستی ؛ جس کی دُرُستی نہ ہو سکے ؛ اتنا خراب کہ اسکی درستی یا اصلاح نہ کی جا سکے ۔

incorrigibility, incorrigibleness, n. اصلاح ناپذیری ؛ ناقابلِ درستی پن ۔

incorrigibly, adv. ناقابل اصلاح طور پر ؛ اصلاح ناپذیرانہ ۔

incorrupt, a. پاک باز ؛ غیر فاسد ؛ بدعنوانی یا رشوت کے اثر سے پاک ؛ ایمان دار ؛ دیانت دار ؛ اغلاط سے پاک ، صحیح مثلاً متن ۔

incorruptness, n. پاکبازی ؛ صِحت ؛ درستی ۔

incorruptly, adv. پاک بازی سے ؛ غیر فاسِدانہ طور پر ۔

incorrupted, a. غیر فاسد کردہ ؛ پاک ؛ صاف ؛ صحیح ۔

incorruptible, a. فساد ، زوال یا فنا ناپذیر ؛ جس کو رشوت نہ دی جا سکے ؛ کٹّر راست باز ؛ دیانتدار ؛ ناقابلِ تحلیل ؛ ابدی ؛ دائمی ؛ لازوال؛ ناقابل بگاڑ ۔

incorruptibility, incorruptibleness, n. راست بازی ؛ عدم بدعنوانی ؛ بے زوالی ؛ عدم فنا ؛ ناقابلِ تحلیلی ۔

incorruptibly, adv. فساد ناپذیری سے؛ راست بازی سے ۔

incrassate, v.t. (دوا سازی) دبیز کرنا؛ کوئی اور چیز ملا کر یا تبخیر کے عمل سے گاڑھا کرنا ، مثلاً مائع کو؛ تغلیظ کرنا ۔ (صفت) (نباتیات ، حشریات) دبیز؛ غلیظ ، گاڑھا یا پُھولا ہوا ، مغلّظ ۔ نیز incrassated ۔

incrassation, n. دبازت؛ گاڑھا پن ؛ تغلیظ ۔

incrasstive, a. غلیظ ساز ؛ غلظتی ؛ مُتغلّظ ۔

increase, v.i. زیادہ ہونا ، بڑا ہونا ؛ بچّوں کی پیدایش سے اضافہ ہونا ۔ (فلکیات) بتدریج بڑھتی ہوئی منوّر سطح دکھانا ؛ بڑھنا مثلاً چاند کا ۔ (فعل متعدی) بڑا بنانا ؛ جسامت ، مقدار ، حُجم یا درجہ بڑھانا ؛ اضافہ کرنا ۔

increaser, n. بڑھانے والا ؛ اِضافہ کرنے والا ؛ مضاعِف ؛ متکاثر ۔

increasing, a. بڑھتا ہُوا ، افزوں ؛ مضاعفی؛ تکثیری؛ صعودی ۔

increasingly, adv. بڑھتے ہوئے؛ افزوں انداز میں؛ مضاعِفانہ؛ تکثیری انداز میں؛ بلحاظِ صعود ۔

increase, n. کمال ؛ افزُونی؛ افزایش ؛ اضافہ؛ جو چیز بڑھائی گئی ہو؛ وہ مقدار جو کسی چیز میں بڑھائی گئی ہو؛ دولت سے حاصل شدہ سُود؛ بیشی ؛ بڑھوتری ۔

increasable, a. قابل اضافہ ؛ کمال پذیر ؛ افزایشی ؛ ترقی پذیر ؛ متکثر ۔

incredible, a. محیّرالعقل ؛ ناقابلِ یقین ؛ ایسا غیر معمولی کہ یقین نہ آئے ؛ حیرت انگیز ؛ بعید از قیاس ۔

incredibility, incredibleness, n. ناقابل یقین ہونے کی کیفیت ؛ بے اعتمادی ؛ بے اعتمادیت ۔

incredibly, adv. ناقابل یقین طور پر ؛ بے اعتمادی سے ۔

incredulous, a. شکّاک ؛ بے اعتقاد ؛ متشکک ؛ مُنکر ؛ نامعتقد ۔

incredulity, incredulousness, n. بے اعتقادی ؛ تشکک ؛ انکار ؛ نامُعتقدیت ۔

incredulously, adv. بے اِعتقادی سے ؛ تشکّک سے ؛ نامعتقدانہ انداز میں ۔

increment, n. اضافہ ؛ ترقّی ؛ افزایش ؛ جس چیز کا اضافہ کیا جائے ؛ افزونی ؛ نفع ؛ بڑھوتری ؛ بڑھت ؛ اضافۂ تدریجی ۔ (ریاضی) کسی قدر یا مقدار میں مثبت یا منفی تبدیلی ۔

incremental, a. اضافی ؛ اضافہ پذیرانہ ؛ نفع بخش ؛ ایزادی ۔

increscent, a. بڑھتا ہُوا ، جیسے چاند ؛ افزوں ؛ افزایندہ ؛ پھولتا ہُوا ؛ متورّم ؛ متزائد قمر ؛ بڑھتا چاند ۔

incretion, n. (فعلیات) مہیجہ ؛ ہارمون؛ تراوش درونی؛ وہ مادّہ جو اندرونی طور پر دروں افراز غدود نے پیدا کیا ہو ؛ اس پیدایش یا تراوش کا عمل؛ دروں افرازی ۔

incriminate, v.t. الزام لگانا ؛ کوئی جُرم عائد کرنا ؛ کسی غلط کاری میں مُلوّث کرنا ؛ مؤاخذہ کرنا ۔

incrimination, n. تجریم ؛ الزام لگانے کا عمل ۔

incriminator, n. متجرم ؛ الزام لگانے والا ؛ مُلزِم؛ مُتلوّث ؛ مُتہم ۔

incriminatory, a. الزامی ؛ اِتّہام آمیز ۔

incrust, encrust, v.t. سخت تہ جمانا ؛ پپڑی جمانا ؛ پپڑی لانا ؛ پپڑی بنانا ؛ کسی سطح پر تہ یا قشر بنانا ۔

incrustation, n. چتی ؛ تہ ؛ پر ت ؛ پوست ؛ قشر بنانے کا عمل ؛ قشرداری ؛ آرایشی تہ ؛ داغ ؛ پپڑی ؛ قشریت ؛ کُھرنڈ ۔

incubate, v.t. انڈوں پر بیٹھنا ؛ انڈے سینا ؛ مصنوعی حرارت سے بچّے نکالنا ، جیسے انکیوبیٹر میں ؛ برقرار رکھنا جیسے بکٹیریا کی پیدایش یا جنین کو ایسے منضبط ماحول میں رکھنا جو ارتقا کے لیے نہایت موزوں ہو ؛ پرورش کرنا ؛ پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) انڈوں پر بیٹھنا ؛ انڈے سینا ؛ انڈے سینے کے عمل سے گزرنا ۔

incubation, n. حِضانت ؛ انڈے سینے کا عمل ۔ (امراضیات) عفونت اور علامات مرض کے ظہور کے درمیان ارتقائی مُدّت ، اخفائے مرض کا دور ؛ انڈے سیون ۔

incubational, incubative, a. حِضانتی ۔

incubator, n. محضَن ؛ معتدلہ ؛ مصنوعی حرارت کے ذریعہ انڈے سینے کا عمل ؛ ایک آلہ جس کے ذریعہ درجۂ حرارت ، رطوبت اور آکسیجن کو وقت سے پہلے پیدا ہونے والے بچوں یا جسمانی طور پر غیر مُعتدل بچّوں کے لیے مناسب حد تک برقرار رکھا جاتا ہے ؛ وہ آلہ جس میں بکٹیریا کی پرورش کی جاتی ہے ؛ پرورش کرنے والا ؛ انڈا سینے والا ؛ جراثیم زا مشین ؛ انکیوبیٹر ۔

incubus, n. بھیانک خواب ؛ کابوس ؛ خواب میں ڈرانے والی بھیانک شکل ؛ ایک خیالی بُھوت جس کے متعلّق فرض کیا گیا تھا کہ وہ خواب میں ڈراتا ہے اور یہ بھی سمجھا جاتا تھا کہ وہ نیند میں عورتوں سے مباشرت کرتا تھا ؛ کوئی چیز جو ذہن یا احساسات پر کابوس کی طرح گراں ہو ؛ کسی طرح کا کوئی بوجھ یا گرانی ۔

inculcate, v.t. سمجھانا ؛ سکھلانا ؛ تعلیم دینا ؛ دل نشین کرنا ؛ تاکید کرنا ؛ دل پر نقش کرنا ؛ بار بار کی تنبیہہ سے متاثّر کرنا ؛ مسلسل تکرار کے ذریعے سکھانا یا نقش کرنا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ تلقین کرنا ۔

inculcation, n. تاکید ؛ تلقین ؛ تعلیم ؛ ذہن نشین کرانے کا عمل ۔

inculcator, n. تلقین کُنندہ ، موکّد ؛ بار بار تنبیہہ کرنے والا ۔

inculcatory, a. تلقینی ؛ تاکیدی ۔

inculpable, a. نِردوش ؛ بے گناہ ؛ بے الزام ؛ ناقابل الزام ؛ بے قُصُور ؛ بیداغ ؛ معصوم ۔

inculpability, inculpableness, n. بے قُصُوری ؛ معصومیّت ۔

inculpably, adv. بے قصور طور پر ؛ معصومیت سے ۔

inculpate, v.t. مُلزم قرار دینا ؛ دوش دینا؛ قصوروار ٹھہرانا ؛ الزام عائد کرنا ؛ بُہتان لگانا؛ تہمت تراشنا ؛ مجرم قرار دینا ؛ جُرم عائد کرنا ؛ متہم کرنا ؛ الزام دور کرنا ، exculpate کی ضد ۔

inculpation, n. الزام تراشی ؛ اتّہام ؛ بُہتان ۔

inculpatory, a. الزامی ؛ تہمت آمیز ۔

incumbent, a. لازمی ؛ ضُروری ؛ تکیہ کُنِندہ ؛ فرض ، واجب کی طرح کسی پر لازم ؛ فرض ، جسے ادا کرنا ہو ؛ کسی عُہدے یا سیاسی منصب پر فائز ہونے والا ۔ (اسم) وہ شخص جو کسی سیاسی عُہدے ، کلیسائی جاگیر یا کسی اور منصب پر قابض ہو ؛ عُہدے دار ؛ برسرِ عہدہ ؛ حاملِ اسامی ۔

incumbency, n. عُہدہ ؛ اسامی ؛ فرض ؛ عہدے یا ذمّہ داری کی مدت ؛ میعاد عہدہ ؛ عہدے دار کی ذمّہ داری ؛ مدتّ ماُموری ۔

incumbently, adv. عہدے داری سے ؛ بطور فرض ؛ لازمی طور پر ؛ بالضّرُور ۔

incumber, v.t. دیکھیے : encumber ۔

incunabula, n. مبدات ؛ مبادی ؛ وہ کتابیں جو ۱۵۰۰ء سے پہلے یورپ کی طباعت کے ابتدائی مراحل میں چھپی ہوں ؛ کسی چیز کی ابتدا یا ابتدائی مساعی ؛ اوّلین طباعت ۔

incur, v.t. برداشت کرنا ؛ کسی ناپسندیدہ نتائج کے حامل فرض یا تکلیف کا مُورد ہونا ؛ ذمّہ دار ہونا ؛ قرض وغیرہ لینا ؛ عائد کرنا ؛ ڈالنا ؛ باندھنا ۔

incurrence, n. برداشت ؛ ذمّہ داری ۔

incurable, a. لاعلاج ؛ ناقابل علاج ؛ طبّی امداد یا مہارت سے باہر ۔ (اسم) وہ شخص جو کسی لاعلاج مرض میں مبتلا ہو ۔

incurability, incurableness, n. علاج ناپذیری ؛ لاعلاج پن ؛ لاعلاجیت ۔

incurably, adv. ناقابلِ علاج طور پر ؛ علاج ناپذیرانہ ۔

incurious, a. غیر مشتاق ؛ غیر متجسّس ؛ بے شوق ؛ لاتعلّق ۔

incuriously, adv. غیر متجسّس طور پر ؛ بے تعلّقی سے ۔

incuriosity, incuriousness, n. عدمِ تجسّس ؛ بے تعلّقی ۔

incurrent, a. دروں رَو ؛ اندر کی طرف جاری رَو کا حامل ۔

incursion, n. چڑھائی ؛ حملہ ؛ مُہم ؛ کسی علاقے پر اچانک دُشمنانہ حملہ ؛ تاخت ؛ چھاپا ؛ دھاوا ؛ اندر داخل یا جاری ہونے کا عمل ؛ مداخلت ۔

incursive, a. حملہ آور ؛ مداخلت کار ۔

incurvate, v.t. خم دار بنانا ؛ خم دینا ؛ ٹیڑھا کرنا ؛ سیدھے راستے یا خطِ مُستقیم سے موڑنا ؛ بالخصوص اندر کو موڑنا ۔ (صفت) خمیدہ ؛ بالخصوص اندر کی طرف مُڑا ہوا ؛ دروں خمیدہ ؛ دروں خم ؛ دروں منحنی ۔

incurvature, incurvation, n. دروں خمیدگی ؛ خم ؛ دروں انحنا ؛ اندرونی خم ؛ اندر کی طرف خم ۔

incurve, v.t., v.i. اندر کو خم دینا ۔ (اسم) (بیس بال) وہ گیند جو اندر کی طرف خم کھاکر بلّے والے تک پہنچتی ہے ۔

incus, n. سندان ؛ سندان گوش ؛ استخوان سندانی ؛ میمل (پستان دار) جانوروں کے درمیانی کان کی سندان نُما ہڈّی ؛ سندانی ہڈّی ؛ نہانی ۔ (موسمیات) بارش کے بادل کا بالائی حصّہ یا چوٹی جو سندان کے مشابہ ہوتی ہے ، سندانِ ابر ۔

incudate, incudal, a. سندانی ۔

incuse, v.t. ٹھپّا لگانا ؛ نقش کرنا ، جیسے سکّہ ۔ (صفت) ٹھپّا لگا ہُوا ؛ منقوش ، جیسے سکّہ پر شکل ۔ (اسم) منقش شکل یا نقش ۔

indaba, n. [زولو زبان کا لفظ] اندابا ؛ جنوبی افریقہ کے باشندوں کے درمیان یا ان سے صلاح مشورہ ۔

indamine, n. (کیمیا)انڈا مائن ؛بُنیادی نامیاتی مُرکبّات کا ایک خاص سِلسلہ جو نیلگوں اور سبزگوں نمک بناتے اور رنگ سازی میں استعمال ہوتے ہیں ۔

indebted, a. دین دار ؛ مقروض ؛ مِنّت کَش ؛ رہینِ منت ؛ زیربـاراحسان ؛ احسان مند ؛ قرض دار ؛ مرہونِ منّت ؛ مربُون ؛ ممنُون ؛ شُکر گزار ؛ ممنونِ احسان ۔

indebtedness, n. قرض داری ؛ ممنونیّت ؛ احسان مندی ؛ دینداری ۔

indecent, a. نامناسب ؛ نامعقول ؛ ناشایستہ ؛ مبتذل ؛ بے حیا ؛ بے لحاظ ؛ فُحش ؛ عامیانہ ؛ نازیبا ؛ رکیک ؛ سُوقیانہ ؛ بازاری ۔

indecency, n. ناشایستگی ؛ عامیانہ پن ؛ ابتذال ؛ بازاری پن ۔

indecently, adv. ناشایستہ طور پر ؛ عامیانہ انداز میں ۔

indeciduous, a. (نباتیات) غیر برگ ریز ؛ ناریز ؛ بے ریز ؛ سدا بہار ؛ ہمیشہ بہار ؛ بے ریزانہ ۔

indecipherable, a. مرمُوز ؛ لاینحل ؛ ناقابلِ استنباط ، جو پڑھا نہ جا سکے ؛ ناخوانا ؛ لایُقرأ ۔

indecision, n. تَذبذُب ؛ عدمِ فیصلہ ؛ دو دلی ؛ تلوُّن ؛ دُبدھا ؛ پس و پیش ؛ حیص بیص ؛ ہلچل ؛ بے استقلالی ۔

indecisive, a. بلاتصفیہ ؛ غیر فیصلہ کُن ؛ فیصلہ کرنے کے ناقابل ؛ مُتذبذب ؛ غیر قطعی ؛ مُتزلزل ؛ غیر متعیّن ؛ دو دلا ؛ بلا انفصال ؛ غیر فاصل ؛ ذہنی پس و پیش ؛ مُذبذب ؛ ڈھلمل ؛ متلّون ؛ بے استقلال ۔

indecisively, adv. غیر فیصلہ کن انداز میں ؛ تذُبذُب سے ؛ بلاانقطاع ؛ شک سے ؛ بے استقلالی سے ؛ بلا انفصال ؛ غیر قطعی طور پر ۔

indecisiveness, n. تذبذُب ؛ ہیچکچاہٹ ؛ تلوّن ؛ بے استقلالی ۔

indeclinable, a. (گرامر) غیر متصرّف ؛ غیر مُنصرف ؛ بے تعریف ؛ جامد ؛ جس کی گردان نہ ہو سکے ؛ ناقص ؛ بے صرف ۔

indecorous, a. ناشایستہ ؛ نامعقول ؛ نازیبا ؛ نامناسب ؛ بے تمیز ؛ ناسزاوار ؛ بدمذاقانہ ؛ بیہودہ ۔

indecorously, adv. ناشایستہ طور پر ؛ بے ادبانہ ؛ بے لحاظی سے ؛ نامناسب طور پر ؛ بیہودگی سے ؛ بدمذاقی سے ۔

indecorousness, n. ناشایستگی ؛ بدمذاقی ؛ بیہودگی ۔

indecorum, n. ناشایستگی ؛ بدمذاقی ؛ بے ادبی ؛ گُستاخی ؛ بے سلیقگی ؛ نازیبا حرکت ؛ ناشایستہ حرکت ؛ بیہودگی ؛ بیہودہ فعل ۔

indeed, adv. درحقیقت ؛ اصل میں ؛ حقیقت میں ؛ واقعی ؛ سچ مُچ ؛ فی الحقیقت ؛ کسی سابقـہ بیان کی تاکید کے لیے ، رعـایت کے لیے ، داخلے کے اظہـار کے لیے یا استفسـار کے طور پر درخواست کرنے کے لیے یا توثیق کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (فجائیہ) حیرت یا بے یقینی کا اظہار ؛ الحق ؛ درست ؛ واقع میں ؛ ضرور ؛ ٹھیک ؛ صحیح ؛ فِی الواقع ؛ یقیناً ؛ تحقیق ؛ لاکلام ؛ برحق ؛ حقیقةً ؛ ہاں ؛ البتہ ؛ ہونہہ ۔

indefatigable, a. قوی ؛ اَن تھک ؛ خستگی ناپذیر ؛ بیدم نہ ہونے والا ؛ بے تکان ؛ چڑھے دم ؛ مُستحکم ؛ پیہم ؛ مستقل ؛ سرگرم ۔

indefatigability, indefatigableness, n. بے تکـانی ؛ خستگی/ ناپـذیری ؛ استقـلال ؛ انتہائی سرگرمی ؛ بے حداستقلال ؛ ان تھک پن ۔

indefatigably, adv. ان تھک طور پر ؛ خستگی ناپذیری سے ؛ بنـا تھکـاوٹ ؛ انتہـائی سرگرمی سے ؛ بالاستحکام ؛ بالاستقلال ؛ بلا تکان ؛ بے حدِ استقلال سے ۔

indefeasible, a. ناقابلِ تنسیخ ؛ فسخ ناپذیر ؛ بے زوال ؛ غیر مُنفک ؛ غیر ممکن الابطال ؛ ناقابلِ انفساخ ؛ ناقابل ضبط ؛ ناقابل منسوخی ؛ لازوال ؛ اٹَل ؛ بے نقص ؛ بے عیب ۔

indefeasibility, n. عدم امکانِ ابطال ؛ فسخ ناپذیری ؛ ناقابل حفاظت یا ناقابل حمایت ہونے کی حالت ۔

indefeasibly, adv. غیر مُنفک طور پر ؛ فسخ ناپذیری سے ؛ ناقابل تنسیخ طور پر ۔

indefectible, a. نقص ناپذیر ؛ بے عیب ؛ بے نقص ؛ ثابت ؛ کامـل ؛ جو علیحـدہ نہ ہو سکے ؛ اٹل ؛ لازوال ؛ مُمتنع العذر ؛ اٹوٹ ۔

indefectibility, n.. بے عیبی ؛ بے نقصی ۔

indefectibly, adv. بے عیبی سے ۔

indefensible, a. بے بچاؤ ؛ ناقابلِ دفاع ؛ ناقابلِ مُعافی ؛ ناقابل تصدیق ؛ ناقابل تائید ؛ ناقابل مدافعت ، مثلاً کوئی قلعہ یا فوجی چوکی ؛ غیر ممکن الحفاظت ۔

indefensibility, n. بے پناہی ؛ دفاع ناپذیری ؛ بے عُذری ؛ ناقابلِ حفاظت ۔

indefensibly, adv. ناقابلِ دفاع طور پر ؛ ناقابل حفاظت طور پر ؛ ناقابلِ حمایت طور پر ۔

indefinable, a. غیر تعریف پذیر ؛ ناقابلِ تعریف ؛ ناقابلِ تعین ؛ ناقابلِ بیان ؛ ناقابلِ تجزیہ ؛ تعین ناپذیر ؛ غیر تعیُّن پذیر ؛ غیر متعیّن ۔

indefinability, indefinableness, n. تعریف ناپذیری ؛ تعیّن ناپذیری ۔

indefinite, a. غیر مُقرّر ؛ غیر معیّن ؛ غیر محدود ؛ غیر مشخّص ؛ غیر متعیّن ؛ غیر واضح ؛ مبہم ؛ لا انتہا ؛ بے شُمار ؛ نامحصور ؛ ان گنت ؛ بلا تعیّن ۔ (گرامر) غیر معین (جیسے : the indefinite article ، حرف تنکیر)؛غیر معین ضمیر ۔ (نباتیات) بے شمار ، جیسے زر ریشے ؛ غیر محدود افزایش جیسے نظامِ گُل کی ۔

indefinitely, adv. لاانتہا ؛ غیر معیّن طور پر ؛ بِلا تعیُّن ؛ بلا تصریح ۔

indefiniteness, n. بے تعیینی؛ عدم تعیّن ؛ غیر محدودیّت ؛ لامحدودیت ؛ نامحدودی ؛ ابہام ۔

indefinite integral, n. (ریاضی) نامحدود تکملہ ؛ عددِ غیر معیّن ؛ کوئی تفاعل جس کا ماخوذ معین تفاعل ہو ۔

indehiscent, a. (نباتیات) بستہ ؛ ناشگفتہ ؛ کِھلنے نہ والا ؛ ناکُشا ؛ پک کر کھلنے نہ والا'مثلاً پَھل ؛ مُنہ بند ۔

indehiscence, n. ناشگفتگی ؛ ناکُشائی ۔

indelible, a. محوناپذیر ؛ راسخ ؛ اَن مِٹ ؛ پکّی یا پکّا ؛ ایسے نشان ڈالنے والا جن کو مٹایا نہ جا سکے ؛ ماند گار ؛ نہ مٹنے والا ۔

indelibility, indelibleness, n. پکا پن ؛ محو ناپذیری ؛ ماند گاری ؛ پختگی؛پائیداری ؛ ان مٹ پن ؛ راسخ پن ۔

indelibly, adv. پکّا ؛ ان مٹ طور پر ؛ اس طور پر کہ کبھی نہ مٹے ؛ راسخ طور سے ؛ پتھر پر لکیر کی طرح ۔

indelicate, a. بے لحاظ ؛ ناشایستہ ؛ بے باک ؛ بے حیا ؛ شوخ ؛ دوسروں کے جذبات و احساسات کا خیال نہ رکھنے والا ؛ بے حِس ؛ غیر لطیف ؛ موقع ناشناس ؛ ناملائم ؛ بے نزاکت ؛ بھدّا ؛ بدنُما ؛ زبوں ؛ بے سلیقہ ؛ نازیبا ؛ بیہودہ ؛ بے حجاب ؛ بے شرم ۔

indelicacy, indelicateness, n. ناملائمت ؛ ناشایستگی ؛ بیباکی ؛ عدم لطافت ؛ بے نزاکتی ؛ پھوہڑ پن ؛ بے لحاظی ؛ بے سلیقگی ؛ ناپاکیزگی ؛ بھدّا پن ؛ بدنُمائی ؛ بے شرمی ؛ بیہُودگی ۔

indelicately, adv. بھدّے پن سے ؛ ناشایستگی سے ؛ بیباکی سے ؛ ناملائم طور پر ؛ بدنما طریقے سے ؛ بے شرمی سے ۔

indemify, v.t. قانونی ذمّہ داری سے بری کرنا ؛ تاوان دینا؛ ابرا کرنا ؛ نقصان ، برجانہ یا جرمانہ سے محفوظ کرنا ؛ اخراجات یا نُقصانات کی تلافی کرنا ؛ تاوان دینا ؛ تلافی کرنا ؛ ہرجا یا تاوان دینا ؛ کفالت دینا ؛ ہرجے کا اطمینان کرنا ؛ ٹوٹا بھرنا ؛ ڈنڈ دینا ۔

Indemnification, n. ابرا ؛ تلافی ؛ ڈنڈ ؛ تاوان ؛ عوض نقصان ؛ ہرجانہ ؛ تلافی تاوان ؛ قانونی ذمّہ داری سے بریّت ۔

indemnifier, n. تلافی کرنے والا ۔

indemnity, n. تاوان ؛ تلافی ؛ ہرجانہ ؛ نُقصان ؛ ضرر یا سزا سے حفاظت یا استثنا ؛ ابرا ؛ نُقصان یا ضرر کا معاوضہ ؛ تاوانِ جنگ ؛ تمسّک شرطیہ ؛ بچاؤ ؛ امان ؛ ضمانت ہرجہ ؛ عوضِ نقصان معاوضہ ۔

indemnitee, n. جس کو سزا ، ضرر یا نقصان سے محفوظ کیا گیا ہو یا معاوضہ دیا گیا ہو ؛ تاوان گیر ۔

indemnitor, n. تلافی کرنے والا ۔

Indemonstrable, a. ناقابلِ مظاہرہ ؛ ناقابلِ اثبات ؛ ثبوت ناپذیر ؛ ناقابلِ ثبوت ؛ بلا دلیل ۔

indemonstrability, n. ثبوت ناپذیری ۔

indemonstrably, adv. ثبوت ناپذیری سے ۔

indent, v.t. پوٹ چھوڑنا ؛ شروع کرنا ، (جیسے ٹائپ کی لائن کو ، باقی پیراگراف کے مقابلے میں ، حاشیے سے آگے ٹائپ کرتے ہیں) ؛ دندانے بنانا ، دانتے ڈالنا (جیسے دانتوں کی قطار میں ہوتے ہیں) ۔ (قانون) متعدد نقول کی حامل کسی دستاویز کو بے قاعدہ طور پر اس طرح کاٹنا یا تقسیم کرنا کہ توثیق کے لیے اس کے ٹکڑے اکٹھے لگائے جا سکیں ؛ متعدّد نقول کی حامل دستاویز کو اس طرح کاٹنا یا پھاڑنا ، بے قاعدہ طور پر کنارے کے ساتھ ساتھ ؛ کوئی قانونی دستاویز متعدّد صحیح نقول کے ساتھ تیار کرنا ؛ اقرار نامہ لکھوانا ؛ گہرے درز یا شگاف ڈالنا ؛ درمیان میں دندانے دار لکیر کھینچنا ؛ حاشیہ چھوڑ کر لکھنا یا شروع کرنا ؛ بذریعہ حکم تحریری طلب کرنا ؛ مال کی فرمایش کا مثنیٰ رکھنا ۔ (برطانوی) فرمایش حاصل کرنا ؛ فرمایش کرنا ؛ مطالبہ کرنا ۔ (فعل لازم) ٹائپ یا تحریر کی لکیر دُوسری لکیروں کی نسبت حاشیے سے دُور شروع کرنا ؛ دندانے پڑنا ؛ دانتے پڑنا ؛ مُڑنا ۔ (اکثر برطانوی) فرمایش یا طلب نامہ دو نقلوں میں تیّار کرنا ۔ (اسم) کسی پیراگراف کی پہلی سطر کے شُروع میں خالی جگہ ؛ دندانہ ؛ شگاف ؛ درز ؛ سرکاری قرض کے اصل زر یا سُود کے لیے جو صداقت نامہ ریاستہائے متحدہ امریکا کی حکومت نے انقلابی جنگ کے خاتمے پر جاری کیا تھا ۔ (اکثر برطانوی) سامان کا طلب نامہ بالخصوص غیر مُلک سے ؛ فرمایش نامہ ۔

indent, v.t. دندانے ڈالنا ؛ دانتے ڈالنا ؛ گڑھا ڈالنا ؛ ڈِبکے ڈالنا ؛ نشان ڈالنا ۔ (اسم) کسی چیز کی سطح میں ضرب سے ڈالا ہوا گڑھا ، ڈبکا یا دندانہ ؛ چپ ؛ نشان ۔

indentation, n. دانتا ؛ دندانہ سازی ؛ دندانہ ؛ کنگرہ ؛ ڈِبکا ؛ گوشہ دار شگاف یا دراڑ جیسے ساحل دریا میں ؛ کنارے کے ساتھ ساتھ دندانوں کا سلسلہ ، جیسے پتّوں کا کنارا ؛ دندانہ ؛ دندانہ دار خط ۔

indented, a. دندانہ دار ؛ کنگرہ دار ؛ دنتیلا ۔

indention, n. (طباعت) کاغذ کے بائیں یا دائیں کنارے پر ٹائپ ترتیب دینا ؛ کھانچا ؛ لہر ؛ وہ خالی جگہ جو ٹائپ کی ترتیب سے باہر ہو ؛ دندانہ ؛ کنگرا ؛ پوٹ ۔

identure, n. (قانون) مُعاہدہ ؛ اقرار نامہ ؛ دو یا دو سے زیادہ فریقوں کے درمیان طے پانے والا مُہر لگا معاہدہ جس کی نقول فریقین کے پاس ہوں ؛ ایسی دستاویز ، جس کی نقول توثیق کے لیے تیّار کی گئی ہوں ؛ شرائط نامہ ؛ عہد نامہ ؛ مثنیٰ دار دستاویز ۔ (عموماً جمع) معاہدہ جس کے ذریعے کوئی شخص خاص شرائط اور خاص مدت کے لیے کسی کا پابند ہو جائے جیسے نوکر اور آقا ؛ کوئی سرکاری فہرست سامان ؛ دندانہ سازی ۔ (فعل متعدی) معاہدے کے ذریعے پابند کرنا جیسے کارآموزی کے لیے ؛ شرط لکھوا لینا ؛ قول و قرار کرنا ؛ پابندِ عہد کرنا ۔

independence, n. مختاری ؛ غیر مُحتاجی ؛ آزادی ؛ خود مختاری ۔

independency, n. دوسروں کے اثرونفوذ سے آزادی ؛ آزاد ہونے کی حالت ؛ خُودسری ؛ بے تعلّقی ؛ اِستغنا ؛ استقلال ۔

Independence Day, n. یوم استقلال ؛ یوم آزادی ؛ پاکستان میں ۱۴ اگست کی سرکاری تعطیل جو ۱۴ اگست ۱۹۴۷ کو قیام پاکستان کے سلسلے میں یوم آزادی کے طور پر منایا جاتا ہے ؛ متحدہ امریکا میں ۴ جولائی کی قانونی تعطیل جس میں ۴ جولائی ۱۷۷۶ء کے اعلان آزادی کی یاد منائی جاتی ہے ۔

independency, n. استقلال ؛ آزادی ؛ آزاد علاقہ یا مملکت (جو کسی دوسری قوم کے تحت نہ ہو) ۔ (بڑے ا سے) (کلیسیات) یہ عقیدہ یا تحریک کہ انفرادی کلیسائی اجتماع ، کسی خارجی کلیسائی

طاقت کے تحت نہیں ، صرف خُدا کے قوانین کے تحت ہے ؛ خود مختاری ۔

independent, a. مستقل ؛ آزاد ؛ خود مختار ؛ جو دوسروں کے تحت نہ ہو ؛ جو دوسروں پر انحصار نہ کرے (مفعول سے پہلے of کے ساتھ آتا ہے) ؛ اپنی ذات کے لیے سوچنے اور عمل کرنے والا ؛ تعصّب یا اثر سے متأثر نہ ہونے والا ؛ کسی بڑے گروہ پر انحصار نہ کرنے والا ۔ (سیاسیات) جو کسی خاص جماعت سے وابستہ نہ ہو ؛ بالخصوص رائے دہی میں ؛ کسی قابلیت کا حامل (جیسے : an independent fortune) ؛ غیر پابند ؛ ذاتی آمدنی رکھنے والا ؛ آزاد سیاستدان ؛ بے باک ؛ بے نیاز ؛ الگ ؛ بے احتیاج ؛ علیحدہ ؛ خُودسر ؛ مطلق العنان ؛ ذی اختیار ؛ بے تعلّق ؛ فارغ البال ؛ مستغنی ؛ آسُودہ ؛ کھاتا پیتا ۔ (گرامر) آزاد جملہ ، جملۂ تام ۔ (بڑے ا سے) (کلیسیات) آزادیٔ اجتماع کا حامی ۔ (اسم) (سیاسیات) جو کسی جماعت کا پابند نہ ہو ؛ آزاد ۔ (بڑے حرف ا سے) (کلیسیات) وہ شخص جو اجتماع کو بیرونی کلیسائی طاقت کے ماتحت نہ مانتا ہو ؛ غیر مقلّد عیسائی ؛ ایک آزاد خیال فرقہ جو سولھویں صدی میں انگلستان میں پیدا ہوا ۔

independent of قطع نظر اس کے ۔

independently, adv. آزادانہ ۔ آزادی سے ؛ جداگانہ ؛ بے تعلّقی سے ؛

indescribable, a. ناممکن البیان ؛ ناقابل بیان ؛ ناقابلِ اظہار ؛ بیان سے باہر ؛ مُبہم ؛ غیر معیّن ۔

indescribability, n. لااظہاریت ؛ اظہار ناپذیری ؛ غیر معیّن پن ۔

indescribableness, n. اظہار ناپذیری ؛ غیر معینیّت ۔

indescribably, adv. ناقابل اظہار طور پر ؛ بے حد ؛ ناقابل بیان طور پر ۔

indestructible, a. لازوال ؛ غیر فانی ؛ فناناپذیر ؛ لافانی ؛ جس کو تباہ نہ کیا جا سکے ۔

indestructibility, indestructibleness, n. بقا ؛ فنا ناپذیری ؛ انمٹ پن ؛ بقائے دوام ۔

indestructibly, adv. لافانی طور پر ؛ لازوال طور پر ۔

indeterminable, a. بے انتہا ؛ ناقابل تعیّن ؛ ناقابل اثبات ؛ ناقابل تصفیہ ؛ ناقابل اختتام ؛ غیر معیّن ؛ بلا تعیُّن ؛ ناقابلِ انفصال ؛ غیر محصُور ۔ (ریاضی) غیر مقطع ۔

indeterminableness, n. تعیّن ناپذیریت ؛ تصفیہ ناپذیری ۔

indeterminably, adv. ناقابل تعیُّن طور پر ؛ غیر معیّن طور پر ؛ غیر واضح طور پر ۔

indeterminacy principle, n. اصول عدم تعیّن ۔

indeterminate, a. غیر متعیّن ؛ غیر محدود ؛ غیر تصفیہ شُدہ ؛ غیر مقـرّر ؛ غیر معیّن ؛ غیر یقینی ؛ غیر صحیح ؛ غیر مُشخّص ؛ غیر محصُور ؛ مبہم ؛ غیر واضح ۔ (نباتیات) اس نظامِ گُل سے متعلّق جس میں بُھول معاون کلیوں سے محور کے ساتھ ساتھ نکلتے ہیں تا کہ نوک پر مزید افزایش مُمکن ہو ؛ بے حدود ۔ (ریاضی) اس مسئلہ سے متعلّق جس کے حل بے شمار ہوں ؛ غیر مُقطع ؛ غیر معیّن جیسے مقدار ؛ مبہم ؛ غیر واضح ؛ بے حدود ؛ بے شُمار ۔

indeterminately, adv. بلاتصریح ؛ غیر معین طور پر ؛ لاانتہا ؛ بلاتعیّن ؛ بلاتشخیص ۔

indterminateness, indeterminacy, n. عدم تعیّن ؛ ابہام ۔

indetermination, n. تذبذُب ؛ عدم تعیّن ؛ بے ثباتی ؛ بے استقلالی ؛ دودِلی ؛ تلوُّن ؛ پس و پیش ۔

indeterminism, n. (فلسفہ) لاتعینیّت ؛ لاقدریت ؛ یہ نظریہ کہ سب انسانی افعال اور فیصلے خارجی اسباب یا محرکّات سے متعین نہیں ہوتے ۔

indeterminist, n. لاتعینیّت کا قائل ۔

indeterministic, a. لاتعینیّتی ؛ لاقدری ۔

indevout, a. غیر پابندِ عقائد ؛ غیر مُتقی ؛ غیر مُقلّد ؛ غیر مذہبی ؛ بے دِین ؛ ناقص الارادت ؛ نامُعتقِد ۔

indevoutly, adv. بے دینی سے ۔

index, n. اشاریہ ؛ ہجائیہ یا طبقہ بند فہرست ، مثلاً جو کتاب کے آخر میں لگائی جاتی ہے تا کہ اس میں شامل مواد کا حوالہ تلاش کیا جا سکے ؛ وہ چیز جو سائنسی آلے میں اظہار کے لیے استعمال کی جائے ؛ سوئی ؛ شہادت کی انگلی ؛ جو چیز کسی حقیقت کی طرف توجہ مبذول کرائے (جیسے : The face is an index of the heart) ؛ نشان ؛ دلیل ؛ علامت ۔ (طباعت) وہ نشان جو کسی خاص تحریر یا پارۂ عبارت کی نشان دہی کے لیے استعمال کیا جائے ۔ نیز: hand, fist ۔ (الجبرا) قُوت نُما ۔ (سائنس) ایک عدد یا کُلیہ جو کسی نسبت کا اظہار کرے ۔ (بڑے ا کے ساتھ) (مذہبیات) قابل اعتراض مواد کی حامل کتابوں کی فہرست جو رومی کیتھولک کلیسا کی طرف سے شائع کی جائے ۔ (فعل متعدی) اشاریہ بنانا ، مثلاً کتاب کا ؛ اشاریہ میں درج کرنا ، مثلاً کوئی لفظ ؛ اشاریہ کا کام دینا ۔

indexer, n. اشاریہ ساز ؛ فہرست بنانے والا ۔

indexical, a. اشاریتی ؛ اشاریہ سے متعلّق ۔

index finger, n. انگشتِ شہادت ؛ شہادت کی اُنگلی ؛ حُکم کی اِنگلی ؛ سبابہ ۔

index fossil, n. (ارضیات) کسی ایسی نوع کا رِکاز جو متعدّد علاقوں میں موجود تھی مگر ایک مختصر مُدّت تک زندہ رہی اس سے گرد و نواح کی ارضی ساخت کے زمانے کا تعیُّن کیا جاتا ہے ۔

index number, n. (شُماریات) شُمارۂ اشاری ؛ متبوع عدد ؛ اشاریہ نمبر ؛ وہ عدد جو اسی عامل میں تبدیلی کی نشان دہی کرتا ہے ، مثلاً مصارفِ حیات میں ؛ سال بسال یا کسی اور مقررّہ زمانہ سے جو نُقطۂ حوالہ کے طور پر منتخب کیا گیا ہو ؛ اشاری عدد ؛ عدد اشاری ؛ عددِ قُوّت نُما ۔

index of refraction, n. (بصریات) اِنعطاف نُما ؛ خلا یا کسی دوسرے واسطہ (medium) میں روشنی یا تابکـاری کی رفتار کا کسی دیگر واسطہ میں اس کی رفتار سے تناسب ۔

India, n. ایک ابلاغیاتی مرموز لفظ جو "I" کا نمائندہ ہے ۔

India ink, Chinese ink, n. روشنائی ؛ سیاہی ؛ کاجل ؛ سیاہ روشنائی جسے سیاہ مادّے اور کسی رال کو ملا کر سلاخ یا ٹکیہ کی شکل میں تیار کیا جاتا تھا ؛ سیّال روشنائی جو اس رنگ سے بنائی گئی ہو اور تصویر کَشی ، نقشہ کَشی اور حروف کاری یا لکھنے میں مستعمل ہو ۔

Indiaman, n. تجارتی جہاز ؛ انڈیا مین ؛ ایک بڑا تجارتی جہاز، بالخصوص بادبانی جہاز جسے پہلے زمانے میں ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان سے تجارت کے لیے استعمال کرتی تھی ۔

Indian, a. ہندوستانی ؛ انڈین ؛ امریکی انڈینوں یا ہندوستان سے متعلق جو جنوبی ایشیا کی جمہوریہ ہے ؛ جزائر شرق الہند سے متعلق ؛ امریکی انڈینوں کی زبان یا زبانوں سے متعلق ۔

Indian, n. جنوبی اور شمالی امریکا کی اصلی پراچین نسل کا فرد ، جس میں اسکیمو شامل نہیں ہیں ؛ ہندوستان یا جزائر شرق الہند کی مقامی نسلوں کا فرد ؛ یورپی، بالخصوص انگریز جو ہندوستان یا شرق الہند میں رہا ہو ؛ امریکی انڈینوں کی زبان یا زبانیں ۔

Indian club, n. مُگدر ؛ بوتل کی شکل کی چوب جو ورزشی مشقوں میں استعمال ہوتی ہے ۔

Indian corn, maize, n. (امریکی) مکا؛ مکی ؛ مکئی کا پودا (Zea mays) جو امریکا کا دیسی پودا ہے اور جسے انڈین بکثرت کاشت کرتے ہیں ، یہ جدید دوغلی مکئی کا پیش رو ہے ؛ اناج کی ایک قسم جس کے مختلف رنگوں کے پھل یا بھٹے آرایشی طور پر اگائے جاتے ہیں ۔(برطانوی) بُھٹے پر لگاہوامیٹھااناج ؛خوردنی اناج ؛مکئی دانے ۔

Indian file, n. اکہری قطار ؛ اکہری صف ۔

Indian giver, n. (بول چال) وہ شخص جو تُحفہ دے کر واپس لے لے یا اس کے بدلے میں تُحفے کی توقّع رکھّے ۔

Indian giving, n. تحفے کے معاوضے کی توقّع ۔

Indian hemp, dogbane, n. (نباتیات) گانجا ؛ ہندوستانی سَن ؛ ہندی بھنگ ؛ سنی ؛ ایک بلند دائمی شُمالی امریکی پودا ، جس کا تعلّق کُچلے کے خاندان سے ہے ، جس کے ڈنٹھل کے ریشے سخت ہوتے ہیں ، یہ کہان اور جال کی رسیّوں کے کام آتی ہے ، اس سے ایک دودھیا رس نکلتا ہے ، جسے ربڑ کے ممکنہ ماخذ کے طور پر تجرباتی طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Indian licorice, Rosary Pea, n. جشم ؛ رتی ؛ لالڑی ؛ ایک مشرقی ہندوستان کی جھاڑی (Abrus precatorius) جس کے بیج سُرخ اور سیاہ ہوتے ہیں ، جو تسبیح یا مالا کے دانــوں کے طور پر استعمال ہوتے ہیں اور اس کی جڑ سے ملہٹی کی سی خوشبو آتی ہے ۔

Indian meal, n. مکئی کا آٹا ؛ مکئی کا دلیا ۔

Indian paintbrush, painted cup, n. انڈین مُوقلم ؛ کاسٹیلیجا (Castilleja) جنس کے مختلف جھاڑی والے پودوں میں سے کوئی ایک جن کا تعلّق علفِ خنــازیری خاندان سے ہے ، اکثر مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں ہوتا ہے ، زرد سے سُرخ رنگ کے چمکیلے چھلکے پُھولوں کے ارد گرد ہوتے ہیں ۔

Indian pipe, ghost plant, corpse plant, n. (نباتیات) یک گُلہ ؛ انڈین پائپ ؛ ایک بے برگ سفید مومی طفیلی پودا ، جو جھاڑی کی شکل میں ہوتا ہے ، شُمالی امریکا اور ایشیا میں پایا جاتا ہے ، اس کا ایک خمیدہ پُھول ہوتا ہے اور پودا تمباکو کے پائپ سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Indian pudding, n. ہندی حریرہ ؛ ایک میٹھا پکا ہُوا حریرہ ، جو دُودھ ، راب یا شیرہ اور مکئی کا آٹا ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Indian red, n. انڈین سُرخ ؛ ایک ہلکا سُرخ خاکی رنگ جو لوہے کے زنگار یا آکسائڈ سے بنایا جاتا ہے اور آبی رنگوں ، دوسرے تصویر کشی کے ذرائع اور غازہ وغیرہ یا افزایشِ حُسن کے سامان میں رنگ دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایک باریک پسا ہوا جلا کار عامل ، یہ کیمیائی طور پر بھی سبز توتیا سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

Indian summer, n. گُلابی جاڑا ؛ عموماً معتدل موسم جو گرما کے آخر میں یا سرما کے آغاز میں ہوتا ہے ۔ (مجازاً) کامیابی اور سکون کا زمانہ، بالخصوص زندگی کے آخری دور میں ؛ امریکی موسم خزاں کا آخر جس میں بارش بالکل نہیں ہوتی ۔

Indian tobacco, n. انڈین تمباکو ؛ شُمالی امریکا کے جھاڑی والے تین پودوں میں سے کوئی ایک : Lobelia inflata وہ پودا جس کے ہلکے نیلے رنگ کے پُھولوں کے خوشنے اور پُھولی ہُوئی کٹوری ہوتی ہے ، Nicotiana rustica ، ایک قسم کا تمباکو جسے انڈین کاشت کرتے ہیں ، Antennaria plantaginifolia جس کے سفید سے گلابی رنگ تک کے پُھولوں کے سخت گُچھے ہوتے ہیں ۔

Indian turnip, n. ہندی شلجم (Arisaema atrorubens) یا اس کی جڑ ۔

India paper, n. قرطاس ہند ؛ ہندی کاغذ ؛ جاذب کاغذ ؛ ایک پتلا ، نرم ہلکا زرد یا نُقرئی جاذِب کاغذ جو زیادہ تر چین اور جاپان میں بنایا جاتا ہے اور کندہ کاری کے عُمدہ ترین نقش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک پتلا ، سخت ، غیر شفّاف طباعتی کاغذ جو انجیل اور دُعاؤں کی کتابوں کے لیے مستعمل ہے ۔

Indian rubber, n. ربڑ ؛ ہندی ربڑ ؛ ایک بہت لچکیلا مادّہ جو گرم علاقوں کے پودوں مثلاً ربر پودے (Hevea brasiliensis) کے دُودھ یا دُودھیا رس سے حاصل ہوتا ہے ، اس کی اصلاح شُدہ مصنوعات لچکیلے بند اور تحریر مٹانے والی ربڑ کے طور پر کام آتی ہیں ؛ ربڑ سے بنی ہوئی کوئی چیز ۔ دیکھیے : rubber ۔

Indic, a. ہندوی ؛ ہندی ؛ ہندوستانی ؛ ہندوستانی کی ثقافتی زندگی ، رسم و رواج اور زبــانوں سے متعلّق ۔ (اسم) ایک جامع اصطلاح جو جدید اور قدیم ہنــد یورپی زبــانوں (جن میں اُردو، جدید ہنــدی اور سنسکرت شامل ہیں) اور ان کی اقسام کی مظہر ہے ۔

Indican, n. (کیمیا) انڈیکن ؛ شیرۂ نیل ؛ ایک شکرزا مادّہ جو نیل کے پودے کے پتّوں میں ہوتا ہے اور اس سے تجارتی سطح پر نیل کا رنگ بنایا جاتا ہے ۔

indicant, n. نماندہ ؛ مُظہر ؛ دلالت کرنے والا ؛ دالّ ؛ ظاہر کرنے والا ؛ متقاضی ؛ بتانے والا؛ اشارہ کناں ۔

indicate, v.t. ظاہر کرنا ؛ نشان دہی کرنا ؛ علامت (مرض) وغیرہ کی نشــان دہی کرنا ؛ دلالت کرنا ؛ مُراد ہونا ؛ مختصراً ظاہر کرنا ؛ بتانا ؛ علامت بتانا ؛ اشارہ کرنا ۔

indication, n. علامت ؛ اظہار ؛ نشان دہی ؛ اشارہ؛ دلیل ؛ دلالت ۔

indicative, a. مُظہر ؛ دالّ ؛ اشارہ کُنندہ ؛ مُشعِر ؛ دکھانے والا ؛ جتــانے والا ؛ بیانیہ ۔ (گرامر) وجۂ خبریہ جو امکانی اور پسندیدہ کی بجائے حقیقت کے اظہار پر مشتمل ہو جیسے کسی معروضی حقیقت کے بیان اور استفسار کے لیے فعل کی صُورت استعمال ۔ (اسم) اظہاری شکل میں صورتِ فعل ؛ خبریہ فعل ۔

indicatively, adv. اشارہ کرتے ہوئے ؛ بداہتہً ؛ دلالتہً ؛ اظہار یا فہمایش کے طور پر ۔

indicator, n. مُظہر ؛ ظاہر کرنے والا ؛ اشارہ کرنے والا ؛ نماندہ ؛ ظاہر کرنے والا آلہ، مثلاً سُوئی کسی آلے کی ؛ کسی انجن کے اسطوانہ میں دباؤ یا بھاپ ظاہر کرنے والا آلہ ؛ رفتار نُما ؛ وہ آلہ جو کوئی خبر یا اطلاع مہیّا کرے مگر اس میں اس اطلاع کو ذخیرہ کرنے کا اہتمام

نہ ہو، مثلاً ریڈار کا مُظہر ؛ مختلف اقسام کا ترسیمی آلہ ؛ بتانے والا ؛ دکھانے والا ۔ (کیمیا) مقیاس ؛ ایک مادّہ جو ترکیبی عناصر کی موجودگی یا کوائف کی نشان دہی بصری طور پر کرتا ہے ؛ مظہار ؛ مسکن نُما ؛ کاشفہ ؛ کاشف ؛ تعدیل نُما ؛ عددنُما ۔

indicatory, a. توضیحی ؛ نمائندہ ؛ مُظہر ؛ نشان دہ ؛ مدلّل ؛ تصریحی ؛ بتلانے والا ۔

indicia, n. اشارات ؛ اطلاعات ؛ نشان یا علامات، بالخصوص وہ مطبوعہ نشان جو لفافوں پر ٹکٹ کی بجائے مہر کیے جاتے ہیں تا کہ زیادہ ڈاک بھیجنے میں آسانی ہو۔

indicial, a. قُوّت نُما ؛ اشاری ؛ علامتی ۔

indict, v.t. (قانون) قانُونی صورت میں کسی پر کسی جرم یا غلط رویہ کا الزام عائد کرنا ؛ کسی جُرم کا الزام لگانا ؛ مُلزم قرار دینا ؛ علّت لگانا ؛ ماخُوذ کرنا ؛ مُتہم کرنا ؛ مُقدّمہ چلانا ۔

indictable, a. قابلِ ماخُوذی ؛ قابلِ الزام ؛ لائقِ الزام ۔

indicter, indictor, n. الزام لگانے والا؛ ماخُوذ کرنے والا ؛ علّت لگانے والا ۔

indictment, n. الزام ؛ قرار دادِ جُرم ؛ کسی شخص کے خلاف باضابطہ الزام ؛ چالان ؛ فردِقرار دادِ جُرم ؛ تحریری استغاثہ ؛ اتہام ؛ ماخوذی ؛ قابلِ استغاثہ جرائم یا علّت ؛ استغاثہ؛ نالش ؛ دعویٰ ۔

indiction, n. رُومی دورِ تصریح ؛ قدیم رُومی سلطنت میں پندرہ سال کی مالی مُدّت، جس کے آغاز میں جائیدادکی تشخیص کی جاتی تھی اور قیمت کا تعیّن کیا جاتا تھا تاکہ محصول لگایا جا سکے ؛ محصول جو اسی مالیت پر لگایا جائے ؛ پندرہ سالہ دور ؛ اس مُدّت میں تخصیص کردہ کوئی سال ۔

indifference, n. بے تعلُّقی ؛ بے حِسّی ؛ بے اِعتنائی ؛ بے توجہی ؛ بے پروائی ؛ ناظرف داری ؛ بے قدری ؛ بے وقری ؛ نااہمیّت (جیسے : a matter of complete indifference to us) ؛ معمولی نوعیت ۔

indifferent, a. بے اثر ؛ لاتعلُّق ؛ بے پروا ؛ بے اعتنا ؛ معمولی درجے کا ؛ اچھا نہ بُرا ؛ غیر جانبدار ؛ غیر مُتعصّب ؛ سہل انگار؛ سرد مہر ؛ بے غرض ؛ بے مطلب ؛ غیر طرفدار ۔ (حیاتیات) غیر ممیّز شُدہ ؛ تعدیلی ؛ غیر مُتفرّق ۔

indifferentism, n. عینیّت ؛ باقاعدہ بے توجہی ؛ بالخصوص یہ عقیدہ کہ مذہبی اختلافات غیر اہم ہیں ؛ عقیدۂ عدم اہمیّتِ مذہب ؛ آزادئ مذاہب ۔

indifferentist, a. مذہبی اختلافات سے لاتعلّق ؛ مذہبی اختلافات کو غیر اہم جاننے والا ۔

indifferently, adv. بلا رُوورعایت ؛ بے تعلّقی سے ؛ بے پروائی سے ؛ بِلا امتیاز ؛ بے اعتنائی سے ؛ بے غرضی سے ۔

indigence, n. محتاجی ؛ افلاس ؛ ناداری ؛ مُفلسی ؛ تنگ دستی ؛ تہی دستی ؛ بے نوائی ۔

indigene, n. دیسی ؛ مُلکی ؛ مقامی ؛ مقامی جانور یا پودا ۔

indigenous, a. وطنی ؛ مُلکی ؛ علاقائی ؛ مقامی ؛ فِطری ؛ دیسی ۔

indigenously, adv. مُلکی طور پر ؛ مقامی طور پر۔

indigenousness, n. وطنیّت ؛ وطنی تعلُّق ۔

indigent, a., n. کنگال ؛ مُحتاج ؛ مُفلِس ؛ نادار ؛ غریب ؛ فقیر ؛ بے زَر ؛ مسکِین ؛ گدا ؛ بے نوا ۔

indigently, adv. مفلسانہ ؛ ناداری سے ؛ اَفلاس سے ۔

indigested, a. ہضم نشُدہ ؛ بے شکل ؛ بے صُورت ؛ بے سوچا سمجھا ؛ غیر مُنظّم یا بے ترتیب ؛ پریشاں ؛ ثقیل ؛ دیر ہضم ؛ غیر مُنہضم ؛ ابتر ؛ بے پچا ؛ کچّا ؛ بے تحلیل ؛ بے شکل ؛ درہم برہم ۔

indigestible, a. ناقابلِ ہضم ؛ ثقیل ؛ دیر ہضم ؛ گراں ۔

indigestibility, n. دیر ہضمی ۔

indigestibleness, n. دیر ہضمی ؛ گرانی ۔

indigestion, n. تُخمہ ؛ بدہضمی ؛ گرانی ؛ سُوءِ ہضم ؛ ضُعفِ معدہ ۔

indigestive, a. بدہضمی پیدا کرنے والا ؛ ثقیل ؛ غیر ہاضم ۔

indignant, a. پُرغیظ ؛ رنجیدہ ، خفا ؛ ناراض ؛ برہم ؛ قہرناک ؛ غضبناک ؛ کسی غیر منصفانہ ، ناشایستہ یا گھٹیا بات پر ناپسندیدگی یا غُصّہ ظاہر کرنے والا ؛ خفا ؛ پُرطیش ۔

indignantly, adv. برہمی سے ؛ غُصّے سے ؛ خفگی سے ؛ طیش سے ۔

indignation, n. غیظ و غضب ؛ برہمی ؛ ناشایستہ یا گھٹیا بات پر ناپسندیدگی ؛ غُصّہ جس میں نفرت اور حقارت شامل ہو ؛ جائز خفگی ؛ غضب ؛ طیش ؛ عُقُوبت ؛ احتجاج ۔

indignity, n. توہین ؛ ذِلّت ؛ ہتک ؛ کوئی فعل جس سے کسی شخص کے لیے نفرت کا اظہار ہو یا جس سے کسی کا وقار مجرُوح ہو یا جو ذِلّت آمیز ہو ؛ توہین ؛ خواری ؛ بے قدری ؛ حقارت ؛ اہانت ؛ بے عِزّتی ؛ بے وقری ؛ تحقیر؛ خِفّت ۔

indigo, n. نیل ؛ وسمہ ؛ اودا ؛ گہرا بنفشئ ؛ نیلا ؛ مُتعدّد نیلے رنگوں میں سے کوئی ایک ، اب مصنوعی طور پر ہائیڈروکاربن سے بناتے ہیں ، لیکن اصلاً نیل کی جنس کے پودوں سے حاصل کیا جاتا تھا جس کی اصل شرقُ الہند ہے ۔

indigoid, a. نیل دار ؛ نیل نما ؛ رنگوں کے اُس طبقہ سے منسوب ، جو ساخت میں نیل سے مُشابہ ہیں ۔

indigo blue, indigotin, n. نیل ؛ نیل کا رنگ ؛ گہرا نیلا سفوف جو ساخت میں قلمی اور تانبے کی چمک کا حامل ہے ، یہ نیل کو رنگ دینے کی بُنیاد ہے اور کیمیائی طور پر بھی بنایا جا سکتا ہے ۔

indigo bunting, indigo bird, indigo finch, n. نیلا سہرہ ؛ شمالی امریکا کا ایک چھوٹا پرندہ (Passerina Cyanea) اس کے نر کے نیل گُوں رنگ کی وجہ سے یہ نام رکھّا گیا ؛ نیل چڑی ۔

indigo snake, gopher snake, n. جنوبی ریاستہائے مُتحدّہ امریکا کا ایک بے زہر سانپ Drymarchon corais جو چھوٹے جانوروں پر ان کے بھٹ میں حملہ کرتا ہے ۔

indigotin, n. دیکھیے :indigo blue ۔

indirect, a. بالواسطہ ؛ ناراست ؛ غیر مستقیم ؛ خطِ مُستقیم سے مُنحرِف ؛ بِلاراست ؛ چکّر کا ؛ ناکُشادہ اور ٹیڑھا ؛ خمدار ؛ پھیر کا ؛ کج ؛ مخفی ؛ پُرفریب ؛ ضمنی ۔

indirection, n. ہیر پھیر ؛ فریب ؛ پیچ ؛ حِیلہ ؛ چال ؛ دغا ؛ مکّاری ؛ مکر ؛ عیّاری ؛ جعلسازی ۔

indirectly, adv. بالواسطہ طور پر ؛ بواسطہ ؛ اینچ پیچ سے ؛ ہیر پھیر سے ؛ اشارتاً ؛ کنایتہً ؛ ضِمناً ؛ دغا سے ؛ چالاکی سے ؛ چھل سے ؛ فریب سے ؛ کارسازی سے ۔

indirectness, n. ٹیڑھ ؛ ناراستی ؛ پیچیدگی ؛ کجی ؛ لاگ لپیٹ ؛ پیچ ؛ پھیر ؛ چکّر۔

indirect lighting, n. بالواسطہ روشنی ؛ روشنی کی وہ قسم جس میں روشنی چھت کی سطح سے منعکس کی جاتی ہے تا کہ چمک اور سایہ کم سے کم کیا جا سکے۔

indirect object, n. (گرامر) مفعولِ ثانی ؛ بالواسطہ مفعول ، وہ لفظ جو کسی کہنے ، بتانے ، پوچھنے ، دینے یا اشارہ کرنے والے فعل کے بعد آتا ہے اور قبول کرنے والے کو ظاہر کرتا ہے (جیسے : Bake me a cake)۔

indirect primary, n. (سیاسیات) بالواسطہ انتخاب ؛ ایک انتخاب جس میں کسی اجلاس یا اجتماع کے لیے نمائندوں کا انتخاب ارکان جماعت کرتے ہیں ؛ وہ اجلاس جس میں جماعت کے اُمیدوار مُنتخب کیے جائیں۔

indirect tax, n. بالواسطہ محصُول ؛ وہ محصُول جو انجام کار کسی دُوسرے کو ادا کرنا ہوتا ہے ، مثلاً محصول درآمد جو صارفین کے لیے زیادہ قیمت کی صورت میں مُنتج ہوتا ہے ؛ چُھپا محصُول۔

indiscernible, a. غیر ممیّز ؛ ناقابلِ امتیاز ؛ ناقابلِ ادراک ؛ بمشکل قابلِ شناخت ؛ جو تمیز میں نہ آئے ؛ نامعلوم ؛ جس میں بصارت کام نہ کر سکے ؛ غیر محسُوس۔

indiscernibleness, indiscernibility, n. عدم قابلیّتِ امتیاز ؛ ادراک ناپذیری۔

indiscernibly, adv. ناقابلِ امتیاز طور پر۔

indiscoverable, a. ناقابل دریافت ؛ ناقابلِ انکشاف ؛ جو دریافت نہ ہو سکے ؛ ناقابلِ ادراک۔

indiscreet, a. نافہم ؛ نادان ؛ بے لحاظ ؛ بے شُعُور ؛ بے اِمتیاز ؛ بے تمیز ؛ عاقبت نااندیش۔

indiscreetly, adv. ناعاقبت اندیشی سے ؛ بے احتیاطی سے ؛ ناسمجھی سے۔

indiscreetness, n. ناسمجھی ؛ ناعاقبت اندیشی وغیرہ۔

indiscrete, a. جو براہ راست نہ ہو ؛ بالواسطہ ؛ جس کے اجزا واضح نہ ہوں ؛ غیر مُنقَسم ؛ بسیط۔

indiscretion, n. نافہمی ؛ نادانی ؛ ناسمجھی ؛ لغزش ؛ بے عقلی ؛ بے احتیاطی ؛ ناسمجھی کا کام ؛ بے امتیازی ؛ بے شعوری ؛ حماقت۔

indiscriminate, a. بے امتیاز ؛ غیر اِمتیازی ؛ بے ربط ؛ بے ترتیب ؛ بے قید ؛ مُنتَشر ؛ پریشان ؛ گڈمڈ ؛ بے تمیز ؛ بے شُعُور۔

indiscriminately, adv. بلاتمیز ؛ غیر امتیازی طور پر ؛ بے ربطی سے ؛ اَندھا دُھند ؛ بلا امتیاز ؛ بلا تفریق ؛ عام۔

indiscriminateness, n. عدمِ امتیاز ؛ بے ربطی ؛ بے ترتیبی۔

indiscriminating, a. بے تمیز ؛ بے ترتیب ؛ بے ربط ؛ بے توفیق ؛ بے شُعُور ؛ناممیَّز ؛ بے اُصُول ؛ بے قید ؛ بے اِمتیاز ؛ مُنتَشر ؛ گڈمڈ۔

indiscrimination, n. عدمِ تمیز ؛ بے اِمتیازی ؛ بے ترتیبی ؛ عدمِ تفریق ؛ اندھا دُھند پن ؛ بے اُصُولی۔

indispensable, a. ناگُزیر ؛ لازمی ؛ نہایت ضُروری ؛ جسے نظر انداز نہ کیا جا سکے ؛ حتمی ؛ ضُرُور ؛ لازم ؛ فرض ؛ واجب ؛ لابُد ؛ اَٹَل ؛ عین فرض۔

indispensability, indispensableness, n. ناگُزیریت ؛ ناگزیری ؛ لُزُوم ، وُجُوب۔

indispensably, adv. وُجُوباً ؛ ناگُزیر طور پر ؛ لازمی طور پر۔

indispose, v.t. دِل پھیرنا ؛ بیزار کرنا ؛ طبیعت ہٹانا ؛ ناموزُوں بنانا ؛ ناقابل بنانا ؛ اُکتا دینا ؛ نالائق کرنا ؛ علیل کرنا ؛ ناساز کرنا ؛ مُنحرف کرنا ؛ برگشتہ کرنا ؛ نفرت دلانا ؛ طبیعت ہٹا دینا ؛ طبیعت ناساز کرنا۔

indisposed, a. بیزار ؛ ناخُوش ؛ قَدرے ناساز ؛ نارضامند۔

indisposition, n. ناسازیٔ طبَع ؛ بیزاری ؛ ناخُوشی ؛ نفرت ؛ مغائرت ؛ بے دِلی ؛ ناموافقت۔

indisputable, a. مُسلَّم ؛ ناقابلِ تردید ؛ غیر متنازِع فیہ ؛ نابحث طلب ؛ لاریَب ؛ لاکلام ؛ قطعی ؛ بے حُجَّت ؛ بے تکرار ؛ ناقابلِ اعتراض ؛ مانا ہوا۔

indisputability, indisputableness, n. تردید ناپذیری۔

indisputably, adv. ناقابلِ تردید طور پر ؛ لاکلامی سے ؛ قطعاً ؛ یقیناً ؛ بِلاحُجّت ؛ بِلاتکرار ؛ بے شک و شُبہ۔

indissoluble, a. ناقابلِ تحلیل ؛ حل ناپذیر ؛ ناقابلِ شکست ؛ ناقابلِ خلاف ورزی ؛پائیدار ؛ لازمی ؛ مضبوط ؛ استوار ؛ واثِق ؛ پکّا ؛ گلنے یا گُھلنے کے ناقابل ؛ غیر محلّل ؛ مُستحکم۔

indissolubility, indissolubleness, n. حل ناپذیری ؛پائیداری ؛ اُستواری ؛ مائع ناپذیری ؛ نہ گلنے یا گُھلنے کی خاصیّت ؛ اِستحکام ؛ استقلال۔

indissolubly, adv. بالاستحکام ؛ ناقابل تحلیل طور پر ؛ اُستواری سے۔

indistinct, a. بلا تفریق ؛ غیر واضِح ؛ غیر مُمیَّز ؛ دُھندلا ؛ مُبہم ؛ گڈ مَڈ ؛ ناصاف ؛ منتشر ؛ اَدھُورا ؛ ماند (جیسے : indistinct vision)۔

indistinctly, adv. بِلا اِمتیاز ؛ گڈمڈ ؛ غیر واضِح طور پر ؛ مُبہم طور پر ؛ بِلاتفریق۔

indistinctness, n. خَلَط مَلَط پن ؛ عدم وضوح ؛ دُھندلا پن ؛ گڈمَڈ پن ؛ بے امتیازیّت ؛ بے ربطی ؛ ابہام ؛ مساوات ؛ تاریکی ؛ بے تمیزی۔

indistinctive, a. غیر اِمتیازی ؛ غیر مخصُوص ؛ غیر اِختِصاصی۔

indistinctively, adv. غیر اِمتیازی طور پر۔

indistinctiveness, n. عدمِ امتیاز ؛ عدمِ اِختِصاص۔

indistinguishable, a. بے شناخت ؛ ناقابلِ شناخت ؛ ناقابلِ اِمتیاز ؛ ناقابلِ تشخیص ؛ نہ پہچانے جانے کے قابِل ؛ غیر قابلِ امتیاز ؛ ناقابلِ تفریق۔

indistinguishableness, n. شناخت ناپذیری۔

indistinguishably, adv. ناقابل شناخت طور پر۔

indite, v.t. لِکھنا ؛ تصنیف کرنا ؛ کہنا ؛ اِملا کرانا ؛ اِملا لکھوانا۔

inditement, n. تصنیف ؛ تحریر ؛ اِملا ؛ لکھائی۔

inditer, n. محرّر ؛ مُصنِف ؛ بول کر لکھوانے والا۔

indium, n. (کیمیا) انڈیم ؛ ایک نایاب دھاتی عُنصُر جس کا رنگ نقرئی ہوتا ہے اور جو ورق پذیر اور قابلِ گُداخت ہے ، یہ ممزوج جست اور مختلف کچدھاتوں میں پایا جاتا ہے۔

individual, a. انفرادی ؛ شخصی ؛ جو ایک غیر مُنقَسم شخصیّت یا واضح وجود کی حیثیّت سے قائم رہ سکے ؛واحد ؛ ایک یا واحد سے متعلق ؛ منفرد ؛ ذاتی ؛ کسی خاص شخص یا چیز سے

مُختص ؛ خاص اوصاف یا امتیازی خصوصیات کا حامل؛ مفرد؛ ایک؛ جزئی؛ مخصوص ۔ (اسم) فرد ؛ اپنی ہی نوعیت کی کوئی ہستی یا چیز، جو گروہ سے مُمتاز ہو ؛ واحِد شخص ؛ واحد جانور یا چیز؛ ایک خاص شخص ؛ ایک اکائی ۔

individually, adv. جُدا جُدا ؛ انفرادی طور پر ؛ ایک ایک ؛ فرد فرد ؛ فرداً فرداً ؛ ذاتی طور پر؛ بر کس ؛ الگ الگ ؛ اسامی وار ؛ شخصی طور پر ؛ فرد کی حیثیّت سے ۔

individualism, n. انفرادیّت پسندی ؛ انفرادیّت ؛ انانیّت ؛ ایک عمرانی نظریہ ، جو فرد کی آزادی ، حقُوق یا آزادیٔ عمل کا مُؤید ہے ؛ انفرادی یا آزادانہ فکر و عمل کا اُصُول یا عادت ؛ مشترکہ یا اجتماعی مفاد کی بجائے انفرادی مفاد سے وابستگی ؛ خُودغرضی ؛ انفرادی کردار ؛ فردیت ۔

individualist, n. انفرادیت پسند ؛ وہ شخص جو نہایاں طور پر فکروعمل میں آزاد ہو ؛ انفرادیت کا حامی ؛ فرد کی آزادی کا حامی ؛ انانیّت پسند ۔

individualistic, a. انفرادیت پسندانہ ۔

individualistically, adv. انفرادیت پسندی سے ۔

individuality, n. انفرادیت ؛ واضِح اور الگ وجود ہونے کی حالت ؛ واضِح یا آزاد کردار ؛ وہ خصائص جو کسی خاص فرد سے متعلّق ہوں ؛ انفرادی خصوصیات ؛ یکتائی ؛ شخصیت ۔

individualize, v.t. منفرد کرنا ؛ فرد قرار دینا ؛ خاص یا واضح خصوصیات کے ذریعے شناخت کرنا ؛ ایک فرد کی حیثیّت سے سلوک کرنا ؛ فرد بنانا ؛ صراحت کرنا ؛ تعیُّن کرنا ؛ تخصیص کرنا ۔

individualization, n. تفرید ؛ تخصیص ؛ بحثیت فرد شناخت ؛ تشخیص ؛ فرد بننے یا بنانے کی خصوصیت ۔

individuation, n. تفرید ؛ تفرُّد ؛ انفرادی وجود ؛ انفرادیت ؛ فرد ہونے کی حالت ۔ (فلسفہ) فرد کا کُل سے اِمتیاز ؛ اِمتیاز فرد ؛ فردیت ۔ (حیوانیات) کسی مُرکّب جسم نامی میں خاص اکائیوں کی نمود ۔

individuate, v.t. ایک فرد یا واضح شخصیّت کی شکل دینا ؛ فرد بنانا ۔

indivisible, a., n. غیر مُنقسم ؛ ناقابل تقسیم ؛ تقسیم ناپذیر ؛ ناقابلِ انفکاک ؛ لایتجزیٰ ؛ جسے اجزا میں الگ الگ نہ کیا جا سکے ؛ غیر تفریق پذیر ؛ غیر قِسمت پذیر ؛ جس کا جُزو نہ ہو ؛ نہ بٹنے والا ؛ غیر تقسیم پذیر ۔

indivisibility, indivisibleness, n. تقسیم ناپذیری ؛ عدم انقسام ۔

indivisibly, adv. ناقابل تقسیم طور پر ۔

Indo-Aryan, a., n. ہِند آریائی ؛ انڈوآرین ؛ ہندی آریاؤں سے منسوب و مخصوص ؛ ایشیائی ہندی جو ہند یورپی زبان بولتے ہیں اور جسمانی طور پر قفقازی صفات کے حامل ہیں ۔

Indo-Chinese, a., n. ہند چینی ؛ ہند چین سے متعلّق ، جو ایشیا کا جنوبی جزیرہ نُما ہے ، جس سے ہند چین کی اقوام اور زبانیں وابستہ ہیں ؛ ان زبانوں کے خاندان سے متعلّق ؛ تبتی اور چینی زبانوں کا گروہ ۔

indocile, a. تعلیم ناپذیر ؛ تربیّت ناپذیر ؛ سَرکَش ؛ جو (جانور) سدھایا نہ جا سکے ؛ غیر تعلیم پذیر ۔

indocility, n. تربیت ناپذیری ؛ سرکشی ۔

indoctrinate, v.t. کوئی عَقیدہ سکھانا ؛ خاص گروہی اُصُول کی تلقین کرنا ؛ ذِہن نشین کرانا ؛ متاثّر عقیدہ کرنا ؛ اُصُول کی تعلیم کرنا ۔

indoctrination, n. تلقینِ عقیدہ ۔

indoctrinator, n. تلقین کرنے والا ؛ مُعلّمِ عقیدہ ۔

Indo-European, a., n. ہِند یورپی ؛ ہند اروپائی ، اس سب سے بڑے لِسانی خاندان سے منسوب ، جو ان زبانوں پر مشتمل ہے ، جو یورپ اور یورپی نوآبادیوں میں بولی جاتی ہیں ، ان میں سنسکرت اور برصغیر پاک و ہند اور ایران سے تعلّق رکھنے والی زبانیں بھی شامل ہیں ، اردُو زبان اسی خاندان سے تعلّق رکھتی ہے ۔

Indo-Germanic, a., n. ہند المانی ؛ ہند یورپی (زبانیں) ۔

Indo-Hittite, a., n. ہند ہِتّی ؛ زبانوں کے اس خاندان سے منسوب جس میں ہند یورپی اور اناطولی گروہ شامل ہیں ؛ اناطولی اور ہندیورپی زبانوں کی قیاسی ماخذی زبانوں سے متعلّق ۔

Indo-Iranian, a., n. ہند ایرانی ؛ ہند یورپی زبانوں کے خاندان کی ایک شاخ جس میں ہندوی اور ایرانی گروہوں کی زبانیں شامل ہیں ۔

indole, indol, n. (کیمیا) انڈول ؛ ایک سفید یا زرد قلمی مُرکّب ، آنتوں میں لحمیہ کی تحلیل سے بنتا یا نیل یا کولتار سے حاصل ہوتا ہے ، یہ عطر سازی ، دوا سازی ، خوشبو پیدا کرنے والے عامل اور کیمیائی متعامل(reagent) کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

indoleacetic acid, n. (کیمیا) انڈول ایسیٹک ایسڈ ؛ پودوں کا نہایت اہم آکسین (auxin) جو پودوں کی جڑوں کی مضبوطی اور افزایش کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

indolebutyric acid, n. (کیمیا) انڈول بیوٹرک ایسڈ ؛ پودوں کا آکسین ، جو انڈول ایسیٹک ایسڈ کی مانند ہے ۔

indolent, a. آلسی ؛ کاہل ؛ آلکسی ؛ سُست ؛ مجہُول ؛ ہڈحرام ؛ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے والا ؛ بطی ؛ بے حس ؛ مَٹّھا ؛ بے شغل ؛ آرام طلب ؛ بے کار ۔ (طِب) جس میں دَرد نہ ہو یا کم دَرد ہو (جیسے : an indolent tumor) ۔

indolence, n. کاہلی ؛ آلکس ؛ سُستی ؛ بے شَغلی ؛ آلس ؛ آرام ؛ آرام طلبی ؛ کاہلُ الوجُودی ۔

indolently, adv. کاہلی سے ؛ سُستی سے ؛ آرام طلبی سے ؛ ہاتھ پر ہاتھ دھرے ۔

indomitable, a. مُنھ زور ؛ سرکش ؛ ناقابلِ تسخیر ؛ غیر مطیع ؛ نامغلُوب ؛ بے قابُو ؛ غیر مُتزلزَل ۔

indomitability, indomitableness, n. سرکشی ؛ اطاعت ناپذیری ۔

indomitably, adv. سرکشی سے ؛ اطاعت ناپذیری سے ۔

Indonesian, a. شرقُ الہندی ؛ مالے آرکی پی لاگو یا انڈونیشیا سے منسوب ۔ (اسم) مالے آرکی پیلاگو ، فلپائن یا جمہوریہ انڈونیشیا کا باشندہ ؛ ان اقوام کی زبانیں ۔

indoor, a. گھر کا ؛ اندرونی ؛ گھریلو ؛ بیرونی کی بجائے کسی مکان یا عمارت کے اندر واقع (جیسے : indoor amusements) ؛ مکان یا عمارت کے اندرونی حِصّہ سے منسوب ؛ خانگی ۔

indoors, adv. اندرونِ خانہ ؛ مکان یا عمارت کے اندر ؛ گھر کے اندر ؛

اندرونِ چار دیواری ۔

indophenol, n. انڈوفینول ؛کوئنون سے ماخوذ رنگوں کا کوئی سلسلہ جو صورت میں نیل سے مشابہ ہے ۔

indorse, v.t. دیکھیے : Endorse ۔

indoxyl, n. (کیمیا) انڈوکسل ؛ ایک مُرکّب جو کیمیائی یا مصنوعی طور پر نیل بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

indraft, indraught, n. در کَشی ؛ اندرونی رَو یا دھارا مثلاً پانی یا ہوا کا ۔

indrawn, a. در کَشیدہ ، مثلاً سانس ؛ محو ؛ مُستغرق ؛ مخصوص ۔

indrawal, n. دَر کَشی ۔

indrawing, a. در کَش ۔

indubitable, a. مسلّمہ ؛ غیر مُشتبہ ؛ یقینی ؛ ناقابلِ تردید ؛ مُسلّم ؛ بے شُبہ ؛ بے شک ؛ دُرُست ؛ صریح ؛ بدیہی ؛ ٹھیک ۔

indubitableness, indubitability, n. بے شبہی ؛ یقین ۔

indubitably, adv. بلا شک ؛ غیر مشتبہ طور پر ؛ یقینی طور پر ؛ لاریب ؛ لاکلام ؛ ٹھیک ٹھیک ۔

induce, v.t. ترغیب دینا ؛ آمادہ کرنا ؛ برپا کرنا ؛ مائل کرنا ؛ راغب کرنا ؛ آمادہ کرنا ؛ پیدا کرنا ، باعث ہونا (جیسے : to induce labor in a pregnant woman)۔ (منطق) خصوصیات کے استقرا سے بحث کرنا ؛ استقرا کرنا ۔ (طبیعیات) امالہ کرنا ؛ امالہ کے ذریعہ پیدا کرنا ، مثلاً برقی رَو ؛ امالنا ۔

inducement, n. ترغیب ؛ تحریک ؛ میل ؛ رغبت ۔

inducer, n. ترغیب دینے والا ؛ مُحرّک ؛ لالچ دینے والا ؛ تحریک کرنے والا؛ باعِث ۔

inducible, a. قابلِ ترغیب؛ مائل ہونے کے لائق؛ ترغیب پذیر۔

induct, v.t. متعارف کرانا؛ جاری کرنا؛ آغاز کرنا ؛ داخل کرنا ؛ آشنا کرنا ؛ ابتدائی مراحل طے کرانا ؛ رُکن کی حیثیّت سے شامل کرنا ؛ فائز کرنا مثلاً گرجا کی جاگیر یا عہدہ پر؛ کسی خاص کام یا فوجی خدمت کے لیے طلب کرنا۔

inductee, n. فائز شُدہ ؛ مُقرّر شُدہ ۔

inductance, n. (برق) اماله ؛ امالیت ، کسی برقی دَور یا دو ہمسایہ ادوار کی خاصیت جس سے ان میں سے ایک میں ، کسی ایک دور میں رَو کی تبدیلی سے برقی حرکی قُوّت پیدا ہوتی ہے ۔

inductile, a. بے لچک ؛ غیر متأثّر یا اثر ناپذیر ؛ اطاعت ناپذیر؛ غیر متعدّد ۔

inductility, n. بے لچکی؛ اثر ناپذیری ۔

induction, n. تعارُف ؛ اجرا؛ تقرّر ؛ آغاز ؛ کسی عُہدہ یا مذہبی جاگیر پر تقرُّر ؛ تعمیل ؛ ثبوت یا پیش کاری مثلاً حقائق یا شہادت کی ۔ (منطِق) استقرا ؛ مخصوص حقائق سے بذریعہ استخراج عمومی اصول وضع کرنے کا طریقہ یا نتائج کا حُصُول ۔ (طبیعیات) اماله ؛ وہ خاصیّت جس کے ذریعے ایک جسم ، جو برقی یا مقناطیسی رُجحان کا حامِل ہو ، دُوسرے جسم میں براہ راست رابطہ کے بغیر برقِ حرکی ، برق سَکُونی یا مقناطیسی قُوّت پیدا کرتا ہے ۔ (ریاضی) اعداد کے دیے گئے مجموعہ کا ثبوت پہلے عدد صحیح تک صحیح ثابت کر کے دینا اور یہ قیاس کرنا کہ اگر یہ سابقہ اَعدادِ صحیحہ کے معاملے میں صحیح ہے تو اِسے زیر بحث عددِ صحیح کے معاملے میں بھی صحیح ہونا چاہیے ۔ (جنین) کسی جنینی خلیہ کا اثر دوسرے جنینی خلیات کے تمیزی عمل پر ؛ کسی ادبی تصنیف کا تعارف ۔ (قدیم) دیباچہ ۔

induction coil, n. امالی لچّھا ؛ ایک برقی آلہ جس میں ابتدائی لچّھے میں جاری راست رَو میں رُکاوٹ اس پر محیط ثانوی لچّھے میں بڑی طاقت کی امالی رَو پیدا کرتی ہے ؛ امالی کائل ۔

inductive, a. امالی ؛ امالہ انگیز ؛ اِستقرائی ؛ تعمیلی ؛ قائدانہ ؛ تعارفی ۔ (برق) امالی ؛ امالہ سے منسوب و متعلّق یا امالہ انگیز ؛ امالہ کے زیر اثر ۔ (جنین) جنینی خلیے اور مُلحقہ امالی خلیات کے مابین تعامُل ۔

inductive reasoning, (منطق) استقرائی استدلال ۔

inductively, adv. استقرائی طور پر ؛ امالی طور پر ؛ استدلال یا نتیجے سے ؛ باقاعدہ ؛ استقرا سے ؛ امالے سے ۔

inductiveness, n. استقرائیت ؛ اَمالیّت ۔

inductor, n. امالہ گر ؛ امالہ انگیز ؛ امالہ گِیر۔

indue, v.t. دیکھیے : Endue ۔

indulge, v.t. مرضی کے مطابق کام کرنا ؛ خواہشوں یا اوہام کی تسکین کرنا ؛ نازبرداری کرنا ؛ ذاتی رُجحان کی تسکین کرنا یا عادت ڈالنا (in کے ساتھ، جیسے : to indulge oneself in overeating) ؛ مذہبی معاملات میں خاص مراعات دینا ۔ (تجارت) ادائی یا بجاآوری کی میعاد میں توسیع کرنا ۔ (فعل لازم) مشغول ہونا ؛ مُبتلا ہونا ؛ لطف اندوز ہونا ؛ خوگر ہونا ؛ کسی رُجحان یا خواہش کے تابع ہونا (in کے ساتھ، جیسے : to indulge in a sneer) ۔

indulger, n. شوق پُورا کرنے والا ؛ مُبتلا ؛ شاغل ۔

indulgingly, adv. مبتلا ہوتے ہُوئے ؛ شوق پورا کرتے ہوئے ۔

indulgence, indulgency, n. لُطف اندوزی ؛ شوق ؛ عادت ؛ خو ۔ (رومی کیتھولِک کلیسا) گناہ سے توبہ کے بعد دُنیوی سزا کی معافی ؛ عفُو ؛ چشم پوشی ۔ (تجارت) واجبات کی ادائی یا بجاآوری کی میعاد میں توسیع ۔ (فعل متعدّی) (کسی کو) معافی دینا ۔

indulgent, a. رحیم ؛ مہربان ؛ شفیق ؛ دَرگزر کرنے والا ۔

indulgently, adv. درگُزر کرتے ہوئے ؛ مشفقانہ ؛ شفقت سے ؛ مُروّت سے ؛ دلجوئی سے ۔

induline, n. مصنوعی انیلین (aniline) رنگوں کے بڑے سلسلے کا کوئی رنگ جو اصلی نیل سے مشابِہ نیلے سے قرمزی رنگوں تک کا ہوتا ہے ۔

indult, n. (رومی کیتھولِک کلیسا) پاپائی عنایت ؛ مقامی بشپ یا کلیسائی پیشوا جو بعض ایسی مراعات عطا کرے ، عام کلیسائی قانُون جن کی اجازت نہ دے ۔

induplicate, induplicative, a. (نباتیات) دروں خمیدہ ؛ جس کے کنارے اندر کی طرف مُڑے ہوئے ہُوں ، جیسے کلی کی پتیّاں ۔

induplication, n. دروں خمیدگی۔

indurate, v.i. سخت ہونا ؛ کٹھور ہونا ؛ پتھرانا ؛ کڑا ہونا ؛ بے حِس ہو جانا ؛ سخت دل ہو جانا۔ (فعل متعدی) سخت بنانا ؛ سخت کرنا ؛ بے حِس یا ضِدّی بنانا ؛ کٹر بنانا ؛ عادی بنانا ؛ مضبوطی سے قائم کرنا ؛ کٹھور کرنا ؛ دل پتھّر کر لینا۔ (صفت) سخت ؛ بے حِس ، بیدرد ؛ ضِدّی ؛ پتھّر ؛ کڑا ؛ ہٹیلا ؛ کٹھور ؛ سنگ دل ۔

indurated, سخت ؛ مُتصلّب۔

induration, n. تصلُّب ؛ سختی ؛ کڑا پن ؛ بے حِسّی ؛ سخت دِلی ؛ سنگ دِلی ؛ ناترسی۔

indurative, a. تصلُّبی ؛ سخت کُن ؛ سخت کر دینے والا ؛ بے حِس کرنے والا ۔

indusium, n. (نباتیات) رختہ ؛ زیرہ گیر پوش ؛ بذرہ دان کا غلاف (سرخس میں) ۔ (حیوانیات) لاروے کا خول ؛ غلافِ لاروا ۔ (تشریح الاعضا) لفافی جِھلّی ، غلافی جِھلّی۔

indusial, a. غلافی ۔

industrial, a. حِرفتی ؛ صنعتی ؛ صنعت یا پیداواری محنت سے منسوب یا مخصوص یا اس کا نتیجہ ؛ صنعت سے وابستہ یا اس میں مصروف ؛ خوب ترقّی یافتہ متعدّد صنعتوں کا حامل ؛ ان لوگوں سے متعلّق جو صنعتوں میں کام کرتے ہیں ؛ مزدور طبقے کے بیمۂ زندگی سے متعلّق ، جس کی اسناد ارزاں اور چندہ ہفتہ وار ہوتا ہے ۔ (اسم) کسی صنعت کا کارکُن ؛ وہ شرکت یا کمپنی جو صنعتی پیداوار میں شامل ہو ۔ (جمع) صنعتی اداروں کے تمسکّات اور حصص ۔

industrially, adv. صنعتی طور پر ؛ صنعت و حرفت کے لحاظ سے ؛ صناعانہ ۔

industrialness, n. صنعت کاری؛ حِرفت ؛ صناعیت ۔

industrial arts, n. صنعتی فُنون ؛ حرفتی فنون ؛ وہ نصاب جو فنی اسکولوں میں پڑھایا جاتا ہے ، جہاں طلبہ کو فنی مہارتوں کی تربیّت دی جاتی ہے اور اوزاروں اور مشینوں کا استعمال سِکھایا جاتا ہے۔

industrialism, n. صنعتیت ؛ صنعتی نظام ؛ ایک اقتصادی نظام جس میں صنعتی مفادات غالب ہیں ، برخلاف زراعت اور غیر ملکی تجارت کے مفادات کے ۔

industrialize, v.t. صنعت کاری کرنا ؛ صنعتی بنانا ؛ بڑی صنعتیں مُنظّم کرنا (جیسے : to industrialize the South) ؛ صنعتی اقتصادی نظام رائج کرنا (جیسے : to industrialize a new nation) ۔ (فعل لازم) صنعتی بننا ؛ صنعتی کارخانے کُھلنا ۔

industrialization, n. صنعت کاری ؛ صنعتی بنانے کا عمل ؛ صنعت فروغی ؛ صنعت افروزی ۔

industrial school, n. صنعتی مدرسہ ؛ وہ مَدرسہ جس میں صنعت کی ایک یا زیادہ شاخوں کی تعلیم دی جاتی ہے ؛ وہ مَدرسہ جس میں نظر انداز کیے ہوئے بچّوں کو کسی صنعتی ہُنر کی تربیّت دی جاتی ہے ؛ صنعتی تربیت گاہ ؛ صنعتی اسکول ؛ انڈسٹریل اسکول ۔

industrial union, n. صنعتی انجمن ؛ صنعتی اِتّحادیہ ؛ صنعتی یونین ؛ مزدوروں کی انجمن جس کی رُکنیّت ہر صنعتی مزدوار کے لیے کُھلی ہوتی ہے خواہ اس کا تعلّق کسی بھی پیشے یا ہُنر سے ہو ؛ پیشہ وروں کی یونین کی ضد ۔

industrious, a. محنتی ؛ جفاکش ؛ کاروبار یا مطالعے میں محنتی ؛ کمیرا ؛ سرگرم ؛ مُشقّتی ۔

industriously, adv. محنت و مُشقّت سے ؛ جدوجُہد سے ؛ کوشش سے؛ تن دہی سے ؛ غور سے ؛ توجُّہ سے ؛ جفا کشی سے ۔

industry, n. (صنعت) عام طور پر تجارت یا حرفت ، خاص طور پر جس کا تعلّق کسی خاص کاروبار سے ہو (جیسے : automobile industry, the steel industry) ؛ مُلازمت میں محنت ؛ مطالعہ میں محنت ، کام یا کاروبار میں مستقل توجُّہ ؛ محنت ؛ جفاکشی ؛ صنعت و حرفت ؛ دستکاری ؛ محنت ومشقّت ؛ تن دہی ؛ سعی ؛ سرگرمی ؛ جدوجہد ۔

industrialist, n. صنعت کار ؛ کارخانہ دار ؛ صنعتی کارخانے کا مالک ۔

indwell, v.t., v.i. اندر رہنا ؛ سمانا (جیسے خبیث روح) ؛ قابض ہونا ؛ مُضمر بنانا ؛ کسی جگہ کے اندر سکونت کرنا یا موجود ہونا ؛ مُضمر ہونا؛ سما جانا؛ گھر کر لینا ؛ جاگزیں ہو جانا ۔

indweller, n. باسی ؛ خانہ نشیں؛ اندر رہنے والا ؛ قابض ؛ باشِندہ ۔

ineberiant, n., a. نشہ آور چیز ؛ مُسکِر ؛ مست کُن ؛ خُمار آور ؛ متوالا ؛ مست ؛ مخمور ۔

inebriate, v.t. مست کرنا ؛ مخمور کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ پراگندہ کرنا ؛ متوالا کرنا ؛ مدہوش کرنا ؛ مخمور کرنا ۔ (اسم و صفت) مخمور ؛ مست ؛ نشہ کرنے والا ؛ عادی میخوار ۔

inebriation, inebriety, n. خُمار ؛ مَستی ؛ میخواری ؛ مدہوشی ؛ سرمستی ؛ متوالا پن ؛ نشہ ۔

inedible, a. ناخُوردنی ؛ غیرماکول ؛ ناقابلِ خُوردنی ؛ جو کھایا نہ جا سکے ؛ جو کھانے کے لیے مناسب نہ ہو ؛ جو خوراک کے طور پر مفید نہ ہو ؛ ناقابلِ خورش ۔

inedited, a. غیر مُرتّب ؛ غیر مُدوّن ؛ غیر شائع شُدہ ؛ جو ترمیم کے بغیر شائع ہو ؛ غیر مُلخّص ؛ بے تہذیب و تحشیہ ۔

ineducable, a. ناقابل تعلیم ؛ جس کی تعلیم و تربیّت نہ کی جا سکے ۔

ineffable, a. ناگُفتنی ؛ ناقابلِ بیان ؛ جس کو الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے ؛ جس کی تعریف نہ کی جا سکے ؛ اِتنا مُقدّس یا ارفع جس کا ذکر نہ کیا جا سکے ؛ بیان سے باہر ؛ تعریف سے پرے ؛ جو کہنے میں نہ آئے ؛ ورائے سُخن ۔

ineffability, ineffableness, n. ناقابلِ بیان ہونے کی کیفیّت ۔

ineffably, adv. ناقابلِ بیان طور پر۔

ineffaceable, a. محو ناپذیر ؛ اَن مِٹ ، ماندگار ؛ ناقابل محو ۔

ineffaceability, n. محو ناپذیری ؛ ان مِٹ پن ۔

ineffaceably, adv. ان مٹ طور پر۔

ineffective, a. غیر مؤثّر ؛ بے اثر ؛ ناکافی ؛ بے کار ؛ بے سود ؛ نِکمّا ؛ اکارت ؛ بے تاثیر ؛ نالائق ؛ ناقابل ؛ بے لطف ۔

ineffectively, adv. لاحاصل ؛ غیر مؤثّر طور پر ؛ بے فائدہ ؛ اکارت پنے سے ۔

ineffectiveness, n. غیر مؤثّر پن ؛ بے اثری ؛ بے تاثیری ؛ نالائقی ۔

ineffectual, a. بے اثر ؛ بے فائدہ ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ بے تاثیر؛ بے ثمر ؛ لاطائل ؛ بیکار ؛ اکارت ؛ کمزور ؛ قاصِر ؛ ہلکا ؛ بے سُود ؛ سُست ؛ ضَعیف ؛ غیر مؤثّر ۔

ineffectuality, ineffectualness, n. بے تاثیری ؛ بے اثری ؛ بے حاصلی ۔

ineffectually, adv. لاحاصل طور پر ؛ بے نتیجہ طور پر ۔

inefficacious, a. بے اثر ؛ غیر مُفید ؛ بے سُود ؛ جس میں مطلوبہ نتیجہ پیدا کرنے کی قُوّت ، طاقت یا اِستعداد نہ ہو ،

مثلاً کوئی دوا ؛ بے تاثیر ؛ غیر مؤثر ؛ ہلکا ؛ سُبُک ؛ خام ؛ ضعیف ؛ کچّا ۔

inefficaciously, adv. غیر مفید طور پر ۔

inefficaciousness, inefficacity, n. بے تاثیری ؛ بے اثری ؛ بے سُودی ؛ بے حاصلی ۔

inefficacy, n. بے اثری ؛ بے حاصلی ؛ عدمِ افادیّت ؛ مطلوبہ نتائج حاصل نہ کرنے کی اِستعداد ؛ طاقت یا قُوّت کا فُقدان ؛ لاحاصلی ؛ ناطاقتی ؛ بے اثری ؛ خامی ؛ کمزوری ۔

inefficient, a. نااہل ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ اقتصادی طور پر مطلوبہ نتائج پیدا نہ کرنے والا ؛ بے فائدہ طور پر کام کرنے والا ، وقت اور سامان کے غلط استعمال کی خاصیت کا حامِل ؛ کم مُستعِد؛ ناقابِل؛ بے اِستعداد ؛ غیر لائق ؛ غیر مؤثر ؛ بیکار ؛ بے فائدہ ؛ نکمّا ؛ نالائق ؛ بدسلیقہ ؛ بے سُود ؛ سُست ؛ کاہل ؛ مجہُول ۔

inefficiency, n. نااہلی ؛ نااہلیّت ؛ ناقابلیّت ؛ عدم استعداد ؛ بے تاثیری ؛ کمزوری ؛ نالیاقتی ؛ نالائقی ۔

inefficiently, adv. نااہلی سے ؛ نالائقی سے ؛ بدسلیقگی سے ؛ بداسلوبی سے ؛ غیر مؤثر طور پر۔

inelastic, a. بے لچک ؛ غیر مطیع ؛ تربیّت ناپذیر ؛ غیر لچک دار ؛ سخت ؛ بے لوچ ؛ جس میں سازگاری کا مادّہ نہ ہو۔

inelasticity, n. بے لچکی ؛ سختی ؛ بے لچک پن ؛ بے لوچ پن ۔

inelegant, a. بَھدّا ؛ نازیبا ؛ بداسلُوب ؛ بھونڈا ؛ ناشایستہ ؛ خام ؛ عامیانہ ؛ بے ڈھنگا ؛ لچر ؛ بے ڈول ؛ بدنُما ؛ بے رونق ؛ غیر فصیح ؛ نامُلائم ؛ نامعقُول ؛ بے لُطف ؛ ناموزوں ؛ ناتراشِیدہ ؛ غیر شُستہ ؛ ناہموار۔

inelegance, inelegancy, n. نازیبائی ؛ بھونڈا پن ؛ بَھدّا پن ؛ بے ڈھنگا پن ؛ بدصُورتی ؛ بدنُمائی ؛ نامعقولیت ؛ بداسلُوبی ؛ ناموزونی ؛ ناملائمت ؛ ناشایستگی ؛ کھُرّا پن ۔

inmost, a. نہایت اندرونی ؛ دُور ترین اندر ؛ سطح یا بیرونی حصّہ سے دُور ترین ؛ پوشیدہ ؛ گہرا جیسے خیالات و احساسات ؛ قلبی ؛ دِلی ؛ باطنی ؛ سب سے زیادہ اندرونی ؛ عمیق ترین ۔

inn, n. سرائے ؛ کارواں سرا ؛ مسافر خانہ ؛ چھوٹا دارالاقامہ ، طَعَام خانہ ؛ مہمان خانہ ۔ (برطانوی) سابقاً طلبہ کا دارالاقامہ ۔

Inn of Court, (برطانوی) لندن کی چار قانُونی انجمنوں میں سے کوئی ایک ، جو طلبہ کو انگریزی وکلا کے حلقے میں وکالت کرنے کے لیے داخل کرتی ہیں ۔

کلوار ؛ بھٹیارا ۔

innocence, innocency, n. معصومیت ؛ پارسائی ؛ بیگناہی ؛ پاکدامنی ، برأت ۔ (نباتیات) ترنجان ؛ بالنگو؛ ایک چٹانی بوٹی (Houstonia caerula) جس کے ہلکے نیلے چہار برگہ پُھول ہوتے ہیں جن میں ایک زرد ناکا ہوتا ہے ۔ نیز: bluet ۔

innocent, a., n. بے جُرم ؛ معصوم ؛ بیگناہ ؛ بے کدورت ؛ بے عناد ؛ کسی خاص جُرم یا فعل بد سے مُبرّا ؛ دنیاوی عِلم کے بغیر ؛ سادہ ؛ ناپیچیدہ ؛ قانُونی ، جائز ؛ غیر ممنوع ؛ ناقص ؛ جس میں کسی چیز کی کمی ہو ؛ سادہ لوح ؛ بے ضرر ؛ بھولا بھالا ؛ سادہ دل ؛ ناواقِف ؛ سلیم ؛ خفیف ؛ پارسا ۔

innocently, adv. معصومیت سے ؛ بے گناہی سے ؛ بے جُرمی سے ؛ سادگی سے ۔

innocuous, a. بے ضرر ؛ بُرا اثر پیدا نہ کرنے والا ؛ غیر مُضِر ؛ بے لُطف ، بے مزا (جیسے : an innocuous play) ۔

innocuously, adv. بے ضرر طور پر ؛ بغیر نُقصان پہنچائے ۔

innocuousness, n. بے ضرری ؛ عدم مضرت ؛ بے مضرتی؛ بے لطفی ۔

innominate, a. (قانون) استبدالی معاہدات سے متعلّق ، بے نام ؛ گُمنام ؛ مجہُول ؛ لااسمی ۔

innominate bone, n. بے نام ہڈی ، عظم الرَّوف ؛ ہڈیوں کے دو مجموعوں میں سے کوئی ایک جو پیوستہ حرقفی ، ورکی اور عانی ہڈیوں پر مشتمل ہیں اور جن سے پیڑو کے حلقہ کی اطراف تشکیل پاتی ہیں ؛ لااِسمی ہڈّی ؛ کُولھے کی ہڈّی ۔

innovate, v.t., v.i. اختراع کرنا ؛ نئی بات پیدا کرنا ؛ کوئی نئی چیز شامل کر کے تبدیل یا ترمیم کرنا ؛ بِدعت کرنا ؛ نئی راہ نکالنا ؛ نئی باتیں پیدا کرنا ؛ مسلّمہ قوانین ، روایات ، رُسُومات اور طریقوں میں تبدیلی لانا (on یا in کے ساتھ مستعمل ، جیسے : to innovate on established customs) ۔

innovation, n. اختراع ؛ جِدّت ؛ تبدیلی ؛ مسلّمہ قوانین ، رواج اور رُسُوم میں نئی چیز شامل کر کے تبدیلی پیدا کرنے کا عمل ؛ بدعت ؛ طرزِ نو ؛ تجدُّد ؛ نئی راہ ۔

innovative, innovatory, a. اختراعی ؛ تَجدُّدانہ ؛ بِدعت سے متعلّق ؛ ایجادی ۔

innovator, n. مختر ع ؛ اِختراع پسند ، تبدیل کرنے والا ؛ مُوجد ؛ مُتجدّد ؛ بدعتی ؛ نئی راہ نکالنے والا ۔

innuendo, n. اشارہ ؛ توضیح ؛ کنایہ ؛ رَمز ؛ طَعن ؛ چوٹ ؛ طعن آمیز اشارہ ؛ ہجو ؛ تحقیری نوعیت کی بالواسطہ اطلاع (کسی شخص یا چیز کے متعلق) ؛ تعریض ۔ (قانون) ازالۂ حیثیّت عُرفی کے مقدّمے میں تحریری دعوے کا وہ حصّہ جس میں توہین آمیز مشمولات کی وضاحت کی گئی ہو ۔

innumerable, innumerous, a. ناقابلِ شُمار ؛ لاتعداد ؛ ان گنت ؛ بے حد ؛ بے انت ؛ بے شُمار ؛ بے حساب ۔

innumerableness, n. بے شُماری ؛ بے حسابی ؛ ان گنت پن ۔

innumerably, adv. بے شمار طور پر ؛ بے حسابانہ ۔

innutrient, a. غیر مُقوّی ؛ غیر تقویّت بخش ؛ غیر مُغذّی ، غذائیّت سے عاری ؛ غذائیّت سے خالی ۔

innutrition, n. عدم غذائیت ، عدم تغذیہ ۔

innards, n. (جمع) (بول چال) کسی جسم ، مشین یا ڈھانچے کے اندرونی اعضا ؛ احشاء ؛ اندرون ۔

innate, a. پیدائیشی ؛ خلقی ؛ فطری طور پر جسم یا ذہن سے متعلّق ؛ جنمی ؛ اصلی ؛ طبعی ؛ ذاتی ؛ جَبلّی ؛ ذِہنی ساخت سے ماخُوذ ؛ تجربہ سے ماخُوذ کی ضد (جیسے : an innate fear) ۔

innately, adv. خِلقاً ؛ فِطرتاً ؛ جبلّتاً ؛ ذاتی طور پر ؛ فطری طور پر ۔

innateness, n. خلقی پن ؛ فِطری پن ؛ ذاتیّت ؛ فطریت ؛ خِلقی تصوُّریت ۔

inner, a. اندرونی ؛ داخلی ؛ اندر کی طرف کسی دُوسری چیز کے مقابلے میں دُور تر ؛ غیر ظاہر ؛ مخفی ، باطنی (جیسے : inner feelings) ؛ قلبی ؛ ذہنی ؛ رُوحی ۔

innerly, adv. اندرونی طور پر ؛ داخلی طور پر ۔

inner-directed, a. (نفسیات) باطنی ہدایت کے زیرِ اثر ؛ اس شخص سے منسوب جس کا رِدّعمل عمُومیاتِ ظاہری کی بجائے اپنے ذاتی نظامِ اقدار کے زیر اثر ہو ۔

Inner Light, n. نُور باطن ؛ اشراق ؛ باطنی نُور ؛ خائفین (Quakers) کے عقیدے میں آدمی کی رُوح میں حضرت مسیح کی موجودگی کا راہبرانہ اثر ۔

innermost, a. پوشیدہ ترین ؛ نہایت اندرونی ؛ اندر کی طرف دُور ترین ۔

innermostly, adv. نہایت اندرُونی طور پر ۔

innersole, insole, n. پتاوا ؛ پاتابہ ؛ جوتے کا مستقل استر ؛ جوتے کا اندرونی تلا جو الگ کیا جا سکے ۔

inner space, n. اعماقِ بحر ؛ سمندر کی گہرائیاں ، بالخصوص تلاش اور سائنسی تحقیق کی حد کے طور پر ؛ بیرونی خلا (outer space) کی ضد ۔

inner tube, n. اندرونی نلی ؛ حلقہ نُما لچکیلی نلی ، یہ عموماً ربر کی ہوتی ہے جو ہوا کے دباؤ سے پُھول کر ہوا دار ٹائر کے خول کو باہر رکھتی ہے ۔

innervate, v.t. اعصاب افزونی کرنا ؛ عصبی توانائی منتقل کرنا ؛ اعصاب میں تحریک پیدا کرنا ؛ اعصاب کو تقویّت دینا ؛ عصبی تقویّت پہنچانا ؛ عصبی قُوّت بخشنا ۔

innervation, n. (نفسیات) اعصاب افزونی ؛ تقویت اعصاب ۔ (فعلیات) اعصاب کے ذریعے کسی حصہ یا عضو کو اعصابی تقویت پہنچانے کا عمل ۔ (تشریح الاعضا) کسی حیوانی جسم یا اس کے کسی حصّے میں اعصاب کا میلان ۔

innerve, v.t. اعصابی توانائی مہیّا کرنا ؛ تقویت دینا ؛ جان ڈالنا ۔

inning, n. (بیس بال) باری ؛ اننگ ؛ کھیل کا وہ حصّہ جس میں ہر گروہ یا فریق کو ، جب وہ بَلّا استعمال کر رہا ہو ، اسکور کرنے کا موقع ملتا ہے ۔ (مجازاً) باری ؛ موقع ؛ سبقت ۔ (جمع ، ترکیب کے لحاظ سے واحد یا جمع) کرکٹ کے کھیل کی تقسیم ؛ اصلاح اراضی ، بالخصوص سمندر سے زمین کی برآمد ؛ ارضِ بحر ؛ خُشک شُدہ زمین ؛ دریا برآمد زمین ۔

inkeepe ,n. سرائے کا مالک یا ناظم ؛ سرائے والا ؛

innutritious, a. غیر مُقوّی ؛ غیر مُغذّی ؛ غیر تقویّت بخش ۔

innutritive, a. غیر مُغذّی ۔

inobservance, n. تجاہلِ عارفانہ ؛ تغافُل ؛ بے توجہی ؛ بے پروائی ؛ عدمِ توجُّہ ؛ ارادی بے اعتنائی ، مثلاً کسی قاعدے یا رواج کی بے لحاظی ؛ بے خیالی ؛ عدم توجہی ؛ بے اِلتفاتی ۔

inobservant, a. غیر ملتفت ؛ بے توجُّہ ؛ بے اعتنا ۔

inobservantly, adv. بے توجہی سے ؛ بے اعتنائی سے ۔

inoculant, n. دیکھیے : Inoculum ۔

inoculate, v.t. ٹیکا لگانا ؛ انسانی جسم میں وائرس یا بکٹیریا داخل کرنا تا کہ ہلکی سی بیماری پیدا کر کے اس بیماری سے مامونیّت یا تحفظ دیا جا سکے ؛ خُرد عضویہ اس ماحول میں داخل کرنا جو اس کی افزایش کے لیے موزوں ہو بالخصوص زندہ عضُویہ میں ؛ زمین یا بیج میں بکٹیریا داخل کر کے نائٹریٹ پیدا کرنا ؛ مُتصّف کرنا یا ذہن نشین کرانا جیسے کسی شخص کو خیالات سے ۔ (فعل لازم) ٹیکا لگانا ؛ تلقیح کرنا ۔

inoculation, n. ٹیکا ؛ تلقیح ؛ تطعیم ؛ پیوند چشمی ؛ ٹیکا کاری ۔

inoculative, a. تلقیحی ؛ تطعیمی ۔

inoculator, n. ٹیکا لگانے والا ؛ تلقیح کُنندہ ۔

inoculum, inoculant, n. طَعم ؛ ٹیکا ؛ مادۂ تلقیحی ؛ مَصل ؛ ٹیکے کے لیے تیّار کیا ہوا مادّہ جو عموماً بیکٹریا یا وائرس پر مشتمل ہوتا ہے ۔

inoffensive, a. غیر جارِحانہ ؛ بے آزار ؛ بے ضرر ؛ بے زیاں ؛ بے نُقصان ۔

inoffensively, adv. بے آزاری سے ؛ غیر جارِحانہ طور پر ۔

inoffensiveness, n. عدم جارِحیّت ؛ بے آزاری ؛ بے مُضرتی ۔

inoperable, a. ناقابل عمل ؛ بیکار ؛ ناکارہ ۔ (طِب) جو عملِ جرّاحی کے لیے مناسب نہ ہو (جیسے : an inoperable tumor) ۔

inoperative, a. بے تاثیر ؛ غیر مؤثّر ؛ بے اثر ؛ غیر نافذ ؛ بے کار ؛ غیر زیرِ عمل ؛ ناکارگر ۔

inoperativeness, n. بے اثری ؛ عدم نفاذ ۔

inopportune, a. بے موقع ؛ بے محل ؛ بے وقت ؛ بے موسم ۔

inopportunely, adv. بے موقع طور پر ؛ بے موسم طور پر ؛ بے وقت ۔

inopportuneness, inopportunity, n. بے محلی ؛ بے وقتی ؛ بے ہنگامی ۔

inordinate, a. بُہت ؛ بے حد ؛ غیر مُعتدِل ؛ حدود و قواعد سے متجاوز ؛ غیر محدود ؛ بے ترتیب ؛ غیر معمولی ؛ ازحد ۔

inordinateness, n. بے ضابطگی ؛ زیادتی ؛ افراط ؛ بے اعتدالی ؛ تجاوُز ؛ تکثّر ۔

inordinately, adv. خلافِ دستور ؛ غیر معتدل طور پر ؛ افراط سے ؛ بے ضابطہ ؛ بے حد ۔

inorganic, a. غیر نامیاتی ؛ غیر نامی ؛ نازندہ ؛ زندہ عُضوی نظام میں تنظیم یا ڈھانچے کا فُقدان ؛ بے حیات یا بے رُوح مادّے پر مشتمل ؛ مصنوعی ۔ (کیمیا) ان مُرکبّات سے متعلّق جن میں ہائیڈروکاربن کی بجائے کاربن کے آکسائیڈ اور سلفائیڈ ہوتے ہیں ۔

inorganically, adv. غیر نامیاتی طور پر ۔

inosculate, v.i., v.t. باہم مِلانا ؛ پیوستہ کرنا ؛ جُڑنا ؛ مِل جانا ؛ مِلنا ؛ سروں کو ملا کر ایک مسلسل قطعہ کی صُورت میں مُتحّد کرنا ، مثلاً شریانوں اور عصبی ریشوں کو ؛ ایک دُوسرے میں شامل ہونا یا آمیزش کرنا ؛ پیوند لگانا ؛ جوڑنا ؛ مِلانا ۔

inosculation, n. پیوستگی ؛ رگ پیوندی ؛ پیوند ؛ جوڑ ۔

inositol, n. (کیمیا) بانوس ؛ حیاتینہ ؛ ایک مُرکب : ایک حیاتین ب مرکّب جو بڑھوتری کے لیے ضُروری ہے ، یہ پودوں اور بافتوں میں پایا جاتا ہے ۔

inpatient, a. شفا خانہ میں داخل مریض ؛ اندرُونی مریض ؛ وہ مریض جو شفاخانہ میں رہتا ہو ، وہیں سے خوراک حاصل کرتا ہو اور وہیں اس کا علاج ہوتا ہو ؛ بیرونی مریض کی ضِد ۔

impersonam, adv., a. (قانون) خاص اشیا کی بجائے کسی شخص کے خلاف مُقدّمہ سے متعلّق ۔

inphase, a. (برق) ہم مرحلہ ؛ ایک ہی مرحلے (phase) کے اندر بجلی کی روؤں سے متعلّق ۔

inpour, v.t., v.i. اُنڈیلنا ؛ کوئی مائع کسی برتن میں ڈالنا ۔

input, n. لین ؛ درآمد ؛ خرچ ؛ طاقت ، توانائی ، رو یا ولٹیج کی وہ مقدار جو کسی مشین یا برقی دور کو فراہم کی گئی ہو ۔ (کمپیوٹر) مرموز معلُومات جو کمپیوٹر کے عمل کے لیے تیّار ہوں ؛ کمپیوٹر میں معلومات داخل کرنے کا عمل ؛ مداخل ۔ (صفت) کمپیوٹر وغیرہ میں معلُومات یا سامان کے ادخال سے متعلّق ۔ (فعل متعدی و لازم) (کمپیوٹر) معلُومات داخل کرنا ۔

inquest, n. تفتیش ؛ تحقیقات ؛ قانُونی یا عدالتی تفتیش ، بالخصوص جیوری کے سامنے ؛ موت کے بعد وجہِ موت کی تفتیش جو تفتیشی عُہدہ دار (کورونر) کرتا ہے ؛ ایسی تفتیش کرنے والے لوگ،بالخصوص مفتشِ مرگ کی جیوری ؛ کورونری جیوری ؛ اُن کا آخری فیصلہ ۔

inquietude, n. بے چینی ؛ اضطراب ؛ بے آرامی ؛ اضطرار ؛ تشویش ؛ بے کلی ۔ (جمع) خیالاتِ پریشاں ، افکارِ پریشاں ۔

inquiline, n., a. (حیوانیات) درمکیں ؛ ہم مکان جانور ؛ وہ حیوان جو دُوسرے حیوان کے ساتھ سُکُونت میں شریک ہو ۔ (مجازاً) مہمان ۔

inquilinity, n. ہم مکانی ؛ اشتراکِ سُکُونت ۔

inquilinous, a. ہم مکاں ، شریکِ سُکُونت ۔

inquire, enquire, v.t. پُوچھنا ؛ دریافت کرنا ؛ کسی کے متعلّق اطلاع چاہنا (جیسے : to inquire ones name) ؛ پُرسش کرنا ؛ خبر لینا ؛ اِستفسار کرنا ؛ سوال کرنا ؛ تحقیقات کرنا ؛ تحقیق کرنا ؛ باز پُرس کرنا ؛ جُستجُو کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ ڈُھونڈنا ؛ تلاش کرنا ؛ چھان بین کرنا ؛ پُوچھ گُچھ کرنا ۔ (فعل لازم) تحقیقات یا تفتیش کرنا (into کے ساتھ) ؛ استفسار کر کے معلومات حاصل کرنا ۔

inquire after, ریافت کرنا ، احوال پُرسی کرنا ، مثلاً صحت کے متعلّق ۔

inquirer, n. لاشی ؛ تفتیش کار ؛ دریافت کُنندہ ؛ چھنے والا ؛ جویا ۔

inquiringly, adv. ریافت کرتے ہُوئے ؛ تفتیش کرتے ہوئے ۔

inquiry, enquiry, n. تحقیقات ؛ تفتیش ؛ پُرسش ؛ پوچھ گُچھ ؛ طلاع یا معلُومات کی دریافت ؛ پوچھنے کا عمل ؛ استفسار ؛

ناشکیب ؛ تسکین ناپذیر ؛ لالچی ۔

insatiability, insatiableness, n. تسکین ناپذیری ؛ سیری ناپذیری ؛ غیر تسکین پذیری ؛ بے صبری ؛ لالچ ؛ حِرص ؛ نا شکیبائی ۔

insatiably, adv. تسکین ناپذیری سے ۔

insatiate, a. تسکین ناپذیر ؛ سیری ناپذیر ؛ ناسیر ؛ نیم سیر ؛ حَریص ؛ لالچی ؛ ناشکیب ۔

insatiately, adv. تسکین ناپذیری سے ؛ بے صبری سے ؛ حِرص سے ؛ ناشکیبائی سے ؛ نیم سیری سے ۔

insatiateness, insatiety, n. تسکین ناپذیری ؛ ناسیری ؛ نیم سیری ؛ ناشکیبائی ؛ بے صبری ؛ لالچ ۔

inscribe, v.t. کندہ کرنا ؛ نقش کرنا ؛ کوئی مقولہ ، نام یا انتساب کسی دیرپا چیز پر نقش کرنا ؛ کوئی کتاب یا نظم منسُوب کرنا ؛ ذہن میں مُرتسم کرنا ؛ فہرست میں شامل کرنا ؛ بھرتی کرنا ؛ مرموز انداز میں لکھنا ۔ (جیومیٹری) کوئی خَطّی سطح ، دُوسری شکل میں اس طرح بنانا کہ دونوں کی حُدُود خاص مقامات پر ایک دُوسرے سے مل جائیں ؛ درجِ فہرست کرنا ؛ اندراج کرنا ؛ دِلنشین کرنا ؛ جمانا ؛ شکل در شکل بنانا ؛ کھودنا ؛ کَندہ یا منقُوش کرنا ؛ نِشان کرنا ؛ لکھنا ؛ کسی کے نام پر لکھنا ۔

inscribable, a. کندہ کردنی ؛ نقش کردنی ۔

inscribableness, n. نقش پذیری ۔

inscriber, n. نقّاش ؛ کَندہ کار ؛ در نویس ؛ نقش کرنے والا ۔

inscription, n. کَندہ کاری ؛ نقش ؛ کتبہ ؛ رقیمہ ؛ نقش کاری ؛ کوئی لفظ یا الفاظ جو پتھّر ، دھات یا کسی سخت چیز پر ملاحظۂ عام کے لیے کَندہ کیے گئے ہوں ؛ اِنتساب ، کسی کتاب یا نظم کا کسی شخص کے نام احترام کے طور پر ۔ (مسکوکیات) بعض سکّوں یا تمغوں کی الٹی طرف بیچ میں نقش کیے ہوئے الفاظ ۔

inscriptional, a. کَتباتی ؛ نَقشی ؛ نقش کاری سے متعلّق ؛ کَندہ کاری کا ۔

inscriptionless, a. بے کتبہ ؛ بے نَقش ؛ بے کَندہ ۔

inscriptive, a. کتباتی ؛ نَقشی ؛ نقش یا کتبے سے متعلّق ؛ تحریر دار ؛ خُطبے دار ؛ نقش دار ۔

inscriptively, adv. کتباتی طور پر ؛ تحریر دارانہ ؛ خُطبہ دارانہ ؛ نقش دارانہ ۔

inscroll, v.t. دیکھیے : Enscroll ۔

inscrutable, a. عسیر الفہم ؛ تَفَحُّص ناپذیر ؛ ماورائے اِدراک ؛ ناقابلِ فہم ؛ ناقابلِ وضاحت ؛ غیر شفّاف ؛ مُبہَم ؛ ناقابلِ نُفُوذ ؛ ناقابلِ تلاش و تجسُّس ۔

inscrutably, adv. تَفَحُّص ناپذیری سے ؛ ناقابلِ فہم طور پر ؛ نامعلُوم انداز میں ۔

inscrutability, inscrutableness, n. تَفَحُّص ناپذیری ؛ مخفیّت ۔

inseam, n. اندرُونی سلائی ؛ کسی کپڑے یا جُوتے کی اندرونی سلائی ۔

insect, n. کیڑا ؛ کِرم ؛ حشرہ ؛ مکوڑا ؛ چھوٹے مفصل پایان کے طبقے کا فرد ، بالغ ہونے پر جس کا جسم ایک سر ، سینہ اور پیٹ اور ٹانگوں کے تین جوڑوں اور عموماً پروں کے دو

بازپُرس ؛ ٹوہ ؛ تلاش ؛ جُستجُو ؛ ڈُھونڈ بھال ۔

inquisition, n. تحقیق ؛ باز پُرس ؛ تفتیش ، بالخصوص سخت اور طویل ۔ (قانون) عدالتی تحقیق ، باز جوی ۔ (بڑے ا سے) (رُومی کیتھولک کلیسا) عدالتِ احتساب جو تیرھویں سے اُنیسویں صدی تک سرگرم عمل رہی ، یہ ملحدین کی باز پُرس کرنے اور ان کو سزا دینے کے لیے قائم کی گئی تھی ۔

inquisitional, a. تحقیقاتی ؛ احتسابی ؛ تحقیقات یا تلاش میں مصرُوف ۔

inquisitive, a. مُتجسّس ؛ بازجُو ؛ تحقیق پسند ؛ تجسُّس کا عادی ؛ راز جُو ۔

inquisitively, adv. تجسُّس سے ؛ راز جُوئی سے ؛ جُستجُو سے ۔

inquisitiveness, n. تحقیق پسندی ؛ تَجسُّس کی عادت ؛ دریافت کرنے کی خواہش ۔

inquisitor, n. مُفتش ؛ تفتِیش کرنے والا ؛ تفتِیش کار ؛ عدالتِ اِحتِساب کا رُکن ، مُحتسِب ؛ مذہبی جج ؛ قاضی ۔

inquisitorial, a. تفتِیشی ؛ تحقِیقی ؛ اِحتِسابی ؛ تحقیقاتی ۔

inquisitorially, adv. احتسابی طور پر ؛ تفتیشی طور پر ۔

inroad, n. (عموماً جمع) نُقصان دِہ تجاوُز ، مداخلت (جیسے : .to make inroads on my savings) ؛ اچانک چھاپا یا حملہ ؛ تاخت ۔

inrush, n. درآمد ؛ ریل پیل ؛ ازدحام ؛ یُورش ۔

inrushing, n., a. درآمد ؛ ازدحام ؛ درآئندہ ؛ ہُجُوم کُنندہ ۔

insalivate, v.t. لُعابِ دہن سے تَر کرنا ؛ تُھوک ملانا ؛ رطوبتِ دہن کے ساتھ ملانا ۔

insalivation, n. لُعابِ دہن کی آمیزش ۔

insalubrious, a. غیر صِحّت بخش ؛ مُضِر صحت ؛ غیر صِحت مند ؛ ناگوار ؛ ناموافق ۔

insalubriously, adv. غیر صحَت مندی سے ؛ ناگواری سے ۔

insalubrity, n. ناصِحَت مندی ؛ ناگواری ؛ فساد ؛ ناموافقت ۔

insane, a. فاترالعقل ؛ دیوانہ ؛ مخبوط الحواس ؛ دماغی طور پر ناکارہ ؛ خبطی ؛ سودائی ؛ مجنُون ؛ پاگل ؛ مجنونانہ ؛ اس مقام سے متعلق جہاں دماغی مریض رکھّے جاتے ہیں اور ان کا علاج کیا جاتا ہے (جیسے : an insane asylum) ۔

insanely, adv. دِیوانگی سے ؛ بطور دیوانہ ۔

insaneness, n. دِیوانگی ؛ پاگل پن ؛ جُنُون ؛ خبط ؛ باؤلا پن ۔

insanitary, a. گندا ؛ غیر صِحَتی ؛ ناصاف ؛ مُضِر صحت ۔

insanitariness, n. گندگی ؛ عدمِ حفظانِ صِحَت ۔

insanitation, n. گندگی ؛ مُضِر صحت حالت ؛ عدمِ حفظان صحت یا اس سے متعلّق قوانین ۔

insanity, n. فُتُور عقل ؛ دیوانگی ؛ پاگل پن ؛ جسمانی افعال کا کم و بیش مستقل خلل ؛ جُنُون ؛ باؤلا پن ؛ خَبط ؛ خللِ دماغ ؛ انتہائی حماقت یا اس کی مثال ۔ (قانون) ایسا ذہنی یا دماغی خلل جو قانُونی ذمّہ داری یا استعداد کو متأثر کرتا ہو ۔

insatiable, insatiate, a. حَریص ؛ سیری ناپذیر ؛ بے صَبر ؛

جوڑوں میں منقسم ہوتا ہے ؛ حقیر آدمی ؛ کوئی ادنیٰ چیز ـ (صفت) کیڑے سے مُشابہ ؛ آدمی کی صفت کے طور پر ، کمینہ ، حقیر ؛ ادنیٰ ؛ حشری ؛ ذلیل ـ

insectary, insectarium, n. حشرہ خانہ ؛ وہ تجربہ گاہ جس میں حشرات کی پرورش کی جاتی ہے اور بِالخصوص ان کی عادات کا مُطالعہ کیا جاتا ہے ـ

insecticide, n. کِرم کُش مادّہ ؛ کِرم کُشی ؛ جراثیم کُش دوا ؛ حشرات کُش شے ؛ کیڑوں کو ہلاک کرنے والا ؛ کیڑا کُش ـ

insecticidal, a. کِرم کُشانہ ؛ کرم کُش ـ

insectifuge, n. دافع کِرم مادّہ ـ

insectile, a. کرمی ، کِرم نُما ، کرموں پر مشتمل ، کرم دار مثلاً کوئی حیوانی خُوراک ؛ حشرتی ؛ حشرات دار ـ

insectivore, n. کرم خور جانور یا پودا ؛ کِرم خوروں کے سلسلے میں سے کوئی ایک جس میں چھوٹے میمل جانور مثلاً مُوشک ، چھچھوندر اور خارمُوش شامل ہیں ـ

insectivorous, a. حشرہ خور ؛ کرم خور مثلاً بعض جانور اور پودے ؛ سلسلۂ کِرم خوراں سے متعلّق ـ

insecure, a. غیر مامُون ؛ غیر محفُوظ ؛ کمزور ؛ پُرخطر ؛ بے آڑ ؛ بے اَمن ـ

insecurely, adv. غیر محفُوظ طور پر ؛ بلاسلامتی ؛ بغیر حِفاظت کے ـ

insecureness, insecurity, n. عدمِ تحفُّظ ؛ بے امنی ؛ اندیشہ ؛ خوف و خطر ـ

inseminate, v.t. بونا ؛ کاشت کرنا ؛ تُخم ریزی کرنا ؛ خیالات وغیرہ ذہن میں بٹھانا ؛ حاملہ کرنا بِالخصوص نطفے سے ؛ تُخم پاشی کرنا ؛ بیج ڈالنا ـ

insemination, n. تُخم ریزی ؛ تُخم پاشی ـ

insensate, a. بے جان ؛ غیر حسّاس ؛ بیدرد ؛ بے رحم ؛ بے شُعُور ؛ نافہم ؛ بے عَقل ؛ بے وقوف ؛ اَحمَق ؛ بے احساس ؛ سنگدلؒ ؛ ماؤف ؛ بے حس (جیسے : insensate rock) ـ

insensately, adv. بے حِس طور پر ؛ بے حِسی سے ؛ بے وقوفانہ ؛ اَحمقانہ ؛ ماؤف انداز میں ؛ سَنگدِلانہ ـ

insensateness, n. بے حِسی ؛ بیدردی ؛ بے عقلی ؛ نافہمی ؛ ماؤف پن ؛ سنگدلی ؛ بے وقُوفی ؛ حُمُق ؛ احمَق پن ـ

insensible, a. بے ہوش ؛ بے شُعُور ؛ بے حِس ؛ نافہم ؛ بے جذبہ ؛ غیر جذباتی ؛ لاتعلّق ؛ غیر محسوس ؛ بے خبر ؛ ناواقِف ؛ لاعِلم ؛ کٹھور ؛ بے درد ؛ سنگدِل ؛ تدریجی (جیسے : insensible stages in a process) ـ

insensibleness, insensibility, n. بے حِسی ؛ بے شُعُوری ؛ نافہمی ؛ بے ہوشی ؛ غیر محسوس پن ؛ بے خبری ؛ فُقدانِ احساس ؛ فُقدانِ جذبات ؛ غشی ؛ بے پروائی ؛ بے دَردی ـ

insensibly, adv. بے حِسی سے ؛ بے شُعُوری سے ؛ ہولے ہولے ؛ بے معلُوم ؛ بتدریج ـ

insensitive, a. غیر حسّاس ؛ بے حِس ؛ جسمانی حس یا احساس کے بغیر ؛ عوامل یا اثرات ناپذیر ؛ شُعُور و احساس سے محرُوم ؛ ماؤف ؛ بے ذوق ؛ کورا ـ

insensitiveness, insensitivity, n. عدمِ حساسیّت ؛ عدمِ احساس ؛ بے حِسی ؛ بے حسّاسی ـ

insensitively, adv. بے حسّی سے ؛ غیر حسّاس طور پر ـ

insentient, a. بے حِس ؛ بے جان ؛ بے رُوح ؛ بے خبر ؛ بے حواس ؛ بیہوش ـ

insentience, insentiency, n. بے حِسی ؛ بے جانی ؛ بے حواسی ؛ بیہوشی ؛ بے خبری ـ

inseparable, a. ناقابلِ علیحدگی ؛ لاینفک ؛ جس کو الگ نہ کیا جا سکے ؛ لازمی ـ (اسم ، عموماً جمع) ناقابلِ تقسیم اوصاف یا اشیا ؛ گہرے دوست ، جو عموماً زیادہ وقت اِکٹھے گُزارتے ہوں ؛ غیر مُنفَصِل ؛ غیر مُنفِک ؛ لازِم و ملزُوم ؛ بہم پیوستہ ـ

inseparability, n. عدمِ انفکاک ؛ لُزُوم ؛ ربط و ضبط ـ

inseparably, adv. بلا تفریق ؛ لاینفک طور پر ؛ بغیر جُدائی کے ـ

insert, v.t. داخل کرنا ؛ دُخُول کرنا ؛ اندر ڈالنا ؛ سُوراخ یا خلا یا دو حصّوں کے درمیان رکھنا ؛ کسی میں کوئی چیز شامل کرنا جیسے کسی اخبار میں اشتہار ؛ درج کرنا ؛ مُندرَج کرنا ؛ لِکھ دینا ؛ لگانا ؛ نصب کرنا ؛ ٹھونسنا ؛ اضافہ کرنا ؛ شائع کرنا ـ (اسم) جو چیز داخل کی گئی ہو یا داخل کرنی ہو ؛ کوئی فالتو ورق یا اوراق مثلاً تصاویر ، نقشے ، خاکے وغیرہ جو کسی کتاب کے متن کے صفحات میں جِلد بندی سے پہلے شامل کیے جائیں ؛ کوئی گشتی مراسلہ جو کتاب یا رسالے میں رکھ دیا جائے جسے ڈاک کے ذریعے بھیجنا ہو ؛ شُمُول ، دُخُول ـ

inserter, n. داخل کرنے والا ؛ درج کُنِندہ ـ

insertion, n. پیوستگی ؛ ادخال ؛ دُخُول ؛ شُمُول ؛ اندراج ، مثلاً آرایشی فیتہ جو کسی چیز کے ٹُکڑوں میں سیا گیا ہو یا متن کے صفحات میں نقشے کا شمُول ـ (حیاتیات) پیوستگی کا انداز یا مقام جیسے کسی عضُو یا عُضلے کا ؛ ادغام ؛ انفراز ـ

insertional, a. شُمُولی ؛ ادغامی ؛ انفرازی ؛ اندراجی ؛ ادخالی ـ

insessorial, a. جثمی ؛ شاخ نشین ؛ عادی شاخ نشین،مثلاً پرندہ ؛ جو شاخ نشینی کے لیے تشکیل دیا گیا ہو ، جیسے پرندے کا پاؤں یا پنجہ ؛ شاخہ نشین ـ

inset, v.t. اندر لگانا ؛ داخل کرنا ، مثلاً پوشاک میں کوئی چیز ـ (اسم) شمُول ؛ ادخال ؛ اضافہ ؛ اندرس ، مثلاً کسی تصویری مواد کا کسی بڑی تصویر میں اضافہ یا کسی پوشاک میں کسی چیز کے حصّہ کا اضافہ یا شُمول جیسے لباس میں دُوسری قسم کا باریک کپڑا یا وہ کلی جو آستین میں لگائی جائے ـ

insheathe, v.t. دیکھیے : Ensheathe ـ

inshore, a., adv. ساحل سے قریب ؛ ساحل کی طرف ـ

inshrine, v.t. دیکھیے : Enshrine ـ

inside, n. اندرُون ؛ درُون ؛ باطِن ؛ اندر کی طرف کی سطح یا حصّہ ؛ سازگار اور مفید حیثیّت ـ (جمع) جسم کے اندرونی حصّے مثلاً معدہ اور آنتیں ؛ پیٹ کی چیزیں ؛ انتڑیاں ـ (صفت) اندرُونی ؛ درُونی ؛ داخلی ؛ کسی مقام یا عمارت کے اندر عمل پذیر ، لاگو یا کردہ ؛ کیا جانے والا کام جس سے چند لوگ ہی واقف ہوں ؛ خفیہ ؛ پوشیدہ ؛ اندر کی طرف کا ـ (متعلّق فِعل) اندر کی طرف ؛ اندر ؛ کسی مقام یا مُدّت کے اندر ـ (حرف جار) میں ؛ در ، اندر ، فی ـ

inside of, اندر ؛ کے اندر ـ

insider, n. کسی تنظیم یا مجلس کا رُکن ؛ بھیدی ؛ واقف کار ؛

راز دار ؛ وہ شخص جو اپنے مرتبہ کی وجہ سے کوئی مفاد یا خاص خبر حاصل کر سکے۔

inside track, n. دوڑ کے راستے کی اندرُون ترین گلی جو حفاظتی جنگلے سے قریب ترین ہو۔ (بول چال) مفید موقع ، جو سازگار حیثیت یا اندرونی اطلاع کی وجہ سے حاصل ہو۔

insidious, a. فریبی ؛ عیّار ؛ سازشی ؛ غدّار ؛ دغا باز ؛ مکّار ؛ پُرفریب ؛ خُفیہ طور پر کارروائی یا کام کرنے والا مگر خطرناک نتائج کا حامل (جیسے : an insidious poison) ۔

insidiously, adv. عیّاری سے ؛ فریب سے ؛ دغا سے ؛ حِیلہ بازی سے ؛ مکر سے ؛ چُپکے چُپکے ؛ غیر محسوس طور پر۔

insidiousness, n. دغا بازی ؛ عیّاری ؛ فریب کاری ؛ حِیلہ سازی ؛ مکّاری ۔

insight, n. بصیرت ؛ وجدان ؛ دِقّتِ نظر ؛ درک ؛ دقّت نگاہ ؛ ادراک ؛ کسی شے کی اصلیّت کو وہبی طور پر جاننے یا سمجھنے کی اہلیت ۔

insightful, a. صاحبِ بصیرت ؛ صاحبِ ادراک ؛ بصیرت شِعار ؛ دقّت نظر کا حامل ۔

insignia, n., طُغرا ؛ نشانِ امتیاز ؛ عُہدے کا نشان ؛ امتیازی نشان ؛ عزّت کا نشان ؛ رکنیت کا نشان ۔ (ترکیب میں واحد) بِلاّ ، علامت یا وہ نشان جو رتبہ ، عزّت یا رُکنیّت ظاہر کرے ؛ تمغا ؛ پر تَلا ۔

insignificant, a. غیر اہم ؛ ناقابلِ توجُّہ ؛ حقیر ؛ اہمیّت ، اثر اور کردار سے محرُوم ؛ ناچیز ؛ پست ؛ بے معنی ؛ لایعنی ؛ بیہُودہ ؛ لغو ؛ مُہمل ۔

insignificantly, adv. غیر اہم طور پر ؛ کم طور پر ؛ ناقص طور پر ؛ ناقابلیت سے ؛ بے معنی طور پر ؛ بے اہمیّتی سے ۔

insignificance, insignificancy, n. عدمَ اہمیّت ؛ ناچیزی ؛ بے وقری ؛ بے وَقعتی ؛ خفّت ؛ ادنیٰ پن ۔

insincere, a. غَیر مُخلِص ؛ جو حقیقی احساسات کے اظہار میں دیانت دار نہ ہو ، فریبی ؛ ریاکار ؛ دغاباز ؛ منافِق ؛ کپٹی ؛ بے وفا ؛ جُھوٹا ؛ دورنگا ؛ بے اخلاص ؛ سُخن ساز۔

insincerely, adv. غیر مُخلِص طور پر ؛ ریاکاری سے ؛ بے وفائی سے ؛ ظاہرداری سے ؛ مَکر سے ؛ ناراستی سے ۔

insincerity, n. عدمِ اخلاص ؛ ریاکاری ؛ جُھوٹ ؛ دورنگی ؛ دورُوئی ؛ بے وفائی ؛ ظاہر داری ؛ مَکر ؛ منافِقت ۔

insinuate, v.t., v.i. خُفیہ طور پر شہ دینا ؛ داخل کرنا ؛ مخفی طور پر اشارہ کرنا ؛ ایما کرنا ؛ پردے سے کہنا ؛ سوچے سمجھے قول یا عمل سے کسی کے دل میں گھر کرنا ؛ خبر دینا یا مفہوم ہونا عموماً کسی ناگوار چیز کا ؛ کنایتہً کہنا ۔ (قدیم) رینگنا یا بَل کھانا ۔

insinuating, insinuative, a. فریبندہ ؛ جاذِبِ توجُّہ ؛ اشارہ کُنندہ ؛ کنایتہً خبر دَہندہ ۔

insinuatingly, adv. اشارہ کرتے ہوئے ؛ کنایتہً ۔

insinuator, n. اشارا کُناں ؛ چاپلُوس ؛ خوشامدی ؛ متملِّق ؛ دم باز ؛ چربِ زبان ۔

insinuation, n. اشارہ ، کنایہ ؛ دَرپردہ ایما بالخصوص تحقیری ؛ تعرِیض یا چوٹ ؛ طعن ؛ خُفیہ اِشارہ بازی ؛ چاپلوسی بالخصوص تعریفی کلمات یا افعال کے ذریعے ؛ خُوشامد ؛ ایسا کوئی کلمہ یا فعل ؛ چاپلُوسی ۔

insipid, a. بے مزہ ؛ بے لُطف ؛ بے رنگ ؛ بے نمک ؛ دلچسپی ، جذبے ، زندگی یا رُوح سے عاری ؛ بوجھل ، بے لُطف اور روکھا ؛ پھیکا سیٹھا ؛ بے لذّت ؛ بے ذائِقہ ؛ غیر دِلچسپ ۔

insipidity, insipidness, n. بے لُطفی ؛ رُوکھا پن ؛ پھیکا پن ؛ بے لذّتی ؛ بے نمکی ۔

insipidly, adv. بے لُطفی سے ؛ رُوکھے پن سے ؛ بے مزگی سے ؛ بے لذّتی سے ؛ پھیکے پن سے ۔

insist, v.i. اصرار کرنا ؛ تقاضہ کرنا (on یا upon کے ساتھ جیسے : to insist on locking the windows) ؛ قائم رہنا ؛ تاکید کے ساتھ کوئی رائے دینا ؛ بَضِد ہونا (on یا upon کے ساتھ) ؛ ایک ہی بات کی تکرار کرنا ؛ بار بار کوئی بات کہنا (on یا upon کے ساتھ) ۔ (فعل متعدی) تاکیداً کوئی بات کہنا ؛ زور دینا (جیسے : to insist that the story is untrue) ؛ تاکیداً طلب کرنا ؛ تقاضا کرنا (جیسے : I insist that you leave) ؛ ضِد کرنا ؛ مُصِر ہونا ؛ پکّا رہنا ؛ مستقل رہنا ؛ مُستحکم رہنا ؛ اَڑنا ۔

insistence, insistency, n. اصرار ؛ تقاضا ۔

insistent, a. مصِّر ؛ بَضِد ؛ مبنی ؛ قائم ؛ جَما ہُوا ؛ اڑا ہُوا ۔

insistently, insistingly, adv. اصرار سے ؛ تاکیداً ۔

insister, n. اصرار کرنے والا ؛ مُصِر ؛ مُقیم ۔

insitu, adv., a. اپنی اصلی حیثیت میں ؛ اصلاً ۔

insnare, v.t. قفس بند کرنا ؛ جال بند کرنا ؛ پھندے میں لینا ؛ دام گیر کرنا ۔

insnarement, n. دام گیری ؛ قفس بندی ؛ جال بندی ۔

insnarer, n. پھندے میں لینے والا ؛ قفس بند کرنے والا ؛ صیاد ؛ دام گیر ؛ جال بند کرنے والا ۔

insobriety, n. بے اعتدالی ؛ مخمُوری ؛ میخواری ؛ بدپرہیزگی ؛ متوالا پن ؛ بدمَستی ۔

insociable, a. نامِلنسار ؛ بدمَشرب ؛ کم گو ؛ کم سُخن ؛ خلوَت پسند ؛ تنہائی پسند ۔

insociably, adv. نامِلنساری سے ۔

insociability, n. نامِلنساری ؛ خلوَت پسندی وغیرہ ۔

insofar, adv. یہاں تک کہ ؛ حتیٰ کہ (عموماً as کے ساتھ) ۔

insolate, v.t. دُھوپ میں خُشک کرنا یا تیّار کرنا ؛ دُھوپ میں پھیلانا یا رَکھنا ؛ دُھوپ دِکھانا ؛ دُھوپ میں رکھنا ؛ دُھوپ دینا ؛ سُکھانا ۔

insolation, n. آفتاب زدگی ؛ اِشعاعِ شمسی ۔

insole, n. جُوتے کا اندرونی تَلا ؛ پتاوا ؛ گرم یا پانی روک چیز کی تہ جو جوتے میں اندرونی تلے کے طور پر لگائی جاتی ہے اور جو علیحدہ ہو سکتی ہے ؛ پاتابہ ۔

insolent, a. (آدمی کے متعلّق) گُستاخ ؛ شوخ ، بے ادب ؛ (زبان یا کردار میں) گُستاخانہ ؛ گردن کش ؛ سرکَش ؛ مغرُور ؛ بدتمیز ۔ (اسم) گُستاخ شخص ؛ بدتَمیز آدمی ۔

insolence, n. شوخی ؛ گُستاخی ؛ بے ادبی ؛ ڈھٹائی ؛ گردن کَشی ؛ بدتَمیزی ۔

insolently, adv. گُستاخی سے ۔

insoluble, a. حل ناپذیر ؛ ناقابلِ حل ؛ لاینحل ؛ جو کسی مائع میں حل نہ ہو سکے ؛ جو واضح نہ ہو سکے ؛ نہ گلنے یا گُھلنے والا ؛ ناقابلِ تحلیل ؛ غیر تحلیل پذیر۔

insolubility, insolubleness, n. حل ناپذیری۔

insolubly, adv. ناقابلِ حل طور پر۔

insolvable, a. ناقابلِ حل ؛ حل ناپذیر ؛ لاینحل۔

insolvent, a. دیوالیہ ؛ نادار ؛ جس کے پاس اتنا سامان یا جائیداد نہ ہو کہ اپنا قرض ادا کر سکے ؛ دوالا سے متعلق ؛ غیر مُستطیع ؛ بے زَر ؛ مُفلس ؛ بے مقدُور ؛ تہی دست۔ (اسم) دیوالیہ شخص ؛ وہ شخص جو اپنا قرضہ ادا نہ کر سکے ؛ غیر مُستطیع شخص ؛ نادار۔

insolvency, n. دیوالیہ پن ؛ دوالا پن ؛ ناداری ؛ ادائے قرض کی بے مقدوری ؛ مُفلسی۔

insomnia, n. بے خوابی ؛ سہر ؛ مزمن بے خوابی کا مرض۔

insomniac, a., n. مریض بے خُوابی ؛ بیخواب۔

insomnious, a. بے خوابانہ ؛ بے خواب۔

insomuch, adv. اس حد تک ؛ یہاں تک ؛ حتیٰ کہ ؛ اس مرتبے تک ؛ اس قدر (that اور as کے ساتھ)۔

insomuch as, یہاں تک کہ ؛ اس مرتبے تک کہ ؛ اس قدر کہ۔

insouciant, a. بے فکر ؛ بے پروا ؛ سہل انگار ، لااُبالی ؛ بلاتشویش ؛ آزاد منش ؛ بے تردُّد ؛ بے غم ؛ بے رنج ؛ آزادہ رَو۔

insouciantly, adv. بے فکری سے ؛ بے پروائی سے۔

insouciance, n. بے فکری ؛ بے پروائی۔

insoul, v.t. دیکھیے : Ensoul۔

inspect, v.t. مُعائنہ کرنا ؛ مُلاحظہ کرنا ؛ جائزہ لینا ؛ جانچنا ؛ غلطیاں نکالنے کے لیے دیکھنا ؛ سرکاری طور پر معائنہ کرنا مثلاً فوج یا عمارات کا ؛ تفتیش کرنا ؛ پرکھنا ؛ دیکھنا ؛ نگرانی کرنا ؛ غور سے دیکھنا ؛ جانچ کرنا ؛ نگہبانی کرنا ؛ اہتمام کرنا۔

inspection, n. معائنہ ؛ ملاحظہ ؛ تنقیدی جائزہ یا مُحتاط جائزہ ؛ سرکاری جائزہ یا مُعائنہ جیسے فوج کا ؛ تفتیش ؛ جانچ ؛ نگرانی ؛ نگہبانی ؛ دیکھ بھال۔

inspective, a. جائزہ سے متعلّق ؛ ملاحظاتی ؛ اِمتحانی ؛ تفتیشی ؛ معائنے سے مُتعلّق۔

inspector, n. انسپکٹر ؛ ناظر ؛ مُعائنہ کرنے والا ؛ وہ شخص جو تنقیدی جائزہ لے ؛ اِنتخاب گاہ کا معائنہ کرنے والا ؛ ناظر پولیس کا عُہدہ دار جو سپرنٹنڈنٹ سے نیچے ہوتا ہے اور جس کے تحت متعدّد علاقے ہوتے ہیں ؛ معائنہ کُنندہ ؛ مُعائنہ کار ؛ تفتیش کار ؛ مُفتش ؛ نگہبان ؛ داروغہ۔

inspectorate, n. انسپکٹری ؛ نظارت ؛ ناظروں یا جائزہ کاروں کی جماعت ؛ ان کے فرائض یا دفترِ تحقیقات ؛ نیز Inspectorship۔

inspectoral, inspectorial, a. نظارتی ؛ ناظرانہ ؛ نگہبانی سے متعلّق۔

insphere, v.t. دیکھیے : Ensphere۔

inspiration, n. تشویق ؛ القا ؛ فیض ؛ کسی تخلیقی کام کی تحریک جو دِل سے پیدا ہو ؛ اُمنگ ؛ اِلہام ؛ تخلیقی تحریک ؛ وجدان ؛ آمد۔ (الٰہیات) فیضانِ روحانی ؛ اِلہام ؛ ربّانی اَثر جو مُقدّس مُصنّفین پر طاری ہوتا ہے بالخصوص رُوحانی تحریروں میں ؛ کوئی ذریعہ یا منبعِ فیض ؛ فیضان ؛ القا ؛ کشف۔ (حیاتیات) دم کَشی ، تنفُّس ؛ دم لینے کا عمل ؛ دل میں آنے یا پڑنے کی حالت۔

inspirational, a. تلقینی ؛ اِلہامی ؛ القائی۔

inspirationally, adv. الہامی طور پر ؛ القائی طور پر۔

inspiratory, a. تَنَفُّسی ؛ دم کَشانہ ؛ شہیقی۔

inspire, v.t., v.i. متأثر کرنا ؛ تحریک دینا ، مثلاً کسی تخلیقی عمل یا فکر کی ؛ مُتحرّک کرنا ؛ اُٹھانا ؛ پیدا کرنا مثلاً فکر یا احساس ؛ تولید کرنا۔ (الہیات) ربّانی اثر سے راہ نُمائی کرنا یا جان ڈالنا ؛ الہام کرنا ؛ القا کرنا ؛ سانس کھینچنا ؛ دم لینا ؛ پُھونک مارنا ؛ دَم کرنا ؛ تلقین کرنا ؛ فیضان ہونا ؛ القا کا ابلاغ ہونا۔ (حیاتیات) پھیپھڑوں کے اندر کھینچنا۔

inspirable, a. قابلِ القا ؛ الہام پذیر ؛ دَم کَشی کے لائق ؛ لائقِ الہام۔

inspirer, n. اثر انداز ؛ القا کرنے والا ؛ سانس لینے والا۔

inspirit, v.i. رُوح پھونکنا ؛ جان ڈالنا ؛ جرأت دینا ؛ تقویت دینا ؛ جوش دلانا ؛ جی بڑھانا ؛ حوصلہ دینا۔

inspissate, v.t., v.i. گاڑھا کرنا ؛ تبخیر کے ذریعے گاڑھا یا غَلیظ بنانا ؛ مُغلّظ کرنا ؛ موٹا کرنا۔

inspissation, n. تغلیظ ؛ اقوام۔

inspissator, n. مغلّظ ؛ گاڑھا کرنے والا۔

instable, a. غیر قائم ؛ غیر مُستحکم ؛ نا اُستوار ؛ بے قرار ؛ بے قیام ؛ غیر مستقل ؛ بے ثبات ؛ ناپائیدار ؛ بے استقلال ؛ ناقابلِ انحصار ؛ ناقابلِ اعتماد۔

instability, n. قیام ناپذیری ؛ عدمِ استحکام ؛ نااُستواری ؛ عدمِ اِستقلالِ مزاج ؛ عدمِ تواتُر ؛ بے اِعتباری ؛ تلوُّن ؛ ساخت کی کمزوری ؛ ناہمواری ؛ بے ثباتی ؛ بے استقلالی ؛ عدمِ ثبات ؛ تلوُّن مزاجی ؛ ناپائیداری۔

install, (Brit.), instal, v.t. تنصیب کرنا ؛ نصب کرنا یا قائم کرنا ، استعمال یا خدمت کے لیے (جیسے : to install a heating system) ؛ کسی عہدے یا اسامی پر مُقرّر کرنا ، عموماً رسمی تقریب کے ساتھ ؛ کسی مقام یا مرتبے پر فائز کرنا یا بٹھانا جیسے کُرسی پر ؛ جگہ دینا ؛ بٹھانا ؛ مَسنَد نَشین کرنا ؛ گدّی یا تخت پر بٹھانا ؛ عہدہ یا منصب سپرد کرنا۔

installation, n. تقرُّر ؛ تنصیب ، کوئی آلہ وغیرہ جو استعمال کے لیے نصب کیا گیا ہو ؛ نصب کرنے کا عمل ؛ کوئی فوجی چوکی یا چھاؤنی جو سرکاری کام کے لیے قائم کی گئی ہو ؛ مَسنَد نَشینی ؛ گدی نَشینی ؛ تخت نَشینی ؛ نَصب کاری ؛ نَصب گاہ۔

installer, n. نصب کرنے والا ؛ نصب کار ؛ تنصیب کار ؛ فائز کُنندہ۔

installment, (Brit.), instalment, n. قِسط ؛ قرض یا رقم کا مُقرّرہ حصّہ جو مُقرّرہ میعاد میں واجب الادا ہو ؛ کسی کہانی وغیرہ کا کوئی حِصّہ ؛ نصب کرنے کا عمل ؛ نصب ہونے کی حالت ؛ تنصیب ؛ قِسط بندی ؛ مَسنَد نَشینی ؛ کسی عُہدے پر سرفراز کرنے کی رسم۔

installment plan, n. قسط بندی ؛ سامان اور خدمات کے لیے قرض کا نظام ، جس میں مقررّہ ادائیگیاں ، خاص مُدّت میں تقسیم کر دی جاتی ہیں۔ (برطانوی) قسطوں پر خریداری یا نظامِ اقساط ؛ اُدھار خریداری کا منصوبہ۔

instance, n. مثال ؛ واقعہ ؛ جو وضاحت یا ثبوت کے لیے پیش کی جائے ؛ نمونہ ؛ کسی نظیر بالخصوص سلسلے کا ایک واقعہ ۔ (قانون) مقدّمے کی کارروائی یا نظیر ۔ (فعل متعدّی) نظیر پیش کرنا ؛ مِثال دینا ؛ مِثال لانا ۔

instancy, n. درخواست ؛ ضُرورت ؛ تقاضا ؛ اِلتجا ۔

instant, a. آن ؛ لمحہ ؛ فوری ؛ زودآئندہ ؛ حالیہ ؛ ضُروری ؛مُبرم ؛ رواں ؛ متقاضی ؛ مستدعی ؛ تیز ؛ شتاب ؛ مقید ؛ اَشد ضروری ؛ حاضِر ؛ موجود ؛ جلد ؛ بلاتَوَقُّف ۔ (بول چال) اس خوراک سے متعلّق جو فوری طور پر پانی ملا کر تیّار کی جا سکے (جیسے : instant coffee) ۔ (اسم) حالؔ ؛ زمانۂ حال ؛ وقتِ جاری ؛ بہت مختصر وقت یا مُدّت ؛ کوئی خاص لمحہ ؛ ماہِ رواں ؛ پل ؛ لحظہ ؛ دم ۔ (بول چال) فوری طور پر تیّار کی ہوئی خوراک ۔ (متعلّق فعل) فوری طور پر ؛ فوراً ۔

instantaneous, a. فوری ؛ فوری طور پر واقع ہونے یا مکمّل ہونے والا ؛ آنی ؛ لمحاتی ؛ حالیہ ؛ آناً فاناً ؛ برمحل ؛ بروقت ۔

instantaneously, adv. فوری طور پر ؛ فوراً ؛ اُسی وقت ؛ اُسی دم ؛ فی الحال ؛ آناً فاناً میں ؛ بلا توَقُّف ؛ فی الفور ؛ جَھٹ پَٹ ؛ جھٹ ؛ معاً ۔

instantaneousness, n. فوریت ۔

instanter, adv. فوری طور پر ؛ فوراً ، بلا تاخیر ؛ یک لخت ۔

instantly, adv. فوری طور پر ؛ فوراً ؛ اسی وقت ؛ اسی دم ؛ فی الحال ؛ بلاتَوَقُّف ؛ فی الفور ؛ آناً فاناً ؛ جھٹ پٹ ؛ جھٹ ؛ معاً ۔ (قدیم) ضروری طور پر ۔ (عطف) جیسے ہی ، جوں ہی ۔

instant replay, n. (ٹیلی وژن) فوری نشرِ مکرّر ؛ فوری نشریہ جو ریکارڈ شُدہ مواد سے پیش کیا جائے بالخصوص کھیل کی رواں نشریات کا کوئی حصّہ ۔

instar, n. (حشریات) در رُوپ ؛ درمیانی رُوپ ؛ وہ کیڑا جو اپنے ارتقا کے درمیانی مرحلے میں ہو ؛ بَین رُوپ ۔

instate, v.t. درجہ یا عُہدہ دینا ؛ مُقرّر کرنا ؛ کسی خاص مقام یا عُہدے پر مقرّر کرنا ؛ کسی جگہ پر قائم کرنا ۔

instatement, n. تقرُر ؛ تعیُّن ۔

instead, adv. بجائے ؛ کی جگہ ؛ دَرعِوض ؛ بدلے میں ؛ بعوض ؛ بمنزلہ (of کے ساتھ ، جیسے : She chose the trip instead of the money) ؛ متبادل کے طور پر (جیسے : They sent me a replacement instead of a refund) ۔

instep, n. (تشریح الاعضا) پُشت پا ؛ سینۂ پا ؛ انسانی پاؤں کے بالائی رُخ کا خمیدہ حِصّہ ؛ جُوتے یا جُراب کا وہ حصّہ جو پُشتِ پا کو ڈھانپ لے ؛ گھوڑے کی پچھلی ٹانگ کا وہ حصّہ جو ٹخنے سے گُھٹنے تک ہوتا ہے ؛ ظَہرُ القدم ؛ ساق ہائے اسپ ۔

instigate, v.t. اُکسانا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریک دینا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ فساد برپا کرانا ؛ بھڑکانا ؛ آمادہ کرنا ؛ اُبھارنا ؛ شہ دینا ؛ مستعد کرنا ؛ ورغلانا ؛ برپا کرنا ۔

instigation, n. ترغیب ؛ تحریک ؛ انگیزش ؛ اُکساؤ ؛ بہکاوا ؛ برانگیختگی ۔

instigative, a. ترغیبی ؛ تحریکی ۔

instigtor, n. مفسِد ؛ مُحرّک ؛ انگیزندہ ؛ فتنہ انگیز ؛ ورغلانے والا ؛ بِس کی گانٹھ ۔

instill, instil, v.t. ٹپکانا ؛ چُوانا (قطرہ قطرہ کر کے) ؛ بتدریج ذہن میں بٹھانا ؛ کوئی چیز بتدریج داخل کرنا ؛ تلقین کرنا پِلانا ؛ ڈالنا ؛ دِلنشین کرنا ؛ ذہن نَشین کرنا ۔

instillation, n. تقطیر ؛ ٹپکاؤ ؛ تقاطُر ؛ ریزش تدریجی ؛ تلقینِ تدریجی ؛ اِقطار ؛ ذہن نَشِینی ؛ دلنشینی ؛ اِلقا ؛ تعلیم ۔

instiller, n. ٹپکانے والا ؛ ریزندہ ؛ مُقطِر ۔

instillment, instilment, n. ٹپکاؤ ؛ تدریجی ریزش ، تدریجی تلقین ۔

instinct, n. (نفسیات) جِبِلّت ؛ ایک خِلقی خُود کار تحریک جو انسانوں اور حیوانوں میں بُنیادی حیاتیاتی ضرورتوں کی تسکین کے لیے ہوتی ہے جو بامقصد اور ہدایتی رویے پر منتج ہوتی ہے ؛ اندرونی تحریک ؛ جِبِلّی افعال ؛ تحریکِ طبعی ؛ فطری مہارت ؛ عقل حیوانی ؛ ایک غیر اِختیاری رُجحان یا تحریک جو خاص حالات میں خاص انداز سے عمل کرتی ہے ؛ کسی چیز کی فطری صلاحیت ۔ (صفت ، قدیم) کسی چیز سے مُتّصف ، حامل ؛ مالک (عموماً with کے ساتھ ، جیسے : a sermon instinct with feeling) ۔

instinctual, a. جبلّی ؛ جبلّت سے پیدا شُدہ ۔

instinctive, a. جبلّی ، خُودبَخُود ، ناآمُوختہ ؛ ذاتی ؛ طَبعی ؛ فِطری ؛ وجدانی ۔

instinctively, adv. جبلّتاً ؛ جِبِلّی طور پر ؛ بے اختیار ؛ طبعی ؛ بلا ارادہ ؛ وِجدانی طور پر ؛ اندرُونی تحریک سے ؛ خُودبخُود ۔

institute, v.t. قائم کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ چالُو کرنا ؛ شرُوع کرنا جیسے کوئی تحقیق یا قانونی کارروائی ؛ آغاز کرنا یا اِفتتاح کرنا کسی منصوبے کا ؛ کسی عُہدے یا مقام پر قائم کرنا یا مُقرَّر کرنا ؛ دائر کرنا ۔ (کلیسیات) کوئی روحانی ذمّہ داری تفویض کرنا ؛ سرفراز کرنا ۔ (اسم) ادارہ ؛ کوئی مجلس یا تنظیم جو کسی خاص کام کے لیے بنائی گئی ہو ، مثلاً ادبی ، سائنسی یا تعلیمی نوعیت کی ؛ وہ عمارت جو ایسے ادارے کے قبضہ میں ہو ؛ جو چیز کسی اُصُول ، قانوِن یا رواج کے طور پر مسلّم ہو ؛ دستور ؛ قاعِدہ ؛ ریت ؛ رسم ۔ (جمع ، قانون) قانون دانی یا فِقہ کے اُصُولوں کا بُنیادی خُلاصہ ۔ (تعلیم) تعلیم کا مختصر پروگرام یا اختصاصی پیشے کی جماعت کو دیے جانے والے اسباق کا خُلاصہ ؛ تربیّت گاہ ؛ مدرسہ ، درسگاہ جو جامعہ کے اندر فنی تعلیم میں تخصُّص کے لیے ہو ، یہ جامعہ سے ملحق ہوتی ہے اور کسی اعلیٰ اختصاصی موضوع پر تحقیق کے لیے پوسٹ گریجویٹ سطح پر قائم ہوتی ہے ۔

instituter, institutor, n. بانی ؛ مؤسِّس ۔

institution, n. ادارہ ؛ قیام ؛ بنگاہ ؛ تاسِیس ؛ کوئی مسلّمہ قانون ، رواج ، عمل یا تنظیم ؛ آئین ؛ دستُور ؛ تعیّن ؛ تدوین ؛ تعلیم ؛ تربیّت ؛ قاعدہ ؛ رِیت ؛ ضابطہ ؛ قانُون ؛ مجموعہ ؛ اُصُول ۔ (بول چال) کوئی معروف فعل یا مقصد ؛ کوئی تنظیم یا ادارہ جو کسی عوامی ، تعلیمی یا خیراتی مقصد کے لیے قائم کیا گیا ہو ؛ مؤسّسہ ؛ وہ عمارت جو اس مقصد کے لیے مخصوص ہو ؛ قید خانہ (جیسے : a penal institution) ؛ کسی ثقافتی رویے کا بُنیادی نمونہ یا ادارہ جیسے شادی کا ادارہ ۔ (کلیسیات) حضرتِ مسیح کی قائم کردہ عشائے ربّانی ۔

institutional, a. اداری ؛ ادارتی ؛ اُصُولی ، آئینی ؛ قانُونی ؛ دستُوری ؛ رسمی ؛ کسی بڑے ادارے کی یکسانیت اور تطابُق کی

خصوصیات سے مختص ۔

institutionally, adv. ادارتی طور پر ؛ قانونی طور پر ؛ اُصولی طور پر ؛ دستوری انداز میں ؛ جائز طور پر ۔

institutionalism, n. اداریت ؛ مُسلّمہ اُصول مثلاً مذہب وغیرہ سے شَدید وابستگی ؛ نظام ادارہ ، عوامی ، خیراتی یا تعلیمی مقاصد کے لیے مجالس کا نظام ؛ نظام ادارت ۔

institutionalist, n. اداریت پسند ؛ اُصول و مبادی کا مُصنّف یا ماہر ۔

institutionalize, v.t. ادارتی صُورت دینا ؛ ادارہ بنانا یا ادارہ سمجھنا ۔

institutionalization, n. ادارہ گری ؛ ادارہ سازی ۔

instruct, v.t. سکھانا ؛ تعلیم دینا یا کرنا ؛ علم دینا ؛ درس دینا ؛ تربیّت دینا ؛ ہدایت دینا یا کرنا ؛ راہنُمائی کرنا ؛ حُکم دینا ؛ فرمانا ؛ سمجھانا ؛ بَتلانا ۔

instructed, a. تعلیم یافتہ ؛ ہدایت یافتہ ؛ باخبر ۔

instruction, n. تعلیم ؛ تدریس ؛ آمُوزش ؛ تلقین ؛ اِطلاع ؛ حُکم ؛ فرمان ؛ ہدایت ؛ تربیّت ؛ درس ؛ پڑھائی ؛ نصیحت ۔ (کمپیوٹر) معلومات جو مرموز صُورت میں کمپیوٹر کو خاص عمل کی ہدایت دیتی ہیں ۔

instructional, a. تعلیمی ؛ ہدایتی ؛ آمُوزشی ؛ تدریسی ۔

instructive, a. معلوماتی ؛ ہدایت آمیز ؛ تعلیمی ؛ سبق آمُوز ؛ عِبرت بَخش ؛ پُر از معلُومات ؛ مُفِید ؛ نَصِیحت انگیز ؛ نصیحت آمیز ۔

instructively, adv. معلوماتی طور پر ؛ تعلیم یا نصیحت کے طور پر ۔

instructiveness, n. معلومات آمیزی ؛ ہدایت آمیزی ؛ سبق آمُوزی ۔

instructor, n. معلّم ؛ اُستاد ؛ کالج کا اُستاد جو عُہدہ میں اسسٹنٹ پروفیسر سے نیچے ہوتا ہے ؛ اتالِیق ۔

instructorship, n. معلّمی ؛ معلّم کا عُہدہ ؛ اتالیقی ؛ آمُوزگاری ۔

instructress, n. مُعلّمہ ، اُستانی ؛ اتالیقہ ۔

instrument, n. اوزار ؛ آلہ ؛ ہتھیار ؛ آلۂ کار ؛ وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ موجب ؛ بچولیا ؛ کوئی کام کرنے کا ذریعہ ؛ ساز ؛ آلۂ موسیقی ؛ آلۂ کار ، کوئی شخص جو کسی منصوبے یا مقصد کی تکمیل کے لیے استعمال کیا جائے ؛ گماشتہ (جیسے : an executive instrument of government) ؛ صحیح پیمایش کا آلہ جیسے ارتفاع پیما یا رفتار پیما ۔ (قانون) قانونی کاغذ ، مثلاً دستاویز ؛ قبالہ ؛ وثیقہ ؛ اقرار نامہ ؛ تمسّک ۔ (فعل متعدی) آلات سے آراستہ کرنا (جیسے : to instrument a guided missile) ۔

instrumental, a. کسی ذریعہ کی طرح مفید ؛ آلاتی ؛ سازی ؛ مُوجب ؛ مُمِد ؛ مُعاون ؛ وسیلہ ۔ (اسم) سازینہ ؛ سازوں کی موسیقی ۔

instrumentally, adv. بہ طفیل ؛ ساز کے طور پر ؛ ساز کے ساتھ ؛ بذریعہ ؛ بوسیلہ ۔

instrumentalist, n. سازِندہ ؛ نوازندہ ؛ ساز بجانے والا ۔ (فلسفہ) فلسفۂ افادی عمل ؛ آلاتیت پسند ؛ ادائیت پسند ۔

instrumentalism, n. (فلسفہ) ادائیت پسندی ؛ یہ نظریہ کہ عمل اس عِلم یا نظریہ کے تحت ہونا چاہیے جس کی افادیت ثابت ہو ۔

instrumentality, n. واسطہ ؛ مدد ؛ ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ تائید ؛ اِعانت ۔

instrumentation, n. آلاتی عمل ؛ سازِینہ کاری ؛ سازوں کی دُھن ؛ سازندگی ؛ سازکاری ؛ آلات سازی ؛ آلات سازی کا عِلم ؛ استعمال آلات ؛ آلہ کاری ۔

instrument flying, n. (طیرانیات) آلاتی پرواز ؛ کسی طیّارہ کی وُہ پرواز جس کا اِنحصار تمام تر آلات کی راہ نمائی پر ہو ۔

instrument landing, n. آلاتی اُتار ؛ ہوائی جہاز وغیرہ کا وہ اُتار ، جو کم روشنی کی وجہ سے ، محض طیّارے کے آلات اور ہوائی اڈے کے راہ نُما آلات کی مدد سے ہو ۔

instrument panel, n. تختۂ آلات ؛ وہ تختہ جس پر آلات اور پیمانے لگے ہوں ، بالخصوص طیّارے اور موٹر گاڑی کا ۔

insubordinate, a., n. نافرمان ؛ بے ادب ؛ سَرکَش ؛ گُستاخ ؛ باغی ۔

insubordinately, adv. نافرمانی سے ؛ سرکَشی سے ؛ گُستاخانہ ۔

insubordination, n. نافرمانی ، سرکشی ؛ گُستاخی ؛ بغاوت ؛ سرزوری ؛ حکم عُدُولی ؛ نافرمانبرداری ؛ سرتابی ۔

insubstantial, a. غیر مادّی ؛ خفِیف ؛ خیالی ؛ غیر حقیقی ؛ بے جسم ؛ غیر جامِد ۔

insubstantiality, n. غیر مادیّت ؛ بے حقیقتی ، نا اُستواری ؛ خفِیفیّت ؛ خیالیت ؛ بے جِسمی ۔

insufferable, a. تحمُّل ناپذیر ؛ ناقابلِ برداشت ؛ ناقابلِ تحمُّل ۔

insufferableness, n. تحمُّل ناپذیری ؛ ناقابلِ برداشت پن ۔

insufferably, adv. ناقابلِ برداشت طور پر ؛ نہایت سختی سے ؛ بہ شِدت ۔

insufficient, a. ناکافی ؛ کم ؛ تھوڑا ؛ غیر مُکتَفِی ؛ غیر کافی ۔

insufficience, insufficiency, n. عدم کفایت ؛ کمی ؛ عدم اِکتِفا ؛ ناکافی پن ؛ نالیاقتی ؛ ناقابلیّت ؛ کوتاہی ۔

insufficiently, adv. نالیاقتی سے ؛ ناکافی طور پر ؛ کمی سے ؛ ناقص طور پر ؛ ناقابلیت سے ۔

insufflate, v.t. اندر سانس لینا ؛ دم کَشی کرنا ؛ پُھونک مارنا جیسے اصطباغ میں ۔ (طِب) پُھونکنا ، مثلاً ہوا یا کوئی دوا کسی شگاف میں یا جسم کے کسی حصّہ پر ؛ دَم کرنا ، دم کے ذریعے یا جھاڑ پھونک سے علاج کرنا ۔

insufflation, n. دم کشی ؛ جھاڑ پھونک ؛ نفخ ۔

insufflator, n. مِنفاخ ؛ دم کرنے والا ؛ جھاڑ پھونک کرنے والا ۔

insular, a. جزیراتی ؛ مثل جزیرے کا ؛ جزیرہ باش ؛ جزیرے میں واقع ؛ جزیرہ ساز ؛ الگ تھلگ ؛ محصُور ؛ تنگ ؛ علاقائی ؛ تنگ نظر (جیسے : insular prejudices) ۔ (طِب) خال خال ؛ بافتوں یا خلیوں کے الگ گروہ سے متعلّق مثلاً انسولین پیدا کرنے والے خلیوں کا گروہ ۔

insularism, insularity, n. تنگ نظری ؛ علاقائیت ؛ جزیرہ باشی ؛ حجز ۔

insulate, v.t. الگ کرنا ؛ جُدا کرنا ؛ تنہا کرنا ؛ حاجز بنانا ؛ غیر موصل مواد سے ڈھانپنا یا منڈھنا یا الگ کرنا تا کہ بجلی ، حرارت

یا آواز کا گزر روکا یا کم کیا جا سکے ؛ محجُوز کرنا ؛ محفُوظ کرنا ۔

insulation, n. حجز ؛ محدودیّت ؛ غیر مُوصل کاری ؛ محجوزیّت ۔

insulator, n. حاجز ؛ غیر مُوصل ؛ مُحافِظ ۔ (برق) غیر موصل یا حاجز مواد کی کوئی چیز یا آلہ جو کسی مُوصل کے سہارے یا اس پر چڑھانے کے لیے ہو۔

insulin, n. (حیاتی کیمیا) انسولین ؛ ایک ہارمون جو خلیوں کے گروہوں سے حاصل کیا جاتا ہے جو شکری مادّے کے تحوُّل کو مُنضبط کرنے کے لیے ضروری ہے ۔ (طِب) اس ہارمون کی ایک دوا جو ذیابیطس کے علاج میں مستعمل ہے ۔

insulin shock, n. (طِب) صدمۂ انسولین ؛ ایک غیر مُعتدل حالت جو انسولین کے زیادہ استعمال سے پیدا ہوتی ہے اور اس سے خون میں شکری مادّہ کی اچانک کمی سے شدید ضُعف پیدا ہوتا ہے ۔

insult, n. توہین ؛ اہانت ؛ ہتک ؛ الفاظ یا عمل کے ذریعے کسی کے وقار پر حملہ ؛ تحقیر آمیز یا گُستاخانہ گفتگو یا فعل ؛ سُبکی ؛ کم قدری ؛ خِفّت ۔ (فعل متعدی) توہین کرنا ؛ گُستاخی کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ بے عزّتی کرنا ؛ تذلیل کرنا ؛ سبکی کرنا ؛ ہتک کرنا ۔

insultable, a. قابلِ توہین ؛ قابلِ ہَتک ؛ قابلِ سبکی ؛ قابلِ تذلیل ؛ کم قدر ؛ بے عزّت ؛ حقیر ؛ بُرا ؛ ذَلیل ؛ سُبک ۔

insulter, n. توہین کرنے والا ؛ تذلیل کُنندہ ؛ حقیر جاننے والا ۔

insultingly, adv. توہین آمیزانہ ؛ بے عزّتی سے ؛ ذِلّت سے ؛ ہَتک آمیزی سے ؛ تذلیل سے ؛ حقیرانہ ۔

insuperable, a. غیر مغلوب ؛ ناقابل عُبُور ؛ ناقابل تسخیر ؛ جس پر قابو نہ پایا جا سکے ، مثلاً مشکل یا رکاوٹ ؛ لاینحل ؛ ناقابل رفع ؛ لاحل ؛ ناقابل فتح ؛ جس پر غالب نہ آ سکیں ۔

insuperability, n. غیر مغلوبیت ۔

insuperably, adv. غیر مغلوب طور پر ؛ ناقابل عُبُور طور پر ؛ اس طور پر کہ زیر نہ ہو سکے ۔

insupportable, a. ناقابلِ تائید ؛ ناقابلِ تصویب ؛ ناقابلِ برداشت ؛ ناقابلِ تحمُّل ؛ تحمّل نا پذیر ۔

insupportableness, n. تائید ناپذیری ؛ تحمُّل ناپذیری ۔

insupportably, adv. نہایت سختی سے ؛ ناقابلِ تائید طور پر ؛ ناقابلِ تحمُّل طور پر ؛ بہ شِدّت ؛ اس طور پر کہ برداشت نہ ہو۔

insuppressible, a. ناقابلِ پامال ؛ ناقابلِ اخفا ؛ جسے دبایا یا چُھپایا نہ جا سکے ۔

insuppressibly, ناقابلِ اخفا طور پر ۔

insurable, a. بیمہ شُدنی ، خطرے ، نُقصان یا ضرر کے خلاف ؛ قابلِ بیمہ ؛ بیمہ بردار ؛ بیمہ کرنے کے لائق ۔

insurability, n. بیمہ برداری ۔

insurance, n. بیمہ کاری ؛ بیمہ ؛ جائیداد ، زندگی یا شخص کا کسی نُقصان یا ضرر مثلاً آگ ، حادثہ یا موت وغیرہ سے تحفُّظ کے لیے بیمہ کرنے کا عمل ، نظام یا کاروبار ، جس میں خطرے کے تناسب سے ادائیگی ہوتی ہے ؛ اس طرح کیا ہُوا معاہدہ‌تحریری یا مطبوعہ معاہدہ (پالیسی)کی صورت میں ہوتا ہے ؛ کسی چیز کے بیمہ کے لیے ادا شُدہ رقم ؛ وہ رقم جس کے عوض کوئی چیز بیمہ کی گئی ہو۔

insurant, n. بیمہ گُزار ؛ بیمہ کرانے والا ؛ مُستحق بیمہ ۔

insure, v.t., v.i. بیمہ کرنا ؛ خطرے یا نُقصان کی تلافی کی ضمانت دینا ؛ نُقصان ، ضرر یا موت کی صورت میں تاوان کا تحفُّظ دینا ؛ بیمے کی سند جاری کرنا یا حاصل کرنا ۔

insured, n. بیمہ شدہ شخص ؛ بیمہ دار ۔

insurer, n. بیمہ کار ؛ بیمہ کُنندہ ؛ بیمہ کرنے والا ؛ بیمہ کی سند دینے والا شخص یا ادارہ ۔

insurgent, a. باغی ؛ موجودہ حکومت کے خلاف بغاوت کرنے والا ؛ سَرکَش ؛ فِتنہ انگیز ؛ فسادی ۔ (اسم) باغی شخص ؛ مُفسِد ؛ فسادی ؛ سرکَش ۔ (امریکی سیاسیات) کسی سیاسی جماعت کا رُکن جو جماعت کے منشور سے بغاوت کرے ۔

insurgence, insurgency, n. بغاوت ؛ شورش ؛ سرکشی ؛ فتنہ ؛ فساد ۔

insurgently, adv. باغیانہ طور پر ؛ فسادی انداز میں ؛ فِتنہ انگیزانہ ؛ شورش سے ۔

insurmountable, a. ناقابل فتح ؛ ناقابل تفوُّق ؛ ناقابل غلبہ ؛ ناقابلِ تسخیر ؛ ناقابلِ سبقت ؛ جو زیر نہ ہو سکے ؛ جس پر غالب نہ آیا جا سکے ۔

insurmountably, adv. ناقابل تفوُّق طور پر ۔

insurrection, n. فِتنہ ؛ بغاوت ؛ غدر ؛ شورش ؛ سرکشی ؛ کسی قائم شُدہ حکومت کے خلاف کُھلی بغاوت ؛ ہنگامہ ۔

insurrectionary, n. فساد انگیز ؛ فِتنہ انگیز ؛ باغی ؛ سَرکَش ؛ فسادی ۔ (صفت) باغیانہ۔نیز:Insurrectional ۔

insurrectionally,adv. باغیانہ طور پر ۔

insurrectionism, n. شورش پسندی ۔

insurrectionist, n. شورش پسند ۔

insusceptible, a. اثر ناپذیر ؛ غیر متاثّر ؛ غیر مُنفعِل ؛ غیر حسّاس ؛ بے اَثر ؛ ناقابلِ علاج (عموماً of, by یا to کے ساتھ) ۔

insusceptibility, n. عدم شُعُور ؛ اَثر ناپذیری ؛ عدم تاثُّر ؛ غیر اثر پذیری ۔

insusceptibly, adv. غیر متاثّر طور پر ۔

intact, a. بجنسہٖ ؛ سالم یا ثابت ؛ جُوں کا تُوں ؛ نُقصان نَرسیدہ ؛ محفُوظ ؛ غیر مجروح ؛ غیر مبدّل ؛ دُرُست ؛ کُل ؛ بدستور ؛ حسبِ سابق ؛ علیٰ حالہٖ ۔

intactness, n. سالمیت ؛ دُرُستی ؛ محفُوظ پن ۔

intaglio, n. کَندہ کاری ؛ گہری چھپائی ؛ کوئی شکل جو کسی چیز میں نقش یا کندہ کی گئی ہو تا کہ اس میں جوف پیدا کیا جا سکے ؛ کوئی نگینہ کی شکل یا نقش کے ساتھ جو سطح میں کھودا گیا ہو ؛ کُھدا ہُوا پتھّر یا نگینہ ؛ منقُوش ہیرا ۔ (طباعت) چربہ اُتارنے کا عمل جس میں ایک پلیٹ استعمال کی جاتی ہے ، جس پر حُرُوف یا دوسرے نقُوش کَندہ ہوتے ہیں ۔ دیکھیے : gravure ۔

intake, n. مدخَل ؛ وہ مقام جہاں سے کوئی مائع یا گیس کسی راہ یا نلی میں داخل ہو ؛ اندر لینے یا داخل کرنے کا عمل ؛ وہ شے جس کو داخل کیا جائے ؛ مدخول ؛ وہ مقدار جو داخل کی جائے ؛ وہ توانائی جو کسی میکانکی نظام میں داخل کی گئی ہو ؛ تنگی ؛ سُکڑن ، مثلاً کسی نلی میں ۔

intangible, a. غیر لَمسی ؛ ناقابلِ اِحساس ؛ ناقابلِ لَمس ؛ جس کو حِسّ لامسہ سے محسوس نہ کیا جا سکے ، مثلاً غیر جسمی یا غیر مادّی اشیا ؛ جس کو دماغی طور پر گرفت میں نہ لیا جا سکے ، ناقابلِ فہم ؛ جو ذہن میں واضح نہ ہو ؛ مُبہَم ؛ ناقابلِ درک ؛ غیر مادّی ؛ غیر محسُوس ۔ (اسم) کوئی ناقابلِ لَمس چیز؛ بالخصوص کاروباری اثاثہ مثلاً ساکھ ۔

intangibility, intangibleness, n. غیر محسُوس پن ؛ لَمس ناپذیری ؛ غیر محَسوسیّت ۔

intangibly, adv. ناقابل لمس طور پر۔

intarsia, n. انٹارسیا ؛ دور نشاۃ الثانیہ کے اطالیہ (اٹلی) کی چوبی منبّت کاری ؛ اس طرح کی سطح کی تزئین کا فن ۔

intarsiate, a. منبّت کار ؛ جس پر منبت کاری کی گئی ہو۔

integer, n. (ریاضی) عدد صحیح ، جو کسر یا عدد مَرکّب سے مختلف ہے ؛ مقدارِ سالم ؛ سالم ؛ مکمّل بالذات شے ۔

integrable, a. (ریاضی) قابلِ تکمیل ؛ قابلِ ترکیب جیسے تفرّقی مُساوات ۔

integrability, n. تکمیل پذیری ۔

integral, a. تمام ؛ کُل ؛ سالم ؛ مکمّل ؛ جُزوِ تکمیلی ؛ جُزوِ لاینفک ؛ جُزوِ لازم ۔ (ریاضی) عددِ صحیح یا مقدار سالم سے متعلّق ؛ غیر کَسری ؛ کُلّی ؛ کامِل ؛ انضمامی ؛ لازمی جُزو ؛ بے دسرہ ؛ تکملی -(اسم) کَل ؛ مکمّل چیز ؛ کل شے ۔ (ریاضی) ریمانی (Riemann) عددِ صحیح ؛تکملہ

integrality, n. دُرستی ؛ تمامیّت ؛ سالمیّت ؛ کُلِیّت ؛ تکمِیلیّت ۔

integrally, adv. بالکل ؛ کُلّی طور پر ؛ بصورت عددِ صحیح ؛ کاملانہ ۔

integral calculus, n. (ریاضی) احصائے تکملی ؛ احصائے تکملات ؛ ریاضیاتی تجزیے کا ایک شُعبہ ، جس کا تعلّق اعدادِ صحیحہ یا مقادیر سالمہ اور تفرُّقی مساوات اور طُول ، حجم اور رقبہ کے مسائل کے حل میں ان کے استعمال سے ہے ۔

integrand, n. (ریاضی) متکمِّل ؛ قابلِ تکمیل بیان ۔

integrant, a. تکمیلی ؛ لازمی ؛ مُتمِّم ؛ مُتکمِّل ۔ (اسم) جُزوِ ترکیبی ؛ جُزوِ تکمیلی ؛ پورا کرنے والا جُزو۔

integrate, v.t. مکمّل کرنا ؛ یک جا کر کے کُل بنانا ؛ متحد کرنا ؛ کل مِقدار ظاہر کرنا ؛ کُل قیمت بتانا ؛ کامل کرنا ؛ ضم کرنا ؛ پُورا کرنا ۔ (ریاضی) کسی کا عدد صحیح معلُوم کرنا؛ تمام نسلوں ، مذاہب اور نسلی گروہوں کے ارکان کے لیے یکساں طور پر مہیّا کرنا مثلاً تعلیمی سہولتیں اور مکانات وغیرہ ؛ بلا اِمتیاز دینا ۔ (فعل لازم) مکمّل ہونا ؛ مدغم ہونا ۔

integrated circuit, n. مکمّل دور ، اِتمامی دَور ؛ تَکمِلی دَور ؛ ایک مختصر برقیاتی دور ، جو ایک بہت چھوٹے نیم مُوصل بلاک کے عمل سے (جو عموماً بلّوری سِلیکَون کا ہوتا ہے) بنتا ہے ۔

integrated industry, n. اِتمامی صنعت ؛ تکمِیلی صنعت ؛ وہ صنعت جس میں صنعت کار خام مال سے لے کر مکمّل مصنوعات تک کنٹرول کرتا ہے ۔

integration, n. انضمامِ وسائل ؛ تکمِیل ؛ تکمل ؛ یک جا کر کے کُل بنانے کا عمل ؛ مُتنَوّع اجزا کو ایک مُرکّب کُل یا ہم آہنگ تعلُّق کی صورت میں متحد کرنے کا عمل ؛ ہم آہنگ سازی ؛ پیوستگی ؛ یک جہتی ؛ توافُق ؛ ماحول کی مطابِقت میں فرد کا رویّہ ؛ مُساوی طور پر سب نسلوں ، مذہبوں اور نسلی گروہوں کے افراد کو تنظیمیں ، خدمات یا کاروباری مقامات کی فراہمی ۔ (نفسیات) کسی کی شخصیت کے اجزا کو ایک متوازن رویّے کی صُورت دینے کا عمل ۔ (ریاضی) کسی عمل یا مُسَاوات کا عدد صحیح معلوم کرنے کا عمل ؛ تفرق کا معکوس ۔

integrationist, n. حامیٔ مساوات ؛ وہ شخص جو سب نسلوں ، مذہبوں اور نسلی گروہوں کے لیے تعلیم ، روزگار ، سُکُونت اور اس طرح کے دُوسرے معاملات میں مساوی مواقع کی فراہمی کا حامی ہو ؛ یکساں انصاف کا حامی ۔

integrator, n. تکمیلِ کار ؛ اَوسَط نکالنے والا ؛ وہ شخص یا چیز؛ بالخصوص وہ آلہ جو کسی رقبہ یا درجۂ حرارت کی کُل مقدار یا اوسط معلوم کرے ؛ تکمِلیہ ؛ تکمیلی مشین ۔

integrity, n. سالمیت ؛ کُلیّت ؛ غیر ناقص اخلاقی اُصُول ؛ دیانت داری؛ صِحَت؛ کل یا غیر منقسم ہونے کی کیفیت؛ راستبازی ۔

integument, n. قشر ؛ پوشِش ؛ غلاف ، بالخصوص کسی جانور یا پودے کا ؛ کھال ، جِلد ؛ خول ؛ چَھال ؛ چھلکا ؛ پوست ؛ جھلّی ؛ پردہ ۔

integumentary, integumental, a. جِلدی ؛ پوستِنی ؛ قشری ؛ پوستینی ۔

intellect, n. خِرد ؛ ذِہن ؛ عَقل ؛ خیالات اور تعلّقات کو سمجھنے اور فیصلہ کرنے کی دماغی اِستعداد ؛ سیکھنے اور سوچنے کی قُوّت ؛ غیر معمولی صلاحیّتوں کا مالِک شخص ؛ کسی گروہ کی مجموعی ذہنیّت ؛ حِسِّ عَقلی ؛ فہم ؛ گِیان ؛ سَمجھ ؛ قُوّتِ مُتخیِّلہ ؛ فہم و فراست ؛ تعقلُ ؛ دانائی ؛ دانشمندی ۔

intellection, n. تعقلُ ؛ تدبُّر۔

intellective, a. عقلی ؛ ذہنی ؛ تعقُّلی ؛ تَدَبُّری ۔

intellectively, adv. عَقلی طور پر ؛ ذہنی طور پر ؛ تَعَقُّلانہ ؛ تدبُّرانہ ۔

intellectual, a. عقلی ؛ ذہنی ؛ دماغی قویٰ کے استعمال سے متعلّق ؛ ذِہانت کے استعمال کا مُتقاضی ؛ تعقُّلی ؛ نہایت ذَہِین ؛ تعمیری تفکّر میں مشغُول ؛ دانِش وَر ؛ معقُول ؛ ذِی ہوش ؛ صاحبِ عَقل ؛ روشن خیال ؛ دانا ؛ عاقِل ۔

intellectualism, n. عقلیّت ؛ تعقُّل پسندی؛ عقلیّت پسندی ؛ خِردیّت ؛ نظریہِ عقلیت ؛ دانش وریت ۔

intellectualist, n. معتقد عقلیّت ؛ عقلیّت پسند ؛ تعقُّل پسند ۔

intellectualistic, a. عقلیت پسندانہ ؛ عقلاً ؛ ذہنی قابلیت کے لحاظ سے ۔

intellectuality, n. دانشوری ؛ عقلیّت ؛ ذہنی قُوّت ۔

intellectualize, v.t. عَقلی بنانا ؛ عَقل سے کام لینا ؛ عقلیّت کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا ۔

intelligence, n. عقل ؛ فہم ؛ جَودَت ؛ ذَکاوت ؛ ذہانت ؛ حقائق ، صداقتوں اور مسائل کو سمجھنے اور استدلال کرنے کی اِستعداد یا قابلیت ؛ ذہنی قُوّت ؛ حاصل کردہ یا مُنتَقِل کردہ عِلم ؛ معلُومات کا حُصُول ؛ وہ معلُومات ، جن کا اِبلاغ کیا گیا ہو ، مثلاً خبر ، اطلاع ؛ دشمن کی خُفیہ اطلاع ؛ استخبارات ؛ وہ ادارہ جو ایسی اطلاع حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے ؛ ایک فہیم و عاقِل یا رُوحانی ہستی جس کا مادّی جسم نہ ہو ۔ (مسیحی علوم) خدا کے معامُلے میں ابدیّت ۔

intelligence quotient, n. (نفسیات) مقیاسِ ذہانت ؛ شرحِ ذہانت ؛ کسرِفہم ؛ کسرِذہانت ؛ کسی شخص کی عام ذہانت کو بیان کرنے کا ایک طریقہ ، جس میں اس کی دماغی عمر (جس کا تعین اس کی ذہانت سے کیا جاتا ہے) کو اس کی طبعی عمر سے تقسیم کر کے سو سے ضرب دی جاتی ہے ؛ سرذہانت ؛ تناسب ذہانت ۔ مخفف: I.Q. یا IQ ۔

intelligence test, (نفسیات) امتحانِ ذہانت ؛ ایک معیاری درجہ وار امتحان ، جس کا مقصد کسی فرد کی عام ذہانت یا دماغی قابلیت کا اندازہ کرنا ہوتا ہے ؛ آزمایشِ ذہانت ۔

intelligent, a. عاقِل ؛ عَقل مند ؛ فَہیم ؛ ذَہین ؛ دانا ؛ ذی شعور ؛ زیرک ؛ سمجھنے اور استدلال کرنے کی اِستعداد کا حامل ؛ اچھی ذہانت کا مالک ؛ اعلیٰ ذہنی صلاحیتوں کا مالک ؛ اچھی قوّت فیصلہ ظاہر کرنے والا ؛ خُوب باخبر ؛ سیانا ؛ خِردمَند ۔

intelligential, a. عقلمندانہ ؛ فہمی ؛ ذہنی ؛ ذہانتی ۔

intelligently, adv. عقلمندانہ طور پر ؛ ذہنی طور پر ؛ ذہانت کے لحاظ سے ۔

intelligentsia, n., دانشوران ؛ وسیعُ المُطالعَہ لوگ ؛ وسیعُ التَّعلیم شخص ؛ اہلُ الرَّائے طبقہ ؛ وہ گروہ جو سماجی ، فنکارانہ اور سیاسی طور پر چیدہ لوگوں پر مشتمل ہو ؛ رَوشن خیال طبقہ ۔

intelligible, a. قابل فہم ؛ سمجھ میں آنے کے لائق ؛ واضح ۔ (فلسفہ) معقول ؛ جس کا ادراک حواس کی بجائے ذہن سے ہو سکے ؛ فَہمیدنی ؛ سریعُ الفَہم ۔

intelligibility, intelligibleness, n. قابل فہم ہونے کی حالت ؛ معقُولیّت ؛ معنویّت ؛ مفہومیّت ؛ فَراست ؛ دانائی ؛ سریعُ الفہمی ۔

intelligibly, adv. قابل فہم طور پر ؛ صَراحت سے ؛ وضاحت سے ؛ واضح طور پر ۔

intemperance, n. بے اعتدالی ؛ عدم اعتدال ؛ کسی قسم کی زیادتی ؛ عادی شراب خواری ؛ بِسیار نَوشی ؛ بِلا نَوشی ؛ شراب نوشی ؛ مَیخواری ۔

intemperate, a. بے اعتدال ؛ غیر مُعتدِل ؛ شرابی ؛ بدپرہیز ؛ بے روک ؛ شدید ؛ بے حد ؛ غیر محتاط ؛ ناپرہیز گار ۔

intemperately, adv. بے اعتدالی سے ؛ بد پرہیزی سے ؛ بے روک ٹوک ؛ متجاوزانہ ۔

intemperateness, n. بے اعتدالی ؛ بوکا ؛ غیر مُعتدِل پن ؛ بَد پرہیزی ؛ زیادتی ۔

intend, v.t., v.i. ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا ؛ عزم کرنا ؛ نیّت کرنا ؛ کسی خاص مقصد کے لیے بنانا ؛ ظاہر کرنا ، مُدّعا ہونا ؛ کوئی مقصد یا اِشارہ ہونا ؛ اِشارہ کرنا یا مطلب ہونا (جیسے : What did you intend by that last speech) ۔ (قدیم) رُخ کرنا ، مڑنا یا نشانہ لینا ۔

intender, n. ارادہ کرنے والا ۔

intendance, n. نگرانی ؛ نظارت ؛ سرکاری مُلازمت کا ایک محکمہ جیسا کہ فرانس میں ہے یا اس محکمے کے تحویل دار عہدہ داران ۔

intendancy, n. نظارت ؛ نگرانی ؛ ناظر یا نگران کا کام یا منصب ؛ ناظرین کی جماعت ۔ (جنوبی امریکا) نگران کے زیرِ تحویل علاقہ ۔

intendant, n. ناظِر ؛ نگران ؛ کسی صُوبہ کے سرکاری کاروبار کا نگران یا ناظِم جیسا کہ فرانس ، میکسیکو اور جنوبی امریکا میں ہوتا ہے ۔

intended, a. مقصود ؛ مطلوب (جیسے : to produce the intended effect) ؛ متوقع ؛ منسُوب ، جیسے کسی کا ہونے والا شوہر یا بیوی ۔ (اسم) (بول چال) منگیتر ، منسُوب ؛ نامزد ۔

intendedly, adv. قصدًا ؛ مطلُوبہ طور پر ، بطورِ مقصود ؛ عمدًا ۔

intendedness, n. مطلوبیت ؛ مقصودیت ؛ قصدیّت ۔

intendment, n. (قانون) قانُون کی صحیح منشا اور مقصد ؛ کسی لفظ کا قانُونی مفہوم ۔

intense, a. شدید ؛ سخت ؛ بُلند یا انتہائی درجے پر واقع ؛ اِنتہائی درجے کی خُصُوصیات کا حامِل ؛ جِسے محنت ، جاں فشانی اور سنجیدگی سے انجام دیا جائے ، مثلاً کوئی سرگرمی ؛ بہت بڑا ، طاقت ور یا شدید ، مثلاً احساسات ، جذبات ؛ بُہت طاقت . شدتِ احساس کا حامل ، مثلاً شخص ، چہرہ ، زبان وغیرہ ؛ تیز ؛ پُرشوق ؛ سرگرم ؛ نہایت ۔

intensely, adv. شدّت سے ؛ سختی سے ؛ نہایت ؛ بے حد ؛ بہ شدّت ؛ تپاک سے ؛ بہ شوق ؛ سرگرمی سے ؛ بہ التفات ۔

intenseness, n. شدّت ؛ سختی ؛ انتہا ؛ حد ؛ تپاک ؛ شوق ؛ سرگرمی ۔

intensify, v.t. سخت کرنا ؛ شدید کرنا ؛ بڑھانا ، زیادہ کرنا ؛ تیز کرنا ؛ طاقت دینا یا زیادہ شدید بنانا ۔ (عکّاسی) کثافت یا تقابل بڑھانا ، مثلاً نیگٹو کی ۔ (فعلِ لازم) شدید یا زیادہ سخت ہونا ۔

intensification, n. شدّت ؛ افزایش ؛ تشدید ؛ سخت سازی ؛ سختی ؛ زیادتی ؛ حدّت ؛ تُندی ؛ افزونی ؛ تناؤ ؛ قُوّت کی رفتار ۔

intensifier, n. سخت ساز ؛ افزایندہ ؛ متشدِّد ۔

intension, n. شدّت ؛ زیادتی ؛ افزایش ؛ تُندی ؛ عُمق ۔ (منطق) وہ صفات جو کسی تصوُّر میں شامل ہوں یا کسی اصطلاح سے ظاہر ہوں ۔

intensional, a. شدید ؛ تُند ۔

intensionally, adv. شدّت سے ۔

intensity, n. شدّت ؛ زیادتی ؛ حرارت یا رنگ کا اضافی درجہ ؛ قُوّت ، توانائی یا سرگرمی ؛ اشتیاق یا شدت جیسے احساسات کی ۔ (طبیعیات) توانائی کی وہ مقدار جس سے کوئی قُوّت سطح یا حجم کی فی اکائی کے حساب سے عمل کرتی ہے ؛ تیزی ؛ سختی ؛ تُندی ؛ افزُونی ۔

intensive, a. کامل ؛ عملی ؛ شدّت سے متعلّق یا شدّت کا حامل ؛ شدید کُن ؛ مُرتکز ؛ عمیق ؛ گہرا ۔ (طِب) متزائد ؛ شدّت یا درجہ میں بڑھنے والا ۔ (زراعت) زمین کی کاشت کے زیادہ محنت طلب اور اِرتکازی طریقے تاکہ فی ایکڑ زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کی جا سکے ؛ توسیعی (extensive) کی ضِد ۔ (گرامر) تاکیدی ؛ زور یا تاکید پیدا کرنے والا ۔ (اِسم) شدت زا چیز ۔ (گرامر) تاکیدی لفظ یا سابقہ ۔

intensively, adv. شدّت سے ؛ تاکید سے ؛ زور سے ؛ تاکیداً ؛ بزور ۔

intensiveness, n. شدّت ؛ شدیدیّت ؛ تاکیدیّت ۔

intent, a. تُلا ہوا ؛ آمادہ ؛ مصمّم ؛ پوری طرح متوجّہ ، مثلاً نگاہ یا ذہن (on یا upon کے ساتھ ، جیسے : to be intent on gain) ؛ سنجیدہ ؛ ذہن ، نگاہ یا خیالات کسی مقصد پر مرتکز کیے ہُوئے ۔ (اسم) ارادہ ؛ نیّت ؛ کوئی خاص ارادہ یا منصوبہ ؛ عزم ؛ مقصد ؛ منشا ؛ مُدّعا ؛ معنی ؛ مراد ؛ غرض ؛ مطلب ؛ عندیہ ۔ (قانون) عمل کے حوالے سے ذہنی کیفیّت یا منصوبہ (جیسے : assault with intent to kill) ۔

to all intents and purposes, عملاً ؛ عملی طور پر ؛ ہر لحاظ سے ؛ فی المعنی ؛ درحقیقت ۔

intently, adv. جی سے ؛ نیّت سے ؛ جی لگا کر ؛ بہ دِل و جان ؛ سرگرمی سے ؛ تن دہی سے ؛ بہ شوق ؛ بغور ؛ انہماک سے ۔

intentness, n. نیّت ؛ ارادہ ؛ توجُّہ ؛ تن دہی ؛ غور ؛ سعی ؛ دِل دہی ؛ جدوجہد ؛ آمادگی ؛ سرگرمی ؛ انہماک ؛ جوش ۔

intention, n. ارادہ ؛ قصد ؛ نیّت ؛ منشا (جیسے : to do a thing without intention) ؛ تاکید ؛ سرگرمی ؛ کسی بات کا عزمِ مصمّم ؛ مقصد یا منصوبہ ؛ تصوُّر ؛ اِشتیاق ؛ توجُّہ ؛ دھیان ۔ (جمع) شادی کی تجویز کے سلسلہ میں مقاصد ؛ شادی کے ارادے ؛ مقصود ؛ مراد ؛ مطلب ، مثلاً الفاظ یا بیانات کا ۔ (طِب) صحت یابی کا طریقہ یا عمل ؛ طریقِ علاج ۔ (منطق) عام تصوُّر ۔

intentional, a. ارادی ؛ عَمدی ؛ دانِستہ ؛ جانا بُوجھا ؛ مطلبی ؛ قصدی ۔

intentionality, n. ارادیّت ؛ نیت ۔

intentionally, adv. عمدًا ؛ ارادۃً ؛ قصداً ؛ نیتاً ؛ جان بُوجھ کر ؛ سمجھ بُوجھ کر ؛ دیدہ و دانستہ ؛ بالارادہ ؛ بالقصد ۔

intentioned, a. ارادہ رکھنے والا ، عازم (جیسے : well-intentioned,) ۔

intentionless, a. غیر اِرادی ؛ بے اِرادہ ؛ بے عَزم ؛ بے نیت ۔

inter, v.t. دفن کرنا ؛ گاڑنا ؛ اندر رکھنا ؛ بیچ رکھنا ؛ درمیان کرنا یا درمیان رکھنا ؛ مٹّی دینا ؛ مدفُون کرنا ؛ رکھنا ۔

interment, n. دفن ؛ تدفین ؛ مٹّی دینے کا عمل ۔

interact, v.i. ایک دُوسرے پر عمل کرنا ؛ ایک دُوسرے پر اثر ڈالنا ؛ تعامُل کرنا ؛ تفاعُل کرنا ۔

interactant, n. متعامِل ؛ مُتفاعِل ؛ تعامُل باہمی کرنے والا ۔

interaction, n. تعامُل ؛ تفاعل ؛ باہمی عمل ؛ بین تعامُل ۔

interactional, a. تعامُلی ؛ تفاعُلی ۔

interactive, a. متعامِل ؛ ایک دُوسرے پر اثرانداز ؛ تفاعُلی ؛ تعامُلی ۔

interbrain, n. میانِ دماغ ۔

interbreed, v.t. دوغلی نسل پیدا کرنا ، جانوروں یا پودوں کی ؛ دوغلا بنانا ؛ دوغلی نسل کَشی کرنا ؛ باہمی اِنسال کرنا ؛ دوغلے یا دونسلے بچّے پیدا کرنا ؛ دونسلوں کو مِلانا ۔ (فعل لازم) دُوسری نسل کے فرد سے مِلاپ کرنا ۔

intercalary, a. دُوسروں میں شامل کیا گیا یا بڑھایا گیا ؛ تقویم میں داخل کیا گیا ، مثلاً زائد دن ، جیسے فروری کا انتیسواں دن سال کبیسہ میں ؛ لوند ؛ کبیسہ ؛ لیپ ؛ اس سال کے متعلّق جس میں ایسا اضافہ کیا گیا ہو ؛ لوند کا ؛ زائد ؛ درمیان افزودہ ؛ کَبیسی ۔

intercalate, v.t. دُوسروں میں داخل کرنا ؛ دوسرے ایام یا وقت کے دُوسرے حصّوں میں داخل کرنا ؛ کبیسہ کرنا ؛ لوند لگانا ۔

intercalation, n. لوند ؛ کبیسہ ؛ اضافہ ۔

intercede, v.i. بیچ میں پڑنا ؛ مُدخِل ہونا ؛ دو فریقوں کے درمیان مصالحت کی کوشش کرنا ؛ مصالحت کرانا ؛ کسی دوسرے کی طرف سے گُزارش کرنا ؛ سِفارش کرنا ؛ شفاعت کرنا ؛ دو شخصوں میں رفع شر کرنا ؛ دخل دینا ؛ شافع بننا ۔

interceder, n. مصالِحت کُنندہ ؛ شَفیع ؛ درمیانی ؛ دافعِ شر ۔

intercellular, a. (حیاتیات) بَین خلوی ؛ بَین الخلیاتی ؛ خلیوں کے درمیان واقع ۔

intercept, v.t. راہ میں لینا ؛ پکڑنا یا روکنا ؛ سفر یا راستے میں رُکاوٹ پیدا کرنا ، مثلاً کسی قاصد یا خط کے ؛ ترقّی میں حائل ہونا ؛ سدِّراہ بنانا ؛ مزاحمت کرنا ۔ (ریاضی) بیچ میں کاٹنا ؛ کسی سطح یا ٹھوس کو کاٹنا یا درمیان خط کھینچنا ؛ قطع کرنا ۔ (اسم) (ریاضی) مقطوعہ خط ، سطح یا ٹھوس کا حصّہ ۔

interceptor, intercepter, n. قاطع ؛ مانع ؛ مزاحم ؛ حائل ؛ مداخلت یا مزاحمت کرنے والا شخص یا چیز ۔ (عسکری) ایک تیز رفتار اور بُلند پرواز لڑاکا ہوائی جہاز جو دُشمن کے ہوائی جہاز کا مقابلہ کرنے اور مزاحِم ہونے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ پکڑنے یا روکنے والا ۔

interception, n. (کھیل) وہ پاس جو حملہ آور فریق کو دیا گیا ہو مگر بیچ میں دفاعی فریق نے روک لیا ہو ؛ راہ میں پکڑنے کا عمل ؛ اِنقطاع ؛ اٹکاؤ ؛ رُوک ؛ مزاحمت ؛ رُکاوٹ ؛ مداخلت ۔

interceptive, a. حائل ؛ مزاحم ؛ قاطِع ؛ مانع ۔

intercession, n. وساطت ؛ شفاعت ؛ سفارش ؛ توسُّل ؛ مصالِحت ؛ درخواست ؛ التجا یا دُوسرے کی طرف سے استدعا ؛ توَسُّط ؛ بیچ بچاؤ ؛ دُعا ۔

intercessional, a. شفاعتی ؛ سفارشی ۔

intercessor, n. سفارش کُنندہ ؛ شَفیع ؛ بچولیا ؛ درمیانی ۔

intercessory, a. شفاعتی ؛ سفارشی ؛ شفاعت آمیز ۔

interchange, v.t. تبادُل کرنا ؛ مبادلہ کرنا ؛ اَدَل بدل کرنا ؛ ایک کو دُوسرے کی جگہ پر رکھنا ؛ باری باری لانا ؛ ایک دُوسرے سے بدلنا ؛ ادلا بدلا کرنا ؛ معاوضہ کرنا ؛ بدلنا ۔ (فعل لازم) ادل بدل ہونا ؛ ایک دُوسرے سے بدلنا ۔ (اسم) تبادل ؛ مبادِلہ ؛ ردّوبدل ؛ اُلٹ پھیر ؛ شاہراہ کا چوک ؛ چوراہا ، جہاں گاڑیاں آمدورفت کے بہاؤ میں رکاوٹ ڈالے بغیر آ اور جا سکتی ہیں ؛ اَدلابدلی ؛ بَدلہ ؛ تبادلہ ؛ معاوضہ ؛ ہیرپھیر ۔

interchangeable, a. قابل مبادلہ ؛ تبادُل پذیر ؛ تبادلہ پذیر ؛ مبادلہ پذیر ؛ بدل پذیر ؛ قابل تبادلہ ۔

interchangeablity, interchangeableness, n. تبادل پذیری ؛ تبادلہ پذیری ؛ ادلے بدلے کی خاصیت ؛ مُبادل پذیری ؛ مبادلِہ پذیری ۔

interchangeably, adv. قابل مبادلہ طور پر ؛ تبادلہ پذیرانہ ؛ ادلے بدلے سے ؛ باری باری سے ۔

interclavicle, n. (تشریح الاعضا) استخوانِ بین ترقونی ؛ ایک ہڈّی جو بہت سے فقاری جانوروں میں ہنسلی کے درمیان اور سینہ کی ہڈّی کے سامنے ہوتی ہے ۔

intercollegiate, a. بین کالجی ؛ بَین کُلیاتی ؛ بینُ الکلیاتی ؛ کالجوں کے درمیان ، دو یا زیادہ کالجوں کے متعلّق یا ان کی شرکت کے بارے میں (جیسے : intercollegiate competition) ۔

intercolumniation, n. (فنِ تعمیر) بین عمودین ؛ بین سُتونی جگہ ؛

دو سُتونوں کے درمیان جگہ ، جو ستونوں کے سب سے نچلے حصّہ کے عَمُود سے ناپی جائے ؛ سُتون کے درمیان جگہ چھوڑنے کا نظام ۔

intercolumnar, a. بین عَمودین ؛ بین سُتونی ۔

intercom, n. (بول چال) باہمی گفتگو یا رابطے کا نظام ؛ بین ربطی ترکیب ؛ بین اِبلاغی آلہ ؛ مواصلہ ۔

intercommunicate, v.i. باہم رابطہ قائم کرنا ؛ پیغام یا معلُومات کا مبادلہ کرنا ؛ باہم آمدروفت کرنا یا رکھنا ۔

intercommunication, n. باہمی رابطہ ؛ باہمی گفتگو ؛ مراسلت ۔

intercommunication system, intercom, n. باہمی رابطہ کاری نظام ؛ باہمی مواصلت ؛ کسی مخدود جگہ یا علاقے میں دوطرفہ رابطے کا نظام ، جس کے لیے ہر مقام پر ایک مائکروفون اور لاؤڈاسپیکر ضروری ہے ، جیسا کہ ہوائی جہاز میں پائلٹ اور بم پھینکنے والے کے درمیان ہوتا ہے یا ایک مکان میں واقع دفاتر کے کمروں کے درمیان ہوتا ہے ؛ رسل و رسائل ؛ مواصلہ ۔

intercommunion, n. باہمی اشتراک ؛ ربط ضبط ؛ اِرتباط ؛ میل جول ؛ ربطِ باہم ۔ (کلیسیات) عشائے ربّانی کی عبادت جس میں مختلف طبقوں کے ارکان شرکت کریں ۔

intercommunity, n. اشتراک ؛ دو یا زیادہ فریقوں کی مشترکہ حالت یا وصف ؛ قدرِ مُشترک ؛ بینُ الجماعتی ؛ بین گروہی ؛ راہ و رسم ؛ آپس کا بیوپار ؛ مذہبی میل مِلاپ ۔

interconnect, v.t., v.i. جوڑنا ؛ باہم مربوط کرنا ؛ اِتّصال کرنا ؛ ربطِ باہم ہونا ؛ باہم باندھنا ؛ باہم پیوند کرنا ۔

interconnection, n. ربطِ باہم ؛ باہمی اِتّصال ؛ اتصال باہمی ؛ باہمی جوڑ ۔

intercontinental, a. بَین بَرّاعظمی ؛ براعظموں کے درمیان ؛ براعظموں کے درمیان پھیلا ہُوا ، سفر کرنے والا یا سفر کرنے کے قابل ؛ دو یا زیادہ بَرّاعظموں سے متعلّق ۔

intercooler, n. دَرُون بارد ؛ در مُبرّدہ ؛ ایک آلہ جو اُن سیّالات کو ٹھنڈا کرتا ہے جو باری باری حرارتی عمل کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں ۔

interconversion, n. تبادُل ؛ مُبادلہ ؛ باہمی اَدَل بدل ۔

interconvert, v.t. تبادُل کرنا ؛ مبادلہ کرنا ؛ ادل بدل کرنا ۔

interconvertible, a. تبادل پذیر ؛ قابلِ مبادلہ ؛ مُبادلہ پذیر ۔

interconvertibility, n. تبادُل پذیری ۔

intercostal, a. (تشریح الاعضا) بینُ الاضلاعی ؛ بَین ضِلعی ؛ بَین اضلاعی ؛ پسلیوں کے درمیان واقع ؛ بَین پسلی ؛ پسلیوں کے درمیان عضلات یا اجزا سے متعلّق ۔ (اسم) پسلیوں کے درمیان عُضلہ یا حصّہ ۔

intercostally, adv. بین پسلی طور پر ؛ بین الاضلاعی طور پر ؛ بین اِضلاعی انداز میں ۔

intercourse, n. میل جول ؛ باہمی ربط ؛ راہ و رسم ؛ ربط ضبط ؛ میل مِلاپ ؛ آدمیوں ، گروہوں اور قوموں کے درمیان باہمی معاملات اور رابطہ ؛ خیالات و احساسات کا مُبادلہ ؛ جِنسی ملاپ ؛ مُباشرت ؛ اختلاط ؛ لین دین ؛ سنگت ؛ جماع ؛ صُحبت ؛ ہم بستری ؛ ہم آغوشی ۔

intercrop, v.t. (زراعت) کسی فصل کی قطاروں کے درمیان دُوسری فصل کے پودے لگانا ؛ فصل در فصل کاشت کرنا ۔ (فعل لازم) (زراعت) دُوسری فصل کی قطاروں کے درمیان متبادل طور پر فصل کاشت کرنا ۔

intercross, v.t. تقاطُع کرنا ؛ ایک دُوسرے کے درمیان سے گُزرنا ؛ ایک دُوسرے کو کاٹتے ہوئے گزرنا جیسے سڑکیں ؛ دُوسری جِنس سے مِلاپ کرنا ، دوغلی نسل پیدا کرنا ۔ (اسم) دوغلی نسل پیدا کرنے کا عمل ۔

intercultural, a. بین ثقافتی ؛ دو یا زیادہ ثقافتوں سے متعلّق یا ان کے درمیان واقع ہونے والا ۔

intercurrent, a. حائل ؛ مُداخِل ؛ درمیان حائل ہونے والا ۔ (امراضیات) مرض در مرض ؛ اس مرض سے متعلّق جو دُوسرے مرض کے دوران میں نمودار ہو ؛ نوبتی ؛ عارضہ ؛ بیچ میں جاری یا رواں ؛ درمیانی ۔

intercurrence, n. مداخلت ؛ وقوع درمیانی ؛ لاحق ہونے کا عمل ۔

intercurrently, adv. حائِل طور پر ؛ مداخلت سے ؛نوبتی انداز میں ۔

interdenominational, a. بین فِرقہ جاتی ؛ مذہبی فرقوں کے مابین مشترک ۔

interdenominationalism, n. اشتراکِ فرقہ جات ؛ فرقوں میں اشتراک کا مسلک ۔

interdental, a. بین دندانی ؛ بین الاسنانی ؛ دانتوں کے درمیان ۔ (صوتیات) سامنے کے بالائی اور نچلے دانتوں کے درمیان زبان کی نوک سے ادا شُدہ (آواز) ۔

interdentally, adv. بین الاسنانی طور پر ۔

interdepartmental, a. بَین محکماتی ؛ بَین شُعبہ جاتی ؛ کسی تجارتی یا تعلیمی ادارے کے دو یا زیادہ شُعبوں کے درمیان واقع یا ان میں مشترک ۔

interdepartmentally, adv. بین شُعبہ جاتی طور پر ۔

interdependent, a. منحصر باہم ؛ ایک دُوسرے پر منحصر ؛ باہمی طور پر مربُوط ؛ ایک دُوسرے کے تابع ؛ ایک دُوسرے کے پابند ۔

interdepend, v.i. ایک دُوسرے پر انحصار کرنا ؛ ایک دُوسرے کا پابند ہونا ؛ ایک دوسرے پر مُنحصِر ہونا ؛ ایک دُوسرے کے تابع ہونا ۔

interdependence, interdependency, n. باہمی اِنحِصار ۔

interdependently, adv. باہمی انحصار کے ساتھ ۔

interdict, v.t. روکنا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ حُکمِ امتناعی کے ذریعے روکنا ؛ مانع ہونا ؛ مُمانعت کرنا ؛ حُکمِ اِمتناعی دینا ؛ نکال دینا ؛ خارج کرنا ۔ (اسم) اِمتناع ؛ مُمانعَت ؛ حُکمِ امتناعی ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) خُدا کی عبادت کی بجا آوری اور بعض مذہبی رسوم کی ادائیگی کی ممانعت ۔

interdiction, n. امتناع ؛ مُمانعَت ؛ تحریم ۔

interdictive, interdictory, a. مانع ؛ اِمتناعی ؛ مُمانَعتی ؛ منع کرنے کی طاقت رکھنے والا ۔

interdictor, n. مانع ؛ روکنے والا شخص ؛ مُمتَنع ۔

interdigitate, v.i., v.t. آپس میں ملانا یا پھنسانا جیسے دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں ۔

interdigitation, n. اُنگلیاں آپس میں ملانے کا عمل ۔

interdisciplinary, a. بین مضامین ؛ حصول تعلیم کے ایک سے زیادہ شُعبوں پر مشتمل ۔

interest, n.
دلچسپی ؛ تجسُّس ؛ کوئی خاص قسم کا احساس (جیسے : varied intellectual interests) ؛ کسی چیز کی وہ طاقت یا خُوبی جو ایسا احساس پیدا کرے ؛ فائدہ یا نُقصان کی وجہ سے کسی چیز سے متاثّر ہونے کی حالت ؛ فائدہ ؛ مَفاد ؛ لابھ ؛ اپنے فائدے یا نفع کا خیال ؛ خُودغرضی ـ (بعض اوقات جمع) رفاہ ؛ فلاح ؛ بہبود (جیسے : to labor in the interest of peace) ؛ جائیداد یا تجارتی تنظیم کی ملکیّت میں حق یا حِصّہ ؛ وہ کاروبار یا مقصد جس میں کوئی شخص شریک ہو ؛ اُن لوگوں کی ایک تعداد یاگروہ جو ایک ہی میدان ، صنعت یا مقصد سے دلچسپی یا مفاد رکھتے ہوں (جیسے : the banking interest) ؛ سُود : اُدھار لی ہوئی رقم کے استعمال کے لیے رقم ادا کی جائے ؛ بیاج ـ (مجازاً) صحیح بدل میں جو اضافہ کیا جائے (جیسے : an evil act returned with interest ، اینٹ کا جواب پتھر) ـ

interest, v.t.
راغب کرنا ؛ کسی ذِمّہ داری میں شرکت کی ترغیب دینا ؛ کسی کام میں مصرُوف کرنا ؛ تعلّق پیدا کرنا ، مثلاً کسی شخص کا کِسِی چیز میں ، شخصی بہبود پر اس کے اثرات کے حوالے سے ؛ شوق دلانا ؛ دِل لگانا ؛ غرض رکھنا ؛ علاقہ رکھنا ؛ جی لگانا ؛ متوجّہ کرنا ؛ ذریعہ پیدا کرنا ؛ دلچسپی پیدا کرنا ؛ شریک کرنا ، مُلوث کرنا ؛ مُصرُوف کرنا، توجّہ دلانا یا تجسس پیدا کرنا ـ

interested, a.
دلچسپی رکھنے والا ؛ غرض مند ؛ مُتوجّہ ؛ کسی معاملے میں شریک ؛ ذاتی مفاد یا غرض سے متاثّر ؛ جانب دار ؛ مُتعصّب ؛ مفاد پرست ؛ ساجھی ؛ مطلبی ؛ غرضی ؛ شریک ؛ حِصّہ دار ـ

interestedly, adv.
جانبداری سے ؛ غرض مندی سے ؛ ذاتی غرض کی بنا پر ـ

interest group, n.
غرض مند گروہ ؛ مفاداتی گروہ ؛ مشترکہ مفادات کا حامل گروہ ؛ لوگوں کا وہ گروہ جن کے خاص مفاد ، تعلق یا آرزو مشترک ہوں ، جن کا نتیجہ عموماً سوچا سمجھا اور مُتّحدہ عمل ہوتا ہے ـ

interesting, a.
دلچسپ ؛ جاذِبِ تُوجّہ ؛ دلچسپی اور توجّہ کا حامل ؛ سُہانا ؛ دِل پسند ؛ مرغُوب ـ

interestingly, adv.
دلچسپی سے ؛ دِلچسپ طور پر ـ

interestingness, n.
دلچسپی ؛ دل بستگی ؛ مرغوب پن ـ

interest inventory, n.
(نفسیات) دلچسپیوں کی فہرست ؛ دلچسپیوں اور ان اشیا کی مکمّل اور باضابطہ فہرست ، جو کسی شخص کے تعلّق ، توجّہ یا تجسُّس کے لیے کشش رکھتی ہوں ، یہ فہرست پیشہ ورانہ راہ نمائی اور شخصیت کے تعیّن کے لیے استعمال ہوتی ہے ـ

interface, n.
بین ہیئتی سطح ؛ سطح مشترک ؛ ایک نظام کے دو مقامات کا نُقطۂ اتّصال ؛ وہ سطح جو دو اجسام یا مقامات کی مشترکہ سرحد سمجھی جائے ـ (فعل متعدی) بیک وقت عَمل میں لانا ـ

interfacial, a.
بین ہیئتی ؛ بین الوجہیئن ؛ بین السطوح ؛ جو دو سطحوں میں شامل ہو ـ

interfaith, a.
بین المذاہبی ؛ جس میں مختلف مذاہب کے لوگ شامل ہوں ـ

interfere, v.i.
مداخلت کرنا ؛ دخل انداز ہونا ؛ مزاحم ہونا ؛ خلل انداز ہونا ؛ تعرُّض کرنا ؛ کسی چیز کا دُوسری چیز کے مقابل آ کر عمل میں رُکاوٹ ڈالنا ؛ مُتصادِم ہونا ؛ روکنا ؛ رُکاوٹ پیدا کرنا ؛ مداخلت کرنا یا کسی دُوسرے کے مُعاملات میں بلاجواز دخل دینا ؛ تعرُّض ہونا ؛ نقیض ہونا ؛ بیچ میں پڑنا ؛ دخل دینا ؛ دست اندازی کرنا ؛ مُخِل ہونا ؛ ہاتھ ڈالنا ؛ حرج کرنا ؛ خلل ڈالنا ؛ راہ میں حائل ہونا ـ (طبیعیات) قدرتی اثر کی اصلاح کے لیے ایک دُوسرے پر عمل کرنا یا اثرانداز ہونا ، مثلاً آواز کی لہروں کا : گڑبڑ ـ (کھیل) مخالف کے کھیل کو غیر قانونی طور پر روکنا ـ (فٹ بال) گیند لے جانے والے کے تحفُّظ کے لیے مخالفوں کو روکنا ـ

interferer, n.
دخل انداز ؛ خَلل انداز ؛ مُعترض ؛ مُداخِل ؛ دست انداز ؛ مُتداخل ؛ مزاحمتی ؛ مزاحمت کرنے والا ـ

interferingly, adv.
دخل اندازی سے ، خلل اندازی سے ـ

interference, n.
مداخلت ؛ دست اندازی ؛ خلل اندازی ؛ دخالت ؛ تداخُل ؛ تعرُّض ؛ مزاحمت ؛ روک ؛ مخالفت ؛ خلل ؛ رُکاوٹ ـ (طبیعیات) روشنی یا آواز کی لہروں کا ملنے پر جوابی عمل ، جس کے نتیجے میں وہ ایک دوسرے کو تقویّت دیتی ہیں یا اثر زائل کرتی ہیں ـ (برق) مطلوبہ آواز میں گڑبڑ ، مثلاً ریڈیائی صوت میں ، دوسری آوازوں یا ہوائی اضطراب کی وجہ سے ـ (کھیل) مخالف کے کھیل میں غیر قانونی رکاوٹ ـ (فٹ بال) مخالف کھلاڑیوں کو روکنے کا عمل ـ

interferential, a.
تداخلی ؛ مداخلتی ؛ خلل اندازانہ ـ

interferometer, n.
تداخُل پیما ؛ ایک آلہ جس سے چھوٹے فاصلوں کی پیمائش کی جاتی ہے اورموجوں کی طوالتوں کا مقابلہ روشنی کی دو کرنوں کی مداخلت کے ذریعے کیا جاتا ہے ـ

interferogram, n.
بصری مداخلت کے مظاہر کا عکسی ریکارڈ ـ

interferometric, a.
تداخُل پیمائی سے متعلّق ـ

interferometrically, adv.
تداخُل پیمائی کے طور پر ـ

interferometry, n.
تداخل پیمائی ـ

interferon, n.
ضِد جسم لحمیہ : بعض میمل جانوروں میں پیدا ہوتا ہے ـ

interfertile, a.
دوغلی نسل کَشی کی استعداد کا حامل ؛ بَین باراَور ـ

interfertility, n.
دوغلی نسل کَشی ؛ بین باراَوری ـ

interfluent, a.
سنگمی ؛ دَرہَم جاری ؛ ایک دُوسرے میں گرنے والے ؛ ملنے والے ؛ ایک دوسرے میں جاری یا مُختلط ہونے والا ؛ بیچ میں جاری یا بہتا ہُوا ـ

interfluence, n.
سنگم ؛ اختلاط باہم ، باہمی آمیزش ـ

interfruitful, a.
(نباتیات) باہم بار آور ؛ دو متواتر بار زیرگی کے قابل ؛ جس میں پہلی بار زیرگی میں زر گُل حاصل کرنے والا پودا اسے دُوسرے کو فراہم کر دیتا ہے ؛ باہم زیرہ پاش ـ

interfruitfulness, n.
باہم زیرہ پاشی ؛ باہم بارآوری ـ

interfuse, v.t.
ایک کو دوسرے کے ساتھ موڑنا یا ملانا ؛ باہم مُختلط ہونا ؛ خَلطِ باہم کرنا ؛ باہم مِلانا ؛ سرایت کرنا ؛ نُفُوذ کرنا ؛ ہر حِصّے میں بکھیرنا ؛ بیچ بیچ میں بکھیرنا ؛ مخلُوط کرنا ؛ اِمتِزاج کرنا ـ (فعل لازم) ایک دُوسرے کے ساتھ مِلنا ؛ مخلُوط ہونا ـ

interfusion, n.
ملاوٹ ؛ باہمی آمیزش ؛ امتزاج ؛ اختلاط ـ

intergalactic, a.
(فلکیات) بین کہکشانی ؛ آسمان کی کہکشاؤں کے درمیان وسیع خلاؤں میں واقع ـ

interglacial, a.
(ارضیات) بین ثلجین ؛ دو تشلیجی زمانوں کے درمیان بننے یا واقع ہونے والا ؛ بین برفانی ادوار ـ

intergrade, v.i.
درمیانی حالت میں ہونا ؛ مختلف انواع کا

ارتقائی عمل میں ایک دُوسرے میں رفتہ رفتہ ضم ہونا ؛ بتدریج ایک دُوسرے میں سے گزرنا یا مدغم ہونا ۔ (اسم) درمیانی حالت یا درمیانی مرحلہ ۔

intergradation, n. درمیانی حالت ؛ حالتِ بَینابَین ۔

intergradational, a. درمیانی حالت سے متعلّق ۔

intergrowth, n. باہمی افزایش ؛ باہمی افزایش کا حاصِل ؛ چیزوں کا ایک دُوسرے میں اُگنے کا عمل ۔

interim, n. درمیانی مُدّت ؛ عُبُوری مُدّت ؛ موقتی بندوبست ؛ درمیانی عرصہ ؛ عارضی انتظام ؛ وقتی انتظام ۔ (صفت) عُبُوری ؛ درمیانی ؛ عارضی ؛ ہنگامی ؛ موقتی (جیسے : an interim plan) ۔

interior, a. اندُرونی ؛ داخلی ؛ اندرُونِ مُلک واقع (جیسے : the interior part of a country) ؛ خانگی ؛ گھریلو ؛ نجی یا خُفیہ ؛ باطنی ؛ دُرونی ؛ دماغی ؛ رُوحانی ۔ (اسم) اندرُون؛ اندر کی طرف یا اندر کا حصّہ ؛ کسی علاقہ یا مُلک کا اندرُونی حصّہ ؛ کسی مُلک کے اندرونی یا گھریلو مُعاملات ؛ امور داخلہ (جیسے : Ministry of the Interior)؛ کسی چیز کی باطِنی فطرت یا کردار ؛ باطِن ؛ نفس ؛ رُوح ؛ کسی عمارت یا کمرے کی اندرونی طرف بِالخصوص فنی اثرات کے حوالے سے ؛ کسی عمارت ، کمرے یا اسی طرح کی ساخت کی تصویری نمائندگی ۔

interiority, n. داخلیت ؛ اندرون پن ؛ دَرُونیّت ۔

interiorly, adv. اندرُونی طور پر ؛ داخلی طور پر ؛ باطنی طور پر ، خانگی طور پر ۔

interior decoration, n. اندرُونی آرایش ؛ آرایش دَرُون خانہ؛ مکانوں ، کمروں ، گھروں اور دُوسرے اندرونی حصّوں کو آراستہ کرنے کا فن؛ پیشہ ورانہ آرایش کا کاروبار؛ کمروں کی آرایش میں مستعمل سامان ۔

interject, v.t. درمیان لانا؛ مُداخلت کرنا ؛ بیچ میں ڈالنا ؛ دخل دینا؛ جُملۂ معترضہ کے طور پر کہنا ۔

interjection, n. مُداخلت؛ دخل اندازی ؛ جذبے کا اظہار ؛ بیچ میں رکھنے یا ڈالنے کا عمل ؛ تَوسُّط ۔ (گرامر) حرفِ فجائیہ ، نُدبہ یا ندا ؛ فجائی لفظ جو کسی فقرے میں قواعدی تعلّق کے بغیر آتا ہے اور بعض اوقات اسے آٹھواں جُزو جُملہ خیال کیا جاتا ہے ، جیسے اوہو! اوہ! حرف استعجابیہ ۔

interjectionally, adv. مداخلتی انداز میں ؛ فجائی طور پر ؛ فجائیہ کے طور پر ۔

interjectory, a. فجائی ؛ مداخلتی ۔

interjectorily, adv. فجائی طور پر ؛ مداخلتی انداز میں ۔

interknit, v.t., v.i. آپس میں ملا کر بُننا ؛ آپس میں بٹنا ۔

interlaminate, v.t. پتروں کے درمیان کوئی چیز رکھنا ؛ بین برگہ کاری رکھنا ۔

interlamination, n. بین برگہ کاری ؛ پتروں کے درمیان کوئی چیز رکھنے کا عمل ۔

interlard, v.t. غیر متعلّق اشیا یا خیالات کا اضافہ کر کے تنوُّع پیدا کرنا (جیسے : to interlard applause with catcalls)؛ بیچ میں ڈالنا؛ درمیان رکھنا ؛ ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ خلط مَلط کرنا ؛ داخل کرنا ۔

interlardation, n. آمیزش ؛ ملاوٹ ۔

interlayer, n. درمیانی تہ ۔

interleaf, n. درمیانی ورقِ سادہ ؛ سفید کاغذ جو کتاب کے دو صفحوں کے درمیان رکھّا گیا ہو ؛ سادہ ورق جو لِکھّے ہوئے اوراق کے درمیان لگا دیا جائے ۔ (فعل متعدی) دو صفحوں کے درمیان سفید کاغذ ڈالنا یا رکھنا ۔

interleave, v.t. کتاب کے صفحات کے درمیان سادہ اوراق رکھنا ، بالخصوص یادداشت لکھنے کے لیے ۔

interline, v.t. سطروں کے بیچ میں نشان لگانا؛ بَینُ السُّطُور لکھنا ۔

interlineation, n. بَینُ السُّطُور تحریر؛ سطروں کے درمیان لِکھنے کا عمل ۔

interline, v.t. استر اور ابرہ کے درمیان تہ رکھنا ۔

interlinear, a. بَینُ السُّطُوری ؛ سطروں کے درمیان لِکھّا ہوا ؛ تحریف ، مثلاً ترجمے میں ۔

interlinearly, adv. بَینُ السُّطُوری طور پر ۔

interlining, n. درمیانی تہ ؛ اَبرہ اور اَستر کے درمیان رَکھّی ہوئی تہ ؛ بینُ السُّطُور تحریر ۔

interlink, v.t. باہم مربُوط کرنا ؛ لڑی کرنا ؛ کڑی سے کڑی جوڑنا ؛ ایک دُوسرے سے جوڑنا ۔ (اسم) باہمی ربط ؛ ارتباطِ باہم ؛ کڑی سے کڑی ملانے کا عمل ۔

interlock, v.i. ایک دُوسرے کے ساتھ مربوط ہونا ؛ ملا کر گوتھنا ؛ باہم قُفل بَند ہونا ؛ دَرُوں قُفل ہونا ؛ باہم مربوط ہونا ۔ (ریلوے) پہلے سے مُرتّب کردہ سلسلہ وار صورت میں باہم عمل کرنا ۔ (فعل متعدی) ایک دُوسرے میں گوتھنا یا مُقفّل کرنا ؛ دَرُوں قُفل کرنا ۔ (ریلوے) کوئی خاص نظام مرتب کرنا تاکہ وہ خاطر خواہ طور پر عمل کر سکے ، مثلاً اشارات کا ۔

interlocker, n. باہم مُقفَّل کُنندہ ؛ دَرُوں قُفل ؛ باہم گوتھنے والا ؛ ایک دُوسرے میں پھنسانے یا اٹکانے والا ۔

interlocution, n. باہمی گُفتگو ؛ بات چیت یا مُکالَمہ ۔

interlocutor, n. باہمی گُفتگو میں حصّہ لینے والا ؛ ہم سُخن ؛ جو کسی کے ساتھ گُفتگو میں شامل ہو یا دُوسرے سے سوال جواب کرے ؛ بھانڈوں کی قطار کا وسطی شخص جو کنارے والوں سے گُفتگو کرتا ہے ؛ درمیانی آدمی ؛ بیچ کا ؛ گُفتگو کرنے والا ؛ سوال و جواب میں تقریر کرنے والا ؛ فیصلہ یا حُکم درمیانی ؛ دلال ؛ ایجنٹ ۔

interlocutory, a. عارضی ؛ گفتگو یا مُکالَمے سے متعلّق ؛ بیچ میں کہا ہُوا (جیسے : interlocutory conversations) ؛ گفتگو کے درمیان داخل شدہ ۔ (قانون) اثنائی ؛ کوئی فیصلہ یا حُکم جو مُقدّمے کے دوران میں جاری کیا جائے ؛ جو کسی مُقدّمے کا آخری فیصلہ نہ کرے ؛ عارضی یا وقتی فیصلے سے متعلّق ؛ درمیانی (حُکم عدالت) ۔

interlocutorily, adv. اثنائی طور پر ؛ عارضی طور پر ؛ مُکالَماتی طور پر ۔

interloper, n. دخل انداز ؛ مَدخِل ؛ مداخلت کار ؛ خَلَل انداز ؛ بے جا دخل دینے والا ؛ دَست انداز ؛ دخل دَر معقُولات کرنے والا ؛ خُدائی فوجدار ۔

interlope, v.i. خوامخواہ کسی مُعاملے میں مداخلت کرنا ؛

باقاعدہ اجازت کے بغیر تجارت کے کسی شُعبے میں دخل اندازی کرنا دُوسرے کے معاملات میں خوامخواہ دخل دینا ؛ ہاتھ ڈالنا ؛ دَستِ اندازی کرنا ؛ مُخِل ہونا ؛ بلا اجازت تجارت کرنا ؛ زبردستی کا شریک بننا ۔

interlude, n. وقفہ ؛ کسی سرگرمی میں عارضی وقفہ ؛ درمیان آنے والا واقعہ یا زمانہ ۔ (تھیٹر) تمثیل کے ابواب کے درمیان وقفہ ؛ مُختصر اور مزاحیہ کھیل جو اس وقفے میں پیش کیا جائے ۔ (موسیقی) وہ موسیقی کا ٹُکڑا جو کِسی نغمے کے دو حصّوں کے درمیان شامل کیا جائے یا کلیسا کی عبادت یا ڈرامے کے درمیان پیش کیا جائے ۔

interludial, a. درمیانی وقفے سے متعلّق ؛ درمیانی زمانے سے متعلّق ۔

interlunar, interlunary, a. محاقی ؛ بَین قمری ؛ نئے اور پُرانے چاند کے درمیان مدت سے متعلّق ۔

intermarry, v.i. شادی کے ذریعے تعلُّق قائم کرنا ، مثلاً دو خاندانوں ، قبیلوں ، ذاتوں یا مذہبوں کے درمیان ؛ خاندان کے اندر یا نزدیکی رشتہ داروں میں شادی کرنا ؛ آپس میں شادی بیاہ کرنا ؛ درُوں ازدواجی کرنا ۔

intermarriage, n. ازدواج باہمی ؛ دو قبیلوں یا خاندانوں وغیرہ کے درمیان ازدواجی تعلُّق ؛ آپس کی شادی ؛ باہم ازدواج ۔

intermeddle, v.i. خواہ مخواہ دخل دینا ؛ دوسروں کے معاملات میں مداخلت کرنا ؛ بیجا مداخلت کرنا ؛ دخل در معقولات کرنا ؛ ناحق دست اندازی کرنا ؛ مُخِل ہونا ؛ پاؤں اَڑانا ۔

intermeddler, n. حارج ؛ دخل انداز ؛ مُخِل ؛ دَخَل در معقولات کرنے والا ؛ ناحق دست اندازی کرنے والا ۔

intermediary, a. وسطی ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ؛ وَسِیط ؛ میانچی ؛ متوَسِّط ؛ متوسِّل ۔ (اسم) درمیانی عامل ؛ بیچ میں پڑنے والا ؛ بچولیا ؛ دلّال ؛ ایجنٹ ؛ ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ واسطہ ؛ وسِیط ۔

intermediate, a. درمیانہ ؛ درمیانی ؛ وسطی ؛ مُتوسّط ؛ دو نقاط ، مراحل یا اشیا کے درمیان واقع ؛ دخل انداز ؛ بیچ کا ؛ بچلا ۔ (اسم) کوئی درمیانی چیز ؛ کوئی درمیانی شخص ؛ بچولیا ؛ دلّال ۔ (کیمیا) درمیانی مُرکّب ؛ کوئی مادّہ جو اس کی خام مال سے تیّاری اور مکمّل شدہ حالت کے درمیان ہو ۔

intermediately, adv. مابین ؛ درمیانی طور پر ؛ بیچ میں ۔

intermediateness, intermediacy, n. درمیانہ پن ؛ وسط ؛ توسط ۔

intermediate, v.i. درمیان پڑنا ؛ مصالحت کرانا ؛ دَلّالی کرنا ؛ مداخلت کرنا ؛ ثالثی کرنا ؛ بیچ بچاؤ کرانا ۔

intermediation, n. وساطت ؛ مصالحت ؛ توسُّط ؛ بیچ بچاؤ ؛ پنچی ۔

intermediator, n. ثالث ؛ پنچ ؛ مَصالحت کُنندہ ؛ واسطہ ، وَسِیط ؛ دلّال ۔

intermediatory, a. ثالثانہ ؛ مصالحانہ ۔

intermediate host, n. (حیاتیات) وہ جسم نامی یا عضویہ جس پر کوئی طفیلی جاندار پلتا ہو تاوقتیکہ وہ جنسی طور پر نسل کَشی کے قابل ہو کر اسے چھوڑ نہ دے ۔

intermedin, n. (حیاتیات) انٹر میڈن ؛ ایک نخامی مُہیّجہ جو بعض سرد خون فقاری جانوروں ، مثلاً مچھلیوں یا مینڈکوں میں لونی خلیات کے اضافہ کا باعث ہوتا ہے ۔

intermezzo, n. درمیانی نغمہ ؛ میانہ نغمہ ؛ ایک مختصر غنائی دُھن جو کسی طویل نغمہ کے درمیان ہو ؛ ایک مختصر آزاد دُھن ۔

interminable, a. لامُتناہی ؛ ناقابلِ اختتام ؛ ختم ناپذیر ؛ بے پایاں ؛ تمام نَشُدنی ، بیزار کُن حد تک طویل ؛ بے حد ؛ لاانتہا ؛ طُول طویل ؛ شیطان کی آنت ۔

interminableness, n. بے انتہائی ؛ ختم ناپذیری ؛ بے پایانی ؛ بے زار کن طوالت ؛ بے انتہا پن ۔

interminably, adv. ناقابل اختتام طور پر ؛ بے پایاں طور پر ؛ بے انتہا طور پر ۔

intermingle, v.t., v.i. آپس میں مِلانا یا مِلنا ؛ رَل مِل جانا ؛ گھال میل کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ مِلانا ؛ آمیز کرنا ؛ خَلط مَلط کرنا ؛ مخلُوط کرنا ؛ خلط ملط ہونا ؛ مِل جُل جانا ؛ گھال میل ہونا ؛ مخلُوط ہونا ؛ گڈ مڈ ہونا ۔

interminglement, n. آپس کا میل ؛ باہمی آمیختگی ؛ باہمی اختلاط ؛ گھال میل ؛ مخلوط پن ؛ آمیزش ۔

intermission, n. وقفہ ؛ ٹھہراؤ ؛ سُکُون ؛ عارضی ٹھہراؤ ؛ عمل کے اوقات کے درمیان وقفہ ؛ کسی کھیل کے حصّوں کے درمیان یا کسی عوامی تماشا کے درمیان وقفہ ؛ مُہلت ؛ چُھٹی ؛ تعطیل ۔

intermissive, a. وقفے سے متعلّق ؛ غیر مُسلسل ؛ گنڈے دار ؛ باری کا ۔

intermit, v.t. کچھ وقت کے لیے روکنا یا ٹھہرانا ؛ ٹھہرانا ؛ معطّل کرنا ؛ موقُوف کرنا ؛ انتر ڈالنا ؛ مُلتوی رکھنا ؛ موقُوف رکھنا ؛ بند کرنا ۔ (فعل لازم) کچھ دیر کے لیے ٹھہرنا ؛ وقفہ ہونا ، مثلاً بُخار میں ؛ مُلتوی ہونا ؛ موقُوف ہونا ؛ بند ہونا ۔

intermittence, intermittency, n. وقفہ ؛ ٹھہراؤ ؛ نوبت ؛ وقفہ داری ؛ باری ۔

intermittent, a. وقفہ دار ؛ نوبتی ؛ غیر مُسلسل ؛ باری کا ؛ مُتناوب ؛ انتر کا ؛ باری سے آنے والا ۔

intermittently, intermittingly, adv. باری سے ؛ وقفے سے ؛ غیر مسلسل طور پر ؛ گنڈے دار ۔

intermittent current, n. (برق) غیر مُسلسَل رَو ؛ متناوب رَو ؛ وہ رَو جس کے بہاؤ میں وقفے آتے ہیں مگر یہ کبھی بہاؤ کی مخالف سمت میں نہیں آتی ۔

intermix, v.t., v.i. آپس میں مِلانا ؛ آپس میں مِلنا ؛ خَلط ملط کرنا یا ہونا ؛ آمیزش کرنا یا ہونا ؛ مِلانا ؛ گڈمڈ کرنا یا ہونا ۔

intermixture, n. باہمی آمیزش ؛ باہمی اِختِلاط ؛ مخلُوطیّت ؛ گھال میل ؛ خَلط مَلط ؛ آمیزش ۔

intermolecular, a. بَینُ سالمی ؛ بَین السّالماتی ؛ سالمات کے درمیانِ واقع ہونے والا ۔

intermolecularly, adv. بَینُ السّالماتی طور پر ۔

intern, interne, n. زیر تربیت ڈاکٹر ؛ تازہ فارغ التحصیل طبیب ، جو شفاخانے میں مُعاوِن کے طور پر کام کرتا ہو تاکہ تربیت حاصل کر سکے ؛ کسی اور شعبے میں اعلیٰ تعلیم کا طالب جو زیر نگرانی عملی تجربہ حاصل کر رہا ہو ؛ شاگرد پیشہ ۔ (صفت ، متروک) اندرُونی ۔

internship, n. تربیّت ؛ زیر نگرانی حُصُولِ تربیت ۔

intern, v.t. نظر بند کرنا ؛ کسی مُقرّرہ علاقے تک محدود کرنا ،

بالخصوص جنگ میں ؛ جنگ ختم ہونے تک روک رکھنا یا ضبط کرنا ، مثلاً غیر جانبدار مُلک میں کسی جہاز کو۔ (فعل لازم) زیر تربیّت ملازم کی حیثیت سے کام کرنا یا خدمت بجا لانا ۔ (اسم) مُقیّد ؛ نظر بند شخص ۔ دیکھیے : internee ۔

internal, a. اندرُونی ؛ داخلی ؛ باطنی ؛ ذِہنی ؛ ذہن میں موجود ؛ درُونی ؛ دیسی ؛ مُلکی ؛ حقیقی ؛ ذاتی ؛ اصلی ؛ قلبی ۔ (تشریح الاعضا) بطنی ؛ جسم کے محور کے قریب یا سطح سے دور واقع ہونے والا ؛ خلقی ؛ جبلّی (جیسے : internal evidence) ؛ مُلک کے اندر واقع ہونے والا ؛ مُلکی ، گھریلو ؛ خانگی (جیسے : internal affairs) ۔ (علمِ ادویہ) مُنہ سے کھانے کی (دوا) ۔

internality, n. داخلیت ؛ بُطُون ۔

internally, adv. اندرونی طور پر ؛ داخلی طور پر ۔

internal-combustion engine, n. دروں سوز انجن ؛ دروں احتراقی انجن : ایک حرارتی انجن جس میں ایک یا زیادہ اُسطوانے (سلنڈر) کام کرتے ہیں ، احتراق کا عمل اسطوانوں کے اندر ہوتا ہے ۔

internalize, v.t. اندرونی یا داخلی بنانا ؛ اپنانا یا شامِل کرنا ، جیسے ثقافتی نمونے یا قدریں ۔

internalization, n. اندرونی بنانے کا عمل ۔

internal medicine, n. (طِب) غیر جراحتی طب ؛ طِب کی وہ شاخ ، جس کا تعلّق بالغوں کی غیر جراحتی بیماریوں اور ان کی تشخیص سے ہے ۔

internal revenue, n. داخلی محاصل ؛ حکومت کی کُل آمدنی ، جو مُلکی ذرائع سے حاصل کی گئی ہو ، جس میں محصُول درآمد شامل نہیں ہوتا ؛ داخلی آمدنی (مالگُزاری) ۔

internal rhyme, n. (عَرُوض) داخلی قافیہ ؛ صنعت ترصیع ؛ کسی شعر کے ایک ہی مصرع میں دو الفاظ کے درمیان قافیہ ؛ مختلف مصرعوں کے اندر دو لفظوں کے ہم قافیہ ہونے کی صورت جو مصرع کے آخر میں واقع نہ ہو ۔

internal secretion, n. داخلی رطوبت ریزش ؛ درون افراز تراوش ۔

international, a. بَینُ الاقوامی ؛ قوموں کے درمیان ؛ قوموں کے درمیان تعلّقات سے متعلّق ؛ دُوَلی ؛ بَین قومی (جیسے : international law) ؛ جس میں مختلف اقوام شریک ہوں یا اس پر اثر انداز ہوں ؛ کوئی گروہ یا تنظیم ، جس کے ارکان مُتعدّد ممالک میں ہوں ؛ مختلف قوموں کے درمیان ؛ قوموں کے درمیان ۔ (اسم) (بڑے I سے) اشتراکی یا اشتمالی گروہوں میں سے کوئی ایک جن کی تنظیم اُنیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے آغاز میں کی گئی تھی ۔ (بعض اوقات بڑے I کے ساتھ) ؛ وہ مزدور اتحادیہ (انجمن) جس کے ارکان مُتّحدہ اقوام میں ہوں ۔

internationale, n. (فرانسیسی) انقلابی کارکنوں اور اشتراکیوں کا نغمہ ، جو ابتداً ۱۸۷۱ء میں فرانس میں گایا گیا تھا ؛ فرانسیسی اشتراکیوں کا گیت ۔

internationality, n. بین الاقوامیت ؛ بَین دُوَلیّت ۔

internationally, adv. بین الاقوامی طور پر ؛ بین دُوَلی اعتبار سے ۔

international date line, n. عالمی خطِّ تاریخ ؛ بین الاقوامی خطِّ تاریخ ؛ ایک نظری خط جس پر تاریخ بدل جاتی ہے ؛ فرضی خطِّ تاریخ ۔ دیکھیے date line ۔

internationalism, n. بین الاقوامیت ؛ بین دُوَلیت ؛ بین الاقوامی کردار ، تعلّقات ، نُقطۂ نظر یا نگرانی ؛ اقوام کے درمیان تعاوُن کے اُصُول تا کہ ان کی مشترکہ بہبود کو ترقّی دی جا سکے ، قومی بہبود کے برعکس ۔ (بڑے I کے ساتھ) وہ اُصُول اور طریقے جن کی تائید کسی اشتراکی انجمن نے کی ہو ، جو بین الاقوامی انجمن کے طور پر معرُوف ہو ۔

internationalist, n. بین الاقوامیّت پسند ؛ حامِئ بینُ الاقوامیت ؛ مؤیدِ بَین دُوَلیت ۔

internationalize, v.t. بین الاقوامی بنانا ؛ بین الاقوامی نگرانی کے تحت لانا ، مثلاً کوئی علاقہ ۔

internationalization, n. بین الاقوامی بنانے کا عمل ؛ بین دُوَلیّت کاری ؛ بین الاقوامیت سازی ۔

international law, n. بین الاقوامی قانون ؛ قواعد کا وہ مجموعہ جو جنگ اور امن کے زمانے میں قوموں کے ایک دُوسرے کے ساتھ رویّے کی نگرانی کرتا ہے ؛ قانونِ بینُ الاقوام ؛ دُوَلی قانون ۔

international pitch, n. (موسیقی) بین الاقوامی آہنگ ؛ آہنگ دُوَلی ؛ وہ معیاری آہنگ جو بالائے وسطی سی (C) کو اے (A) سے ہم آہنگ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، اس میں ۴۴۰ ارتعاشات فی سیکنڈ ہوتے ہیں ۔

international relations, n. بین الاقوامی تعلّقات ؛ عِلمِ سیاست کا ایک شُعبہ جو خارجہ حکمتِ عملی اور اقوام کے درمیان تعلّق سے بحث کرتا ہے ۔

International Scientific Vocabulary, n. بین الاقوامی سائنسی ذخیرۂ الفاظ ؛ وہ مخصوص سائنسی ذخیرۂ الفاظ جو ان الفاظ پر مشتمل ہے ، جو دو یا زیادہ زبانوں میں مشترک ہوں ۔

International System of Units, n. عالمی نظامِ پیمائش ؛ طُول ، وقت ، کمیّت ، برقی رَو ، درجۂ حرارت ، حدّت تنویر اور مادّے کی اکائیوں کی پیمائش کے بین الاقوامی معیار ۔

internecine, internecive, a. خُونریز ؛ باہم تباہ کار ؛ ایک دُوسرے کو تباہ کرنے والا ، اس کا اطلاق جنگ پر یا کسی گروہ کی اندرُونی کشمکش پر ہوتا ہے ، اس کی خُصوصیّت بہت کُشت وخون ہے ؛ مُہلک ؛ تباہ کُن ؛ ہلاکت آور ۔

internee, n. نظربند ؛ جنگی قیدی ۔

interneuron, n. (تشریح الاعضا) بین عصبانیہ ؛ وہ عصبانیہ جو حِسّی عصبانیہ کو حرکی عصبانیہ سے مربوط کرتا ہے ، وسطی یا رابِط عصبانیہ ۔

interneuronal, a. بین عصبی ؛ وسطی عصبانیے سے متعلّق ۔

internist, n. (طِب) معالجِ امراضِ باطنیہ ؛ مُتخصّص امراضِ باطنیہ ؛ ماہر امراض باطِنیہ ۔

internment, n. نظر بندی ؛ قید ؛ حبس ۔

internment camp, عسکری نظر بندی کیمپ ؛ جنگی قیدیوں کا کیمپ ، جو زمانۂ جنگ میں جنگی قیدیوں ، دُشمن غیر مُلکیوں اور اسی طرح کے دیگر لوگوں کے لیے ہوتا ہے ۔

internode, n. (تشریح الاعضا) بین عقدین ؛ بینُ العَقدین ؛ پور ؛ عصبی ریشہ کا حِصّہ جو دو گرہوں کے درمیان ہوتا ہے ؛ بین دوگرہ ۔ (نباتیات) پَور ؛ ڈنٹھل پر دو گانٹھوں کے درمیان کی جگہ ۔

ادراج ؛ ملائی ہوئی عبارت ؛ اضافہ ۔

interpolative, a. تحریفی ؛ ادراجی ؛ الحاقی ۔

interpolator, n. الحاق کرنے والا ؛ تحریف کرنے والا ؛ مُلحق ؛ مُدرج ؛ لاحق ۔

interpose, v.t. بیچ میں رکھنا ؛ حائل کرنا ؛ بیچ میں لانا (جیسے : to interpose the hand between the eye and a light) ؛ مقام ، وقت یا ترتیب میں خَلَل ڈالنا ؛ اعتراض کرنا یا تاخیر کرنا ؛ فریقین کے درمیان اثر انداز ہونا ؛ کسی فریق کی طرف سے کارروائی کرنا ؛ کسی گفتگو یا مذاکرہ وغیرہ میں مداخلت کر کے کوئی رائے یا بیان دینا ؛ قطع کلام کرنا ؛ جُملۂ معترضہ شامل کرنا ؛ دخل دینا ؛ دَست اندازی کرنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ مداخلت کرنا ۔ (فعل لازم) بیچ میں آنا ؛ حائل ہونا ؛ مخالف فریقوں میں بیچ بچاؤ کرانا ؛ کسی ایک فریق کی طرف سے اپنا اثر ڈالنا ؛ ثالث کی حیثیت سے مداخلت کرنا ؛ سدِّراہ ہونا ؛ بیچ میں پڑنا ۔

interposer, n. مداخلت کرنے والا ؛ بیچ میں پڑنے والا ؛ وسیلہ ؛ مُتداخل ؛ دست انداز ؛ مُخِل ۔

interposingly, adv. مداخلت کرتے ہُوئے ؛ بیچ بچاؤ کرتے ہوئے ۔

interposition, n. مداخلت ؛ دخل اندازی ؛ تداخُل ۔ (قانون) وہ اصول جس کے تحت کوئی ریاست اپنی خُودمختاری کے اثبات کے ذریعے ایسے وفاقی اختیار کی مخالفت کر سکتی ہے ، جس سے ریاست اور شہریوں کے حُقُوق پر زد پڑتی ہو ۔

interpret, v.t., v.i. وضاحت کرنا ؛ توضِیح کرنا ؛ ترجُمانی کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ تفسیر کرنا ؛ تعبیر کرنا ، مثلاً غیبی اشاروں ، شگونوں اور مبہم عبارتوں کی ؛ صَراحت کرنا ؛ معنی بیان کرنا ؛ ترجُمہ کرنا ؛ (بعض اوقات) سمجھنا (جیسے : to interpret a person's expression) ؛ مُراد لینا ، خاص انداز میں سمجھنا (جیسے : to interpret a reply as favorable) ؛ کسی تمثیل یا اس کے حصّے ، موسیقی کے مطلب یا فنکارانہ تصوُّر کی ترجمانی ، اداکاری یا بجاآوری کے ذریعے کرنا ؛ اِنکشافی انداز میں پیش کرنا ؛ ظاہر کرنا ، آگاہ کرنا یا مُنکَشِف کرنا ؛ شرح کرنا ؛ تشریح یا وضاحت پیش کرنا ؛ غیر زبان سے ترجمہ کرنا ۔

interpretability, n. تعبیر پذیری ؛ ترجُمہ پذیری ۔

interpretable, a. قابلِ تعبیر ؛ قابلِ ترجمہ ؛ قابل تشریح و توضِیح ؛ قابلِ ترجمانی ۔

interpreter, n. مُتَرجِم ؛ ترجُمان ؛ شارِح ؛ تعبیر گو ؛ مفسِّر ۔

interpretive, a. تعبیری ؛ تشریحی ؛ توضیحی ؛ مُشرّح ؛ تعبیر کُن ۔

interpretively, adv. تعبیری طور پر ؛ تشریحی طور پر ؛ مُفسِّرانہ ؛ توضیحانہ ؛ ترجمانی کرتے ہوئے ۔

interpretation, n. تاویل ؛ تعبیر ؛ ترجُمانی ؛ ترجمہ ؛ تفسِیر ؛ تشریح ؛ صراحت ؛ وضاحت ؛ تصریح ؛ توجیہہ ؛ وہ مفہوم جو تشریح کے ذریعے الفاظ یا افعال سے منسُوب کیا جائے ؛ تشکیل ، مثلاً کسی تمثیل کی جس میں اس کے مفہوم کا خیال پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہو ۔

interpretational, interpretative, a. تعبیری ؛ تشریحی ؛ تخیّلی ؛ تصریحی ۔

interracial, a. بَین نسلی ؛ مختلف نَسلوں کے لوگوں کے متعلّق ؛ مختلف نسلوں کے درمیان ۔

interregnum, n. وقفۂ حکمرانی ؛ زمانۂ فتَرت ؛ کسی حکمران کی موت یا حکومت سے دستبرداری اور نئے حُکمران کی تخت نشینی کا

internodal, a. بین عقدینی ؛ پَورکا ؛ پَوری ۔

internuncial, a. رابط ؛ دماغ یا ریڑھ کی ہڈّی کے عصبی ریشوں میں ربط کا کام دینے والا ؛ وکیل سے متعلّق ؛ وکیلانہ ؛ سفیرانہ ۔

internuncio, n. وکیل ؛ پاپائی سفِیر ، جو دُوسرے درجہ کا سفیر ہوتا ہے ؛ سفِیرِ پوپ ۔

interoceptor, n. روکنے والا ؛ بیچ میں اُڑا لینے والا ؛ حائل ہونے والا ؛ مزاحم ، راستے میں پکڑنے والا ۔ (فعلیات) درون گیر ؛ ایک حِسّی آخذہ جو جسم کے اندر پیدا ہونے والی تحریک سے متأثّر ہوتا ہے ؛ دَرُون آخذ، درآخذ ۔

interoceptive, a. درون گیرانہ ؛ حِسّی آخذہ سے متعلّق ۔

interoffice, a. بین دفتری ؛ کسی کمپنی کے مختلف دفاتر کے مابین ۔

interosculate, v.i. خَلط مَلط ہونا ؛ باہم نُفُوذ پذیر ہونا ؛ ایک دُوسرے میں سرایت کرنا ؛ رابطے کا کام دینا ۔

interpellate, v.t. وضاحت طلب کرنا ؛ کسی سرکاری کارروائی یا حِکمتِ عملی کی وضاحت کے لیے کسی رُکنِ حکومت سے رسمی ملاقات کرنا ۔

interpellation, n. وضاحت طلبی یا استیضاح ۔

interpellator, n. وضاحت طلب کرنے والا ۔

interpenetrate, v.t. باہم نُفُوذ کرنا ؛ باہم سرایت کرنا ؛ ایک دوسرے میں سرایت کرنا ۔ (فعل لازم) اشیا یا اجزا کے مابین نُفُوذ ہونا ؛ جاری و ساری ہونا ؛ ایک دُوسرے میں در آنا یا گُھس جانا ۔

interpenetration, n. دُخُول باہمی ؛ نُفُوذِ باہمی ؛ سرایتِ باہمی ۔

interpenetrative, a. باہم نُفُوذ کنندہ ؛ سرایتی ؛ ایک دوسرے میں در آنے والا ۔

interplanetary, a. بین سیّاراتی ؛ سیّاروں کے درمیان واقع ؛ کسی سیّارے اور سُورج کے درمیان واقع ۔

interplant, v.t. میان کاشتی کرنا ؛ ایک فصل کے اندر دُوسری فصل کاشت کرنا ، جس میں سے ایک فصل کی حیثیّت مدد گار کی ہو ؛ فصل در فصل اُگانا ؛ درختوں کی قطاروں کے درمیان نئے درخت لگانا ۔

interplay, n. تعامُل ؛ عمل متقابل ؛ باہمی اثرونفُوذ ۔ (فعل لازم) تعامُل کرنا ؛ ایک دُوسرے پر اثر ڈالنا ۔

interplead, v.i. (قانُون) ایک دُوسرے کے ساتھ مقدّمہ بازی کرنا تا کہ تیسرے فریق کے خلاف اس بات کا فیصلہ ہو سکے کہ دونوں میں سے کون حقدار دعویٰ دار ہے ۔

interpleader, n. (قانون) وہ کارروائی جس کے ذریعے تیسرے فریق کے خلاف ایک ہی قسم کا دعویٰ کرنے والے دو فریق مقدّمہ کرتے ہیں تا کہ عدالتی طور پر صحیح حقدارِ مُدعی کا تعیُّن ہو سکے ۔

interpolate, v.t., v.i. الحاق کرنا ؛ تحریف کرنا؛ ادراج کرنا ؛ ناروا اضافہ کرنا ، کسی متن کو نیا مواد شامل کر کے تبدیل کرنا ، بالخصوص فریب کارانہ طور پر یا بلا جواز طور پر ؛ نیا اور جَعلی مواد شامل کرنا ؛ آمیزش کرنا ؛ ملاوٹ کرنا ۔ (ریاضی) ادراج کرنا ؛ کسی سِلسلہ وغیرہ میں درمیانی رُقُوم شامل کرنا ؛ تلاش کرنا ؛ ٹھونسنا ؛ اِضافہ کرنا ؛ الحاق کرنا ؛ تحریف کرنا ؛ اندراج کرنا ؛ الفاظ بڑھانا ۔

interpolation, n. شُمُول ؛ تحرِیف ؛ الحاق ؛

درمیانی زمانہ ؛ ایک حکومت کے خاتمہ اور دوسری حکومت کے قیام کے درمیان کا وقفہ ؛ تسلسُل کا انقطاع ؛ درمیانی عرصہ ؛ ایام فترت ۔

interregnal, a. فترتی ؛ تعطُلی ؛ درمیانی وقفے سے متعلق ۔

interrelate, v.t., v.i. باہم متعلق کرنا ؛ باہمی تعلق پیدا کرنا ۔

interrelation, n. باہمی تعلّق ؛ باہمی رشتہ ؛ باہمی علاقہ ۔

interrelationship, n. باہمی تعلق داری ؛ باہمی رشتہ داری ؛ باہمی علاقہ داری ۔

interrogate, v.t. سوال کرنا ؛ باز پُرس کرنا ؛ پُوچھنا ؛ سوال پوچھ کر جانچنا ، بالخصوص سرکاری یا رسمی طور پر مُنضبط انداز میں ؛ اظہار لینا ؛ استفسار کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ تفتیش کرنا ۔

interrogation, n. باز پُرس ؛ استفسار ؛ استفہام ۔(ریڈیو ، ریڈار) سوال کُنندہ کے اشاری ارتعاشات ؛ ایسے اشاروں کی ترسیل یا نشریہ ؛ سوال جواب ؛ تفتیش ۔

interrogational, a. استِفساری ؛ استِفہامی ؛ تفتیشی ؛ بازپُرسی سے متعلّق ۔

interrogation point, n. سوالیہ نشان ، جو کسی فقرہ کے آخر میں سوال ظاہر کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے : (؟) ؛ سوال کی علامت ؛ سوالیہ ۔

interrogative, a. سوالیہ ، سوال کی صُورت میں بیان کیا گیا ، استفہامی ، استفساری ۔ (گرامر) سوال مُرتّب کرنے میں مستعمل ۔ (اسم) (گرامر) حرفِ استفہام ؛ وہ لفظ جو سوال پوچھنے میں استعمال ہو ، جیسے کون ؟ کیا ؟ کونسا ؟ ؛ کلمۂ استفہامیہ ۔

interrogatively, adv. بطورِ استِفہام ؛ بطورِ استِفسار ؛ سوال کے طور پر ۔

interrogator, n. باز پُرس کرنے والا ، پوچھنے والا ؛ دریافت کنندہ ۔(ریڈیو و ریڈار) استفسار کنندہ : ٹرانسمیٹر جو خود کار جواب کے لیے غور گر یا ٹرانسپانڈر (transponder) کو اشارہ بھیجتا ہے ؛ سوال کرنے والا ؛ تفتیش کُنندہ ۔

interrogatory, n. استفسار ؛ سوال ؛ باز پُرس ؛ پُرسِش ؛ سوالنامہ ؛ رسمی سوال یا سلسلۂ سوالات ۔ (صفت) سوالیہ ؛ استفہامی ؛ استفہامیہ ۔

interrupt, v.t. مداخلت کرنا ؛ خلل ڈالنا ؛ رُکاوٹ ڈالنا (جیسے :to interrupt one's work) ؛ تسلسل میں رُکاوٹ ڈالنا ، بالخُصوص عارضی طور پر ؛ روکنا ، مثلاً کسی شخص کو کُچھ کرتے یا کہتے ہوئے ؛ قطع کرنا ؛ تسلسُل توڑ دینا ؛ ٹھہرانا ؛ مزاحمت کرنا ؛ سلسلہ مُنقطع کر دینا ؛ قطعِ کلام کرنا ؛ فاصلہ ڈالنا ۔ (فعل لازم) تعطّل پیدا ہونا ؛ قطع ہونا ؛ حائل ہونا ؛ تسلسُل عمل یا تقریر روکنا ؛ خلل پڑنا ؛ مانع ہونا ؛ حارج ہونا ؛ ٹُوٹ جانا ؛ درمیان میں آ جانا ؛ سدِّراہ ہونا ۔

interrupter, interruptor, n. خَلَل ڈالنے والا ؛ خلل انداز ؛ سدّراہ ؛ مُخِل ؛ تسلسُل توڑ دینے والا ۔ (برق) وہ آلہ جو سرکٹ میں وقتی طور پر تعطُّل پیدا کرے ؛ مانع ؛ حارج ۔

interruption, n. خلل اندازی ؛ مداخلت ؛ رُکاوٹ ؛ قطعِ کلام ؛ ناغہ ؛ وقفہ ؛ خَلَل ؛ مزاحمت ؛ آڑ ؛ حرج ؛ اٹکاؤ ؛ روک ؛ روک ٹوک ؛ تفاوُت درمیانی عرصہ ۔

interruptive, a. خلل انداز ؛ مانع ؛ قاطع ؛ مُخِل ؛ حارج ؛ سدّراہ ۔

interscholastic, a. بینُ المَدارسی ؛ بین المکاتبی ؛ مدارس کے درمیان (جیسے : interscholastic games) ۔

intersect, v.t. قطع کرنا ؛ کاٹنا ؛ کاٹتے ہوئے گزرنا ؛ تقاطُع کرنا ؛ تنصیب کرنا ؛ بیچ سے کاٹنا ؛ درمیان سے گزر کر حِصّوں میں تقسیم کرنا ؛ بیچ میں سے دو کرنا ؛ چِیرنا ؛ راستہ کاٹنا ۔ (فعل لازم) ایک دُوسرے سے ملنا اور ایک دوسرے کو کاٹنا ؛ مُتقاطِع ہونا ۔

intersection, n. تقاطُع ؛ دوراہا ؛ چوراہا ؛ مقامِ اِنقطاع ، مثلاً کسی گلی یا سڑک کا ؛ کاٹ ۔ (جیومیٹری) نُقطۂ تقاطُع ؛ نُقاط کا وہ مجموعہ جو خطوط یا سُطُوح پر منطبق ہو ؛ مثلّث بندی ۔

intersexual, a. (حیاتیات) دو جنسہ ؛ بین جنسی ؛ دو جنسوں کے درمیان واقع ؛ دونوں جنسوں کے بین بین خصوصیات کا حامِل ۔

intersex, n. (حیاتیات) بین صِنفی ؛ دونوں جنسوں کے خصائل کا حامل فرد ؛ میانِ جنس ۔

intersexuality, n. بین جنسیّت ؛ دو جنسیت ۔

intersexually, adv. بَین جنسی طور پر ؛ دو جنسی انداز میں ؛ دو صِنفی طور پر ۔

interspace, n. وقفہ ؛ فصل ؛ فاصلہ ؛ اشیا کے درمیان زمانی یا مکانی بُعد ؛ درمیانی فضا ۔ (فعل متعدی) بیچ میں خلا پیدا کرنا ؛ درمیانی خلا پُر کرنا ۔

interspatial, a. فاصلاتی ؛ خلائی ؛ بین مقامی ؛ دُور ۔

interspatially, adv. فاصلاتی طور پر ؛ بین مقامی انداز میں ؛ دُور ہونے کے حوالے سے ۔

intersperse, v.t. بیچ میں ڈالنا ؛ دوسری چیزوں کے درمیان بکھیرنا ؛ چیزوں کو بکھیر کر گونا گوں بنانا ؛ بکھیرنا ؛ چھترانا ؛ چھڑکنا ؛ پھیلانا ؛ گُونا گُوں کرنا ؛ بوقلموں کرنا یا بنانا ؛ رنگ برنگ کرنا ؛ طرح طرح کا کرنا ۔

interspersedly, adv. بیچ میں بکھیرتے ہوئے ؛ گونا گُونی طور پر ۔

interspersion, n. درمیان بکھراؤ ؛ پراگندگی ، بِکھری ہوئی چیزوں کی وجہ سے ؛ چھتراؤ ؛ پھیلاؤ ۔

interstate, a. بین مُملکتی ؛ بین ریاستی ؛ ریاستہائے مُتّحدہ امریکا کی ریاستوں میں مشترک (جیسے : interstate commerce) ۔

interstellar, a. بینُ النّجُوم ؛ ستاروں کے درمیان واقع ؛ ستاروں کے درمیان کا ۔

interstice, n. خالی جگہ ؛ درمیانی خلا ؛ چیزوں یا حِصّوں کے درمیان تنگ خلا ؛ درز ؛ چھوٹی جھری ، درز یا شگاف ؛ وقفہ ؛ فاصلہ ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ روزن ۔ (حیاتیات) کسی نسیج یا بافت میں چھوٹا سُوراخ یا جوف ؛ کسی عضو میں بافتوں کا ایک سلسلہ ۔

intersticed, a. خلا دار ؛ جوف دار ؛ فاصلاتی ؛ شگافی ۔

interstitial, a. شگافی ؛ درز دار ؛ فاصلہ دار ؛ بین درزی ؛ بین خلوی ۔ (تشریح الاعضا) کسی ساخت یا اس کے حصّے کے خلیاتی عناصر کے درمیان واقع (جیسے : interstitial tissue) ۔

interstitially, adv. فاصلہ داری سے ؛ درمیانی طور پر ۔

intersubjective, a. (فلسفہ) بین موضوعی جو دو یا زیادہ اشخاص سے متعلّق ہو یا سمجھی جائے جیسے کوئی زبان ۔

intersubjectively, adv. بین موضوعی طور پر ۔

intersubjectivity, n. بین موضوعیّت ۔

intertestamental, a. بین عہُودی ؛ عہد نامۂ قدیم اور عہدنامۂ جدید کی تحریروں کے مابین دو صدیوں کے وقفہ سے متعلّق ۔

intertidal, a. بینِ مدّوجزر ؛ مدوجزر کے نشان کے درمیان ساحلی مَنطِقے سے متعلّق ؛ بین جوار بھاٹا۔

intertropical, intertropic, a. بین المدارین ؛ حارّی ؛ خطِّ سرطان اور خطِّ جَدّی کے مابین واقع۔

intertwine, v.t., v.i. بٹنا ؛ آپس میں گوندھنا ؛ ملا کر گُوندھنا ؛ مروڑنا ؛ اینٹھنا ۔

intertwinement, n. باہم پیچیدگی ؛ گُتھائی ؛ مروڑ ؛ بل ؛ بھانج ؛ اینٹھ ؛ لپیٹ ؛ بٹ ۔

intertwiningly, adv. باہم پیچیدہ طور پر ۔

intertwist, v.t., v.i. بل دینا ؛ ایک دُوسرے کے ساتھ بَٹنا یا گُوندھنا ؛ مروڑنا ؛ بھانجنا ؛ اینٹھنا ۔ (اسم) گُتھائی ؛ بَل ؛ باہم گوندھا ہُوا مواد ؛ مروڑی ؛ بھانج ؛ اینٹھ ۔

intertwistingly, adv. باہم گوندھتے ہوئے ؛ بہم پیچیدہ طور پر۔

interurban, a. بینُ الدّیار ؛ بَینِ شہر ؛ بین نگر ؛ بینِ قریہ ؛ بین الامصار ؛ شہروں کے مابین ۔ (اسم) شہروں کے درمیان حمل و نقل کا نظام ؛ شہری ریل یا بس کا نظام ۔

interval, n. بیچ ؛ (زمانی) وقفہ ؛ فصل ؛ بُعد ؛ فاصلہ ؛ فترت (جیسے : an interval of 11 days)؛ تعطُّل ؛ خلا ؛ اشیا ، نقاط یا حدُود کے درمیان فاصلہ ۔ (برطانوی) کھیل کے حصّوں کے درمیان وقفہ ؛ درمیانی فاصلہ ۔ (ریاضی) اعداد کا وُہ مجمُوعہ جو دیے گئے اعداد کے درمیان تمام اعداد پر مشتمل ہو ، جس میں ایک یا دونوں شامل یا خارج ہوں ۔ (موسیقی) دو سُروں کے درمیان امتدادی فرق ؛ انتر ۔

intervalometer, n. وقفہ جاتی ضابط ؛ وہ آلہ جو کیمرے کے شٹر کو مُقرّرہ وقفے کے مطابق چلاتا ہے ۔

intervene, v.i. حائل ہونا ؛ بیچ میں آنا ؛ مداخلت کرنا ؛ درمیان آنا ؛ وقفہ درمیان آنا (جیسے : A period of peace intervened between the wars)؛ کوئی ایسا اِتّفاقی واقعہ ہونا ، جس سے نتیجہ بدل جائے (جیسے : The game was fun until the snow intervened) ؛ فریقین کے مُلاقات میں دخل اندازی کرکے اِختلافات دُور کرنا یا کسی فریق کی مدد کرنا ؛ بیچ میں پڑنا ؛ گُزرنا ؛ آ پڑنا ؛ دَخل دینا ؛ خلل ڈالنا ؛ حرج یا آڑ ڈالنا ۔ (قانون) قانونی مُقدّمے میں مُداخلت کرنا۔

intervener, intervenor, n. حائل ؛ مداخلت کرنے والا ، دخل انداز ؛ دخیل ۔

intervention, n. وسیلہ ؛ مُداخلت ؛ دخل اندازی ؛ توسُّط ؛ دست اندازی ؛ بیچ بچاؤ ؛ شفاعت ؛ ذریعہ ؛ معرفت ؛ آڑ ؛ دخل ۔

interventionist, n. مداخلت پسند ؛ کسی دُوسری ریاست یا مُلک کے سیاسی مُعـامـلات یا اپنے مُلک کے اقتصـادی معاملات میں وفاقی مداخلت کا حامی ۔

interventionism, n. نظریۂ مُداخلت ؛ مداخلت پسندی ؛ دُوسـرے مُلک کے سیاسی معـامـلات اور اپنے مُلک کے اقتصـادی معاملات میں وفاقی مداخلت کی حمایت کا نظریہ ۔

interview, n. انٹرویو ؛ مواجہہ ؛ مصاحبہ ؛ گُفتگو ؛ مُلاقات ؛ مُذاکرہ ؛ وہ ملاقات جو اُمّیدوار کی صلاحیت و اہلیّت جانچنے کے لیے کی جائے مثلاً کسی ملازمت کے لیے ، اخبار کے نمائندہ اور کسی شخص کے درمیان مُلاقات جس سے اشاعت کے لیے معلومات مطلوب ہوں ؛ ایسی ملاقات کے وقت گفتگو یا اس کی شائع شدہ روداد ۔ (فعل متعدی) انٹرویو کرنا ۔

interviewer, n. انٹرویو کرنے یا لینے والا ؛ مواجہہ کار ؛ ملاقات کرنے والا ؛ گُفتگُو یا سوالات کرنے والا ۔

intervocalic, a. دو حُرُوفِ عِلّت کے درمیان حرفِ صحیح (جیسے : an intervocalic consonant) ۔

interweave, v.t. باہم مِلا کر بُننا ؛ باہم گوندھنا یا بٹنا ؛ سانٹنا ؛ گوندھنا ؛ مِلانا ۔ (مجازاً) باہم ملانا یا وابستہ کرنا ؛ بُنت کرنا آمیخت کرنا (جیسے : to interweave truth and fiction) ۔ (فعل لازم) باہم بُنا جانا ؛ رَلنا مِلنا ؛ باہم آمیختہ ہونا ۔

interweavement, n. باہمی آمیزش ؛ باہم پیچیدگی ۔

interwoven, a. باہم بُنا ہُوا ؛ باہم پیچیدہ ؛ باہم آمیختہ ۔

intestate, a. بلَاوصِیّت ؛ بلاوصیّت تقسیم شدہ ۔ (اسم) متوفّیِ بلاوصیت ؛ وہ شخص جو وصیت کیے بغیر مر گیا ہو۔

intestacy, n. بے وصیتی ؛ وفات بلاوصیّت ؛ بے وصیّت وفات ۔

intestinal fortitude, n. جگر داری ؛ جُرأت ؛ حوصلہ ؛ برداشت ؛ ہمّت ؛ دلیری ؛ بہادُری ؛ شجاعت ؛ جسارت ؛ مقدُور ؛ استطاعت ؛ دلاوری ۔

intestine, n. (اکثر جمع) انت ؛ انتڑی ؛ ودہ ؛ اِمعا ؛ قناتِ ہاضمہ یا غذائی نالی کا نچلا حصّہ جو فَمِ معدہ سے مقعد تک پھیلا ہوتا ہے ۔ دیکھیے : large intestine , small intestine ۔

intestinal, a. اِمعائی ؛ آنتی ؛ اِمعادار ؛ درُونی ؛ انتڑیوں کا ؛ آنتوں کے متعلّق ۔

intestinally, adv. اِمعائی طور پر۔

intestine, a. اندرونی ؛ داخلی ؛ کسی جماعت ، ریاست یا مُلک کے معاملے میں داخلی ؛ گھریلو ؛ درُونی ؛ نج ؛ مُلکی ؛ آپس کا ؛ خانگی ؛ دیسی ۔

intima, n. (تشریحُ الاعضا) بطانہ ؛ کسی عضُو یا حصّے، بالخصوص شریان یا ورید کی انتہائی اندرونی جِھلّی ، تہ یا استر ؛ بمعنی شریان ؛ استرِ جھلّی ، بطُونیہ ۔

intimal, a. بطانہ دار۔

intimate, a. یک جان ؛ گہرا ؛ دِلی ؛ جِگری ؛ قریبی ؛ آشـنـا ؛ سنگتی ؛ یار ؛ قریبی شخصی تعلّق یا تجـربے سے پیدا شُدہ (جیسے : intimate knowledge, an intimate friend) ؛ بہت نِجی یا ذاتی؛ جنسی تعلّقات سے متعلّق یا ان کا حامل ؛ انتہائی باطنی یا بُنیادی نوعیت سے متعلّق ؛ فطری ، خلقی (جیسے : the intimate structure or constitution of some thing) ؛ ذِہن کی گہرائی میں موجُود یا اس کے متعلّق ؛ مانُوس ؛ قلبی (جیسے : intimate beliefs or convictions) ؛ انتہائی اندرونی ؛ گہرائی میں ، گہرا (جیسے : the most intimate recesses of the heart) ۔ (کیمیا) یک جان ؛ ذرّات یا عناصر کی نہایت قریبی آمیزش یا اِتّحاد ۔ (اسم) قریبی دوست یا ساتھی ؛ محرمِ راز ؛ دِلی دوست ۔

intimately, adv. قریبی طور پر ؛ دِلی طور پر ؛ یکجا طور پر ؛ بہ دل و جان ؛ بہ اِختلاط ؛ بے تکلُّفانہ ، نہایت مِلے جُلے انداز میں ۔

intimate, v.t. اشارہ کرنا ؛ اِطلاع دینا ؛ اِیما کرنا ؛

جتانا ؛ آگاہ کرنا ؛ مُطلع کرنا ؛ واقف کرنا ؛ بیان کرنا ۔ (قدیم) اعلان کرنا ؛ مشہور کرنا ۔

intimater, n. اِطّلاع دینے والا ؛ اِشارہ کُنندہ ؛ اِطّلاع دہندہ ۔

intimation, n. کنایہ ؛ اِطّلاع ؛ اشارہ ، اِیما ؛ اعلان ؛ مشہوری ؛ آگاہی ۔

intimidate, v.t. دھمکانا ؛ ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا ؛ تخویف کرنا ؛ ڈپٹنا ؛ ڈانٹنا ؛ ڈرانا دھمکانا؛دہلانا ؛ خَوف دلا کر کسی کام کے کرنے یا اس سے باز رہنے پر مجبور کرنا (جیسے : to intimidate a witness) ۔

intimidation, n. دھمکی ؛ تخویف ، ترہیب ؛ دہشت ؛ ڈر ؛ ڈانٹ ڈپٹ ۔

intimidator, n. دھمکانے والا ؛ خوفزدہ کرنے والا ؛ ترہیب کُنندہ ؛ دہشت زدہ کرنے والا ۔

intinction, n. (کلیسیات) عشائے ربّانی کی روٹی شراب میں بھگونا تا کہ عشائے ربّانی کی عبادت میں دونوں چیزیں یکجا استعمال کی جا سکیں ۔

intitle, v.t. دیکھیے : Entitle ۔

intitule, v.t. (برطانوی) نام یا لقب دینا جیسے کسی قانُون کو ؛ عُنوان دینا ۔

intitulation, n. تسمیہ ؛ تلقیب ؛ اَلقاب دہی ۔

into, prep. بیچ میں ؛ میں ؛ اندر ؛ در ؛ درمیان ؛ طرف ؛ حرفِ ربط جو کسی مقام یا چیز کی اندر کی طرف حرکت یا سمت ظاہر کرتا ہے (جیسے : going into a house) ؛ سامنے ، کسی مقام تک یا چُھوتے ہوئے (جیسے : walk into a closed door) ؛ دُخُول یا شُمُول کی علامت (جیسے : screwing a fuse into the socket) ؛ داخلہ یا شرکت کی علامت (جیسے : welcomed into the community) ؛ کسی حالت ، صورت حال یا پیشے میں شُمول کی علامت (جیسے : fell into Confusion, went into teaching)؛مکان یا زمان کی توسیع کی علامت (جیسے : lasting far into the night) ؛ تقسیم کی علامت (جیسے : Two into eight equals four)؛عــام طور پر ضرب کی علامت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے) ۔

intolerable, a. ناقابل برداشت ؛ تحمُّل ناپذیر ؛ ناقابل تحمّل ؛ جو جھیلا نہ جا سکے ؛ غیر متحمّل ؛ ناجائز ؛ ناروا ۔

intolerableness, n. تحمّل ناپذیری ؛ غیر متحملیت ؛ ناجائز پن ۔

intolerably, adv. ناقابل برداشت طور پر ؛ بہ شِدّت ؛ نہایت ۔

intolerant, a. غیر مُتحمّل ؛ عدم رواداری ؛ ناروا دار ؛ دُوسروں کی آرا، حُقُوق، مذہبی عقائد وغیرہ کو برداشت نہ کرنے والا ؛ متعصّب ؛ نابُردبار ؛ کٹّر ؛ جو برداشت نہ کر سکے (of کے ساتھ) ؛ نافراخ دِل ؛ غیر وَسیعُ القلب؛ تنگ خیال ۔ (اسم) متعصّب شخص ؛ ناروا دار شخص ۔

intolerantly, adv. ناروا داری سے ؛ تعصُّب سے ؛ مُتعصّبانہ انداز میں ؛ تنگ خیالی سے ۔

intolerance, n. ناروا داری ؛ تعصُّب ؛ عدم تحمُّل ؛ عدم رواداری ؛ غیر متحمّل پن ؛ تنگ خیالی ۔

intomb, v.t. دیکھیے : Entomb ۔

intonate, v.t. کسی خاص لہجے یا لحن سے بولنا ؛ لحن سے ادا کرنا؛ آواز دینا ۔

intonation, n. تلحین؛ لہجہ؛ بولتے ہوئے آواز کے زیروبم میں تبدیلی ، جس سے اکثر معنی بدل جاتے ہیں ، بولیوں میں خصوصیّت پیدا ہوتی ہے یا جذباتی ردِّعمل کا اِظہار ہوتا ہے؛ بجانے ، گانے یا بولنے میں دُھن یا لحن پیدا کرنے کا طریقہ؛ لحن میں پڑھنے کا فعل ؛ کوئی چیز جو لحن سے ادا کی گئی ہو ؛ سادہ گیت یا گریگورین مناجات کے ابتدائی سُر یا الفاظ ؛ سُر ؛ آواز ؛ گیت کے پہلے الفاظ ؛ آواز کا اُتار چڑھاؤ ۔

intonational, a. لحنی ؛ الحانی ۔

intone, v.t., v.i. لحن سے بولنا ؛ مترنّم آواز یا لہجے میں ادا کرنا مثلاً کلیسائی عبادت میں ؛ گانا ؛ ایک دُھن میں پڑھنا ؛ لمبی آواز کرنا ؛ آواز بڑھانا ؛ لحن سے پڑھنا ؛ خاص لہجے میں ادا کرنا؛ مُترنّم آواز میں بولنا یا پڑھنا بِالخصوص ہم آہنگی سے ؛ بُلند دھنوں میں یا لہجے میں ادا کرنا ۔

intoner, n. لحن سے ادا کرنے والا ۔

intort v.t. اندر کی طرف مروڑنا ؛ بل دینا؛ پیچ ڈالنا ؛ مروڑنا ؛ اینٹھنا ؛ تاب دینا ۔

intorsion, intortion, n. مروڑ ؛ پیچیدگی ؛ پیچ ؛ بل ؛ کسی محور کے گرد عُموماً اندر کی طرف بل کھانے کا عمل ، جیسے کوئی بیل کسی کھمبے یا سُتُون کے گرد ۔

intoxicant, n. نشہ آور چیز (جیسے : an intoxicant liquor or drug) ۔ (صفت) نشہ آور یا ہیجان خیز ؛ مُسکِر ؛ مُنشّی ؛ نشیلا (جیسے : an intoxicant atmosphere) ۔

intoxicate, v.t. نشہ پیدا کرنا، مخمُور کرنا ، مثلاً شراب سے ؛ مست کرنا؛ مدہوش کرنا ؛ سرشار کرنا ۔ (مجازاً) جوش دلانا؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ جوش یا ولولہ بلند کرنا ، جُنُون پیدا کرنا ۔ (طبّ) مصل (سیرم) یا دوا کے ذریعے زہر آلُود کرنا ؛ مسمُوم کرنا ۔ (فعل لازم) نشہ آور طاقت رکھنا(نیز صفت) ۔

intoxicated, a. مخمُور ؛ مست ؛ مسمُوم وغیرہ ۔

intoxicatedly, adv. مخمُوری سے ؛ مَستی سے ؛ کَیف سے وغیرہ۔

intoxicating, a. نشیلا ؛ نشہ آور ؛ مخمُور کُن ؛ مستی آور ؛ مسمُوم کُنندہ ؛ نشے دار ؛ مُسکِر ؛ کَیف آور۔

intoxicatingly, adv. مخمور کُن طور پر ؛ مُسکِرانہ ؛ بے خُودی سے ؛ والہانہ انداز میں۔

intoxication, n. سُکر ؛ نشہ ؛ مخمُوری ؛ مجنونانہ جوش ؛ تسمیم ؛ سرشــاری ؛ بے ہوشی ؛ مدہــوشی ؛ بدمَستی ؛ متــوالا پَن ؛ کَیف ؛ بے خُودی ؛ والہانہ پن۔

intracellular, a. (حیاتیات) بَینُ الخلوی ؛ خلیے کے اندر واقع ؛ درُون خلوی۔

intractable, a. بے قابو ؛ بے لگام ؛ ہٹیلا ؛ ضِدّی ؛ جسے کام میں لانا یا استعمال کرنا مُشکل ہو ، مثلاً دھاتیں ؛ جس کا علاج کرنا مشکل ہو ، مثلاً بیماری ؛ سرکَش ؛ نافرمان ؛ دِقّت طلب ؛ پیچیدہ ؛ مُنہ زور ؛ تربیّت ناپذیر ؛ دُشوار۔

intractability, intractableness, n. سرکَشی؛ ضِد؛ سختی ؛ علاج ناپذیری ؛ نافرمانی ؛ دِقّت ؛ ہٹ ؛ پیچیدگی ؛ مُنہ زوری ؛ تربیّت ناپذیری ؛ مُشکل پن ۔

intractably, adv. بے قابو طور پر ؛ سرکشی سے ؛ نافرمانی سے ؛ دقّت سے ؛ مُنہ زوری سے ؛ تربیت ناپذیرانہ ۔

intracutaneous, a. (تشریح الاعضا) درُون جلدی ۔

intracutaneous test, درُون جلدی آزمایش ؛ حسّاسیّت یا بیش حسّی معلوم کرنے کے لیے امتحان جس میں رقیق تریاق زا جسم میں داخل کیا جاتا ہے ۔

intracutaneously, adv. درون جلدی طور پر ۔

intradermal, intradermic, a. (تشریح الاعضا) درُون جلدی ؛ جلد کے اندر یا جلد کی پرتوں کے درمیان ، مثلاً ٹیکا ؛ درون اَدَمی ۔

intradermally, intradermically, adv. درون جلدی طور پر ۔

intrados, n. (فنّ تعمیر) محراب کا اندرُونی خم ؛ شکم محراب ؛ اندرُونی محراب ۔

intramolecular, a. درون سالماتی ۔ درسالمی ؛ سالمے کے اندر واقع ۔

intramolecularly, adv. درسالمی طور پر ؛ درون سالماتی انداز میں ۔

intramural, a. درُون دیواری ؛ چار دیواری کے اندر ؛ کسی ادارے یا جماعت کی حدود کے اندر واقع کسی مدرسے کے اندر کسی مقابلہ سے متعلق (جیسے : intramural swimming meet) ۔ (تشریح الاعضا) کسی عضو یا جوفِ بدن کی دیوار کے مادّے کے اندر ۔

intramurally, adv. درُون دیواری طور پر ؛ داخلی طور پر ۔

intramuscular, a. درُون عُضلاتی ؛ کسی عُضلے کے اندر واقع یا اس کے اندرونی حصّے کو متأثر کرنے والا ۔

intramuscularly, adv. درُون عضلاتی طور پر ۔

intransigent, intransigeant, a. کٹر ؛ ہٹ دھرم ؛ سخت ؛ انتہا پسند ؛ سمجھوتہ نہ کرنے والا ؛ ناقابل مصالحت ؛ سخت مُخالف ؛ بے لچک ؛ متبائن ؛ منافی ۔

intransigence, intransigency, n. کٹر پن ؛ ہَٹ دھرمی ؛ سختی ؛ بے لچکی ؛ انتہا پسندی ۔

intrasigentist, n. انتہا پسند فرد ؛ بے لچک / سخت انسان ۔

intransigently, adv. کٹر پن سے ؛ سختی سے ؛ انتہا پسندانہ ؛ بے لچکی سے ۔

intransitive, a. لازمی ؛ لازم ؛ فعلِ لازم کی نوعیّت سے منسوب ؛ غیر متعدی ۔

intransitive verb, (گرامر) فعل لازم ؛ وہ فعل جو خُود ہی فاعل کی تکمیل کر دے اور اسے مفعول کی ضرورت نہ ہو ۔

intransitively, adv. بطور لازم ؛ بطورِ فعل لازم ۔

intransitiveness, n. لازمیّت ۔

intrant, n. مدخِل ؛ داخل ہونے والا ؛ وارد بالخصوص کسی تنظیم ، تعلیمی ادارے یا مُقدّس سلسلے میں ؛ شریک ہونے والا ۔

intrapsychic, a. (نفسیات) درون شعُوری ؛ درون نفسی ؛ نفس ، ذہن یا شعُور میں واقع یا پیدا ہونے والا ، مثلاً متصادم مُحرّکات ایک ہی شخص میں ۔

intraspsychical, a. درُون نفسیانہ ؛ درون شعُورانہ ۔

intrapsychically, adv. درون نفسی طور پر ۔

intraspecific, a. (حیاتیات) درُون نوعی ؛ ایک ہی نوع کے افراد میں واقع ہونے والا ۔

intrastate, n. درون ریاستی ، ایک ہی ریاست میں واقع ہونے والا یا زیرِ عمل ۔

intrauterine, a. دورن رِحمی ، رِحم میں واقع یا موجود ۔

intrauterine device, رحم کے اندر مستقل مانع حمل دوا رکھنے کا آلہ مثلاً پلاسٹک کا چھلاّ (مخفف IUD) ۔

intravenous, a. درُون وریدی ؛ ورید یا وریدوں میں واقع یا داخل کیا جانے والا ، بالخصوص ٹیکے کے ذریعے ؛ دروریدی ۔

intravenously, adv. درُون وریدی طور پر ۔

intravitam, intravital, a. (حیاتیات) حِین حیات ؛ زندگی کے دوران میں واقع ہونے والا ؛ زندہ معمول پر استعمال کیا جانے والا جیسے کوئی رنگ جو زندہ خلیات کو نہ مارے ۔

intrazonal, a. (زراعت) درُون علاقائی ؛ زمینوں کے اس بڑے طبقے کے متعلّق ، جس کی خصوصیات، آب و ہوا اور نباتات کے ماحولی عوامل سے تبدیل نہیں ہوتیں ۔

intrench, v.t. دیکھیے : Entrench

intrepid, a. نڈر ؛ دلیر ؛ بہادُر ؛ جرّی ؛ بیباک ؛ بے خوف ؛ جانباز ؛ شُجاع ۔

intrepidity, intrepidness, n. جُرأت ؛ شُجاعت ؛ دلیری ؛ بُہادری ؛ بیباکی ؛ جانبازی ؛ جوانمردی ۔

intrepidly, adv. دلیری سے ؛ بیباکی سے ؛ مردانہ وار ؛ دلیرانہ ۔

intricate, a. پیچیدہ ؛ اُلجھا ہُوا ؛ عقدۂ مُشکل ؛ پُرپیچ ؛ دُشوار ؛ پیچ در پیچ ؛ پیچ دار ؛ اَدق ؛ جس کو سمجھنا مُشکل ہو ؛ دِقت طلب ؛ گُنجلک ۔

intricacy, n. پیچیدگی ؛ اُلجھی ہوئی چیز ؛ الجھیڑا ؛ پیچ ؛ لپیٹ ؛ دِقّت ؛ دُشواری ؛ اُلجھن ؛ گُنجلک پن ۔

intricately, adv. پیچیدگی سے ؛ مُشکل سے ؛ پیچ سے ؛ اُلجھاؤ سے ؛ پیچیدہ عبارت میں ؛ پیچیدہ انداز میں ۔

intricateness, n. پیچیدگی ؛ اُلجھاؤ ۔

intrigant, intriguant, n. سازشی ؛ دِسیسہ کار شخص ؛ دسّاس ۔

intrigante, intriguante, n. سازشی عورت ؛ دسّاسہ ۔

intrigue, v.t., v.i. سازِش کرنا ؛ کسی کا تجسُّس بیدار کرنا ؛ کسی کی دلچسپی بیدار کرنا ؛ فریب دینا ؛ پریشان کرنا ؛ فکر مند کرنا ؛ ساز باز کرنا ؛ سانٹھ گانٹھ کرنا ؛ جُھوٹی محبّت کرنا ؛ محبّت کا ڈھونگ رچانا ۔ (اسم) دسیسہ کاری ؛ ساز باز ؛ سازش ؛ جُھوٹی یا ناجائز محبّت ؛ کسی تمثیل کے پلاٹ میں پیچیدگیوں کا سلسلہ ۔

intriguer, n. سازش کرنے والا ؛ سازشی ؛ دسّاس ؛ دَسیسہ کار ؛ ساز باز کرنے والا فرد ۔

intriguing, a. سازشی یا دسّاس ؛ ساز باز کرنے والا ۔

intriguingly, adv. سازش سے ؛ سازباز کے انداز میں ۔

intrinsic, intrinsical, a. خلقی ؛ پیدایشی ؛ نفسی ؛ عینی ؛ معنوی ؛ لازمی ؛ ذاتی ؛ فِطری ؛ جبلّی ؛ درونی ۔ (تشریح الاعضا) مکمّل طور پر جسم سے متعلّق یا جسم کے کسی حصّہ کے اندر ، جیسے بعض عضلات ۔

intrinsically, adv. خلقی طور پر ؛ پیدایشی طَور پر ؛

ذاتی طور پر ؛ بنفسہ ؛ فی نفسہ ؛ درُونی طور پر۔

intrinsicalness, n. خِلقت ؛ فطرت ؛ ذاتیّت ؛ درُونیت ۔

intrinsic factor, n. ذاتی عامل ؛ معدہ یا آنتوں کی مخاطی جھلّی کا ایک عُنصر جو جسم میں حیاتین ب ۱۲ جذب ہونے کے لیے ضروری ہے ۔

introduce, v.t., v.i. متعارّف کرانا ؛ واقفیّت کرانا ؛ واقِف کرنا ؛ شناسائی کرانا ؛ تعارُف کرانا ؛ کسی شخص یا اشخاص کو دُوسروں کے سامنے پیش کرنا؛ سامعین ، عوام وغیرہ کے سامنے پہلی مرتبہ لانا ؛ سرکاری توجُّہ کے لیے پیش کرنا مثلاً کوئی تجویز یا مُسوّدۂ قانون ؛ پہلی دفعہ کسی بات سے آگاہ کرانا (to کے ساتھ) ؛ آغاز کرنا ، اجرا کرنا (جیسے : to intruduce a new company policy) ؛ شُروع کرنا؛ ظاہر کرنا ، آغاز کرنا ، مثلاً کسی موضع یا تقریر کا ؛ داخل کرنا ؛ شامل کرنا ؛ تمہید اُٹھانا ؛ آغاز کرنا ۔

introducer, n. تعارف کُنندہ ؛ مُتعارف کرانے والا ؛ جاری کرنے والا ؛ داخل کرنے والا؛ شرُوع کرنے والا ؛ پیش کرنے والا۔

introduction, n. تعارُف ؛ واقفیّت ؛ کسی شخص یا مُسوّدۂ قانون یا نظریہ کا رسمی تعارف یا پیش کَش ؛ وہ شے جس کو مُتعارف کرایا گیا ہو ؛ کسی کتاب ، مقالے یا موسیقی کا وہ حصّہ جو اصل سے پہلے آتا ہے ؛ دیباچہ یا تمہید ؛ ابتدائی یا مبادیاتی مضمون (جیسے : an introduction to biology)۔

introductory, introductive, a. تعارُفی ؛ مبادیاتی ؛ تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ مُقدّماتی ؛ افتتاحی ۔

introductorily, adv. تعارُفی طور پر ؛ بطورِ تمہید ؛ اِفتتاحی انداز میں ؛ بطور مُقدّمہ ۔

introit, n. (عموماً بڑے I کے ساتھ) (رومی کیتھولک کلیسا) مناجات ؛ عشائے ربّانی کا پہلا حصّہ ، جس میں گیت ، مناجات اور گلوریا پیٹری شامل ہوتے ہیں ؛ موسیقی کی دُھن جو کلیسا میں عبادت کے آغاز کے لیے مرتب کی گئی ہو۔

introject, v.t. (تحلیل نفسی) درانداز کرنا ؛ اپنے رویے میں (خارجی اثرات بالخصوص دوسرے افراد کے خصائص) شامل کرنا۔

introjection, n. رویے میں شُمُول ؛ بلع ذہنی ؛ دَراندازی ۔

introrse, a. (نباتیات) درُون رُخہ ؛ درون رُو ؛ درُون رُخ ؛ درون رُویہ ؛ اندر کی طرف مڑا ہُوا ، مثلاً زیرہ دان جو پُھول کے مرکز کی طرف کھلتا ہے ؛ (برون رخ (extrorse) کے برعکس) ۔

introspect, v.t. اپنے اِحساسات و خیالات کا مطالعہ یا امتحان کرنا ؛ اپنی نفسی کیفیات کا خود مُطالعہ کرنا ؛ مشاہدۂ نفس کرنا۔ (فعل لازم) اندر دیکھنا ؛ اپنے باطِن یا اپنی ذات کا مُشاہدہ کرنا ؛ مشاہدۂ نفس میں مُستغرق ہونا ۔

introspection, n. درون بینی؛ مشاہدۂ باطِن؛ ذہنی و دماغی عمل کا جائزہ ؛ معائنۂ نفس ؛ مشاہدۂ نفس ؛ مُطالعۂ باطِن؛خود نگری ۔

introspectional, introspective, a. دروں بیں ؛ مشاہد نفس؛خودنگر ۔

introspectiveness, n. مشاہدۂ نفس ؛ معائنۂ نفس ؛ مُطالعۂ باطِن ۔

introspectionist, n. قائل مشاہدۂ نفس ؛ مشاہدۂ نفس کا خُوگر؛ ماہرِ معائنۂ نفسی ؛ خُودنگر۔

introspectively, adv. مشاہدۂ نفس کے طور پر ؛ خُود نگری سے ۔

introversion, n. درون گردانی ؛ درُوں برگشتہ حالت؛ درون بینی۔ (نفسیات) باطِن پسندی ، باطنِیّت ؛ خارجی دُنیا کی بجائے اپنے باطن کی طرف میلان یا توجّہ ؛ داخلیت (خارج پسندی (extroversion) کے برعکس) ؛ مُطالعۂ باطن ۔

introversive, a. باطِن پسند ؛ خُود نِگر۔

introversively, adv. باطِن پسندی سے ۔

introvert, v.t. اندر کی طرف مُڑنا ؛ اندر کو موڑنا ۔ (نفسیات) باطِن کی طرف یا اپنی ذات کی طرف ذہن لگانا ؛ مطالعۂ باطِن کرنا ۔ (حیوانیات) ایک حصّہ دُوسرے میں ملفوف کرنا ؛ غلاف میں رکھنا ۔ (اسم) (نفسیات) دروں بِیں شخص ؛ شرمیلا یا لیادیا شخص ۔ (حیوانیات) وہ حصہ جسے اندر کی طرف موڑا جا سکے ۔

introverted, introvert,a. مشاہدۂ باطِن میں مشغُول ؛دروں بیں ؛ درون کشیدہ ؛ اندر کو مُڑا ہوا ۔

intrude, v.i. گُھسنا ؛ زبردستی گُھسنا ؛ بیجا مُداخلت کرنا ؛ بن بُلایا مہمان بننا ؛ دوسروں پر خود کو مُسلّط کرنا ؛ تجاوُز کرنا؛ دست اندازی کرنا ؛ مداخلت بیجا کرنا ۔ (فعل متعدی) زبردستی داخل کرنا۔ (ارضیات) نُفُوذ کرنا؛ زبردستی داخل کرنا ۔

intruder, r. مُخِل؛ مداخلت کار؛ دخل انداز؛ بیٹھنے یا گُھس جانے والا ؛ دست انداز ؛ گُھس بَیٹھیا ۔

intrusion, n. مُداخلت کاری ؛ خَلَل اندازی؛ دخلِ بِلا اجازت یا مرضی ۔ (قانون) کسی کی زمین یا حدود میں غیر قانُونی مداخلت؛ مداخلت بیجا ۔ (ارضیات) چٹانی دُخُول ؛ دُوسری چٹان میں پگھلی ہوئی چٹان کا زبردستی نُفُوذ ۔

intrusive, a. دخل انداز؛ مُخِل ؛ درآمدہ؛ بن بلائے چلے آنے والا؛ مُداخلت کرنے والا ۔

intrusively, adv. بیجا مُداخلت سے

intrusiveness, n دخل اندازی؛ بے جا مُداخلت؛ درآمدگی ۔

intrust, v.t. دیکھیے : Entrust ۔

intubate, v.t. (طِب) جوف دار عُضو میں نلکی داخل کرنا ، مثلاً نرخرہ میں تنفُّس کی سہولت کے لیے ۔

intubation, n. ادخال نلی ؛ نلکی داخل کرنے کا عمل ۔

intuit, v.t., v.i. وجدان کے ذریعہ معلُوم کرنا یا معلُوم ہونا؛ ادراک ہونا ؛ القا ہونا؛ کَشف ہونا ؛ وِجدان ہونا ۔

intuitable, a. قابل ادراک ؛ قابل اِلقا۔

intuition, n. وجدان ؛ بداہت ؛ اِلہام ؛ القا؛ اِدراک ؛ وہ عِلم جو ذہن براہ راست استدلال اور تجزیہ کے بغیر حاصل کرے ؛ وجدانی عِلم ؛ کَشف ؛ وہ حقیقت جو بصیرت کے ذریعے حاصل ہو ؛ آمد ؛ اِستدلال اور غور و فکر کے بغیر صداقت کا ادراک کرنے کی استعداد ؛ ایک چیز کا خیال جو از خُود ذہن میں پیدا ہو جائے ۔

intuitional, a. وجدانی ؛ کَشفی ؛ بداہتی ؛ اِلہامی ۔

intuitionism, intuitionalism, n. کشفیت ؛ وِجدانیت ؛ اِلہامیت ۔ (فلسفہ) یہ عقیدہ کہ بُنیادی حقائق کا اِدراک استدلالی و عقلی کی بجائے وِجدانی طور پر ہوتا ہے ۔ (اخلاقیات) یہ عقیدہ کہ اخلاقی اُصُول اور فیصلے وِجدانی طور پر حاصل ہوتے ہیں ۔ (مابعد الطبیعیات) یہ عقیدہ کہ وِجدان محسوس اشیا کی حقیقت ظاہر کرتا ہے ۔

intuitionist, n. وجدانیّت پسند ؛ قائلِ وجدانیّت ؛ کاشِف ؛ مُتکاشِف ؛ مُلہِم ۔

intuitive, a. بدیہی ؛ وجدانی ؛ اِلہامی ؛ جسے وجدان نے براہِ راست استدلال کی مُداخلت کے بغیر محسوس کیا ہو ؛ بذریعہ وجدان حاصل شدہ ؛ صاحبِ الہام ؛ صاحبِ وجدان ؛ وجدانی قوّت کا مالک ۔

intuitively, adv. وجدانی طور پر ؛ الہامی طور پر ؛ بدیہی انداز میں ؛ بہ اِلقا ۔

intuitiveness, n. وجدانیت ؛ وجدانی قوّت ؛ بداہت ۔

intumesce, v.i. بڑھنا یا پھیلنا مثلاً حرارت سے ؛ پُھولنا ، مُتورّم ہونا ؛ سُوجنا ؛ بڑھنا ۔

intumescence, n. پھیلاؤ ؛ وَرم ، سُوجن ؛ پُھولن ؛ تورُّم ۔

intumescent, a. متورّم ؛ پھیلنے والا ؛ پھیلا ہُوا ؛ ضخیم ۔

intussuscept, v.t. اندر لینا یا کھینچنا مثلاً آنت کا کوئی حصّہ ملحقہ حصّے میں ؛ ملفوف کرنا ؛ اِنغماد کرنا ۔

intussusception, n. اندرکَشی ؛ اِغلاف ؛ اِنغماد ؛ اِمتصاص ؛ اندماج ؛ بین بسط ؛ اندر لینے یا کھینچنے کا عمل ۔ (فعلیات) بیرونی مواد اندر کھینچنے کا عمل مثلاً غذا کو زندہ عضُویہ کا اندر کھینچ کر زندہ بافت میں بدلنے کا عمل ۔ (نباتیات) دیوارِ خلیہ کی افزایش دیوار میں موجود ذرّات میں نئے ذرّات کے شُمُول کے ذریعہ ۔ (امراضیات) ایک حصّے کا دُوسرے میں حصولِ مثلاً جب آنت کا ایک حصّہ دوسرے ملحقہ حصّے میں شامل ہو جائے ، جس سے رکاوٹ پیدا ہو ؛ اِغلاف ؛ اِنغماد ۔

intussusceptive, a. اندماجی ؛ اندرکَشانہ ؛ اِغلافی ؛ اِنغمادی ۔

inulase, n. (حیاتی کیمیا) انولیز ؛ ایک خامرہ جو انولین کو شکر میوے میں تبدیل کر دیتا ہے ، مگر نشاستے پر اثر انداز نہیں ہوتا ۔

inulin, n. (حیاتی کیمیا) انولین ؛ ایک سفید شکر نُما مادّہ جو بعض پودوں مثلاً طرطوفہ اور گُلِ کواکب سے حاصل کیا جاتا ہے ، جو آب پاشیدگی سے شکر میوہ پیدا کرتا ہے ۔

inunction, n. تدہین ؛ مالِش ۔ (طِب) کسی روغن یا طِلا کی مالش ؛ مالِش تیل ۔

inundant, a. غرق کُن ؛ طُغیان کُنندہ ؛ طُغیانی والا ۔

inundate, v.t. کناروں سے باہر بہنا ؛ سیلاب میں ڈبونا ؛ غرق کرنا ؛ کسی چیز کی فراوانی یا کثرت سے مغلوب کرنا ؛ ریل پیل کرنا ؛ ڈبو دینا ؛ غرقاب کرنا ؛ تہ آب کر دینا ؛ طوفان برپا کر دینا ؛ بھرمار کرنا (جیسے : The post office was inundated with holiday mail) ۔

inundation, n. غرقابی ؛ سیلاب ؛ اِفراط ؛ طُغیانی ؛ طُوفان ؛ باڑھ ؛ ریل پیل ؛ زیادتی ؛ شِدّت ؛ چڑھاؤ ؛ کثرت ۔

inundator, n. غرق کرنے والا ؛ سیل آور ؛ طُغیانی زا ؛ اِفراط کُنندہ ؛ طُوفان خیز ؛ بھرمار کرنے والا ۔

inundatory, a. سیلابی ؛ طُغیان کُنندہ ؛ مُفرط ؛ طُوفانی ؛ شدید ۔

inurbane, a. ناشایستہ ؛ گاؤدی ؛ گنوار ؛ غیر مہذّب ؛ گُستاخ ؛ اُجڈ ؛ کج خُلق ۔

inurbanity, n. گنوار پن ؛ ناشایستگی ؛ گُستاخی ؛ اُجڈ پن ؛ بے ادبی ؛ بے سلیقگی ؛ بد تہذیبی ؛ کج خُلقی ۔

inure, enure, v.t., v.i. عادی بنانا ، بالخصوص کسی ناپسندیدہ چیز کا (جیسے : inure oneself to toil and hardship) ؛ عادی کرنا ؛ خوگر کرنا ؛ کارگر اور مفید بننا ؛ کام میں آنا ؛ لگنا ؛ مستعمل ہونا ۔

inurement, n. خُوگرفتگی ؛ خوگر سازی ؛ خُوگری ؛ عادت ؛ خُو ؛ ربط ؛ مشق ؛ دستُور ؛ استعمال ؛ محاورہ ۔

inurn, v.t. خاکدان میں رکھنا ؛ مرتبان میں رکھنا ؛ کُوزے میں رکھنا بالخصوص مردے کے پُھول (راکھ) ؛ دفن کرنا ؛ قبر میں اتارنا ؛ دابنا ؛ گاڑنا ؛ مٹّی دینا ۔

inurnment, n. تدفین ؛ گاڑنے کا عمل ؛ مٹّی دہی ؛ خاکدان میں مُردے کی راکھ رکھنے کا عمل ۔

inutile, a. بیکار ؛ ناکارہ ؛ غیر مُفید ؛ غیر نافع ؛ نکمّا ؛ فُضُول ؛ بے فائدہ ۔

inutility, n. نکمّا پن ؛ عدم افادیّت ؛ ناکارہ چیز ؛ لاحاصلی ؛ فضولیت ۔

invacuo, adv. خلا کے اندر ؛ خلا میں ۔

invade, v.t., v.i. حملہ کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ حملہ آور ہونا ؛ فوج کَشی کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ کسی مُلک یا علاقے میں فتح یا غارت گری کے لیے مُسلّح افواج کے ساتھ داخل ہونا ؛ معاندانہ مداخلت کرنا ؛ دُشمن کی حیثیّت سے داخل ہونا (جیسے : disease invades the system) ؛ قبضہ کرنے یا مغلُوب کرنے کے لیے داخل ہونا ؛ دخل اندازی کرنا ؛ تجاوُز کرنا مثلاً تخلیے یا خیالات میں ؛ خلل اندازی کرنا یا دست اندازی کرنا ۔

invader, n. حملہ آور ؛ چڑھائی کرنے والا ؛ دخیل ؛ چڑھ آنے والا ؛ دھاوا بولنے والا ۔

invaginate, v.t. غلاف میں ڈالنا یا غلاف چڑھانا ؛ نیام میں ڈالنا ؛ تہ کرنا ؛ اِنغماد کرنا ؛ میان میں رکھنا ؛ مغلُوب بنانا ؛ کسی نلی دار چیز کو اس طرح کھینچنا کہ اس کے مختلف بُنیادی حصّے مدغم ہو جائیں ؛ اندر کو موڑنا ؛ اندر لینا ۔ (فعل لازم) غلاف میں ہونا ؛ ملفُوف ہونا ۔ (صفت) ملفُوف ؛ تہ کِیا ہُوا ؛ اپنے آپ پر لپٹا ہُوا ۔

invagination, n. اِنغماد ؛ اِغلاف ؛ غلاف شُدگی ؛ اغماد ؛ ملفوف حصّہ ؛ ملفُوف کرنے کا عمل : ملفوف شُدہ چیز ؛ ملفُوفی کیفیت ۔ (امراضیات) اندر کَشی ؛ اِنغماد ، مثلاً آنت کے حصّہ کا ۔ (جنین) معدیہ/شکمیہ کی تشکیل کے لیے نہیض/نُہضہ کا دیوار کے ایک حصّے کو اندر کھینچنے کا عمل ۔

invalid, n. اپاہج شخص ؛ معذورُ الخِدمت ؛ کسی اپاہج کرنے والے زخم سے طویل بیماری میں مبتلا شخص ؛ وہ شخص جسے بڑھاپے یا بیماری نے اپاہج کر دیا ہو ؛ وہ شخص جو معذوری کی بنا پر عملی خدمت کا اہل نہ رہے جیسے سپاہی یا ملاح ۔ (صفت) اپاہج ؛ بِیمار ؛ کمزور ؛ ماندہ ؛ معذُور سے متعلّق یا معذُور کے لیے ۔ (فعل متعدی) کسی کو اپاہج بنانا ؛ نااہل بنانا ۔ (برطانوی) بیماری یا معذوری کے سبب فوجی ملازمت سے ہٹانا ؛ معذوروں کی فہرست میں داخل کرنا ؛ بیکاروں کی فہرست میں داخل کرنا ۔ (فعل لازم) اپاہج ہونا ؛ معذُورُ الخِدمت ہو جانا ؛ بیمار پڑنا ؛ علیل ہونا ؛ مجروح یا بیمار قرار پانا ۔

invalid, a. بے وقعت ؛ بے وَزن ؛ غیر مُعتبر ؛ باطِل مثلاً دلیل ؛ ناجائز ؛ بے اَثر مثلاً معاہدہ ؛ ناقص ؛ فاسد ؛ ماندہ ۔

invalidity, n. عدم اعتبار ؛ بے وقتی ؛ بے اثری ؛ ناقص پن ؛ فاسدیت ؛ ناجوازی ؛ ماندگی ؛ معذُوری ؛ بُطلان ؛ علالت ؛ مرض ؛ جسمانی کمزوری ۔

invalidly, adv. غیر مُعتبر طور پر ؛ ناجائز طور پر ؛ ناقصانہ ؛ فاسدانہ ؛ بے ضابطہ طور پر ؛ بغیر قانُونی حیثیّت کے ۔

invalidate, v.t. غیر مؤثّر کرنا ؛ ناجائز قرار دینا ؛ باطِل کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ ناجائز کرنا ؛ جُھوٹا کرنا ؛ بیکار کرنا ؛ مُعطّل کرنا ؛ بے ضابطہ قرار دینا ؛ قانُوناً بے اثر کرنا ؛ معذور قرار دینا ۔

invalidation, n. اِبطال ؛ باطِل سازی ؛ ناجائز/معذور قرار دینے کا عمل ؛ بُطلان ؛ ناجوازی۔

invalidator, n. ناجائز/معذور قرار دینے والا ؛ باطِل قرار دینے والا ؛ باطِل کنِندہ ۔

invalidism, n. معذوریت ؛ معذُوری ؛ طویل بیماری ؛ اپاہج پن ؛ کُہنہ پن ؛ مرضیت ؛ کُہنہ علالت ۔

invaluable, a. ان مول ؛ بے بہا ؛ جس کی قیمت کا اندازہ نہ ہو سکے ؛ بیش بہا ۔

invaluableness, n. بے بہائی ؛ انمول پن ؛ بیش بہائی ۔

invaluably, adv. بے بہا طور پر ؛ ان مول پن سے ؛ بیش بہائی سے ۔

Invar, n. بَھرت ؛ اِنوار ؛ فولاد کا بھرت جس میں ۳۵.۵ فی صد نِکل ہوتا ہے جو مصنوعات کی پیداوار میں کارآمد ہے کیونکہ یہ زیادہ درجۂ حرارت میں بہت کم پھیلتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

invariable, a. غیر متغیّر ؛ تُغیّر ناپذیر ؛ غیر مُنصرف ؛ غیر متبدّل ؛ اَٹَل ؛ مُستقِل ؛ یکساں ؛ لامتغیّر ۔ (اسم) (ریاضی) مُستقِل مقدار ؛ ثابت ؛ غیر متغیّر عُنصر۔

invariability, invariableness, n. تغیّر ناپذیری ؛ ثبات ؛ یکسانی ؛ عدمِ تغیُّر ؛ غیر تغیّر پذیری ؛ استقامت ۔

invariably, adv. غیر متغیر طور پر ؛ ثابِت طور پر ؛ تغیّر ناپذیرانہ ؛ بِلا کَسر ؛ بِلا تبدیل ؛ بِلاتغیُّر۔

invariant, a. غیر متغیّر ؛ غیر متبدِّل ؛ مُستَقِل ؛ ثابِت ؛ بے تغیُّر ۔ (اسم) (ریاضی) مقدارِ ثابت ، وہ مقدار جو مختلف ریاضیاتی عملوں سے متأثّر نہیں ہوتی ۔

invariance, invariancy, n. عدم تغیّر ؛ ثبات ؛ تغیر ناپذیری ۔

invariantly, adv. غیر متغیّر طور پر ؛ مستقل طور پر ؛ ثبات سے ؛ تغیُّر ناپذیرانہ ۔

invasion, n. حملہ ؛ چڑھائی ؛ مُداخلت ؛ دست اندازی ؛ دست درازی ؛ لشکر کَشی ؛ یُورش ؛ فوج کَشی ؛ فتح کے لیے دُشمن فوج کا کِسی مُلک میں داخلہ ؛ مُعاندانہ مداخلت ؛ غَلبہ؛ تصرُّف؛ حَملۂ مرض ، کسی تکلِیف دہ یا نُقصان دِہ چیز کا نُفوذ مثلاً بیماری کا ؛ خلاف ورزی بذریعہ مداخلت (جیسے : invasion of rights) ۔

invasive, a. حملہ آور ؛ دخل انداز ؛ متجاوِز ؛ چڑھائی کرنے والا ؛ مُتصَرِّف ؛ دست دراز۔

invective, n. گالی گلوچ ؛ دُشنام طرازی ؛ سبّ و شتم ؛ تقریری یا تحریری طور پر شدِید رسمی مذمّت ؛ لعنت ؛ مُذمّت ؛ مَلامت؛ ہجو؛ لعن طعن ۔ (صفت) دُشنام طرازانہ ؛ دُشنام آمیز ؛ ہجویہ ؛ طنز آمیز۔

invectively, adv. دشنام طرازی سے ؛ بدزبانی سے ؛ سبّ و شتم سے ؛ ہجویہ ؛ مذمّتہً ۔

invectiveness, n. دُشنام طرازی ؛ بدزبانی ؛ سب و شتم ؛ ملامتیّت ؛ گالی گلوچ ۔

inveigh, v.i. بُرا بھلا کہنا ؛ سخت احتجاج کرنا ؛ کسی شخص یا چیز کے خلاف کہنا ؛ لَعن طَعن کرنا ؛ ہجو کرنا ؛ مُذمّت کرنا ؛ طعن کرنا ؛ پھٹکارنا (against کے ساتھ) ۔

inveigher, n. بُرائی کرنے والا ؛ لائم ۔

inveigle, v.t. پُھسلانا ؛ خُوشامد کے ذریعے بہکانا ، وَرغلانا (اکثر into کے ساتھ) ؛ خُوشامد وغیرہ کے ذریعے کسی کا دِل جیتنا ؛ پھانسنا ؛ للچانا ؛ لُبھانا ؛ پٹّی پڑھانا ؛ مائل کرنا ؛ بہکانا ؛ اُکسانا؛ ترغیب دینا؛ ورغلا کر بھگا لے جانا ۔

inveiglement, n. بہکاوا؛ اغوا ؛ لُبھاؤ ؛ پٹی ؛ دَم بازی ۔

inveigler, n. پُھسلانے والا ؛ بہکانے والا ؛ دَم باز ؛ فریب دَہندہ ۔

invent, v.t. ایجاد کرنا؛ اِختراع کرنا ، کوئی ایسی چیز بنانا جو پہلے موجود نہ تھی ؛ تخیُّل کی مدد سے بنانا ؛ گھڑنا ؛ وَضع کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ نئی بات نکالنا ؛ جوڑنا ؛ گانٹھنا ؛ جعل کرنا ۔

inventible, inventable, a. قابلِ ایجاد ؛ قابلِ اختراع ۔

inventor, n. بانی ؛ مُوجِد ؛ مُختَرِع ؛ ایجاد کُنِندہ ؛ اختراع کُنِندہ ؛ نئی بات نکالنے والا ؛ واضع ؛ مُبدِع ۔

invention, n. ایجاد ؛ اِختراع ؛ وہ چیز جو ایجاد کی گئی ہو ؛ قُوّتِ اِیجاد ؛ قُوّتِ اختراع ؛ ترکیب ؛ وہ استعداد جس کے ذریعے شاعر یا ناول نگار کہانی اور کردار تشکیل کرتا ہے ؛ دریافت ؛ اِحداث ۔

inventional, a. ایجادی ؛ اِختراعی ؛ ترکیبی ۔

inventive, a. اختراعی ؛ اِیجادی ؛ اختراعی صلاحیّت کا حامل ؛ موجدانہ ؛ ایجاد پسند؛ ایجاد کُنِندہ ؛ مُتخیّل ؛ لائق ۔

inventively, adv. موجِدانہ طور پر ؛ اِختراعی طور پر۔

inventiveness, n. قُوّتِ اختراع ؛ ایجاد پسندی ؛ ایجادیّت ؛ اِختراعِیّت ۔

inventory, n. فردِ سامان ؛ فہرست؛ فرد؛ سامان کی وہ فہرست جس میں تفصیل اور قیمت درج ہو ؛ موجود اشیا و مالِ تجارت کی وہ فہرست جو تاجر سالانہ تیّار کرتا ہے ؛ خاص چیزوں کی فہرست یا بیان ۔ (فعل متعدی) فہرست بنانا ؛ فرد بنانا؛ فہرست تیّار کرنا ؛ بہی کھاتے میں درج کرنا ؛ تَعلِیقہ کرنا ۔

inventorial, a. فہرستی ؛ مندرجہ فہرست ؛ تعلِیقی ۔

inventorially, adv. فہرستی طور پر ؛ بطور مندرجہ فہرست؛ تعلیقانہ ۔

inveracity, n. نادُرُستی ؛ عدمِ صداقت ؛ دَرَوغ ؛ کِذب ؛ جُھوٹ ۔

inverness, n. (بعض اوقات بڑے ا سے) لمبا کوٹ جس کی ٹوپی الگ کی جا سکتی ہے ؛ ٹوپی کے لیے بھی یہی لفظ استعمال ہوتا ہے ۔

inverse, a., n. اُلٹا ؛ معکُوس ؛ مقلُوب ؛ ضِد ؛ اوندھا ؛ عکس ۔ (ریاضی) معکُوس : نوعیت اور اثر میں متضاد (جیسے : Sub traction is inverse to addition, division to multiplication) ۔

inverse proportion, n. تناسب معکوس : وہ تناسُب جو معکوس نسبت کا حامِل ہو ؛ ایسا تناسب کہ ایک رقم معیار سے بڑی ہو اور دوسری مَعیار سے کم ہو۔

inversely, adv. معکوس طور پر ؛ مقلوب طور پر ؛ اُلٹا ۔

inversion, n. تقلیب؛ اُلٹ؛ عکس ؛ قلب ؛ اُلٹ پُلٹ ۔ (گرامر) (عِلمِ بیان) عکس ترتیب ؛ الفاظ کی تقدیم و تاخیر جس سے ان کی فطری ترتیب بدل جائے (جیسے : wise was Solomon ، بجائے Solomon was wise) ۔ (موسیقی) مقام کی تبدیلی یا تقلُّب مثلاً وقفہ یا

سُر کے عناصر کا ۔ (ریاضی) عکسِ نسبت ؛ کسی تناسب کی رقوم کی ترتیب میں تبدیلی یا کسی تناسب کی ہر ایک رقم کی تبدیلی ۔ (کیمیا) کسی مُرکّب میں سالمات کی ترتیب نو ، مثلاً سرکوز (surcose) جو دو مختلف مُرکّبات بناتا ہے اور جس کا آمیزہ مُقطّب روشنی کے میدان کو اصلی مُرکّب کی پیدا کردہ سمت گردش کے خلاف گردش دیتا ہے ۔ (موسمیات) وہ حالت جہاں اِرتفاع میں اضافہ سے ہوا کا درجہ حرارت کم ہونے کی بجائے بڑھتا ہے ۔

inversive, a.
تقلیبی؛ عَکسی ؛ قلبی ؛ اُلٹ پٹ کرنے والا ؛ معکُوس ۔

invert, v.t.
اوندھا کرنا ؛ اُلٹا کرنا؛ ترتیبِ اُلٹنا ؛ مقلُوب کرنا ؛ پلٹنا ؛ تقلیب کرنا ۔ (اسم) معکوس ؛ مقلُوب؛ ہم جنس پرست ؛ مائل بہ ہم جنس ۔ (صفت) مقلّب جو عمل تقلیب سے کیمیائی طور پر تبدیل ہو جائے (جیسے : invert sugar) ۔

invertibility, n.
عکس پدیری ؛ مقلوبیّت ؛ ہم جنسیّت ۔

invertible, a.
عکس پذیر ؛ مقلُوب ۔

invertase, n.
(حیاتی کیمیا) شکر آبیاس ؛ شکر آب پاشیدہ ؛ ایک خامرہ جو بعض پودوں اور جانوروں کے انہضامی نامیہ میں پایا جاتا ہے ، جو گنے کی شکر کو سادہ شکر (گلوکوز) یا شکر میوہ (فرکٹوز) میں بدل دیتا ہے ؛ تقلیب خُمور ؛ تقلیبی خامرہ ۔

invertebrate, a.
غیر فقری ؛ غیر فقاری ؛ بے مُہرہ ؛ ریڑھ کی ہڈّی کے بغیر ؛ بے ریڑھ ؛ ریڑھ کی ہڈّی کے بغیر جانور سے متعلّق ۔ (اسم) غیر فقری جانور ۔ (مجازاً) کمزور ، بودا ، بے کردار شخص ۔

invertebracy, invertebrateness, n.
غیر فقاریت ؛ غیر فقریت ؛ بے مُہرگی ؛ کمزوری ؛ بودا پن ؛ بے ریڑھ پن ۔

inverted, a.
معکوس ؛ مقلوب ؛ واژگوں ؛ اَوندھا ؛ ترتیب میں اُلٹا ؛ در گردیدہ ؛ مُنقلِب شُدہ ۔

inverted arch,
قوس معکوس ، اُلٹی قوس جس کا خم نیچے کر دیا گیا ہو ، جیسا کہ بُنیادوں وغیرہ میں ہوتا ہے ۔

inverted comma,
(برطانوی) واوِ معکوس ؛ واوین ؛ الٹا واو جو کسی حوالے کے آغاز کی علامت ہے ، جس کا اخیر اضافت سے ظاہر کیا جاتا ہے ؛ علامتِ حوالہ ('' '') ۔

inverter, n.
اُلٹنے والا ؛ وُہ شخص یا چیز جو الٹ دے ؛ درگردان ۔ (برق) آلہ مُقلّب رَو ؛ رَوبَرگرداں ۔

invert sugar, n.
تقلیبی شکر ؛ معکُوس شکر ؛ مقلُوب شکر ؛ شکر انگور اور شکر میوہ کا آمیزہ جو پھلوں میں قُدرتی طور پر بنتا ہے یا کیمیائی طور پر گنے کی شکر سے بنایا جاتا ہے ۔

invest, v.t., v.i.
کپڑے پہنانا ؛ لباس پہنانا ؛ آراستہ کرنا ؛ خلعت پہنانا ؛ ملفوف کرنا ؛ کوئی عُہدہ ، مرتبہ یا مقام دینا ؛ نصب کرنا ، متعیّن کرنا ؛ وِدیعت کرنا ؛ عطا کرنا ؛ سرفراز کرنا ؛ اختیار دینا (جیسے : to invest certain powers in the president) ؛ کوئی وصف یا خصوصیت عطا کرنا ۔ (عسکری) محصُور کرنا ؛ مُحاصرہ کرنا ۔ (معاشیات) کسی جائیداد میں مُنافع حاصل کرنے کے لیے روپیہ لگانا ؛ سرمایہ لگانا ؛ مستقبل میں نفع کی اُمّید میں خرچ کرنا (جیسے : to invest years of study) ؛ سرمایہ کاری کرنا ۔

investable, a.
قابل سرمایہ کاری ؛ قابل صرف ۔

investor, n.
سرمایہ کار ؛ سرمایہ لگانے والا ؛ وَدیعت گزار ؛ وَدیعت کُنندہ ۔

investigate, v.t., v.i.
تلاش کرنا ؛ تفتیش کرنا تحقیق کرنا ؛ چھان بین کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ کھوجنا ؛ تحقیقات کرنا ۔

investigation, n.
تَفتیش ؛ تحقیق ؛ کھوج ؛ جانچ ؛ تلاش ؛ چھان بین ۔

investigative, investigatory, a.
تفتیشی ؛ تحقیقی ؛ تَنقیحی ؛ تحقیقاتی؛ چھان بین سے متعلق ۔

investigator, n.
تحقیق کُنندہ ؛ تفتِیش کُنندہ؛ کھوجی؛ مُتلاشی ۔

investiture, n.
عطا ؛ بَخشش ؛ عُہدہ ، اختیار ، مرتبہ ، اعزاز یا خطاب کی بخشش یا عطا ؛ عطائے خطاب یا اِعزاز ؛ ملفُوف یا ملبوس کرنے والی چیز ، لباس ؛ رسم تشریف ؛ عطائے منصب ؛ ہبہ ۔

investitive, a.
عطائی ؛ بخشِندہ ۔

investment, n
سرمایہ کاری ؛ جس میں سرمایہ لگایا گیا ہو ؛ رأس المال ؛ نفع کے لیے کسی قسم کی جائیداد کی خریداری ؛ نفع کے لیے لگایا گیا سرمایہ؛ عطا ، بخشش ، مثلاً عہدہ کی ۔ (عسکری) مسلح افواج کے ذریعے محاصرہ ۔ (حیاتیات) جانور یا پودے کے کسی حصے کی بیرونی پرت ؛ پوشش ۔

inveterate, a.
گہرا ؛ کہنہ ؛ دیرینہ ؛ پرانا ؛ کڑا ؛ جو وقت اور عادت کے باعث مضبوطی سے جَما ہوا ہو (جیسے : an inveterate disease or custom)؛کسی عادت یا رویے میں پختہ (جیسے : an inveterate smoker) ۔

inveteracy, n.
گہرائی ؛ مضبوطی ؛ کہنگی ؛ پختگی ؛ تزمّن ۔

inveterately, adv.
دیرینہ طور پر ؛ مضبوطی سے ۔

inviable, a.
نہ پنپنے والا ؛ زندہ نہ رہنے کے قابِل ، بالخصوص خِلقی ساخت کی وجہ سے ؛ حیات ناپذیر ۔

inviability, n
حیات ناپذیری ۔

invidious, a.
ناگوار ؛ حسد انگیز؛ نفرت انگیز؛ تکلیف دِہ (جیسے : invidious remarks) ؛ حسد اور ناپسندیدگی پیدا کرنے والا ؛ غیر مُنصفانہ تفریق یا اِمتیاز (جیسے : an invidious comparison.) ؛ نُقصان دِہ ؛ مُضرت رساں ؛ بُغض انگیز ؛ عداوت انگیز ؛ کِینہ انگیز ۔

invidiously, adv.
حسد انگیز طور پر ؛ تکلِیف دِہ طور پر ؛ ناگواری سے ۔

invidiousness, n.
حَسد انگیزی ؛ نفرت انگیزی ؛ بے انصافی ؛ ناگوار پن ؛ بُغض انگیزی ۔

invigilate, v.i.
(برطانوی) نگرانی کرنا ؛ نگاہ رکھنا (امتحان میں طلبہ کی) ۔

invigilation, n.
نگرانی (امتحان کی یا امتحان میں) ۔

invigilator, n.
نگران ؛ نگرانِ امتحان ؛ ناظِرِ امتحان؛ نگران کار ۔

invigorate, v.i., v.t.
تقویّت دینا یا پُہنچانا ؛ زندگی اور توانائی بخشنا ؛ مضبوط کرنا ؛ رُوح پھونکنا ۔

invigorant, n.
مُقوّی ؛ قُوّت بخش ؛ تقویت بخش ؛ جانفزا ۔

invigoration, n.
تَقویّت ؛ قُوّت بخشی ؛ توانائی ؛ زور ؛ بل ۔

invigorator, n. تقویّت دینے والا ؛ مُقوّی ۔

invincible, a. ناقابل تسخیر ؛ شکست ناپذیر ؛ مغلُوب نُشدنی ؛ غیر مغلُوب ؛ ناقابلِ فتح ۔

invincibility, invincibleness, n. شکست ناپذیری ؛ نامغلُوبی ؛ غیر مغلُوبی ؛ اِستحکام ۔

invincibly, adv. ناقابلِ تسخیر طور پر ؛ ناقابلِ فتح طور پر ۔

inviolable, a. ناقابلِ فسخ ؛ ناقابل تخلُّف ؛ واجب العمل ؛ واجب الاحترام ؛ مؤثّق ؛ واثق ؛ واجِبُ التّعمِیل ؛ ناقابلِ خلاف ورزی جیسے کوئی معاہدہ یا راز ؛ جِسے مجرُوح یا داغدار نہ کیا جائے ، مثلاً عِصمت یا عزّت ؛ مَصُوُن ؛ محفُوظ (صدمہ یا تباہی سے) ۔

inviolability, inviolableness, n. فسخ ناپذیری ؛ مصوُنیّت ؛ حُرمت ؛ وُجُوب ۔

inviolate, a. مُستحکم ؛ ناشِکستہ ؛ محفُوظ ؛ قائم ؛ برقرار ؛ خالص ؛ پاک ؛ ناآلودہ ؛ مصوُن ؛ صحیح و سالِم ؛ اُستوار ؛ بے نقص ؛ بے فُتُور ۔

inviolately, adv. ناشکستہ طور پر ؛ محفُوظ طور پر ؛ اُستواری سے ۔

inviolateness, n. استحکام ؛ ناشِکستگی ؛ پاکیزگی ؛ اُستواری ؛ بے عَیبی ؛ بے عَیب پن ۔

invisible, a. غیر مرئی ؛ نِہاں ، خفی ؛ ناقابلِ دید ؛ غیر محسُوس ؛ پوشیدہ ؛ مخفی ؛ غیر معلوم ؛ عوامُ النّاس سے پوشیدہ ؛ مالی گوشوارے سے خارج یا جس کو اعدادوشمار میں شامل نہ کیا گیا ہو ۔

invisibility, invisibleness, n. عدمِ روئیت ؛ غیر مرئیت ؛ پوشِیدگی ؛ اخفا ؛ نہ دکھائی دینے کی حالت ۔

invisibly, adv. غیر مرئی طور پر ؛ مخفی طور پر ؛ پوشیدگی سے ؛ چُھپے چُھپے ۔

invitation, n. دعوت ؛ بُلاوا ؛ کسی مقام پر آنے یا کوئی کام کرنے کی درخواست ؛ تقریری یا تحریری الفاظ کی ایک صُورت بالخصوص باقاعدہ اور مطبُوعہ ، جس میں ایسی درخواست کی گئی ہو ؛ ترغیب ؛ فرمایش ؛ طَلب ؛ التجا ؛ دعوت نامہ ۔

invitational, a. دعوتی ؛ فرمایشی ؛ ترغیبی ؛ طلبانہ ۔

invitatory, a. دعوتی ؛ حامِل دعوت ۔ (اسم) التجا بالخصوص مناجات جو کلیسا کی عبادت میں مستعمل ہے ۔

invite, v.t. دعوت دینا ؛ مدعُو کرنا ؛ بُلانا ؛ نیوتا دینا ؛ کسی شخص کو کسی جگہ یا اجتماع میں بُلانا یا کوئی کام کرنے کے لیے کہنا ؛ مُودِبّانہ طور پر یا رسمی طور پر درخواست کرنا ؛ باعث ہونا ، مُوجب ہونا ؛ یوں عمل کرنا کہ کسی وقوعہ کا امکان پیدا ہو (جیسے: to invite disaster) ؛ موقع فراہم کرنا (جیسے: a subject which invites few remarks) ترغیب دینا ؛ شوق دلانا ؛ کشش رکھنا ؛ طلب کرنا ؛ بُلا بھیجنا ؛ التجا کرنا ۔ (فعل لازم) جاذِب ہونا ؛ باعث ہونا ؛ دلکش ہونا ۔ (اسم) (عوامی) دعوت نامہ ؛ دعوت ؛ بُلاوا ۔

inviter, n. دعوت دینے والا ؛ داعی ؛ مُلتجی ۔

inviting, a. داعی ؛ جاذِب ؛ پُرکَشش ؛ دِلکَش ؛ دِلچَسپ ۔

invitingly, adv. دعوت دیتے ہوئے ؛ کَشش رکھتے ہوئے ؛ دلکش انداز میں ۔

invitro, adv., a. (حیاتیات) درزُجاج ؛ درظرف ؛ جو زندہ عُضویہ سے باہر کسی مصنوعی ماحول میں واقع ہو ، مثلاً بافتیں جو امتحانی نلی میں پیدا کی گئی ہوں ۔

invivo, adv., a. (حیاتیات) دَراَحیا ؛ زندہ عُضویہ یا جسم میں ۔

invocation, n. مناجات ؛ دُعا ؛ استدعا ؛ اِستِمداد ؛ اِستِعانت ؛ کسی ہستی کو ، بالخصوص کسی معبُود کو مدد کے لیے پُکارنے کا عمل یا کیفیّت ؛ وہ دُعا جو کسی رسم یا عبادت کے شروع میں کی جائے ؛ رُوح طلب کرنے کا عمل یا وہ منتر یا افُسوں جو اس موقع پر پڑھا جائے ؛ قانُونی یا اخلاقی معیار یا حق کی طلب ؛ طلبی ؛ عرض ؛ بُلاوا ۔

invocate, v.i. (قدیم) دُعا کرنا ؛ اِستدِعا کرنا ؛ اِلتجا کرنا ۔

invocational, invocatory, a. مناجاتی ؛ دُعائی ؛ استدِعائی ؛ استمدادی ؛ التجائی ۔

invoice, n. بیجک ؛ تجارتی سامان کی فہرست جو کسی خریدار کو بھیجی گئی ہو جس میں قیمتوں اور دُوسرے اخراجات اور شرائط کا اندراج ہوتا ہے ؛ تجارتی سامان یا کھیپ ؛ سیاہہ ؛ بِل ؛ اصل پٹی ؛ چالان ؛ فہرست ۔ (فعل متعدی) بیجک بنانا ؛ بیجک میں درج کرنا ؛ چالان تیّار کرنا ۔

invoke, v.t. دُعا کرنا ؛ بُلانا ؛ طلب کرنا ، کسی رُوح کو دُعا میں ؛ امداد یا حفاظت کی التجا کرنا ؛ عاجزی سے درخواست کرنا (جیسے: to invoke mercy) ؛ اِطلاق یا نفاذ کی درخواست کرنا مثلاً قانون کے ؛ طلب کرنا مثلاً رُوح کو (منتر یا افسوں کے ذریعے) ؛ درخواست کرنا ؛ کسی کام کے لیے عرض کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ پیدا کرنا یا ظاہر کرنا ؛ یاد کرنا ؛ نام لینا ۔

invoker, n. دُعا کرنے والا ؛ طالب ؛ مناجات کنندہ ؛ نام لیوا ؛ مُناجاتی ۔

involucel, n. (نباتیات) گریبانک ؛ ثانوی لِفاف گُل ؛ چھوٹا لفافِ گُل : اوراقچہ ، جو اکثر ایک پُھول یا پُھولوں کے گُچھّے کے آغاز میں ہوتا ہے ؛ لفیفک ۔

involucellate, involucellated, a. لفافِ گُل یا اوراقچے کا حامل ؛ اوراقچہ دار ۔

involucre, n. پوشش بالخصوص جِھلّی کی ۔ (نباتیات) لفافِ گُل : ایک یا زیادہ حلقے جو برگ نُما قوسوں کے ہوتے ہیں اور پُھول کی کٹوری کے نیچے پُھول یا پُھولوں کے گُچھّے کے گرد ہوتے ہیں ؛ گریبان ؛ اوراقہ ؛ لفِیف ۔

involucred, involucrate, a. لفافِ گُل کا حامل ؛ اوراقہ دار ؛ لفیف دار ۔

involucral, a. لفافی ؛ لفِیفی ۔

involucriform, a. لفاف نُما ؛ لفِیف نُما ۔

involucrum, n. لِفاف ؛ غلاف ؛ پوشش ؛ لفافِ عَظم ؛ ہڈّی کا خول ۔

involuntary, a. غیراختیاری ؛ غیر شُعُوری ؛ بلا قصد ؛ اضطراری ؛ غیر ارادی (جیسے: an involuntary agent) ؛ ارادہ اور انتخاب سے آزاد ؛ غیر ارادی ؛ اضطراری (جیسے: an involuntary movement) ؛ بے ارادہ ؛ مرضی کے خلاف ؛ مجبوراً ۔ (فعلیات) غیرارادی طور پر کام کرنے والا ، جو شعُوری نگرانی سے باہر ہو ؛ اضطراری (جیسے: an involuntary response) ۔

involuntarily, adv. غیر ارادی طور پر ؛ غیر اختیاری طور پر ؛ ازخُود ؛ آپ ہی ؛ اضطراری طور پر ۔

involuntariness, n. بے اختیاری ؛ اضطرار ؛ مجبوری ۔

involuntary muscle, n. بموار عُضلہ ؛ خودکار عُضلہ ۔

involute, a. درپیچیدہ ؛ اُلجھا ہوا ؛ پیچیدہ ؛ مرغولہ دار ؛ پیچ دار ۔ (نباتیات) در پیچیدہ ؛ کناروں سے اندر کی طرف مُڑا ہُوا ، مثلاً پتّا یا پتّی ؛ در نورد ؛ درپیچہ ؛ لفیف ؛ کُنڈلی دار ؛ ادق ؛ پیچ در پیچ ۔ (حیوانیات) اس خول سے متعلق جو کُنڈ کی مانند حلقوں کا حامل ہو ۔ (فعل لازم) پیچدار ہونا ؛ اندر کی طرف بل کھانا ؛ سابقہ حالت کی طرف پلٹنا ۔ (اسم) (ریاضی) در پیچ ؛ وہ خم جو بیچ کھولتے وقت تنی ہوئی رسّی کے سرے یا نوک سے بنتا ہے ۔

involutely, adv. پیچ دار طور پر ؛ ادق انداز میں ؛ کنڈل دارانہ ۔

involution, n. تلفیف ؛ اُلجھاؤ ؛ پیچیدگی ؛ کوئی پیچیدہ چیز ؛ پیچیدہ کرنے کا عمل یا پیچیدہ ہونے کی کیفیت ؛ کسی فقرے میں الفاظ کی پُر پیچ ترتیب ، جس میں عموماً کوئی جُملہ یا مُرکّب ، مسنَد اور مسنَد الیہ کے درمیان داخل کر دیا جاتا ہے ؛ جُملۂ معترضہ ۔ (فعلیات) معکوس تبدیلی مثلاً کسی عضو کی افزایش کے بعد اپنے عام حُجم کی طرف مراجعت ؛ زوال ؛ جسمانی تغیُّرات اور کمزوری جو کہولت سے وابستہ ہیں ۔ (حیاتیات) لپٹاؤ ، لفاف ؛ اپنے اوپر ہی لپٹنے کا عمل ۔ (جنین) شکمینہ (gastrula) سے خلیوں کا اندر کی طرف موڑ ۔ (ریاضی) صعُود ؛ کسی مقدار یا اظہار کی طاقت میں مطلوبہ اضافہ ۔

involutional, involutionary, a. پیچدار ؛ رَجعی ؛ انحطاطی ۔

involve, v.t. ضروری حالت ، کیفیت یا نتیجے کی طور پر شامل کرنا ؛ مُراد لینا ؛ دلالت کرنا ؛ شامل کرنا ؛ اثر ڈالنا ؛ خود میں یا گنجایش کی حد تک شامل یا شریک کرنا یا اِدراک کرنا ؛ ناقابل خلاصی طور پر مُنسلک یا متعلّق کرنا ؛ مُستغرق کرنا ؛ اُلجھی ہوئی یا پیچیدہ صُورت میں لانا ؛ مُشتمل ہونا ؛ اپنے اندر شامل کرنا ؛ وابستہ کرنا ؛ اُلجھانا ؛ جَذب کرنا ، مربُوط کرنا ؛ پیچ ڈالنا ؛ پیچیدہ صورت میں جوڑنا ؛ لپیٹنا ؛ نگل جانا ؛ محصُور کرنا ؛ گھیرنا ؛ منسُوب کرنا ۔ (ریاضی) مقررّہ طاقت تک بڑھانا ؛ چڑھانا ۔

involvement, n. اُلجھاؤ ؛ لپیٹ ؛ شُمُولیت ؛ وابستگی ۔

involver, n. اُلجھانے والا ؛ لپیٹنے والا ؛ شامل کرنے والا ؛ وابستہ کرنے والا ۔

involved, a. اُلجھا ہُوا ؛ پیچیدہ ؛ عیسر الفہم ؛ ادّق ؛ وابستہ ۔

involvedly, adv. پیچیدہ طور پر ؛ ادق طور پر وغیرہ ۔

involvedness, n. اُلجھاؤ ؛ پیچیدگی ؛ ادق پن ۔

invulnerable, a. جراحت ناپذیر ؛ زخم ناپذیر ؛ ناقابلِ تسخیر ؛ ضررناپذیر ؛ جوزخمی نہ ہو ۔

invulnerability, invulnerableness, n. جراحت ناپذیری ؛ شِکست ناپذیری ؛ ضرر ناپذیری ۔

invulnerably, adv. جراحت ناپذیرانہ ؛ ناقابل تسخیر طور پر ؛ ضرر نا پذیرانہ ۔

inwall, v.t. دیوار کے اندر گھیرنا ۔ (اسم) اندرونی دیوار ، بِالخصوص جھکڑ بھٹّی کی ۔

inward, inwards, adv. داخلی ؛ اندر کی طرف ؛ اندرونی حصّہ یا مرکز سے قریب ؛ ذِہن یا روح کی طرف ۔ (صفت) اندر کی طرف واقع ؛ جسم کے اندر ؛ اندرُونی ؛ داخلی ؛ دِماغی ؛ رُوحانی ؛ درُوں رُخ ؛ دروں رَو ؛ دلی ؛ ذِہنی ۔ نیز inwards ۔ (اسم) جو اندر کی طرف ہو ؛ اندرونی حصّہ ۔ (جمع) جسم کے اندرونی حصّے ۔

inwardly, adv. اندرونی طور پر ؛ داخلی طور پر ؛ باطنی طور پر ؛ بہ باطن ۔

inwardness, n. درونیّت ؛ داخلیّت ؛ خیال یا احساس کی گہرائی ؛ اپنے خیالات و احساسات کا جائزہ لینے کا رُجحان ؛ انسان کی باطنی فطرت سے متعلّق امور پر توجُّہ ؛ روحانیّت ؛ باطنیّت ؛ جِبلّی کردار یا کسی چیز کا جوہر ؛ باطنی مفُہوم ۔

inweave, enweave, v.t. آپس میں بُننا ؛ بُن کر جوڑنا یا مِلانا جیسے کپڑے میں ؛ مِلا کر بُننا ؛ پیوست کرنا ۔

inwrought, a. کامدار ؛ دُوسری چیزوں میں کندہ یا اُن کے ساتھ وابستہ ؛ آراستہ ؛ آرایشی چیزوں سے مزیّن ؛ اندر بنایا ہُوا مثلاً نقشہ یا نقش ؛ بُنا ہُوا ؛ جڑاؤ ؛ مرصّع ؛ مزیّن ۔

iodate, n. (کیمیا) آیوڈیٹ ؛ آیوڈِک ایسڈ کا نمک ۔

iodate, v.t. آیوڈین شامل کرنا یا لگانا ۔

iodation, n. آیوڈین لگانے کا عمل ۔

iodic, a. آیوڈِک ؛ آیوڈین سے متعلّق یا اس کا حامل (جیسے : iodic acid) ۔

iodic acid, n. آیوڈِینی تیزاب ؛ آیوڈک ایسڈ ؛ ایک تیزاب جو آیوڈین پر تکسیدی عامل کے عمل سے بنتا ہے ۔

iodide, n. (کیمیا) آیوڈائڈ ؛ کسی عُنصُر یا اصلیّہ کے ساتھ آیوڈین کا مُرکّب ؛ ہائیڈرویوڈک ایسڈ کا نمک ، جیسے ہائیڈروجن آیوڈائڈ ۔

iodine, iodin, n. آیوڈِین ؛ بنفشین ؛ ایک غیر دھاتی عُنصُر جو معمولی درجۂ حرارت میں واقع ہوتا ہے ، خاکستر نُما سیاہ قلمی ٹھوس کی حیثیّت سے اور حرارت پہنچانے پرگاڑھے بنفشی بخارات میں تبدیل ہو جاتا ہے ، طِب اور عکّاسی میں کام آتا ہے ۔

iodism, n. (امراضیات) آیوڈین یا اس کے مُرکّبات کی سَمّیت ۔

iodize, v.t. آیوڈین لگانا ۔

iodoform, n. (کیمیا) آیوڈو فارم ؛ ایک زردی نُما قلمی مُرکّب ، جو کلوروفارم سے مشابہ ہے اور دافع عُفونت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

iodol, n. (کیمیا) آیوڈول ؛ ایک بِلّوری یا قلمی مُرکّب جو آیوڈین پر مشتمل ہوتا ہے اور دافع عُفونت کے طور پر مستعمل ہے ۔

iodopsin, n. ایک مرئی بنفشی رنگ جو شبکیہ کی مخروطوں میں واقع ہے اور دِن کی روشنی دیکھنے کے لیے اہم ہے ۔

iodous, a. (کیمیا) آیوڈین سے منسوب یا اس کا حامل ؛ اس کی سہ گرفتہ صُورت میں آیوڈین کا حامل ۔

iolite, n. آیولائٹ ؛ ایک بنفشی نیلگوں معدن ؛ کورڈیرائٹ ۔

Iomoth, n (حشریات) ریشم کا پروانہ ، پروانۂ ریشم ؛ شُمالی امریکا کا ایک بڑا پروانۂ ریشم (Automerisio) جسے اس کی بڑی گلابی اور نیلی چشم نُما چتّیوں سے پہچانا جاتا ہے ، جن میں سے ایک اس کے ہر پچھلے پَر پر ہوتی ہے اور لاروے یا بِہل رُوپ کے مرحلے میں اس کی نمایاں ریڑھ سے شناخت ہوتی ہے

ion, n. (طبیعیات ، کیمیا) آئون ؛ ایون ؛ رواں ؛ برق پارہ ؛ ایک برق دار جو ہر یا جواہر کا گروہ ، جس میں مثبت یا منفی بار ہوتا ہے ، اور جس نے برق پاشیدگی کے بعد اپنے برقیوں

(الیکٹرون) کی تعداد میں کمی یا بیشی کر دی ہو۔

ion exchange, n. اُئونی /روانی مبادلہ ؛ روانی تبادُل ؛ ایک کیمیائی عمل جس میں رواں (اوٗن) کا ٹھوس اور مائع کے مابین مبادلہ ہوتا ہے اور ٹھوس میں قریباً کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

ion exchanger, اُئونی /روانی مبادلہ کار۔

Ionian, a. آیونی ؛ آیونیا سے متعلق ؛ یونانی ؛ یُونانی نسل کی ایک شاخ سے متعلق جس کا نام اس کے بانی آیون سے اخذ کیا گیا ہے ؛ یونان کے ساحل سے دور بحیرۂ رُوم کے جزائر کے ایک مجموعہ سے متعلق ؛ سمندر کے اس حصّے سے متعلق جو یُونان ، اٹلی (اطالیہ) اورسسلی (صقلیہ) کے درمیان بحیرۂ رُوم کا ایک حصّہ بن جاتا ہے۔ (اسم) ہیلنی قوم کا فرد جو بارھویں صدی قبلِ مسیح میں یونان آئے تھے ؛ آیونی یُونانی ؛ یونان کا۔

Ionic, a. یونانی؛ آیونیوں سے یا آیونیا کے باشندوں سے متعلق؛ یونان کا۔ (فن تعمیر) ایک یونانی سلسلے سے متعلق جو اپنے دارالحکومت کے پُر پیچ مرغولوں کے لیے ممتاز ہے۔ (عروض) اس بحر سے متعلق جس میں دو طویل ارکان ہوتے ہیں اور جس کے آگے یا پیچھے دو مختصر ارکان ہوتے ہیں۔ (اسم) (عروض) وہ نظم جو آیونی بحر میں کہی گئی ہو ؛ قدیم یونان کی آیونی بولی ، وہ صورت جو ہومر نے استعمال کی تھی۔ (بعض اوقات چھوٹے i سے) (طباعت) ٹائپ کا ایک انداز۔

ionization chamber, n. (طبیعیات) رواں ساز خانہ؛ اُطاق موصلیت؛ گیس سے پُر نلی جس میں دو برقیرے (electrode) ہوتے ہیں اور جو کسی چیز میں تابکاری کی مقدار معلوم کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ، دونوں برقیروں کے درمیان موصلیّت یا رواں سازی کے درجہ کی پیمایش سے اسے معلوم کیا جاتا ہے؛ روانیّت خانہ۔

ionize, v.t. رواننا؛ آئون یا رواں کی صُورت میں الگ کرنا؛ رواں پیدا کرنا ۔(فعل لازم) رواں میں تبدیل ہونا؛ روانیّت اختیار کرنا۔

ionization, n. رواں سازی؛ روانیّت۔

ionizer, n. رواں ساز؛ گیس میں رواں پیدا کرنے کا آلہ۔

ionone, n. (کیمیا) آیونون؛ بے رنگ سے ہلکے زرد رنگ تک کا ایک مائع جس میں چوبی بنفشی بُو آتی ہے ، یہ کیمیائی تالیف میں اور خوشبوئیں بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

ionosphere, n. روانی کُرہ؛ کرۂ روانیہ؛ فضا کا رواں دار علاقہ جو فضا میں زمین کی سطح سے پچاس میل کے فاصلے سے شروع ہو کر اوپر دو سو میل تک پھیلا ہوا ہے؛ کرّۂ ایونیہ۔

iota, n. یونانی حُرُوف تہجّی کا نواں حرف؛ بہت تھوڑی مقدار؛ ایک ذرہ؛ دانہ؛ ریزہ ؛ حَبّہ ؛ تِل بھر۔

IOU, n. (I owe you کا مُخفّف) مَیں تمہارا مقروض ہوں ؛ قرض کی رسید ؛ بالخصوص وہ کاغذ جس پر یہ حُرُوف تحریر ہوں اور اس کے بعد رقم درج ہو اور دستخط کیے گئے ہوں۔

ipecac, ipecacuanha, n. عَرَقُ الذَّہب ؛ اپیکا ؛ اپیکاک؛ حاری جنوبی امریکا کی ایک جھاڑی Cephaelis ipecacuanha جس کا تعلّق مجیٹھ کے خاندان سے ہے ؛ اس جھاڑی کی خُشک جڑیں ؛ ان جڑوں سے حاصل کردہ قلیاسا جو مسہل اور بلغم خارج کرنے والی دواؤں میں مُستعمل ہے ؛ عَرقِ اپیکاک۔

ipso facto, adv. فی نفسہ ؛ بالفعل ؛ اس بات سے ؛ اپنے آپ ، خودبخود (جیسے : Such a deed makes one a criminal ipso facts)۔

iracund, a. غُصیلا ؛ تنک مزاج۔

iracundity, n. غُصّہ وری ؛ تُنک مزاجی۔

Iranian, a. ایرانی ؛ ایران ، اس کی زبان اور اس کے باشندوں سے متعلّق۔ (اسم) ایران کا باشِندہ ؛ بعض ہند یورپی زبانوں کی شاخ، جن میں فارسی، کُردی اور دوسری ہم اصل زبانیں شامل ہیں۔

Iraqi, a. عراقی ؛ عِراق ، اس کی زبان اور اس کے باشندوں سے متعلّق۔ (اسم) عربی بولی جو عِراق میں بولی جاتی ہے ؛ عِراق کا باشندہ۔

irascible, a. تُنک مزاج؛ تُند مزاج ؛ آتِش مزاج؛ سَرِیعُ الغضب ؛ غضب ناک ؛ غُصیل ؛ مغلوبُ الغَضب ؛ جھلاّ؛ چڑچڑا۔

irascibility, irascibleness, n. تُند مزاجی؛ غضب ناکی؛ جھلاّ پن؛ چڑچڑا پن۔

irascibly, adv. تُند مزاجی سے ؛ غضب ناک طور پر۔

irate, a. ناراض ؛ برہم ؛ خشم گیں ؛ پُر غضب ؛ غُصّہ سے پیدا شدہ۔

ire, n. غُصّہ ؛ غضبَ ؛ غیظ؛ گہرا رنج ؛ خفگی ؛ طیش ؛ عتاب۔

ireful, a. غُصّہ ور ؛ غَضب ناک ؛ خفا ؛ غُصیل ؛ برہم۔

irefully, adv. غُصّہ سے ؛ غضب سے ؛ خفگی سے ؛ برہمی سے ؛ طیش سے۔

irefulness, n. غُصّہ وری ؛ غضب ناکی ؛ برہمی ؛ خفگی ؛ طیش ؛ رنج۔

irenic, irenical, a. پُرامن ؛ پرسکُون ؛ صُلح جو ؛ امن خواہ ؛ صُلح خواہ ؛ صُلح پسند ؛ امن پسند۔

irenically, adv. صلح جُوئی سے ؛ امن پسندی سے وغیرہ۔

iridaceous, a. سوسنی ؛زنبقی ؛ پودوں کے سوسنی خاندان سے متعلّق جس میں جنس سوسن ، کُرکم ، تیغۂ سوسن اور فریسیا شامل ہیں ؛ سوسنی خاندان کے دُوسرے پودوں کی مانند۔

iridescent, a. قزحی ؛ ست رنگا ؛ قوسِ قزحی ؛ رنگ برنگ ، جیسے سیپی ، صدف ۔ (اسم) کوئی رنگ برنگ مادّہ؛ قزح رنگ مادّہ۔

iridescence, n. رنگینی ؛ ست رنگی ؛ رنگ برنگی ؛ رنگارنگی ؛ قزحیّت ؛ قزح رنگی۔

iridescently, adv. رنگا رنگی سے ، رنگ برنگ طور پر ؛ ست رنگی سے ؛ قزح رنگی سے۔

iridic, a. (کیمیا) قزحی ؛ اریڈیم سے متعلّق ، اِس سے ماخُوذ یا اس کا حامل۔

iridium, n. اَریڈیَم ؛ ایک سخت لیکن پھوٹک نقرئی دھاتی عُنصر ، جو پلاٹینم سے مشابہ ہے اور جو سب سے بھاری معلوم مادّوں میں سے ایک ہے۔

iridosmine, iridosmium, n. اری ڈوس مِین ؛ اریڈوسمیم ؛ اریڈیم اور اورسمیم کا مقامی مُرکّب جس میں اکثر پلاٹینم اور روڈیم شامل ہوتے ہیں ، یہ فونٹین پین (قلم) کی نوک بنانے میں مستعمل ہے۔

iris, n. (تشریح الاعضا) قزحیہ ؛ عینیہ ؛ آئیرس ؛ قوس ؛ سُکڑنے والا گول پَردہ ، جس سے آنکھ کا رنگ دار حِصّہ بنتا ہے جس

میں پُتلی اور اس کا مرکز شامل ہیں ۔ (نباتیات) جنس سوسن کا کوئی پودا جس کے پودے شمشیر نما اور خوش نما پُھول ہوتے ہیں ؛ اس پودے کے پُھول ۔ (بڑے I کے ساتھ) (کلاسیکی اساطیری) قوس قزح یا دھنک کی دیوی اور دیوتاؤں کا قاصد ؛ دھنک ؛ رنگوں کا امتزاج یا کھیل ۔ (ٹیلی وژن ، فلم) تصویروں کو ماند کرنے کا آلہ ۔

iris diaphragm, n. (بصریات ، عکّاسی) پُتلی پردہ ؛ ایک پردہ جو عدسہ میں سے داخل ہونے والی روشنی کی مقدار کو مُنضبِط کرتا ہے جیسے انسانی آنکھ اور کیمرے میں ۔

Irish, a. آئرستانی ؛ آئرلینڈ سے متعلّق اور اس کے لوگوں کی خصوصیت کا حامِل ۔ (اسم) آئرلینڈ کے باشندے اور ان کی اولاد ، جہاں کہیں بھی ہوں ؛ آئرلینڈ کی کلٹی زبان ۔ (عوامی) مزاج (جیسے : to get ones Irish up) ۔

Irishism, n. آئرستانیت ؛ آئرستانی کی خصوصیت، مثلاً بولنے کے انداز کی ۔

Irishman, n. آئرستانی آدمی ؛ آئرلینڈ کا شہری ۔

Irishwoman, n. آئرستانی عورت ؛ آئرلینڈ کی باسی عورت ۔

Irish coffee, n. آئرستانی کافی ؛ ایک مشروب جو گرم میٹھی کافی اور آئرش وِسکی سے کریم ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Irish moss, n. (نباتیات) آئرستانی کائی ؛ ساحلی اوقیانوس کی بحری گھاس ؛ سُرخ اُشنہ (Chondrus crispus) جو غضروفی بافتوں کی حامل ہے ، جس سے نشاستہ دار غذا کا شیرہ ساز حصہ حاصل کیا جاتا ہے اور خوراک میں استعمال ہوتا ہے ۔

Irish potato, n. عام سفید آلو (Solanum tuberosum) ۔

Irish setter, n. گہرے سُرخ یا مہاگنی بُھورے رنگ کا ایک پرند شکار کُتّا جو رنگ کے سوا انگریزی شکاری کُتّے سے مشابِہ ہوتا ہے ۔

Irish stew, n. آئرستانی سالن ؛ ایک قسم کا سالن جو گائے کے گوشت ، بھیڑ کے بچّے یا بکری کے گوشت میں آلو ، پیاز اور دُوسری سبزیاں ملا کر بناتے ہیں ۔

Irish terrier, n. آئرستانی ٹیریَر ؛ ایک قسم کا چھوٹا کُتّا جس کے تار نُما سُرخ بال ہوتے ہیں ۔

Irish water spaniel, n. آئرستانی آبی سگ ؛ ایک شکاری کُتّا جس کی نسل آئرلینڈ میں تیار کی گئی ، جس کے گھنے گھنگریالے بال پانی کی مزاحمت کرتے ہیں ۔

Irish wolfhound, n. آئرستانی الساشی کُتا ؛ ایک دراز قد طاقت ور قسم کا کُتّا ، جس کے بال تار نُما اور سفید سے لے کر سیاہ تک مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں ۔

irk, v.t. تنگ کرنا ؛ دِق کرنا ؛ مُشتعِل کرنا ۔

irksome, a. ناگوار ؛ تکلیف دِہ ؛ گراں ؛ بیزار کُن ؛ مُشکل ۔

irksomely, adv. تکلیف دِہ طور پر ؛ ناگواری سے ؛ مشکل سے ۔

irksomeness, n. ناگواری ؛ گرانی ؛ تکلیف ؛ مُشکِل پن ۔

iron, n. (کیمیا) لوہا ، آہن ، ایک دھاتی عُنصر ، نقرئی سفید ، تشکیل پذیر اور تمدُّد پذیر جو آمیختہ صورت میں عام ملتا ہے ، جِسے مقناطیس کھینچ لیتا ہے اور اس کو آسانی سے آکسائڈ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ، فولاد کی صُورت میں یہ کثیرالاستعمال ہے ، اس سے عمارتی سامان ، مشینیں ، اوزار اور دُوسری مصنوعات تیّار ہوتی ہیں ؛ کوئی چیز جو بے لچک ، طاقت ور اور مضبوط ہو ؛ لوہے کا بنا ہُوا کوئی آلہ یا برتن (جیسے : branding iron) ؛ استری ۔ (گالف) گولف کے نو ڈنڈوں میں سے ایک جن کا سِرا لوہے کا ہوتا ہے ۔ (عوامی) بندوق ۔ (جمع) بیڑیاں ؛ زنجیریں ؛ ہتھکڑیاں ؛ بند ۔ (صفت) لوہے پر مشتمل ؛ لوہے سے مشابہ ؛ (حقیقتاً یا مجازاً) سخت ؛ شدید ؛ گُستاخ ؛ متحمّل ؛ مضبوط ؛ بے لچک ؛ کڑا ؛ آہنی ۔ (فعل متعدی) اِستری سے ہموار کرنا ، اِستری کرنا؛ بیڑی یا ہتھکڑی ڈالنا ؛ لوہے سے مسلّح کرنا ؛ لوہا پھیرنا ؛ صاف کرنا ۔ (فعل لازم) اِستری ہونا ؛ صاف ہونا ؛ پابجولاں ہونا۔

have many irons in the fire, بہت سے کاموں میں مصروف ہونا ؛ کام کی کثرت ہونا ۔

iron out, (بول چال) ہموار کرنا ، دُرُست کرنا ، نااتّفاقی دُور کرنا ؛ صاف کرنا۔

ironer, n. استری کرنے والا۔

Iron Age, n. لوہے کا زمانہ ؛ عہدِ آہن ؛ ثقافتی عہد جو کانسی کے زمانے کے بعد آتا ہے ، جس کی امتیازی خصوصیّت ہتھیاروں اور اوزاروں میں لوہے کا استعمال ہے ۔ (چھوٹے سے) (اساطیری) کل جُگ ؛ زمین کا آخری اور بدترین زمانہ ، جس کی خصوصیات رنج، خُودغرضی اور بدعُنوانی ہیں ؛ کلی کال ۔

ironbark, ironbark tree, n. سخت چھال ؛ آسٹریلیا کے سُفیدے (یوکلپٹس) کی ایک قسم جس کی چھال اور لکڑی سخت ہوتی ہے، یہ تعمیرات کے کام میں قیمتی خیال کیا جاتا ہے ۔

iron bound, a. آہن بستہ ؛ جو چٹانوں سے محصور ہو، جیسے ساحل ؛ کُھردرا، بے لچک اور سخت ۔

ironclad, a. آہن پوش ؛ لوہے سے منڈھا ہُوا ؛ زِرہ پوش ؛ سخت ؛ پکّا ؛ مستحکم (جیسے : iron clad contract) ۔ (اسم) انیسویں صدی کا ایک جنگی جہاز جس پر لوہے کے موٹے پترے جڑے ہوتے تھے ۔

iron curtain, n. آہنی پردہ ؛ فوجی ، نظریاتی اور سیاسی عقائد میں اختلاف رکھنے والے ممالک کے درمیان اطلاعات و روابط میں حائل رُکاوٹ جیسے اشتراکی ممالک اور غیر اشتراکی ممالک میں حائل آہنی پردہ ۔

iron grey, n. سیاہی مائل خاکستری رنگ جو نئے توڑے ہوئے لوہے کا ہوتا ہے ؛ کچّے لوہے کا رنگ ۔ (صفت) سیاہی مائل خاکستری ؛ کچّے لوہے کے رنگ کا۔

iron-handed, a. سخت نگراں ؛ مستبد؛ سخت ؛ سخت گیر ؛ مُتشدِّد ۔

iron-hearted, a. (بول چال) سخت دِل ؛ بے حِس ؛ بیدرد ؛ بے مِہر ۔

iron horse, n. (بول چال) انجن ؛ انجن جو گاڑیاں کھنچتا ہے ؛ اسپ آہن ۔

ironic, ironical, a. طنزیہ ؛ طعن آمیز؛ طنز کرنے کا عادی ؛ طعنہ زن ؛ رمزیہ ۔

ironically, adv. طنزاً ؛ طنز سے ؛ طنزیہ طور پر ؛ طعنے کے طور پر۔

ironicalness, n. طَعن آمیزی ؛ طعنہ زنی ؛ طنزیہ پن ۔

ironing, n. استری کرنے کا عمل ؛ گرم لوہے سے کپڑوں یا کسی دُوسرے مواد کی شکنیں دُور کرنے کاعمل ؛ وہ اشیا جن کو اِستری کی ضُرورت ہو یا جن کو ابھی ابھی اِستری کی گئی ہو۔

ironing board, اِستری تختہ ؛ استری کرنے کا تختہ ۔

ironist, n. طنز نگار ؛ طنزگو ؛ طعن کرنے والا ؛ رَمزگو۔

iron lung, n. آہنی پھیپھڑا ؛ ایک بند خانہ جو مریض کی چھاتی کے اُوپر لگا دیا جاتا ہے ، جو تنفس کو ہوا کے دباؤ میں متوازن تغیّرات کے ذریعے جاری کرتا ہے ، اس طرح یہ عام پھیپھڑے کے عمل کے مُتبادل کے طور پر کام کرتا ہے۔

ironmaster, n. (برطانوی) آہن ساز ؛ لوہے کے کارخانے کا مالک ۔

ironmonger, n. (برطانوی) لوہار ؛ حدّاد ؛ آہن فروش ؛ آہنی آلات بیچنے والا ؛ آہنگر ؛ لوہیا۔

ironmongery, n. آہن فروشی ؛ لوہے کا سامان ، دُکان یا کاروبار ؛ آہنی سامان کی دُکان ؛ لوہار کا پیشہ ؛ آہنگری۔

iron pyrites, n. آہنی چقماق۔

ironsmith, n. حدّاد ؛ لوہار ؛ آہنگر۔

ironstone, n. لوہ پتھّر ؛ کچّا لوہا ؛ سنگِ آہن ؛ کوئی معدنی چیز یا چٹان جو لوہے کی حامِل ہو ؛ لوہے کا کاربونیٹ ۔

ironstone china, سخت اور غیر شفّاف ظُروف ۔

ironware, n. آہنی ظُروف ؛ لوہے کا سامان ؛ برتن، اوزار اور ہلکے وزن کی دُوسری اشیا جو لوہے سے بنی ہوں ؛ آہنی اشیا ۔

ironweed, n. گیاہ آہن؛ ورنونیا (Vernonia) جنس کی ایک خزاں شگفتہ شمالی امریکی بوٹی جس کا تعلق مرکّب پھولوں کے خاندان سے ہے ، اس میں قرمزی سے گُلابی رنگ تک کے پُھولوں کے گُچھّے لگتے ہیں ۔

iron wood, hophorn beam, n. چوب آہن، لوہا لکڑی؛ چوب سخت؛ ورجینیا کا ایک چھوٹا درخت (Ostrya virginiana) جس کا تعلّق مرکب خاندان سے ہے ؛ کنڈَیلیا (Condalia) جنس کی حارّی لکڑی ، جو نہایت بھاری لکڑیوں میں شامل ہے ۔

ironwork, n. آہن کاری ؛ لوہے کی چیز ؛ لوہے کا کام ؛ لوہے کی بنی ہُوئی کُوئی چیز ؛ آہنی آلہ ؛ لوہے کے پُرزے ۔ (جمع) لوہے کا کارخانہ ۔

ironworker, n. لوہے کی چیزیں بنانے والا ؛ آہنگر۔

irony, n. طنز ؛ طَعن ؛ اِستہزا ؛ ہجو ؛ رَمز؛ ایک انداز بیاں جس میں مطلُوبہ معنی لفظی معنی کی ضِد ہوتے ہیں ، یہ تضحیک ، تحقیر اور مزاح کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (ادب) ایک انداز جو ہجو نگاری میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک طریق اظہار جس میں مُصنّف اپنے حقیقی مفہوم کو کہانی اور کردار کے ارتقا کے پس پردہ چُھپا دیتا ہے اور مراد متضاد معنی ہوتے ہیں ؛ انسان کی توقع کے خلاف نَتیجہ ۔

dramatic irony, (تھیٹر) ناٹکی طنز ؛ ڈرامائی طنز ؛ ایک انداز جس کے ذریعے سامِعین اسٹیج پر ہونے والی کارروائی کو سمجھتے ہیں جبکہ اداکار یہ تأثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ نہیں سمجھتے ۔

Socratic irony, (فلسفہ) سُقراطی طنز ؛ تجاہل عارفانہ جو فنِّ استدلال میں مستعمل ہے ؛ سُقراطی تجاہُل۔

Iroquoian, a. اِروکوی قبائل سے متعلّق یا ان سے خاص یا ان کی زبان سے متعلّق ۔ (اسم) شمالی امریکا کے انڈینوں ، مثلاً اروکوی ، ہُرون ، ایری ، چیرو کی اور دُوسرے قبائل کی زبانوں کا ایک خاندان ؛ ان قبائل میں سے کسی کا فرد ۔

Iroquois, a. اروکوی ؛ اروکوی سے مُتعلّق ۔ (اسم) قدیم انڈین وفاق کا رُکن ، جو کیوگا ، مُہاوک ، اونیڈا ، اونون ڈاگا ، سینیکا اور بعد ازاں ٹسکارورا پر مشتمل تھا ، جن کو پانچ اقوام کہا جاتا تھا ؛ مجموعی طور پر یہ قبائل ۔

irradiance, irradiancy, n. درخشانی ؛ درخشندگی ؛ تابانی ؛ جسم تاباں سے خارج ہونے والی جیسے شُعاع یا موج ضیا ؛ تنویر ؛ چمک ؛ شان ؛ اِشعاع ؛ شُعاع ریزی ؛ انتشارِ نُور ۔ (طبیعیات) درخشندہ توانائی کے بہاؤ کی شرح فی مکانی (رقبے کی) اکائی ۔

irradiant, a. روشن ؛ درخشندہ ؛ تابندہ ؛ منوّر ؛ ضیا بار۔

irradiate, v.t. روشن کرنا ؛ روشنی ڈالنا ؛ اُجالنا ؛ اُجاگر کرنا ؛ رُوحانی یاذہنی طور پرروشن کرنا ؛ تابکاری کے ذریعے نفُوذ کرنا ؛ تابکاری کے ذریعے عِلاج کرنا ؛ اشعاعی توانائی کسی چیز کو گرم کرنے کے لیے استعمال کرنا ؛ اُجالا کرنا ؛ منوّر کرنا ؛ چمکانا ؛ دَرَخشاں کرنا ۔

irradiatingly, adv. روشن کرتے ہوئے۔

irradiative, a. روشن کُنندہ ؛ روشن ساز ؛ ضیابار ؛ نُورافشاں ؛ توضیحی۔

irradiator, n. روشن کرنے والا۔

irradiation, n. شِعاع ریزی ؛ درخشندگی ؛ تابیدگی ؛ تابانی ؛ روشنی ؛ چمک ؛ شُعاع ، کِرن ؛ روحانی یا ذہنی روشنی ، روشن خیالی ، روشن ضمیری ؛ اشراقیت ؛ شعاعیّت ؛ تنویر ؛ تجلّی ؛ علاج بذریعہ روشنی ، تابکاری کے ذریعہ علاج۔ (بصریات) کسی بہت روشن چیز کی توسیع (شبکیہ پر روشنی کے واضح اثر کی وجہ سے)۔ (طبیعیات) تابکار توانائی کے فی مکانی اکائی (رقبے کی) بہاؤ کی شرح۔

irradicable, a. ناقابل اِستیصال ؛ جس کو مٹانا مُمکن نہ ہو ۔

irradicably, adv. ناقابلِ اِستیصال طور پر۔

irrational, a. نامعقول ؛ غیر معقُول ؛ بے دلیل ؛ خلاف عقل ؛ غیر عقلی ؛ غیر منطقی ؛ بیہُودہ ؛ دماغی طور پر غیر مستحکم ، کمزور ؛ خلافِ منطق ۔ (ریاضی) غیر ناطق ؛ جس کو صحیح عدد یا مقدار سے ظاہر نہ کیا جا سکے ؛ اصم ؛ الجبرا کے عمل سے منسوب ، جس میں مقدارِ متغیّرہ جذری علامت کے تحت ناقابل تخفیف طور پر ظاہر ہوتی ہے ۔ (جرمن اور لاطینی عروض) ایک بحر ، جو وزن دار نمونے سے الگ ہے ؛ اس بحر سے متعلّق جو ایسے متبادل کی حامل ہے ۔

irrationality, irrationalness, n. نامعقولیت ؛ عدم معقولیت ؛ بیہودگی ؛اصم پن ؛ غیر ناطِق پن ؛ ناعقلیت ؛ غیر عقلی پن ۔

irrationally, adv. نامعقُول طور پر ؛ بے عقلی سے ۔

irrationalism, n. بے عقلیت ؛ عدمِ تعقّل ؛ غیر معقولیت پسندی ؛ غیر معقُول عقیدہ ، خیال یا رویہ ۔ (فلسفہ) ایک نظریہ جو عقل کو جِبِلّت ، وِجدان اور ایمان کے مقابلہ میں مسترد کرتا ہے ؛ عقل کے دنیا کی حُکمراں طاقت ہونے کی حیثیّت سے انکار۔

irrationalist, n. منکر عقل ؛ غیر معقولیّت پسند ۔

irrationalistic, a. غیر معقولیت پسندانہ ؛ غیر عقلی انداز میں ۔

irreclaimable, a. ناقابلِ اصلاح ؛ ناقابل دُرُستی ؛

جو تربیت پذیر نہ ہو ؛ اِصلاح ناپذیر ؛ ناقابلِ بازیابی ۔

irreclaimability, irreclaimableness, n. اصلاح ناپذیری ۔

irreclaimably, adv. ناقابلِ اصلاح طور پر ۔

irreconcilable, a. ناقابلِ مصالحت ؛ مصالحت ناپذیر ؛ جس پر سمجھوتا نہ ہو سکے ؛ ناسازگار ؛ جسے مُتفق ہونے یا اِستقامت پر مجبور نہ کیا جا سکے ؛ سخت ؛ مُنافی ؛ ناقابلِ تطبیق ۔ (اسم) مصالحت ناپذیر شخص ۔

irreconcilability, irreconcilableness, n. مصالحت ناپذیری ؛ عدم مطابقت پذیری ۔

irriconcilably, adv. ناقابلِ مصالحت طور پر ۔

irrecoverable, a. ناقابلِ وُصول ؛ ناقابلِ حُصول ؛ ناقابلِ علاج ؛ لاعلاج ؛ ناقابلِ تلافی ؛ ڈُوبا ہوا ۔

irrecoverableness, n. عدم وصولیّت ؛ عدم امکان وُصول ؛ لاعلاجیّت ۔

irrecoverably, adv. ناقابلِ وصُول طور پر ؛ علاج ناپذیرانہ ۔

irrecusable, a. واجبُ القُبول ؛ ناقابلِ استرداد ؛ ناقابلِ انکار ؛ قابلِ قبول (جیسے : irrecusable evidence) ۔

irrecusably, adv. قابلِ قُبول طور پر ؛ ناقابلِ رد طور پر ۔

irredeemable, a. غیر قابلِ انفکاک ؛ ناقابلِ استخلاص ؛ ناقابلِ اصلاح ؛ ناقابلِ وُصول ؛ ناقابلِ واپسی ؛ ناقابلِ تبدیل ؛ غیر ادا شُدہ ؛ عام قدر میں کمی کا مظہر ۔ جیسے کاغذی سکّے کی کم قدری ؛ جس کو بچایا نہ جا سکے ؛ گیا گزرا ؛ ناقص ؛ خاطی ۔

irredenta, n. مقبوضہ علاقہ ؛ کوئی علاقہ جس کے لوگ نسلی یا تاریخی طور پر کسی مُلک سے وابستہ ہوں ، لیکن خلافِ مرضی کسی دُوسرے ملک کے سیاسی اور انتظامی تسلّط میں ہوں جیسے کشمیر ۔

irredentist, n. (عموماً بڑے ا سے) رُجُوعی ؛ ایک اطالوی جماعت کا رُکن جو ۱۸۷۸ء میں قائم کی گئی تھی جو ہمسایہ اطالوی بولنے والے علاقوں کے اطالیہ میں شُمُول کی حامی تھی ؛ ایسے مسلک کا حامی کوئی شخص ۔

irredentism, n. رُجوعیّت ؛ لِسانی اشتمالیت ۔

irreducible, a. ناقابلِ تحویل ؛ ناقابلِ تخفیف ؛ تحویل ناپذیر ؛ ناقابلِ تسہیل ؛ تخفیف ناپذیر ۔

irreducibility, irreducibleness, n. تحویل ناپذیری ؛ تخفیف ناپذیری ؛ تسہیل پذیری ۔

irreducibly, adv. ناقابلِ تخفیف طور پر ؛ ناقابلِ تحوِیل طور پر ۔

irrefragable, a. ناقابلِ تردید ؛ مُسکِت ؛ ناقابلِ انکار ؛ ناقابلِ اختلاف ؛ لاجواب ؛ مسلّم ۔

irrefragability, n. تردید ناپذیری ؛ لاجوابیت ۔

irrefragably, adv. ناقابلِ تردید طورپر ؛ ناقابلِ انکار طریقے سے ۔

irrefrangible, a. ناقابلِ شِکست ؛ ناقابلِ عدول ؛ تخلُّف ناپذیر ؛ انعطاف ناپذیر ؛ ناقابلِ خلاف ورزی ۔

irrefrangibility, irrefrangibleness, n. شکست ناپذیری ؛ تخلُّف ناپذیری ،انعطاف ناپذیری ۔

irrefutable, a. ناقابلِ تردید ؛ ناقابلِ تکذیب ؛ مُسکِت ؛ قاطِع ؛ لاجواب ؛ مسلّم ۔

irrefutably, adv. ناقابل تردید طور پر ؛ قاطعانہ ۔

irrefutability, n. تردید ناپذیری ۔

irregardless, a., adv بِلالحاظ ؛ regardless کی غیر معیّاری صُورت ۔

irregular, a. بے قاعدہ ؛ غیر متناسب ؛ ناہموار ؛ غیر مُنظّم ؛ بے ڈول ؛ نامنظّم ؛ بے طور ؛ خلافِ قاعِدہ ؛ بے اُصُول ؛ بے ڈھنگا ؛ بے سلیقہ ؛ بے ترتیب (جیسے : an irregular heart beat) ؛ ناشایستہ ؛ ٹیڑھا ؛ خلافِ ضابطہ ؛ خلافِ اُصُول ؛ خلافِ رواج ؛ خلافِ فطرت ؛ قانونِ فطرت کے خلاف ۔ (گرامر) عام ہیئت سے ہٹ کر، تصریفی آخری رکن کے لحاظ سے ۔ (جیومیٹری) اس کا اطلاق اس شکل پر ہوتا ہے جس کے اضلاع اور زوایا آپس میں مُساوی اورمشابہ نہ ہوں ۔ (نباتیات) جس کا پُھول والا حصّہ سائز میں مختلف ہو یا جس کی ترتیب میں تناسب نہ ہو ؛ ناقص ۔ (عسکری) جو ضوابط کے مطابق نہ ہو بالخصوص وہ سپاہی جو باقاعدہ ملازم نہ ہو ۔

irregularity, n. بے قاعِدگی ؛ ناہمواری ؛ بے ضابطگی ؛ بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ آوارگی ؛ بے اُصُولی ؛ بے ڈھنگا پن ؛ بے اسلُوبی ؛ بے نظمی ۔

irregularly, adv. بے قاعدگی سے ؛ بے قاعدہ طور پر ؛ بے ضابطگی سے ؛ ناہمواری سے ؛ بلا دستُور ؛ بے اُصُولی سے ؛ خلافِ ضابطہ ہو کر ۔

irrelative, a. غیر متعلّق ؛ بے ربط ؛ بے لگاؤ ؛ بے جوڑ ؛ بے علاقہ ؛ بے رشتہ ۔

irrelatively, adv. غیر متعلّق طور پر ؛ بے ربط انداز میں ؛ بے تعلقی سے ۔

irrelativeness, n. بے تعلُّقی ؛ بے ربطی ؛ بے ربط پن ۔

irrelevant, a. غیر متعلّق ؛ نامُناسب ؛ خارج از بحث ؛ غیر مربُوط ؛ بے علاقہ ؛ بے محل ؛ بے ربط ؛ بے موقع ؛ غیر مُناسِب ؛ بے تُک ؛ بے جوڑ ۔

irrelevance, irrelevancy, n. بے محلیّت ؛ بے ربطی ، عدم مُناسبت ؛ غیر مربوط پن ؛ مغائرت ؛ بے تعلُّقی ۔

irrelevantly, adv. غیر متعلّق طور پر ؛ غیر مناسب طور پر ؛ غیر مربوط انداز میں ؛ بے ربطی سے ؛ عدم مناسبت سے ؛ بلا تعلُّق ۔

irreligion, n. بے مذہبی ؛ بے دینی ؛ اِلحاد ؛ ناپارسائی ؛ لامذہبی ؛ زندقہ ۔

irreligionist, n. بے دین ؛ لامذہب ؛ مُلحد ؛بے مذہَب ؛ کافِر ۔

irreligious, a. غیر مذہبی ؛ لامذہب ؛ بے دین ؛ مُلحِد ؛ فاسِق ؛ زِندیق ۔

irreligiously, adv. لامذہب طور پر ؛ بے دینی سے ؛ ملحدانہ ؛ رِندانہ ؛ کافِرانہ ۔

irreligiousness, irreligiosity, n. لامذہبیت ؛ بے دینی ؛ الحاد ؛ لامذہبی ؛ کُفر ؛ زندقہ ۔

irremediable, a. لاعلاج ؛ ناقابلِ علاج ؛ بے درماں ؛ ناقابلِ اصلاح ؛ ناقابلِ تلافی ؛ لادوا ۔

irremediableness, n. بے درمانی ؛ لاعلاجی ؛ اصلاح ناپذیری ۔

irremediably, adv. ناقابلِ عِلاج طور پر ؛ بے درمانہ ۔

irremissible, a. ناقابلِ مُعاف ؛ عفُو ناپذیر ؛ اجباری ؛ جو معاف کرنے کے لائق نہ ہو ۔

irremissibility, irremissibleness, n. عفُو ناپذیری ؛ اجبار ۔

irremissibly, adv. ناقابل معاف طور پر ؛ اجبارانہ ؛ عفو ناپذیرانہ ۔

irremovable, a. ناقابلِ برطرفی ؛ ناقابلِ عزل ؛ انتقال ناپذیر ؛ بے لچک ؛ اٹل ؛ قائم ۔
irremovability, irremovableness, n. انتقال ناپذیری ؛ بے لچکی ؛ اٹل پن ۔
irremovably, adv. ناقابلِ عزل طور پر ؛ ناقابلِ انتقال طور پر ؛ اٹل پن سے ؛ بے لچکی سے ۔

irreparable, a. ناقابلِ تلافی ؛ مرمّت ناپذیر ؛ اِصلاح ناپذیر ؛ ناقابلِ مرمّت ؛ ناقابلِ ترمیم ؛ لاعِلاج ۔
irreparability, irreparableness, n. مرمّت ناپذیری ؛ اصلاح ناپذیری ؛ تلافی ناپذیری ؛ ناقابلِ مرمّت پن ؛ لاعِلاجی ۔
irreparably, adv. ناقابلِ تلافی طور پر ؛ مرمّت ناپذیرانہ ؛ تلافی ناپذیرانہ ۔

irrepealable, a. ناقابلِ فَسخ ؛ ناقابلِ اِنفساخ ؛ فَسخ ناپذیر ؛ ناقابلِ رد ؛ ناقابلِ منسُوخی ۔

irreplaceable, a. بے بدل ؛ جس کو تبدیل نہ کیا جا سکے ؛ جس کا بدل نہ ہو ۔

irreplevisable, a. (قانون) ناقابلِ حُصُول بذریعہ ضمانت ؛ جسے رٹ یا واگزاشتِ قُرقی کے ذریعے حاصل نہ کیا جا سکے ۔

irrepressible, a. اِطاعت ناپذیر ؛ جس کو دبایا نہ جا سکے ؛ جس کو قابو میں نہ لایا جا سکے ۔
irrepressibility, irrepressibleness, n. اِطاعت ناپذیری ۔
irrepressibly, adv. اِطاعت ناپذیری سے ۔

irreproachable, a. بے داغ ؛ ناقابلِ ملامت ؛ بے گناہ ؛ بے قُصور ؛ بے الزام ؛ پاک و صاف ؛ پاک باز ۔
irreproachableness, irreproachability, n. بے گناہی ؛ بے داغی ؛ بے داغ پن ؛ پاک بازی ۔
irreproachably, adv. بے گناہی سے ؛ بے داغی سے ۔

irresistible, a. ناقابلِ مزاحمت ؛ ناقابلِ مقاومت ؛ قابلِ محبت ؛ پُرکشش ؛ ترغیب دہ ۔
irresistibility, irresistibleness, n. مزاحمت ناپذیری ؛ کشش ؛ اٹل پن ۔
irresistibly, adv. ناقابلِ مزاحمت طور پر ؛ مزاحمت ناپذیرانہ ۔

irresoluble, a. تحلیل ناپذیر ؛ حل ناپذیر ؛ ناقابلِ تصفیہ ؛ ناقابلِ تجزیہ ۔

irresolute, a. مُتذَبذَب ؛ بے تصمیم ؛ جو اپنے ارادہ یامقصد میں پکّا نہ ہو ؛ متأمّل ؛ مُتزلزَل ؛ مُشتبہ ؛ دو دِلا ؛ غیر مستقل مزاج ؛ متلوّن ۔
irresolutely, adv. تذبذُب سے ؛ دو دِلی سے ؛ غیر مستقل مزاجی سے ۔
irresoluteness, n. تذبذب ؛ دو دلی ؛ غیر مستقل پن ؛ متامّل پن ۔

irresolution, n. بے استقلالی ؛ قُوّتِ فیصلہ کی کمی ؛ دو دِلی ، تَذبذُب ؛ تزلزُل ؛ تلوُّن ۔

irresolvable, a. ناقابلِ حل ؛ ناقابلِ تجزیہ ؛ تحلیل ناپذیر ؛ حل ناپذیر ؛ ناقابلِ تحلیل ۔
irresolvability, irresolvableness, n. تحلیل ناپذیری ؛ حل ناپذیری ۔

irrespective, a. بلا لحاظ ؛ بے اعتنا ؛ قطعِ نظر (of کے ساتھ) ۔
irrespectively, adv. لحاظ نہ کرتے ہوئے ؛ بے اعتنائی سے ؛ بلا لحاظ کیے ؛ قطعِ نظری سے ۔

irrespirable, a. ناقابلِ تنفس ؛ جو سانس لینے کے قابل نہ ہو ؛ تنفُّس ناپذیر ۔

irresponsible, a. غیر ذِمّہ دار ؛ ذِمّہ داری کے نااہل یا ناقابل ؛ بَرِیُ الذِمہ ؛ غیر مسئول ؛ غیر مُعتبر ؛ لااُبالی ؛ بے مواخذہ ؛ جواب دہی سے بری ؛ بے پروا ۔
irresponsibly, adv. غیر ذمّہ داری سے ؛ غیر مسئول طور پر ؛ غیر ذِمّہ دارانہ ؛ لااُبالی پن سے ۔
irresponsibility, irresponsibleness, n. غیر ذِمّہ داری ؛ عدمِ مَسئولیّت ؛ لااُبالی پن ؛ غیر مسئولیّت ۔

irresponsive, a. جوابِ ندہندہ ؛ ناآمادہ ؛ غیر مُوافق ؛ غیر متأثّر ؛ غیر جوابِ دِہ ۔
irresponsiveness, n. جواب ندہی ؛ عدمِ تأثُّری ؛ غیر جواب دہی ؛ غیر متأثّر پن ۔

irretention, n. نانِگہداری ؛ روکنے کی صلاحیت کا فقدان ؛ عدمِ ضَبط ؛ عدمِ حافظہ ؛ عدمِ اِحساس ۔

irretentive, a. نانگہدار ، محرومِ ضبط ؛ محرُومِ حافظہ ؛ بُھلکڑ ۔
irretentiveness, n. عدمِ حِفظ ؛ بُھلکڑ پن ۔

irretrievable, a. ناقابِل بازیافت ؛ ناقابلِ تلافی ؛ ناقابلِ وُصُول ؛ غیر مُمکِنُ الحُصُول ؛ غیر قابلِ اِیفا ۔
irretrievability, irretrievableness, n. ناقابلیّت بازیافت ؛ تلافی ناپذیری ؛ بازیافت ناپذیری ۔
irretrievably, adv. ناقابلِ بازیافت طور پر ؛ ناقابلِ تلافی طور پر ؛ ناقابلِ وُصُول طور پر ۔

irreverence, n. بے ادبی ؛ بے حُرمتی ؛ بے احترامی ؛ بے ادبانہ رویہ ، فعل یا الفاظ ۔

irreverent, a. بے ادب ؛ بے احترام ؛ گُستاخ ؛ بڑوں کا ادب نہ کرنے والا ؛ حُرمت نہ کرنے والا ۔
irreverently, adv. بے ادبی سے ؛ گُستاخی سے ؛ بے اَدبانہ ۔

irreversible, a. رَجعت ناپذیر ؛ ناقابلِ تغیُّر ؛ غیر متغیّر ، ناقابلِ ترمیم ؛ فَسخ ناپذیر ؛ غیر رَجعی ؛ اَن پلٹ ؛ غیر متبدّل ؛ ناقابلِ منسوخی ؛ اَٹَل ۔
irreversibly, adv. ناقابلِ تغیُّر طور پر ؛ غیر رجعی انداز میں ؛ غیر متبدّل طور پر ۔
irreversibility, irreversibleness, n. رَجعت ناپذیری ؛ تغیر ناپذیری ؛ فسخ ناپذیری ؛ غیر رجعیت ۔

irrevocable, a. ناقابلِ واپسی ؛ ناقابلِ تنسیخ ؛ ناقابلِ منسوخی ؛ فَسخ ناپذیر ؛ تغیّر ناپذیر ؛ رَجعت ناپذیر ؛ لاتنسیخ ؛ ناقابلِ تردید ؛ اَن پلٹ ؛ اَٹَل ۔
irrevocability, irrevocableness, n. عدمِ تنسیخ ؛ فسخ ناپذیری ؛ تغیُّر ناپذیری ؛ عدمِ تردِید ۔
irrevocably, adv. ناقابلِ تنسیخ طور پر ؛ فسخ ناپذیری سے ؛ عدمِ تردید سے ؛ تغیُّر ناپذیرانہ ۔

irrigable, a. قابلِ آب پاشی ؛ قابلِ آبیاری ۔
irrigably, adv. آب پاشی کے طور پر ؛ آبیاری کے انداز میں ۔
irrigate, v.t. (زراعت) پانی دینا ؛ آبپاشی کرنا ؛ آبیاری کرنا ؛ سیراب کرنا جیسے زمین کو مصنوعی ذرائع سے مثلاً ، نہروں سے ، چھڑکاؤ سے ، سیلاب سے ؛ چھڑکنا ؛ تازہ کرنا ؛ زندہ کرنا ، جیسے پانی دے کر ؛ سینچنا ۔ (طب) صاف کرنا ، دھونا،مثلاً زخم ، کوئی مائع چھڑک کر ۔
irrigation, n. آب پاشی ؛ آبیاری ؛ سینچائی ؛ پانی دینے کاعمل ؛ آب دہی ۔
irrigative, irrigational, a. آبپاشانہ ؛ آبیارانہ ؛ سینچائی کا ۔
irrigator, n. آبیار ؛ آب پاشی کرنے والا ؛ پانی دینے والا ؛ سیراب کُنندہ ؛ ناظرِ آبپاشی ؛ مِیزاب ۔
irritability, n. زُودحسی ؛ تُنک مزاجی ؛ تحریک پذیری ؛ خراش پذیری ۔ (فعلیات) جسمِ نامی یا مادّۂ حیات کی کسی تحریک سے حسّاس ہونے کی حالت ؛ تہیُّج پذیری ؛ خراش پذیری ؛ چڑچڑا پن ؛ زُودرنجی ۔
irritable, a. حسّاس ؛ زُودحس ؛ تُنک مزاج ؛ زُودرنج ؛ تحریک پذیر ؛ اشتعال پذیر ؛ آتش مزاج ؛ چڑچڑا ؛ ذکی الحِس ۔ (فعلیات) کسی تحریک کے مُعاملے میں حسّاس ۔ (امراضیات) کسی تحریک پر مُتجاوز ردّعمل یا سوزش ظاہر کرنے والا ؛ خراش پذیر ۔
irritableness, n. زُودحسی ؛ تُنک مزاجی ؛ خراش پذیری ؛ جھلاّہٹ ؛ غُصّہ ؛ کوفت ۔
irritably, adv. زُودحسی سے ؛ تُنک مزاجی سے ؛ خراش پذیری سے ؛ جھلاّہٹ سے ؛ غصّے سے ؛ کوفت سے ۔
irritant, a. اشتعال انگیز ؛ خراش آور ۔ (اسم) کوئی اشتعال انگیز یا خراش آور چیز ۔ (طِب) خراش یا سوزش پیدا کرنے والی کُوئی چیز ، مثلاً زہر یا کوئی کیمیائی عامِل ؛ مخرِش ؛ تحریک انگیز ؛ خلل انداز ؛ ہیجان انگیز ؛ مُحرِّک ؛ مہیّج ؛ سوزش کرنے والا ؛ تکلیف دہ ؛ جلن پیدا کرنے والا ؛ مُشتعِل کرنے والا ۔
irritancy, n. جھلاّہٹ ؛ اشتعال انگیزی ؛ خراش آوری ؛ غُصّہ ؛ کوفت ۔
irritate, v.t. مشتعل کرنا ؛ افروختہ کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ بھڑکانا ؛ سوزش پیدا کرنا ۔ (فعلیات) کسی جسمانی حصّہ ، خاص فِعل یاعمل میں تحریک پیدا کرنا ؛ زُودحسی ظاہر کرنے کا سبب بننا ۔ (فعل لازم) ناپسندیدگی ، غُصّہ یا اِشتِعال پیدا ہونا ۔
irritatingly, adv. اشتعال انگیزی سے ؛ جھلاّہٹ سے ؛ خفگی سے ۔
irritated, a. مشتعل ؛ برانگیختہ ؛ جھلاّیا ہوا ؛ خَفا ۔
irritation, n. اشتعال ؛ برانگیختگی ؛ کوفت ؛ جھنجھلاہٹ ؛ جھلاّہٹ ۔ (امراضیات) جسم کے کسی حصّہ میں سوزش یا غیر معمولی زود حِسی ؛ جلن ؛ ہیجان ؛ رگڑ ؛ تحریک ؛ تہیّج ۔
irritative, a. محرِّک ؛ اشتعال انگیز ؛ سوزش آور ؛ تحریک یا اشتعال سے پیدا شدہ ؛ مہیّج ؛ خراشی ؛ غُصّہ آور ۔
irritativeness, n. اشتعال انگیزی ؛ سوزش آوری ؛ تہیُّج ؛ خراش ؛ سوزش آفرینی ۔
irrupt, v.i. دَر آنا ؛ حملہ کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ طاقت یا زور سے در آنا ؛ اچانک بڑھنا ، مثلاً حیوانی آبادی کا اموات میں کمی کے باعث ؛ گُھس جانا ؛ ٹُوٹ پڑنا ؛ اُمڈ آنا ؛ یُورش کرنا ؛ دوڑ پڑنا ؛ دھاوا بولنا ؛ تاخت کرنا ۔
irruption, n. حملہ ، چڑھائی ؛ یُورش ؛ تاخت ؛ دوڑ ؛ دھاوا ۔
irruptive, a. تاخت کُنندہ ؛ حملہ آور ؛ گُھس جانے والا ؛ ٹُوٹ پڑنے والا ؛ چڑھ آنے والا ۔
irruptively, adv. حملہ آوری سے ؛ تاخت سے ؛ یُورش سے ۔
is, v.i. ہے ؛ ہونا ، مصدر سے صیغہ واحد غائب کا فعلِ حال ناقص ۔
isagogic, a. تعارُفی ؛ تمہیدی ؛ بالخصوص انجیل کے مُطالعے میں ۔
isagogics, n. تمہیدیات ؛ مذہبی عُلوم کا ایک شُعبہ ، جو مُقدّس کتابوں کی تنقیدی تعبیر کے لیے تمہید کی حیثیّت رکھتا ہے ؛ مقدمہ کتابِ مُقدّس ۔
isallobar, n. (موسمیات) موسمی لکِیر ؛ موسمی نقشے پر کِھنچی ہوئی وہ لکیر جو ان مقامات کو جوڑتی ہے جو ایک خاص مُدّت میں ہوا کے دباؤ میں مُساوی تغیرات ظاہر کرتے ہوں ؛ ہم باری تغیر خط ۔
isallobaric, a. موسمی لکیر سے متعلّق ۔
isatin, n. (کیمیا) اساتین ؛ ایک نارنجی رنگ کا مرکب ، جو بُنیادی طور پر رنگ سازی میں کام آتا ہے ۔
ischemia, ischaemia, n. (امراضیات) وقف الدّم ؛ بافت کی مقامی کمیِ خُون ، جو رگِ خُون کے سُکڑنے سے خون کے وریدی بہاؤ میں رکاوٹ پیدا ہونے کے باعث پیدا ہوتی ہے ۔
ischemic, ischaemic, a. وقف الدّم سے متعلّق ۔
ischium, n. (تشریح الاعضا) عظمُ الورک ؛ کُولھے کے جوڑ پر پیڑو کی قوس کا بالائی اور زیریں حِصّہ ؛ سُرِین کی ہڈّی ۔
ischial, ischiatic, a. عظمُ الورک کے بارے میں ۔
Ishmaelite, n. (بائبل) اسماعیلی ؛ جہاں گرد ؛ مُعاشرہ سے جنگ آزما ۔
Ishmaelitish, a. (بائبل) مخالف معاشرہ ۔
Ishmaelitism, n. (بائبل) مُخالفتِ معاشرہ ۔
isinglass, n. سریش مابی ؛ ایک سریشی مادّہ جو بعض مچھلیوں کے پُھکنے سے حاصل ہوتا ہے ، جو شرابیں صاف کرنے کے لیے اور سیمنٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ ابرق کی پتلی چادر ؛ ابرقہ ؛ ابرک ؛ چلچِل ؛ بھوڈل ۔
Islam, n. اسلام ؛ دینِ اسلام ؛ جس کا نمایاں اُصول یہ ہے کہ خدا ایک ہے ، مُحمّد صَلّی اللہُ عَلَیہِ وسَلّم اس کے رسول ہیں اور قرآن اللہ کا کلام ہے ؛ مجموعی طور پر دینِ اسلام کے ماننے والے ۔
Islamism, n. اسلامیت ؛ مُسلمانی ؛ عقیدۂ اسلام ۔
Islamic, a. اسلامی ۔
Islamitic, a. اسلامیاتی ؛ اسلامی ۔
Islamite, n. مُسلم ؛ مُسلمان ؛ اسلامی (جمع اسلامیان) ۔
island, n. جزیرہ ؛ ٹاپو ؛ زمین کا وہ قطعہ جو پانی میں محصور ہو ، پانی خواہ سمندر کا ہو یا دریا کا یا جھیل کا ؛ کوئی چیز جو جزیرے سے مشابِہ ہو ؛ پیدل چلنے والوں کے لیے اُونچا چبوترہ جس کے ہر طرف گاڑیاں چل رہی ہوں (جیسے : traffic island) ۔ (جہازرانی) عرشۂ جہاز کے اوپر ایک ڈھانچا ۔ (ریلوے) ریل کی

مختلف پٹیوں کے درمیان اُونچا چبوترہ ۔ (تشریح الاعضا) بافت کا کوئی حصّہ جو ساخت میں محاصر بافت سے مختلف ہو۔ (فعل متعدی) جزیرہ بنانا یا جزیرہ کی مانند ظاہر کرنا ؛ الگ کرنا ؛ جزیروں سے پُر کرنا ۔

islander, n. جزیرہ باش ؛ جزیرہ کا باشندہ ؛ جزیرے کا رہنے والا۔

island universe, n. (فلکیات) جزیری کائنات ؛ اِیک کہکشاں جو ہماری کہکشاں سے الگ ہے ؛ عالمین ۔

isle, n. جزیرہ ؛ ایک جزیرہ ، بالخصوص چھوٹا جزیرہ ؛ ٹاپُو ؛ دیپ ۔ (فعل متعدی) جزیرہ بنانا؛ جزیرے پر رکھنا ۔ (فعل لازم) جزیرے میں رہنا؛ ٹاپو پر رہنا ۔

islet, n. چھوٹا جزیرہ ؛ ٹاپو ؛ چھوٹا ٹاپو۔

islets of Langerhans, islands of Langerhans, n. (تشریح الاعضا) لینگر ہانی جزیرے ؛ لینگر ہینس کے جزائر ؛ دروں افرازی خلیوں کے گُچھے جو لبلبے کی بافتوں میں بکھرے ہوئے ہیں اور انسولین خارج کرتے ہیں ؛ در لبلبہ ۔

ism, n. عقیدہ ؛ مَت ؛ کوئی مُمتاز عقیدہ ، نظریہ ، نظام یا چلن ؛ اکثر حقارتاً استعمال ہوتا ہے (جیسے : confused by the isms of the day) ؛ اُصُول ؛ مَسلک ؛ کوئی خاص مَسلک یا نظریہ ۔

isn't, is not کا مُرخَّم ۔

isoagglutination, n. ہم الزاق ؛ خُون کے سُرخ ذرّات کی گروہ بندی ، جو اس وقت پیدا ہوتی ہے جب کوئی حیوان دُوسرے ہم نوع حیوان کا خُون وصول کرتا ہے ۔

isoagglutinative, a. ہم الزاقانہ ؛ ہم الزاقی ۔

isoagglutinin, n. (حیاتی کیمیا) ہم الزاقین ؛ آنسواگلوٹینن ؛ کسی ایک جسم نامی کا ضدجسمیہ یا انجمادی عامل جو اسی نوع کے دُوسرے افراد کے خلیوں پر اثر انداز ہو۔

isoalloxazine, n. آنسو الاکسازین ؛ ایک قُدرتی زرد رنگ ، جو ریبو فلیون اور فلیون کے خامروں کا ماخذ ہے ، یہ بہت سے پودوں اور جانوروں میں پایا جاتا ہے ۔

isobar, n. (موسمیات) خطِ ہم فشار ؛ ہم بار خطّ ؛ نقشے پر کھنچی ہوئی وہ لکیر جو ان مقامات کو جوڑتی ہے جن میں ہوا کا دباؤ یکساں ہو۔ (طبیعیات) ہم وزن جوہر ؛ ان جوہروں میں سے ایک جن کا جوہری وزن یکساں ہو مگر جوہری عدد مختلف ہوں ۔

isobaric, a. ہم باری ؛ ہم بار خط سے متعلّق ؛ ہم خطّی ؛ خطِّ ہم فشار کے بارے میں ۔

isobath, n. ہم عُمق خط ؛ نقشہ پر کھنچی ہوئی وہ لکیر جو اُن مقامات کو جوڑتی ہے جن کی گہرائی سطحِ سمندر سے نیچے یکساں ہو ؛ ایسی ہی لکیر جو سطح زمین کے نیچے گہرائی ظاہر کرتی ہے ۔

isobathic, a. ہم عُمق خط سے متعلّق ؛ ہم عُمق ۔

isocheim, isochime, n. ہم سرما خط ؛ نقشہ پر کھنچی ہوئی وُہ لکیر جو ان مقامات کے درمیان ہوتی ہے جن کا سرمائی درجۂ حرارت یکساں ہو۔

isocheimal, isochimal, a. ہم سرما خط سے متعلّق ؛ ہم سرما ؛ ہم سرما تیشی ۔

isochromatic, a. (بصریات) ہم رنگ ۔ (عکّاسی) متناسب اللّون ؛ ہم لَون ۔

isochronal, isochronic, isochronous, a. ہم وقت ؛ ہم زماں ؛ ایک وقت میں ہونے والا ، مثلاً لنگر (پنڈولم) کے ارتعاشات ؛ مساوی الزّمانی ؛ ہم مدّت ؛ متساوی الوقت ۔

isochronally, adv. ہم وقت طور پر ؛ مساوی الزمانی انداز میں ؛ ہم مُدّتی طور پر ۔

isochronism, n. ہم وقتی ؛ ہم زمانی ؛ ہم زمانیت ؛ ہم مدتیّت ۔

isochrous, a. یک رنگ ۔

isoclinal, isoclinic, a. ہم میلان ؛ مساوی میلان سے متعلّق ؛ ایک ہی سمت میں مائل ؛ ہم میلان خط سے متعلّق ۔ (ارضیات) طبقات کی ایک تہ سے متعلّق جو ہم میلان لفاف کی نوعیّت کا ہو ؛ ہم ڈھال ؛ ہم میلانی ۔ (اسم) ہم میلان خط ۔

isocline, n. (ارضیات) طبقات کی تہ جو اس طرح سختی سے دبی ہوئی ہو کہ اس کے حصّے محور کی ہر طرف ایک ہی سَمت میں جُھکے ہوئے ہوں ؛ ہم ڈھال لفاف ۔

isoclinic line, isoclinal, isoclinic, n. ہم میلان خط ؛ نقشے پر وہ لکیر جو ان مقامات کے درمیان کھینچی گئی ہو جن پر مقناطیسی سُوئی کا جھکاؤ یکساں ہو ۔

isocracy, n. مساواتِ شاہی ؛ مساواتِ طاقت ؛ وہ حُکُومت جس میں سب مساوی سیاسی طاقت کے حامل ہوں ؛ حُکُومتِ مساوات ۔

isocrat, n. مساواتِ طاقت کا حامی ؛ مساواتِ شاہی کا مؤید ؛ حُکُومتِ مساوات کا قائل ۔

isocratic, a. مساواتِ طاقت سے متعلّق ؛ مساوات شاہی سے متعلّق ۔

isodiametric, a. ہم قُطری ؛ ہم قُطر ؛ ہم محور ۔ (نباتیات) یکساں قُطر کا حامل ، مثلاً خلیہ ۔ (قلمیات) مساوی اضلاعی محوروں کا حامل ، مثلاً مسدّس اور مُربّع قلمیں ؛ ہم قُطرہ ؛ متساوی القطر ۔

isodimorphism, n. (قلمیات) یکساں دو شکلی ؛ دو یا زیادہ دو شکلہ مادّوں کے مابین ہم شکلی ؛ ہم دو شکلی ؛ ہم شکلینی ۔

isodimorphous, a. یکساں دو شکلہ ؛ ہم شکلین ؛ ہم دو شکل ؛ ہم دو شکلی ۔

isodynamic, a. ہم قُوّت ؛ قوت یا طاقت کی مساوات سے متعلّق ؛ اس خط سے متعلق جو ان مقامات کو مربُوط کرتا ہو ، جن پر ارضی مقناطیسیت کی شِدّت مساوی ہو ؛ ہم حرکت ؛ ہم حدّت ؛ ہم حرکتی ۔

isoelectric, a. ہم برق ؛ ہم برقی ؛ یکساں برقی قُوّت کا حامل ۔ (کیمیا) مشترک لوگارتم کا مظہر جس پرلسونتی لحمیات اور متعلقہ مرکبات کم از کم موصلیت ظاہر کرتے ہوں ۔

isoelectronic, a. (طبیعیات) ہم برقیاتی ؛ ہم برقیہ ؛ برقیوں کے مشابہ تشکلات سے متعلّق ؛ یکساں برقیاتی ۔

isoelectronically, adv. ہم برقیہ طور پر ؛ یکساں برقیاتی طور پر ۔

isogamete, n. (حیاتیات) ہم زواجہ ؛ یکساں زواجہ ؛ جنسی خلیہ یا زواجہ ، جس کی اسی طرح کے دُوسرے زواجہ سے تفریق نہیں کی جا سکتی ، جس کے ساتھ مل کر وُہ مُتحدّہ طور پر جُفتہ (zygote) بنا سکتا ہے ؛ یکساں گُمٹہ ۔

isogametic, a. یکساں زواجی ؛ یکساں گُمٹی ؛ ہم زواجی ۔

isogamous, a. (حیاتیات) ہم زواجی ؛ ہم زواجاتی ؛ دو یکساں زواجوں کا حامِل ، جن میں جنس ، سائز یا ساخت کی تفریق نہیں کی جا سکتی ، جو مشابہ زواجوں کے اتّحاد سے پیدا ہوتا ہے ۔

غیر ہم زواجاتی hetrogamous کی ضد ۔

isogamy, n. ہم زواجیت ؛ ہم زوجیت ؛ یکساں گُمٹی ملاپ ۔

isogeotherm, n. ارضی ہم تپش خط ؛ ہم حرارت خط ؛ زمین کی سطح کے نیچے ایک فرضی خط جو ان مقامات کے درمیان سے گزرتا ہے جن کا اَوسَط درجۂ حرارت یکساں ہو ۔

isogeothermal, isogeothermic, a. ہم حرارتی ؛ ارضی ہم تپشی ۔

isogloss, n. خطِّ تفریقِ لِسانی ؛ نقشے پر وہ لکیر جو لِسانی اختـلاف یعنی زبان ، بولی اور نحو کے اختلافات کے مطابق علاقوں کو الگ کرتی ہے ۔

isoglossal, a. لِسانی تفریق سے متعلّق ۔

isogram, isoline, n. (موسمیات) ہم موسمی خَط ؛ نقشے کی وہ لکیر ، جو اُن مقامات کو ظاہر کرتی ہے ، جو موسمی تغیُّر کے لحاظ سے ہم قدر ہوں ؛ جغرافیائی علاقے یا مقامات ، جو طبیعی حالت یا موسمی تغیّر کے لحاظ سے مساوی قدر کے حامل ہوں ، یہ تغیّرات خاص مُدّت کے لیے شمار کیے جاتے ہیں ۔

isohel, n. (موسمیات) ہم شمسی خط ؛ ہم دُھوپ خط ؛ نقشے پر وہ لکیر جو ان مقامات پر سے گزرتی ہے جہاں یکساں دُھوپ پڑتی ہو ۔

isohyet, n. (موسمیات) ہم باراں خط ؛ ہم بارش خط ؛ نقشے پروہ لکیر جو ان مقامات کو ملاتی ہے جہاں یکساں مقدارکی بارش ہوتی ہو ۔

isohyetal, a. ہم بارش ؛ ہم باراں ۔

isolate, v.t. الگ کرنا ؛ جُدا کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ تنہا کرنا ؛ دُوسروں کے ساتھ تمام روابط منقطع کرنا ؛ منفرد کرنا ؛ علیحدہ جگہ میں قائم کرنا ؛ الگ رکھنا ۔ (برق) حاجز بنانا ۔ (کیمیا ،جرثومیات) خالص مادہ حاصل کرنا جو تمام مُرکّبات یا آلایشوں سے پاک ہو ۔ (طِب) قرنطینہ میں رکھنا ۔

isolation, n. تنہائی ؛ علیحدگی ؛ انفراد ؛ تفرید ۔ (طب) متعدی بیماری میں مبتلا شخص کی دوسرے لوگوں سے علیحدگی ۔

isolable, a. قابلِ تنہائی ؛ انفصالی ؛ مُجرّد ؛ علیحدگی پسند ؛ تجزیاتی ۔

isolationism, n. تنہائی پسندی ؛ ایک نظریہ یا مسلک جس کی بنیاد اس تصوُر پر ہے کہ کوئی قوم اسی صورت میں اپنی بہبود بہترین انداز میں حاصل کُر سکتی ہے ، جب وہ اپنے داخلی معاملات پر توجُّہ مرکوز کرے اور ہر قسم کے سیاسی ، فوجی یا معاشی اتّحادوں سے دُور رہے اور دُوسری اقوام کے معاملات میں نہ الجھے ؛ بے تعلّقی ؛ تفریدیت ؛ تفرُّد پسندی ۔

isolationist, n., a. تفریدی ؛ تنہائی پسند ؛ غیر جانبدار ؛ تُفرّد پسند ۔

isoleucine, n. (حیاتی کیمیا) آئسولیوسین : امائنو ایسڈ جسے انسانی اور خیوانی خوراک کے لیے ضُروری سمجھا جاتا ہے ۔

isoline, n. دیکھیے : Isogram ۔

isologous, a. (کیمیا) مماثل مرکّب ؛ مماثل ؛ مشاکل ؛ یکساں سالماتی ساخت کے ہائیڈروکاربنوں کے سلسلے سے متعلّق ، جن کے ہر رکن میں اوپر کے رکن سے دو ہائیڈورجنی جوہر کم ہوتے ہیں ۔

isologue, isolog, n. تماثل ؛ تشاکُل ؛ مماثل مُرکّب ؛ متشاکِل ۔

isomagnetic, a. ہم مقناطیس ؛ سطح زمین پر ایک فرضی خط یا نقشـہ پر ایسـے ہی خط سے متعلّق جو ان مقامات کو ملاتا ہے جو یکساں مقناطیسی عناصر کے حامل ہوں ۔ (اسم) ہم مقناطِیس خط ۔

isomer, n. (کیمیا) ہم ترکیب جسم ؛ وہ مُرکّب یا نیوکلیائیڈ جو دُوسرے ایک یا زیادہ مُرکّبات کا ہم ترکیب ہو ۔ (طبیعیات) ہم پارہ ؛ مُرکّبات کے گروہوں میں سے کوئی ایک ، جن میں توانائی کی انفرادی خصوصیات موجود ہوں ، مگر ان کے جوہری اور کمیتی نمبر یکساں ہوں ۔

isomeric, a. (کیمیا) ہم ترکیبی ؛ ہم پیما ؛ ہم ترکیب ؛ اُن مُرکّبات سے متعلق جو ایسے یکساں عناصر پر مشتمل ہوں جووزن اور سالماتی ساخت کے لحاظ سے یکساں تناسب کے حامل ہوں مگر سالمہ کے اندر مختلف فضائی ترتیب کی وجہ سے ایک یا زیادہ خصائص میں مختلف ہوں ۔

isomerically, adv. ہم ترکیب طور پر ۔

isomerism, n. ہم ترکیبیّت ۔

isomerize, v.i., v.t. (کیمیا) ہم ترکیب بنانا ؛ کسی نامی مُرکّب کو اس طرح تبـدیل کرنا کہ جوہروں کی ترتیبِ نو ہو سکے اور ایسا مرکب بن سکے جو خفیف طور پر مختلف خصائص کا حامل ہو ۔

isomerous, a. ہم ترکیب ؛ اجزا کی یکساں تعداد کا حامل ۔ (نباتیات) اس پُھول سے متعلّق جس کے ہر حلقہ میں یکساں اجزا ہوں ؛ ہم شکل ؛ ہم تعداد ۔

isometric, isometrical, a. کعبی ؛ ہم پیمایش ؛ ہم پیمانہ ؛ ہم اندازہ ؛ پیمایش کی مُساوات سے متعلّق ۔ (قلمیات) قلمیں بنانے کے اس نظام سے متعلّق جس کی خصوصیت قائمہ زاویوں پر ایک دُوسرے کے مُساوی تین محور ہیں ؛ ہم ابعادی ؛ ہم پیمایشی ۔

isometrically, adv. ہم پیمایش طور پر ؛ ہم ابعادی طور پر ؛ ہم اندازہ طریقے سے ۔

isometric exercise, ہم پیمانہ ورزش ؛ ہم اندازہ ورزش ۔

isometrics, n. ہم پیمائیات ؛ جسمانی محنت ، جس میں حرکت شامل نہیں ہوتی بلکہ عضلاتی تناؤ ایک عضلہ کو دوسرے کے مقابلہ میں لاکر یا کسی مقررہ چیز کے مقابل لا کر حاصل کیا جاتا ہے ، جیسے ہاتھوں سے پیٹ پر دباؤ ڈال کر ۔

isometric line, n. ہم پیمایش خط ؛ ہم ابعاد خط ؛ نقشے کی لکیر جو حجم کو یکساں رکھتے ہوئے درجۂ حرارت اور دباؤ کے تغیر کو ظاہر کرتی ہے ؛ وہ خط جو قائم قدر کی نمائندگی کرتا ہے ۔

isometric projection, n. ہم پیمایش تسطیح ؛ کسی سطح پر کسی چیز کی اس طرح تسطیح کہ اس کے پہلو یکساں طور پر مائل ہوں تاکہ اس کے پہلوؤں کو صحیح تناسب کے ساتھ پیش کیا جا سکے ۔

isometropia, n. (بصریات) انکساریٔ چشم ؛ یکساں نظری ؛ وہ حالت جس میں دونوں آنکھوں میں یکساں انعطاف ہو ۔

isomorph, n. ہم شکل چیز ؛ ہم شکل مادہ ؛ کوئی عضویہ یا مادہ جو دوسرے کی مانند ہو ؛ ہم وضع چیز ۔

isomorphic, a. ہم شکـل ۔ (حیاتیات) ہم صورت ؛ جو آبائی طور پر مختلف ہو مگر صورت کے لحاظ سے مشابہ ہو ۔

isomorphism, n. (ریاضی) ہم شکلی ؛ مشاکلت ؛ ہم وضعیت ؛ دو سیٹوں میں اشیا کا ایک کے برابر ایک کا تطابق ۔ (کیمیا) متعلق یا ہم رشتہ مادوں میں یکساں قلمی شکل کا ظہور ۔ (حیاتیات) مختلف گروہوں کے جسم نامی میں مشابہتیں ؛ ہم

صورتی ؛ متشاکلت ؛ ہم شکلیت ؛ ہم وضعیت ۔

isomorphous, a. (کیمیا) ہم وضع ؛ ہم شکل؛ کسی مرکب یا عنصر کی اس قابلیت سے متعلق کہ وہ کسی دوسرے مرکب یا عنصر کی قلمی شکل اختیار کر سکتا ہے ۔

isonomy, n. مساواتِ حقوق ؛ سیاسی مساوات ؛ قانونی مساوات ؛ حقوق و مراعات کی مساوی تقسیم؛ مساوات سیاسی؛ قانونِ مساوی الحقوق ۔

isooctane, n. (کیمیا) یکساں اوکٹین ؛ معیاری اوکٹین جو موٹر کے مائع ایندھن کی درجہ بندی میں مستعمل ہے ۔

isopiestic, isobaric, a. ہم خط ؛ ہم بار ؛ یکساں دباؤ سے متعلق یا اس کا مظہر ۔ (اسم) ہم بار خط ۔

isopleth, n. ہم قدر خط ۔ (موسمیات) ہم قدر خط کی خاص قسم ، جو دو متغیّرات کے لحاظ سے موسمیاتی مظاہر کاتعدد ظاہر کرتا ہے ؛ نقشے یا ترسیم پر مکان یا زمان کے لحاظ سے مقررہ مقدار کی قائم قدر کی لکیر۔

isopod, n. ہم پایہ ؛ یکساں پایہ ؛قشری حیوانات کے سلسلے کا رکن جن کے ٹانگوں کے سات جوڑے اور چپٹے جسم ہوتے ہیں ؛ ہم پایہ جنس کارکن ۔

isopodan, a., n. ہم پایہ ، ہم پا ؛ یکساں پا۔

isoprene, n. (کیمیا) آئسو پرین ؛ ایک بے رنگ مائع ہائیڈرو کاربن ، جس کو آسانی سے کثیر سالمی بنایا جا سکتا ہے اور کیمیائی طور پر حاصل کیا جا سکتا ہے ، جو بنیادی طور پر مصنوعی ربڑ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ قدرتی ربڑ کی ساخت کی اکائی ۔

isoprenoid, a., n. ائسوپرین کاحامل ۔

isopropyl, n., a. (کیمیا) آئسو پروپائل ؛ متعدد نامی مرکبات کا اہم جزو ۔

isopyre, n. (معدنیات) آئسو پائر ؛ عین الشمس (دودھیا پتھّر) کی ایک قسم جس میں کثافتیں شامل ہوتی ہیں ۔

isosceles, a. (جیومیٹری) متساوی الساقین ؛ جس کے دونوں پہلو مُساوی ہوں (جیسے : isosceles triangle) ۔

isoseismal, isoseismic, a. ہم زلزلہ ؛ زلزلہ کے یکساں اضطرابات سے متعلّق ؛ نقشہ پر یا سطح زمین پر اس فرضی خط سے متعلق جو ان مقامات کو ملاتا ہے جہاں اس قسم کے زلزلے واقع ہوتے ہوں ۔

isostasy, n. ہم توازنیّت ؛ ہم توازنی ؛ توازن ، جب ہر طرف سے دباؤ ہو ۔ (ارضیات) قشرِ ارض کا توازن، ایک حالت ، جس میں دبانے اور اُٹھانے والی قوّتیں برابر ہوں ۔

isostatic, a. ہم سکون ؛ ہم توازن ۔

isothere, n. (موسمیات) ہم گرما خط ؛ موسمی نقشے کی لکیر جو ان مقامات میں سے گُزرتی ہے جن میں گرما کا اَوسَط درجۂ حرارت یکساں ہو ۔

isotheral, a. ہم گرما ؛ ہم تپش ۔

isotherm, isothermal line, n. ہم حرارت خط ؛ نقشے پر وہ لکیر جو اُن مقامات میں سے گزرتی ہو جن کا درجۂ حرارت کسی خاص وقت پر یکساں ہو ۔ (طبیعیات) وہ خط جو یکساں درجۂ حرارت پر دباؤ یا حُجم کے تغیّرات ظاہر کرے ؛ ہم تپش خط ؛ ہم عمل خط ۔

isothermal, a. ہم حرارت ؛ ہم تپشی ۔

isotonic, a. ہم سرایتی ؛ ہم وُلُوج؛ ہم طناب ؛ مساوی وُلُوجی دباؤ کا حامل ۔ (فعلیات) اس محلول سے متعلّق جس میں صرف اتنا نمک ہو کہ جب اُسے خون میں شامل کیا جائے تو وہ سُرخ ذرّات کی تباہی کو روک سکے ؛ کسی عُضلہ کے سکڑاؤ سے متعلّق ، جب وہ متواتر تناؤ کی حالت میں ہو ۔ (موسیقی) ہم صوت ؛ مساوی آوازوں یا سُروں سے متعلّق ؛ ہم نواتی ۔

isotonically, adv. ہم وُلُوج طور پر ؛ ہم صوت طور پر وغیرہ ۔

isotonicity, n. ہم وُلوجی ؛ ہم صوتی ؛ ہم نواتی ۔

isotope, n. (کیمیا ، طبیعیات) ہم جا ؛ نظیر ؛ آئسو ٹوپ ؛ ایک ہی عُنصر کی دو یا زیادہ اشکال میں سے کوئی ایک جن کا ایک ہی جوہری عدد ہو اور قریباً یکساں کیمیائی خواص ہوں ، لیکن جوہری اوزان مختلف ہوں ۔

isotopic, a. ہم جائی ؛ نظیری ۔

isotopically, adv. ہم جا طور پر ؛ نظیری انداز میں ۔

isotopy, n. ہم جائی ؛ ہم جائیت ؛ نظیریت ۔

isotropic, a. (طبیعیات) ہم رُخ ؛ ہم اطراف ؛ تمام اطراف میں یکساں خواص کا حامل ، مثلاً لچک اور ایصال میں ۔ (حیاتیات) واضح محوروں سے محروم ، مثلاً بعض بیضوں میں ۔

isotropy, n. ہم اطرافی ؛ ہم رُخی ؛ بے محوری ۔

Israeli, a. اسرائیلی؛ جدید اسرائیل اور اس کی ثقافت سے متعلّق ؛ جدید اسرائیل کا (باشندہ) ۔ (اسم) جدید اسرائیل کا باشندہ ۔

Israelite, n. بنی اسرائیل ؛ اسرائیلی ؛ یہُودی ؛ حضرت یعقوب کی اولاد یا اُن کی نسل کا فرد ؛ قدیم زمانے کی اسرائیلی سلطنت کا باشندہ ؛ وہ فرد یا گروہ جن کو خُدا کی برگزیدہ قوم سمجھا جاتا تھا ۔

Israelitish, Israelitic, a. اسرائیلی ؛ اسرائیلیہ ؛ یہودی ؛ یہودیوں کے بارے میں ۔

Issei, n., a. وہ جاپانی جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کو ہجرت کر گیا ہو ؛ امریکا کا جاپانی مہاجر۔

issuable, a. قابل اجرا ؛ قابل بحث ؛ اجرائی ؛ قابلِ اشاعت ؛ قابلِ طبع۔ (قانون) قابل مُقدّمہ بازی ۔

issuably, adv. قابل بحث طور پر ؛ قابل اجرا طور پر۔

issuance, n. اجرا ؛ جاری کرنے کا عمل ؛ اشاعت۔

issue, n. اجرا ؛ جانے ، آنے ، گزرنے یا بہ نکلنے کا عمل ؛ باہر نکلنے ، تقسیم کرنے ، آگے بڑھانے کا عمل ؛ اخراج ؛ بہاؤ ؛ بہ نکلنے کا مقام یا ذریعہ ؛ جو باہر نکلتا ہے یا بہ نکلتا ہے ، مثلاً کناروں سے باہر نکلنے والی ندی ؛ اولاد ، اخلاف ؛ نسل ؛ اشاعت ؛ شُمارہ ؛ نتیجہ ۔ (قانون) زمین یا جائیداد کی آمدنی ؛ کسی منبع یا ماخذ سے نکلنے والی کوئی چیز ، کسی سابقہ معاملے کا آخری نتیجہ ، واقعہ یا انجام (جیسے : to await the issue of a contest) ؛ زیرِ بحث نُکتہ یا معاملہ (دو مخالف فریقوں کے مابین) ؛ وہ نُکتہ جس کے فیصلے سے کسی معاملے کا تعیّن ہوتا ہو ؛ وہ نُکتہ جس پر کسی معاملے کا فیصلہ ہو سکتا ہو (جیسے : to bring or put a case to an issue) ؛ وہ نُکتہ یا مُعاملہ جس کا فیصلہ خاص یا عوامی اہمیّت کا حامل ہو ؛ امرِ تنقیح طلب ؛ مسئلہ ؛ ایک وقت میں جاری کردہ مقدار (جیسے: an issue of stamps, coins and bonds.) ۔ (طِب) خون ، پیپ یا اسی طرح کے مواد کا اخراج ؛ جریان ؛ کوئی زخم یا ناسُور جس سے ایسا مواد خارج ہو ؛ قرحۂ جارحہ ؛ فتیلہ ؛

نکاس ؛ بہاؤ۔

at issue, متنازع ؛ زیرِ بحث ؛ ایک دوسرے کے مخالف ؛ مابہ النزاع ۔

join issue, مشترکہ طور پر کوئی معاملہ فیصلے کے لیے پیش کرنا ؛ بحث میں شامل ہونا ۔

take issue, بحث میں شامل ہونا ؛ متضاد رائے اختیار کرنا ؛ اختلاف کرنا۔

issue, v.i. جانا ، گُزرنا یا بہ نکلنا ؛ آگے آنا ؛ جاری ہونا ؛ صادر ہونا ؛ نافذ ہونا ؛ نمودار ہونا ؛ اجرا کرنا ۔ (قانون) اولاد ہونا ، پیدا ہونا یا نسل سے ہونا ؛ آمدنی ہونا ؛ نفع ہونا مثلاً زمین سے ؛ کسی ذریعے یا منبع سے نکلنا ؛ نتیجے کے طور پر ظاہر ہونا ؛ نتیجہ یا انجام ہونا ؛ برملا یا بااختیار طور پر بھیجا جانا مثلاً کوئی پروانہ یا رقم ؛ شائع ہونا ، مثلاً کتاب ۔ (فعل متعدی) باہر نکالنا یا خارج کرنا (جیسے : to issue water, smoke or heat.) ؛ بااختیار طور پر ، باضابطہ طور پر یا برملا آگے بڑھانا یا پیش کرنا (جیسے : to issue invitations or to issue bonds)؛ جاری یا شائع کرنا جیسے کتاب یا رسالہ ؛ سرکاری طور پر تقسیم کرنا ، مثلاً رسد ۔

isthmian, isthmic, a. خاکنائی ۔ (بڑے ا کے ساتھ) خاکنائے کورنتھ یا خاکنائے پاناما سے متعلّق یا اُس کے بارے میں ۔ (اسم) خاکنائے کا باشندہ ۔

isthmus, n. خاکنائے ؛ خُشکی کا وہ قطعہ جس کے دونوں طرف پانی ہو اور خُشکی کے دو بڑے قطعات کو ملائے۔ (تشریح الاعضا) تنگنائے ، ایک ملانے والا حصّہ ، عضو یا راستہ جو ڈھانچوں یا اپنے سے بڑے جوفوں کو ملائے (جیسے : isthmus of fauces)۔

istle, n. اسٹلی ؛ ایک ریشہ جو مختلف حارّی امریکی پودوں سے حاصل ہوتا ہے ، بالخصوص جنگلی جنس اناناس سے ، یہ تھیلے اور دریاں بنانے میں کام آتا ہے ؛ ایلوی ریشہ ۔

it, pron. یہ ؛ ضمیر واحد غائب مشترک جو he اور she دونوں کے مطابق ہے؛ مشترک کا نام بدل یا ایک ایسا اِسم جو اس چیز کی نمائندگی کرتا ہے جس کی جنس تو ہے مگر خاص طور پر اس کا حوالہ دینا مقصود نہ ہو یا کوئی چیز یا مجرّد خیال جسے واضح طور پر تصوُّر نہ کیا جا سکے ؛ کسی موضوع تحقیق یا توجہ کا حوالہ ، خواہ وہ شخصی ہو یا غیر شخصی (جیسے : what was it ? It is I, It is they who are at fault.) ؛ اِس ؛ قواعد میں کسی جُملے کا فاعل جس کا منطقی فاعل کوئی مُرکّبِ ناقص یا کوئی ذوالحال جملہ ہو (جیسے : It is hard to believe that, It is believed that he is dead) ؛ کوئی غیر شخصی فاعل ، جو کوئی فعل یا حالت، کسی خاص عامل کا حوالہ دیے بغیر ظاہر کرے (جیسے : It snows) ؛ اسے ؛ غیر متعیّن قوّت کا حامِل مفعول جو کسی خاص فعل کے بعد آئے (جیسے : to foot it)۔ (اسم) بچّوں کے کھیل میں وہ شخص جو ایسا کام کرتا ہے جو دوسرے کھلاڑیوں سے مختلف ہو ، مثلاً وہ شخص جو آنکھ مچولی کے کھیل میں دُوسرے کھلاڑیوں کو تلاش کرتا ہے ؛ واقعات کا عام رُجحان (جیسے : How did it go for you last year.) ۔

itacolumite, n. [برازیل کے پہاڑ اٹاکولومی سے مشتق] اٹاکولومائیٹ ؛ ایک چٹان جو باہم پیچیدہ گار کے ذرّوں ، طلق اور ابرک کے چِھلکوں پر مشتمل ہوتی ہے ، یہ زیادہ تر برازیل اور شُمالی کیلی فورنیا میں پائی جاتی ہے ، یہ پتلی تختیوں کی صورت میں اپنے لچکیلے پن کے لیے معروف ہے ۔

Italian, a. اطالوی ؛ ایطالیائی ؛ اطالیہ (اٹلی) اس کے باشندوں اور ان کی زبان سے متعلق ۔ (اسم) اطالیہ کا باشندہ ؛ اطالیہ کی رَومن زبان ؛ اِٹلی کا باشندہ ۔

Italianate, v.t. اطالوی بنانا ؛ اطالویوں کی تقلید کرنا ۔ (صفت) اطالوی خصوصیات ، اسلُوب یا رواج سے مُتّصف ۔

Italian hand, n. اطالوی ٹائپ ؛ ہنرمندانہ ٹائپ ؛ جدید ٹائپ کا ایک نمونہ جو اس رواں رسمُ الخط پر مبنی ہے ، جو پندرھویں صدی کے اطالیہ میں مقبول تھا ؛ نازک ہُنرمندی (عموماً اس سے پہلے fine استعمال ہوتا ہے؛ جیسے : He often makes use of his fine Italian hand)۔

Italianize, Italianate, v.i. اطالوی رواج ، انداز یا صُورت کی خصوصیات اپنانا ۔ (فعل متعدی) اطالوی بنانا ؛ اطالوی خصوصیات دینا ؛ اطالویوں کی تقلید کرنا ۔

Italianization, n. اطالوی سازی ؛ اطالوی بنانے کا عمل ؛ اطالیوں کی تقلید کرنے کا عمل ۔

Italian sonnet, n. اطالوی سانیٹ ؛ اطالوی صنف شاعری ۔

italic, n. (عموماً جمع) اٹالک ؛ ثُلث ؛ ترچھا طرز ٹائپ ؛ طباعت کا ایک انداز ، جس میں حروف دائیں طرف کو جُھکے ہوتے ہیں ؛ یہ تاکید کے لیے ، غیر زبان کے الفاظ یا بیان یا کتابوں کے عنوانات ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (بڑے ا کے ساتھ) ہند یورپی زُبانوں کی ایک ذیلی قسم ۔ (صفت) ترچھے حروف سے متعلّق جو پہلے اطالیہ میں مستعمل تھے ۔ (بڑے ا کے ساتھ) قدیم اطالیہ اور اس کے قبائل سے متعلق ؛ خاص طور پر اطالیہ کے ان حصّوں سے متعلّق جن میں شہر روم شامل نہیں ۔

italicize, v.t. ثُلث بنانا ؛ ترچھے حروف میں چھاپنا ؛ کسی لفظ یا الفاظ کے نیچے اکہری لکیر لگانا جو ترچھے حُروف کی دلالت ہے ؛ ٹیڑھے یا ترچھے حروف میں لکھنا ؛ اطالوی چھاپے میں چھاپنا ۔ (فعل لازم) ترچھے حروف استعمال کرنا ؛ ترچھے حروف میں لِکّھا جانا ۔

italicization, n. ثُلث کاری ؛ ترچھے حروف میں چھپائی/لکھائی ۔

itch, vi. کُھجلی ہونا ؛ خارش ہونا ؛ خارش پیدا ہونا ؛ کسی چیز یا کسی کام کو کرنے کی عادت پڑنا ؛ اضطراب انگیز خواہش ہونا ؛ کھجلی اٹھنا ؛ چُل اٹھنا ۔ (فعل متعدی) خارش پیدا کرنا ؛ مُشتعل کرنا ؛ اِشتعال دینا ؛ کُھجلانا ۔

itch, n. کُھجلی ؛ خارش ؛ خارشت ۔ (مجازاً) چُل ؛ بے چینی یا آرزو ؛ چسکا یا لت (جیسے : an itech for travel) ۔ (امراضیات) ایک مُتعدّی بیماری جو خارش کی جُوں پیدا کرتی ہے ، جو جلد کے نیچے گھر کر لیتی ہے (عموماً اس سے پہلے the آتا ہے) ۔

itchy, a. جربی ؛ خارش دار ؛ خارش آور ۔

itchiness, n. احساس خارش ؛ جربیت ۔

item, n. مَد ؛ شِق ؛ چیز ؛ شے ؛ کوئی الگ چیز یا جو شمار میں خاص ہو ؛ کسی فہرست کی واحد تفصیل ؛ اِطّلاع یا خبر کا الگ ٹکڑا ، مثلاً کسی اخبار یا اخباری نشریے کا ؛ خبر ۔ (متعلّق فعل) اسی طرح ؛ نیز کسی حساب یا شمار کی الگ اشیا یا تفصیلات کے تعارُف کے لیے مستعمل ہے ۔

itemize, v.t. مدوار ترتیب دینا ، مثلاً فہرست میں ؛ اشیا یا تفصیلات کی صراحت کرنا ، مثلاً کسی حساب کی ؛ شُمار میں کوئی مد شامل کرنا ، مثلاً کسی بِل میں ؛ فہرست بنانا ؛ شق وار کرنا ـ

itemization, n. مدوار ترتیب ؛ مدواریّت ؛ شق واریت ـ

itemizer, n. مدوار مُرتّب یا ترتیب کُنِندہ ؛ شق وار ترتیب دینے والا ـ

iterant, a. تکراری ؛ تکرار کُنِندہ ـ

iterance, iterancy, n. تکرار ؛ اعادہ ؛ تاکید ـ

iterate, v.t. دُہرانا ؛ تکرار کرنا ؛ اعادہ کرنا ؛ دوبارہ کہنا ؛ بار بار کہنا یا کرنا ؛ مکرّر کہنا ـ

iteration, n. دہراوٗ ؛ تکرار ؛ اعادہ؛ تاکید ؛ سفری وَعظ ؛ دُہرائی ـ

iterative, a. تکرار کُنِندہ ؛ مکرّر ؛ تکرار شُدہ ؛ تاکیدی ؛ اعادی ـ

ithyphalic, a. لِنگ سے متعلّق ، جو دیوتا باخوس (Bacchus) کے قدیم میلوں میں گھمایا جاتا تھا ؛ اُن مناجاتوں کی بحر سے متعلق جو لِنگ کے جلوس میں گائی جاتی تھیں ؛ پر شہوت ، فُحش ؛ عریاں ؛ بشکلِ ذکر ؛ لِنگی ـ (اسم) اس بحر میں کوئی نظم ؛ فحش نوعیت کی کوئی نظم ؛ فُحش شعر ـ

itinerancy, itineracy, n. سیّاری ؛ خانہ بدوشی ؛ سیّاحی ؛ دورہ ؛ سرکاری فرائض کی بجا آوری کے لیے جا بجا سفر ؛ سیّاحت ؛ سفر ـ

itinerant, a. سفری ؛ دورہ کرنے والا ؛ جا بجا سفر کرنے والا ؛ گشتی (جیسے : an itinerant preacher) ؛ آوارہ گرد ، بالخصوص ایک دائرے کے اندر ؛ خانہ بدوش ؛ گُھومتا پھرتا ، چلتا پھرتا ـ (اسم) جا بجا سفر کرنے والا ؛ سیّاح ؛ دورہ کر کے وَعظ کہنے والا ؛ دورہ کرنے والی ؛ دورے کی ـ

itinerantly, adv. جا بجا سفر کرتے ہوئے ؛ خانہ بدوشانہ ؛ سفر کی حالت میں ـ

itinerary, n. سفر کا راستہ ؛ سیّاحت نامہ ؛ سفر کا مَنصُوبہ ، سفری نظامِ عمل ؛ تفصیلات سفر ؛ رہنمائے سفر ـ (صفت) سفری ؛ سفر سے متعلّق ؛ سفر میں ؛ سفر کا ـ

itinerate, v.i. جا بجا سفر کرنا بالخصوص تبلیغ کے لیے ؛ سیّاحت اختیار کرنا ؛ گشت کرنا ؛ دَورہ کرنا ـ

itineration, n. گشتی وعظ ؛ سفری وعظ ؛ تبلیغی سفر یا دورہ ؛ سَفر ـ

it'll, it will یا It shall کا مُرخَّم ـ

its, pronominal a . اس کا ؛ ضمیر it کی حالتِ اضافی جو صفاتی طور پر استعمال ہوتی ہے (جیسے : The bird called its mate ,its sole thought was of survival) ـ

it's, it is یا it has کا مُرخَّم ـ

itself, pron. آپ ؛ خُود ؛ بذاتہ ؛ آپ ہی آپ ؛ اپنے آپ ؛ اپنے آپ کو ؛ خُود ؛ خُودبخُود ؛ واحد غائب مشترک ضمیر کی معکوس یا تاکیدی صورت (جیسے : The dog saw itself in the mirror)؛ متداول یا معتاد حالت کا اظہار (جیسے :The cat has not been itself since the accident)

I've, I have کا مُرخم ـ

ivory, n. ہاتھی دانت ؛ عاج ؛ وہ چیز جو ہاتھی یا والرس (دریائی گھوڑا) کے دانتوں سے حاصل کی جاتی ہے ؛ ایک سخت ہموار یا ملائم سفید دانت ؛ اِن جانوروں کے دانتوں سے بنائی ہوئی کوئی چیز ؛ زرد سے زردی مائل تک سفید رنگ ؛ دنتین ، عاجِ دندان ؛ ہاتھی دانت کا رنگ ـ (جمع ، عوامی) پیانوں کے سُر یا کلیدیں ؛ پانسے ؛ دانت ؛ مُہرے ؛ اشیائے عاج؛ دندان؛ پردے (پیانو)؛ انٹے ؛ عاج سے مشابہ ایک مادّہ جو تاڑ کے بیجوں سے حاصل کیا جاتا ہے ـ نیز:vegetable ivory ـ (صفت) عاجی ؛ ہاتھی دانت پر مشتمل یا اس سے بنا ہُوا ؛ ہاتھی دانت کے رنگ کا ـ

ivory black, n. عَظمی کوئلہ ؛ عاجی سیاہی ؛ ایک مہین سیاہ رنگ جو ہاتھی دانت کے خاکستر سے تیّار کیا جاتا ہے ؛ ہڈّی کی راکھ ـ

ivory nut, tagua nut, n. فندک ؛ جوز سفید ؛ امریکا کے حارّی آئیوری تاڑ کا بیج ، جو نباتی عاج کا ماخذ ہے ، اصلی عاج کا بدل ، جو بٹنوں ، شطرنج کے مُہروں اور زیریں تھوں کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے ـ

ivory palm, n. آئیوری تاڑ ؛ پست قد حارّی امریکی تاڑ (Phytelephas macrocarpa) جس میں گُٹھلی والے پھل لگتے ہیں جن میں سخت بیج ہوتے ہیں اور جو نباتی عاج کا ماخذ ہیں ـ

ivory tower, n. (مجازاً) گوشۂ عُزلت ؛ مینارِ عاج ؛ ہاتھی دانت کا مِینار ؛ خلوت گاہ ؛ رُوحانی خانقاہ ؛ وہ جگہ جہاں کوئی معاملات دنیا سے الگ ہو کر بیٹھ رہے ، کُنجِ عزلت ـ

ivy, n. لبلاب ؛ عِشق پیچاں ؛ ایک بیل جس کے پتّے ہمیشہ سرسبز رہتے ہیں ؛ بے جڑ ہوائی پودا جو بکثرت اُگایا جاتا ہے ؛ بوسٹن کی عشق پیچاں جس کے پتّے سِہ گوشہ اور جھڑنے والے ہوتے ہیں ـ دیکھیے : ground ivy ـ

ivied, a. عشق پیچاں سے ڈھکاہُوا ؛ لبلابی ـ

Ivy League, n. آئیوی لیگ ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کی دانش گاہوں اور دانش کدوں کا ایک مجموعہ ، جو شمال مشرق میں واقع ہےٗ، جو معاشرتی اِمتیاز اور اعلٰی تعلیمی کارناموں کے لیے مشہور ہے ـ (صفت) (بعض اوقات چھوٹے i سے) شمال مشرقی مدارس یا ان کے طلبہ سے متعلّق ، بالخصوص ان کے اطوار اور لباس سے متعلّق (جیسے : ivy league sophistication یا ivy league shirt) ـ

Ivy Leager, n. آئیوی لیگ سے تعلّق رکھنے والا ؛ آئیوی لیگ کے اطوار کا حامل ـ

ixia, n. (نباتیات) اِکسیا ؛ افریقی سوسن ؛ بہار میں پُھول دینے والا ایک گٹھی والا پودا ،افریقی سوسن کی جنس سے ، جس کا تعلّق بنفشی خاندان سے ہے ، یہ جنوبی افریقہ میں ہوتا ہے ، اس کے پتّے گیاہ نُما ہوتے ہیں اور اس پر چھوٹے رنگین پُھولوں کے خوشے لگتے ہیں ؛ سنبُلِ افریقہ ـ

ixtle, n. دیکھیے : Istle ـ

izard, n. (حیوانیات) بُزکوہی ؛ ہرن کے خاندان کا سانبھر جو جبل الابوب (Pyrenees) میں پایا جاتا ہے ؛ بارہ سنگھا ؛ وعل کوہی ؛ ازارڈ ـ

izzard, n. (بولی) حرف زی یا زیڈ کا ایک نام ـ

****